گڈ فرائیڈے	۳- اپریل	جمعہ	۱	
عید الضحےٰ	۲۴- مئی	یکشنبہ	۱	
محرم	۲۰ تا ۲۲ جون	شنبہ تا دوشنبہ	۳	
بارہ وفات	۲۲- اگست	شنبہ	۱	
سلونو	۲۳- اگست	یکشنبہ	۱	
جنم اشٹمی	۳۱- اگست	دوشنبہ	۱	
اننت چودس	۲۰- ستمبر	یکشنبہ	۱	
دسہرہ	۱۳ تا ۱۶- اکتوبر	سہ شنبہ تا جمعہ	۴	
دیوالی	۵- نومبر	پنجشنبہ	۱	
بڑا دن	۲۵ تا ۳۱- دسمبر	جمعہ تا پنجشنبہ	۷	

ہر یکشنبہ کو جو سال کے اندر واقع ہو تعطیل ہوگی اہل اسلام کی تعطیلین بسبب فرق رویت ہلال کے ایک دن آگے پیچھے ہو سکتی ہین علاوہ ایام مندرجہ بالا کے جب کبھی سومواری اماوس یا سورج گرہن ہو تو اسی دن اور جب کبھی چاند گرہن ہو تو اسکے دوسرے دن تعطیل متصور ہوگی- مزید بران وہ ایام واقع تعطیل فی مہینہ کے جن کو مال اور دیگر صیغون مین جو عاملانہ کارروائی کرتے ہین تعطیلہاے مندرجہ گزٹ ہون عدالتہاے ضلع و سیشن جج مین ایام تعطیل متصور ہون گے-

تنبیہ ضلع دیرہ دون کی عدالتہاے دیوانی مین تعطیل دسہرہ کے عوض ایک مہینے کی تعطیل مابین ابتدای ۱۶- دسمبر ۱۸۹۵ع نہایت ۱۵- جنوری ۱۸۹۶ع ہوگی جب صاحب جج ضلع سہارنپور کا اجلاس بمقام دیرہ دون ہو تو انکی عدالت بر استثناء متعلقہ قاعدہ عام مین داخل نہون گی-

فہرست تعطیلات محکمہ جات ممالک محروسہ سرکار نظام حیدرآباد دکن بابت سنہ ۱۸۹۶ع

نام تعطیل	تاریخ تعطیل	تعداد یوم	کیفیت
شب برات	۲۶ و ۲۷- اسفندار	۲	اہل اسلام کے لیے
رمضان المبارک	[illegible] تا ۱۲- اردی بہشت	۴	ایضاً [illegible]
عید الفطر	۱۳ تا ۱۶- اردی بہشت	۴	۱۳ و ۱۴ عام و ۱۵ و ۱۶ خاص [illegible]
[illegible]	۲۵ تا ۲۸ خورداد	۴	دفاتر گلبرگہ کے لیے-
عید الضحےٰ	۱۸ تا ۲۱ تیر	۴	۱۸ و ۱۹ عام و ۲۰ و ۲۱ خاص اہل [illegible]
عرس شاہ عالم		۱	دفاتر رایچور کے لیے-
محرم	[illegible] امرداد	۴	عام
[illegible]	۵ تا ۱۱ مہر	۲	دفاتر اورنگ آباد کے لیے-
دوازدہم شریف	۱۵- مہر	۱	اہل اسلام کے لیے-
سالگرہ حضور نظام	۳۰- آبان	۱	عام
یازدہم شریف	۱۳- آذر	۱	اہل اسلام کے لیے
عرس [illegible]	۱۳ و ۱۴- آذر	۲	دفاتر گلبرگہ کے لیے-
عید نوروز	۱۷- اردی بہشت	۱	پارسیون کے لیے-
بسنت پنچمی	۱۰- اسفندار	۱	اہل ہنود کے لیے-

نام تعطیل	تاریخ تعطیل	تعداد یوم	کیفیت
شیوراتری	۹- فروردین	۱	اہل ہنود کے لیے
ہولی	۲۶- فروردین	۱	ایضاً
دھولینڈی	۲۷- فروردین	۱	عام
اوگادی	۱۱- اردی بہشت	۱	اہل ہنود کے لیے
راکھی پونم	۱۶- مہر	۱	ایضاً
جنم اشٹمی	۲۴- مہر	۱	ایضاً
گنیش چوتھ	۴- آبان	۱	ایضاً
اننت چودس	۱۴- آبان	۱	ایضاً
دسہرہ	۹ و ۱۰- آذر	۲	ایضاً
دیوالی	یکم دے	۱	ایضاً
نیو ائیرس ڈے	۲۰- فروردین	۱	عیسائیون کے لیے
گڈ فرائیڈے	۳۰- اردی بہشت	۱	ایضاً
ایسٹر منڈے	۲- خورداد	۱	ایضاً
وٹ منڈے	۵- تیر	۱	ایضاً

نام تعطیل	تاریخ تعطیل	تعداد یوم	کیفیت
سالگرہ حضور ملکہ معظمہ	۱۰- تیر	۱	عیسائیون کے لیے-
کرسمس ڈے	۲۲ تا ۲۹ بہمن	۸	ایضاً

واضح ہو

کہ علاوہ تعطیلات مندرجہ بالا کے ہر جمعہ کو تعطیل عام ہے اور جو جمعہ کہ درمیان تعطیلات مندرجہ بالا کے واقع ہو اوسکا معاوضہ نہ دیا جائیگا- سورج گرہن کے روز اور چاند گرہن کے صبح کو ایک ایک روز کی تعطیل ہنود کے لیے مقرر ہے-



بلیک ہول یعنی وہ کال کوٹھری جسمین نواب سراج الدولہ ناظم بنگالہ نے ۱۷۵۶ - انگریزون کو قید کر دیا تھا

تاریخ ہندوستان

عہد سلاطین مغلیہ

نمبر

ابو الفتح ناصر الدین محمد شاہ بادشاہ

ہم پہلے یہ لکھ چکے ہین کہ محمد شاہ ایک برای نام بادشاہ تھا اور سید عبد اللہ خان عرف قطب الملک وزیر اور سید حسین علی خان عرف امام الملک سپہ سالار یہ دونون بھائی دربار کے مالک تھے۔ جو چاہتے تھے کرتے تھے اور کاروبار سلطنت مین انھین کے بھائی بند پیش پیش تھے باقی اور جس قدر امرا تھے وہ محض جلوسی اور برائے نام تھے۔

اب واضح ہو کہ محمد شاہ تو ایک ناتجربہ کار شخص تھا لیکن اوسکی مان بڑی جہاندیدہ اور گرم و سرد زمانہ چشیدہ تھی۔ سمجھی کہ وزیر اور سپہ سالار کے پنجے سے رہائی دشوار ہے۔ البتہ اتنی بات ہے کہ یہ ہندوستانی اور سید ہین اور باقی جو دربار کے امیر ہین اون مین زیادہ تر ولایتی اور ترک ہین۔ ہر چند کہ وہ بھی بڑے عالی حوصلہ ہین مگر موقع وقت کی وجہ سے دبے ہوئے ہین۔ دونون فرقون کا آپس مین بگاڑ بلکہ مذہب مین بھی شیعہ اور سنی کا اختلاف ہے کیا عجب کہ یہ اسباب سلطنت کی خوش قسمتی کے باعث ہون۔

غرضکہ مان نے بیٹے کو سمجھایا کہ اگر اپنی بات بنانا چاہتے ہو تو اوسکی ترکیب یہ ہے کہ ترکون سے جوڑ کر سیدون کو توڑ دو۔

چنانچہ بادشاہ نے مان کی نصیحت پر عمل کرنا شروع کیا جب وزیر اور سپہ سالار کو بعض اہم کامون کے لیے دربار سے دور ہونا پڑتا تھا تو اوسوقت ضروری مشورون کے لیے دیگر امرا کو بھی بادشاہ سے گفتگو کا موقع ہاتھ لگ جاتا تھا۔ اگرچہ سیدون کی طرف سے ہر وقت معتبر اور پرچہ نویس موجود رہتے تھے مگر بڑی بات یہ تھی کہ محمد شاہ اپنی مادری زبان یعنی ترکی بولی جانتا تھا اور اون سے اسی زبان مین باتین کرتا اور اس پردے مین جو نکتے مطلب کے ہوتے وہ بھی ہو جاتے۔ سیدون کے جاسوس کھڑے دیکھا کرتے نہ کچھ سمجھتے اور نہ کچھ کر سکتے یہان تک کہ بادشاہ کی حمایت سے سیدون کا زور گھٹنے اور ترکون کا بڑھنے لگا۔ اور رفتہ رفتہ ترکون کے زور سے سلطنت مین زور آیا۔

جس وقت امیر الامرا سید حسین علی خان کو مہم دکن درپیش ہوئی تو اوسنے اپنے برادر کلان سید عبد اللہ خان کو دہلی کی وزارت پر چھوڑ کر بادشاہ کو مصلحتاً ہمراہ لیا اوسکو خوف تھا کہ دہلی مین رہنے سے بادشاہ کو سیدون کے خلاف ترکون سے جس قدر سازش کا موقع ملیگا وہ باہم حاصل نہوگا مگر جب لشکر شاہی دہلی سے بہت دور نکل گیا اوسوقت

ثابت ہوا کہ معاملات قضا و قدر برعکس ہین۔ جب وزیر اور سپہ سالار مین بسبب اس مہم کے منزلون کی جدائی ہوگئی اوسوقت تین ترکی سردارون نے جو بادشاہ کے دلی رازدار تھے امیر الامرا کے قتل پر کمر ہمت چست کی۔ جسمین پہلا شخص اعتماد الملک سید محمد امین خان۔ اور دوسرا شخص سید محمد امین عرف سعادت[1] خان برہان الملک تھا۔ ان دونون نے تیسرے شخص میر حیدر خان کاشغری کو شریک کرکے اوس آل رسول کے قتل پر آمادہ کیا۔ اثنا ے راہ مین جبکہ امیر الامرا پالکی پر سوار لشکر کے ہمراہ کوچ کر رہا تھا میر حیدر خان نے قریب پہونچکر زور سے پیش قبض ماری جس کا زخم کھا کر[2] سید علی حسین جان بحق تسلیم ہو گیا۔

جس وقت امیر الامرا کے قتل کی خبر سید عبد اللہ کو پہونچی وہ فوراً اپنا پُرانا چلتا ہوا پیچ عمل مین لایا یعنی قلعے کی کوٹھریون سے پھر ایک شاہزادے مسمّی بہ ابراہیم خلف شاہزادہ رفیع القدر کو نکال کر بادشاہ بنا دیا اور اوسکی آڑ لیکر محمد شاہ پر فوج کشی کر دی مگر نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۳ محرم ۱۱۳۳ھ مطابق ماہ نومبر ۱۷۲۰ء کو سلطان ابراہیم کے لشکر کو شکست ہوئی اور سید عبد اللہ تمام عمر کے لیے قید کیا گیا۔

جب دربار شاہی غبار سے صاف ہوا تو بادشاہ کی رنگینی طبیعت نے اپنا اصلی رنگ دکھانا شروع کیا چنانچہ ملک کا انتظام وزیرون اور امیرون پر چھوڑا اور خود ناچ رنگ شراب کباب سے ایسا عیش کے دریا مین ڈوبا کہ کسی بات کی خبر نہ رہی۔ رعایا بھی پُشتون سے امن چین کے ساتھ انعام و اکرام سے مالامال ہوتی چلی آتی تھی گھر گھر عیش و عشرت سے دن عید رات شب برات ہو گئی۔ ایسی قدر دان اور عالی شان سلطنتون مین علما و شعرا اور عام اہل کمال کا کیا ٹھکانا تھا ہزارون آدمی جمع تھے مگر بادشاہ کی طبیعت کو رنگینی کی طرف مائل دیکھکر سب رنگین ہو گئے۔ موزون طبع۔ لطیفہ گو نوجوان آکر مصاحبت مین داخل ہوئے بلکہ پُرانے بُڈھے سر سے پانون تک خضاب ہو گئے۔ اسی عالم مین بادشاہ خود بھی شعر کہتے تھے چنانچہ فارسی کا شعر یہ ہے۔

یار در برصبح بر سر فکر برجایش کنید
عاشقان شب میرود زنجیر و پایش کنید

اور اُردو کا شعر ہے۔

پیری مین نہ کس طرح کرون سیر جہان کی
دن ڈھلتے ہی ہوتا ہے تماشا گزری کا

عمدۃ الملک نواب امیر خان ایک قدیم الخدمت اور خاندانی امیرزادہ تھا دلیرانہ ہمت اور امیرانہ دماغ رکھتا تھا۔ ساتھ ہی اپنے لطیفہ گوئی اور بذلہ سنجی کا یہ عالم تھا کہ پھلجھڑی کی طرح مُنہ سے پھول جھڑتے تھے۔ خلوت اور دربار مین ایسی گُل افشانیان کیا کرتا تھا کہ تمام دربار لوٹ پوٹ جاتا تھا۔

لطیفہ۔ ایک روز بادشاہ نے پوچھا کہ امیر خان! یہ جو پوت۔ سپوت۔ کپوت۔ لوگون مین مشہور چلے آتے ہین اب بھی کچھ انکی اصل ہے؟ عرض کی کہ حضور ابھی دربار مین سب موجود ہین۔ بادشاہ نے کہا کیونکر؟ کہا کہ "پوت" تو یہی۔ جیسے حضور۔ یعنی سلطان ابن سلطان۔ اور "سپوت" برہان الملک۔ کہ محمد امین نام ایک مغل ایران سے آیا یہان حضور کے تصدق مین وہ مرتبہ پایا کہ باپ دادا کا فخر ہو گیا۔ اور "کپوت" یہ خانہ زاد کہ باپ دادا حضور کے بزرگون کی جان نثاری مین اعلیٰ اعلیٰ عہدون پر ممتاز رہے اور فدوی اس حالت مین گرفتار ہے۔

لطیفہ۔ ایک دن امیر خان حضور مین اپنے بزرگون کی جان نثاریان اور شاہجہان اور عالمگیر کی قدر دانیان بیان کر رہا تھا۔ اثنای گفتگو مین یہ بھی کہا کہ میرا باپ کابل مین ناظم تھا اور اپنی عقل و تدبیر سے اس قدر مورد عنایات تھا کہ کئی مہمین دکن مین فتح ہوئین۔ اور عالمگیر نے اونکی فتح اسکے نام پر لکھی۔ یہ ننگ خاندان اس حال مین حضور کے سامنے حاضر ہے۔ برہان الملک نے کہا کہ یہ شعر تمھارے حسب حال ہے۔

پسر نوح با بدان بنشست
خاندان نبوتش گم شد

امیر خان نے کہا کہ دوسرا شعر بھی تو پڑھیے جو آپکے حسب حال ہے۔

سگ اصحاب کہف روزی چند
پے نیکان گرفت مردم شد

لطیفہ۔ جب امیر خان صوبۂ الٰہ آباد سے واپس آیا تو بادشاہ نے پوچھا کہ امیر خان! ہمارے لیے کیا لائے؟ عرض کی کہ دو ہزار احمق۔ بعد اسکے اپنے باوفا سپاہیون کو جو وہان سے ساتھ آئے تھے انکی موجودات کے لیے حاضر کیا۔ بادشاہ نے جب وہ چھیلے جوان اور انکی وردیان اور سامان دیکھے تو بہت خوش ہوئے۔ کہا کہ انھین لوگون کو تم احمق کہتے تھے؟ عرض کی کہ حضور! نہ میرے پاس خزانہ نہ ملک۔ فقط زبانی بات پر یہ لوگ تین سَو کوس چلے آئے۔ احمق نہین تو اور کون ہین! بادشاہ نے فرمایا کہ خیر۔ انکو اپنی رفاقت مین رکھو تنخواہ حضور سے مجرا ہوا کرے گی۔

---

[1] یہ وہی سعادت خان ہے جو شاہان اودھ کا مورث اعلیٰ ہے اور جو اپنے توپخانے کی بیشمار فیرین کرانے کے باعث بھڑبھونجے کے لقب سے مشہور ہے ۱۲

[2] یکہ مینا نیست چون گرد و شہید * ورنہ بسیار اند در دنیا یزید ۱۲

الغرض ایسے ایسے لوگون کی صحبتین تھین اور عیش و عشرت کے ہجوم تھے۔ مہتاب باغ اور حیات بخش کے باغون کو سجا کر طلسمات کا نمونہ کردیا۔ نہرون مین نوارے پڑے رہتے۔ پادشاہ اون مین بیٹھتے۔ ناچ رنگ کے جلسے جمتے اور شراب کے دور چلتے۔ جب برسات آتی تو یہان بہار آتی قطب صاحب کے جنگل سبزے سے ہرے بھرے ہو جاتے۔ یہ شہر کو چھوڑکر وہان جا رہتے۔ حکم تھا کہ ابر سیاہ ہمارا نقیب ہے جب گرجنے کی آواز آیا کرے اسی وقت کمربندی ہو جایا کرے۔

تمام امرا ایک ایک ملک اور علاقے پر تعینات تھے مگر بہارِ دربار کے لطف اوٹھانے کو نائب اپنے وہان چھوڑے اور خود دربار مین چلے آئے۔ ظاہر ہے کہ جہان اہل دربار ایسے خیالات مین ہون وہان ملک کے انتظام کا کیا ٹھکانا۔

جب دربار مین زیادہ ابتریان پڑین تو بعض دوراندیشون نے تجویز کی کہ نظام الملک[1] آصف جاہ کو دکن سے بلانا چاہیے۔ چنانچہ وہ آیا۔ کل کاروبار سلطنت اوسکے سپرد ہو گئے اور ہر مقدمہ اوسکی صلاح سے طے ہونے لگا۔ مگر یہ دیرینہ سال عالمگیر کے عالم دیکھے ہوئے تھا دربار کا رنگ دیکھکے بہت گھبرایا اور پادشاہ کو صلاحیت پر لانا چاہا۔ یہان کے رنگین مزاج اس سے گھبرائے اور اپنے توڑ جوڑ بارنے لگے۔ لیکن چونکہ آصف جاہ ایک رتبے کا آدمی تھا انکے وار اوسکے قابل تو نہ ہوتے تھے البتہ دق کرتے تھے۔ جبکہ اوسنے پادشاہ کو کبھی رو براہ آتے نہ دیکھا تو ناچار تنگ ہوکر بہانے سے اپنے علاقے پر واپس گیا۔ کہ ایسے مسخرون مین ہکر وزیر ہندوستان کہلانے سے حیدرآباد کی صوبہ داری بہتر ہے۔

نادر شاہ اور اوسکا ہندوستان پر حملہ

نادر ایرانی سنہ ۱۱۰۰ھ مطابق سنہ ۱۶۸۸ء مین پیدا ہوا۔ اُسکا ابتدائی نام نادر قلی اور باپ کا نام امام قلی تھا۔ بسبب اسکے کہ ایک ادنیٰ پوستین دوز کا بیٹا تھا آغازِ عمر کے حالات پر پردہ ہے۔ البتہ سترہ برس کی عمر سے (جبکہ وہ مع اپنی والدہ ازبکون کے ہاتھ گرفتار ہوا) اوسکا ذکر صفحاتِ تواریخ پر شروع ہوا ہے۔ نادر چار برس ازبکون کے قید مین رہکر وہان سے نکل بھاگا اور اپنے ملک کے ایک امیر بابل بیگ کا ملازم ہوا۔ پھر اوسکو قتل کرکے اوسکی لڑکی کو بھگا لیگیا۔ ایک عرصے تک لٹیرون کے گروہ مین مل کر لوٹ مار سے گذر اوقات کرتا رہا اور بالآخر یہی اوسکی بہادری کی شہرت کا باعث ہوا۔

یہ وہ وقت تھا جب کہ ایران کے تنزل تخت پر شاہ طہماسپ صفوی برائے نام حکمران تھا۔ کیونکہ اوسکا ملک مشرق سے افغانون نے اور مغرب سے ترکون نے اور جنوب سے عربون نے اور شمال سے روسیون نے دبا لیا تھا۔ اوسنے باین خیال کہ شاید نادر جیسے دل چلے شخص کی بدولت ملک کی زوالی حالت مین ترقی کا انقلاب پیدا ہو اِسکو اپنی ملازمت مین لے لیا۔ اور درحقیقت اوسکا خیال صحیح نکلا کہ نادر نے اپنی بہادرانہ کارروائیون سے ملکِ ایران کو اوسی ترقی پر پہونچایا جیسا کہ وہ زوال سے پیشتر تھا۔

شاہ ایران نے اپنا ذاتی تنزل اور نادر کی ذاتی ترقی دیکھکر چاہا کہ وہ اپنے نام کے ساتھ شاہ کا لفظ اضافہ کرکے سر پر تاجِ شاہی رکھے مگر اِس بات کو نادر نے مصلحتاً اوسوقت قبول نہ کیا لیکن جب خاندانِ صفویہ کا خاتمہ ہوگیا پھر تو بڑی شان و شوکت کے ساتھ نادر قلی سے نادر شاہ بن کر اپنی سلطنت کا اعلان اِس سکے سے کیا۔

نادرم در ملکِ ایران قادرم بر ہر دیار
لا فتیٰ اِلّا علی لا سیف اِلّا ذوالفقار

ہنوز یہ سکہ تمام ملک مین جاری نہونے پایا تھا کہ نادر شاہ تبدیلِ مذہب کرکے شیعہ سے سُنّی ہوگیا[2]۔

استحکامِ سلطنت کی غرض سے پہلے افغانون کو اپنا رفیق بنایا اور جب قوت حاصل ہوگئی تو پھر اونپر یورش کرکے ایران سے نکالتا ہوا اور قندھار تک پیچھا کرتا ہوا آیا۔ تمام افغانی اِدھر سے نکل کر کوہستان کابل مین پھیل گئے۔ چونکہ کابل مین سلطنتِ ہند کی طرف سے صوبہ رہتا تھا اِس لیے نادر شاہ نے محمد شاہ کے پاس اپنا ایلچی بھیجا کہ آپ بھی اپنے صوبے کے نام حکم بھیجدین تاکہ ہر دو جانب سے دبا کر افغانون کو فرار واقعی گوشمالی دیجاوے۔

یہان اِن دنون مین عیش و عشرت کے غُل سے آواز تک نہین سُنائی دیتی تھی نادر شاہ کے ایلچی راہ مین مارے گئے اور کسی نے خبر تک بھی نہ لی۔ چند روز کے بعد جب نادر شاہ کو ایلچیون کے قتل کی خبر پہونچی تو اوسنے پھر مراسلہ لکھا اور آخر کو خطوط کی بے جوابی سے خود اوسنے ہندوستان کی جانب رُخ کیا۔ یہان یہ غفلت تھی کہ تمام خبرون کے علاوہ کابل و لاہور وغیرہ کے حاکمون کی عرضیان بھی آتی تھین اور کوئی خبر نہوتا تھا۔ بلکہ جب لوگ نادر شاہ کے آنے کی خبرین دیتے تو امرائے دربار سنکر خفا ہوتے اور کہتے کہ لوگون کے گھر بہت بلند ہین

---

[1] موجودہ ریاستِ دکن کا یہی بانی اور نظام حیدرآباد کا مورثِ اعلیٰ ہے ۱۲

[2] سچ تو یہ ہے کہ نادر شاہ نہ شیعہ مذہب کا پابند تھا نہ سُنّی مذہب کا اگر کچھ پابند تھا تو موقع اور وقت کا یعنی جس طرح اپنا کام نکلتا دیکھتا وہی اختیار کرلیتا تھا ۱۲

دور سے نادر شاہ کا لشکر دکھائی دیتا ہے جب نادر شاہ نے آکر قلعہ کابل کو گھیر لیا تو وہان کے حاکم نے نہایت اضطراب سے عرضی لکھی۔ جس وقت وہ خریطہ یہان پہونچا بادشاہ مہتاب باغ مین عالمِ آب کا تماشا دیکھ رہے تھے اور سامنے ناچ ہو رہا تھا۔ چونکہ اسوقت نہایت سرور کا عالم تھا عرضی کو لیکر اوسکا گوشہ شراب مین ڈبویا اور یہ مصرع پڑھا کہ۔

این دفترِ بے معنی غرقِ مئے ناب اولی

چونکہ آصف جاہ کی دانائی اور تجربہ کاری کو اِسکے حریف بھی مانتے تھے اِس لیے نادر شاہ کی آمد کی خبر سُنکر اوسے بھی دکن سے بُلوایا۔ اِدھر نادر شاہ نے کابل کو فتح کر کے پھر نامہ لکھا اور اپنا دوسرا ایلچی جو دربار دہلی مین گیا ہوا تھا اُسے طلب کیا۔ یہان دربار مین یہ مقدمہ اُلجھ رہا تھا کہ کئی خط اور کئی ایلچی آئے اور اِدھر سے جواب بھی نہین گیا۔ اب جواب کیا لکھین۔ اور لکھین تو اوسمین القاب کیا لکھین۔ کیونکہ وہ کوئی خاندانی بادشاہ نہین بلکہ نادر قلی ہے۔ اتنے مین خبر آئی کہ اوسکا لشکر اُمڈا ہوا آیا۔ یہان بھی کوچ کی تیاریان ہونے لگین اور چلتے چلتے دو مہینے مین کرنال تک پہونچے۔ سب نہر کے کنارے برات کی طرح پڑے تھے اور جس طرح لوگ شہر سے عیدگاہ کو جاتے ہین اِس طرح آتے تھے اور لشکر مین شامل ہوتے جاتے تھے۔ صرف برہان الملک کا انتظار ہو رہا تھا جس دن وہ اودھ سے آکر لشکر مین شامل ہوا اتفاق سے اوسی دن نادر شاہ بھی قریب آگیا لیکن یہان کسیکو خبر تک نہ تھی۔ اِدھر سے برہان الملک دربار کی بے پروائی کی شکایتین کر کے کوچ کی تاکید کر رہا تھا اور اودھر سے چند گھسیارے کچھ زخمی اور کچھ بدحواس دوڑے ہوئے آئے کہ ہم جنگل مین گھاس کھودنے گئے تھے۔ نادری قراولون نے کئی آدمیون کو گرفتار کر لیا اور ہمنے بھاگ کر اپنے کو یہان پہونچایا۔ اِسکے بعد خبر آئی کہ چند قزلباش نادری برہان الملک کے ڈیرون پر ہاتھ مار گئے۔ برہان الملک فوراً اوٹھ کھڑا ہوا اور فوج لیکر لڑنے کو روانہ ہو گیا۔ خان دوران کو جو یہ خبر پہونچی تو وہ بھی اپنی فوج لیکر برہان الملک کی فوج کے پاس پہونچا۔ اودھر نادر شاہ بھی اوٹھ کھڑا ہوا اور اپنی ولایتی فوج کو تین طرف سے حملے کی اجازت دی۔ تھوڑی ہی دیر مین ہندوستانی عیش پرورد فوجین پریشان ہو گئین۔ بہت سے سردار مارے گئے۔ خان دوران کے زخمی ہوتے ہی لشکر مین شکست کی ہوا اُڑ گئی۔ اب صرف برہان الملک اپنے چند رفیقون کے ساتھ میدان جنگ مین رہ گیا۔ یہ جوانمرد ہاتھی پر بیٹھا تیر مار رہا تھا کہ ایرانی فوج نے چار طرف سے گھیر لیا۔ ایک نیشاپوری جوان جو برہان الملک کا ہم وطن ہونے کی وجہ سے اوسے پہچانتا تھا گھوڑا اوڑا کر برہان الملک کے قریب پہونچا اور آواز دی کہ "اے محمد امین! دیوانہ شدہ۔ بہ کہ می جنگی و بچہ اعتماد میکنی!" برہان الملک نے ہاتھ روک لیا۔ اوس جوان نے نیزہ زمین پر گاڑ کے گھوڑے کی باگ ڈور اوس سے باندھی اور جھپٹ کر رسا پکڑ کر ہودج کے اندر جا بیٹھا۔

برہان الملک نے بموجب دستورِ ایران کے اپنے کو گرفتار خیال کر کے کمان ہاتھ سے رکھدی۔ ولایتی سپاہی ہاتھی کو گھیر کر اپنے لشکر مین لے گئے۔ نادر شاہ نے جرم بخشی کر کے عنایت فرمائی۔ برہان الملک نے اوسوقت موقع پا کر مصلحت آمیز باتین کرنا شروع کین اور نادر شاہ کو اِس بات پر راضی کر لیا کہ حضور ایک معقول نذرانہ لین اور یہین سے واپس تشریف لیجاوین۔ نادر راضی ہو گیا۔ برہان الملک نے اِس حال سے بادشاہ کو اطلاع دی اور ایک رقعہ آصف جاہ کو لکھا کہ تم آکر اِس امر کا فیصلہ کرو۔ محمد شاہ نے فوراً آصف جاہ کو روانہ کیا جو بذریعہ برہان الملک نادر کی خدمت مین پہونچا اور بعد گفتگو کے یہ ٹھہرایا کہ دو کروڑ روپیہ نعل بہا لے لیجیے اور یہین سے تشریف لیجائیے۔ نادر شاہ راضی ہو گیا اور آصف جاہ وہان سے رخصت ہو کر محمد شاہ کے حضور مین آیا اور اِن کامون کو اپنی کارگزاری اور دولتخواہی کے لباس مین ظاہر کیا اور برہان الملک کے حسنِ خدمت کو اُڑا دیا۔ جسکے صلے مین خانِ دوران اور امیر الامرائی کا خطاب اور منصب آصف جاہ کو عنایت ہوا۔ برہان الملک کا ذکر بھی کسی نے نہ کیا۔ دوسرے روز محمد شاہ اور نادر شاہ کے ملاقات کی ٹھہری۔ بادشاہ اِدھر سے بڑے تزک و احتشام کے ساتھ روانہ ہوا اور اودھر سے نادر نے اپنے بیٹے کو استقبال کیلیے بھیجا وہ راہ مین آکر ملا۔ بادشاہ نے تخت رواں کو زمین پر رکھوا کر ملاقات کی۔ اوسنے فرزندانہ طور پر معانقہ کیا اور ہمرکاب ہو کر نادر شاہ کے پاس لے گیا۔ نادر شاہ لبِ فرش تک استقبال کو آیا اور اپنی مسند پر نہایت تعظیم سے بٹھایا۔ بعد اِسکے دوستانہ اور برادرانہ باتین شروع ہوئین اور چائے کا دور چلنے لگا غرضکہ تھوڑے عرصے کے بعد بادشاہ نے ہنسی خوشی یہان سے مراجعت کی۔

خان دوران کے زخمی ہو کر انتقال ہونے کے بعد اِس لقب اور اِس منصب کو برہان الملک اپنا حق سمجھے ہوئے تھا۔ جب آصف جاہ کے خلعت و خطاب کا حال سُنا تو بہت بگڑا اور آتشِ حسد مین جل کر نادر شاہ سے کہا کہ "حضور نے یہ کیا غضب کیا؟ جو ہندوستان کے قارونی خزانے چھوڑ کر صرف دو کروڑ روپیے پر رضامند ہو گئے یہ رقم تو فقط غلام ادا کر سکتا ہے۔ بادشاہی خزانے اور امرا و مہاجنون کے



نادر شاہ افشار

سعادت خان برہان الملک

نظام الملک آصف جاہ

محمد شاہ عمر ۴۵ سال

گھرانے اِسکے علاوہ ہین۔ شہر یہان سے چالیس کوس کے فاصلے پر ہے حضور وہان تک تکلیف فرمائین“۔ نادر خوش ہوگیا اور اُسی وقت آصف جاہ کو بُلا بھیجا اور جب وہ آیا تو حکم دیا کہ تم ٹھیرو اور اپنے پادشاہ کو بُلا لو۔ آصف جاہ نے کہا کہ عہدنامے مین یہ شرط نہ تھی۔ نادر شاہ نے کہا کہ ملک و سلطنت اور پادشاہ کی عزّت و آبرو سے ہمین کچھ تعرض نہوگا فقط ایک مرتبہ ہم اور ملنا چاہتے ہین۔

آصف جاہ نے پادشاہ کو لکھا اور اُسکو ناچار پھر نادر سے ملنا پڑا۔ نادر نے پادشاہ کو عزت و احترام کے ساتھ الگ خیمے مین اوتروا دیا اور کہا کہ ”بھائی محمد شاہ! سلطنت اور دربار کے سامان مع حرم سرا کے منگوا لو اور خاطر جمع سے یہین رہو۔ لشکر مین بھی حکم بھیج دیا کہ جو چاہے ہمارے لشکر مین آجاے اور جو چاہے دہلی چلا جاے۔ بعد اسکے اپنا فرمان اور پادشاہ کا شقہ ایک اپنے سردار کو دیکر شہر کو روانہ کیا اور اوسنے جاتے ہی قلعہ دار سے کُنجیان لے لین اور سب کارخانون پر قبضہ کرلیا۔ لشکر کے لوگ پریشان ہوکر بھاگے بہتون کو ایرانیون نے لوٹ لیا جو بچے وہ راستے کے گوجرون کے ہاتھ سے مارے گئے۔ دوسرے دن نادر شاہ بادشاہ کو لیکر دہلی مین آیا۔

چند روز کے بعد ایک نیا واقعہ درپیش آیا۔ یعنی دفعتاً بھنگڑ خانے مین بیٹھے بیٹھے ایک بھنگڑ بول اوٹھا کہ ”وہ محمد شاہ رنگیلے! آخر پادشاہی تیج کھیل ہی تو گیا“۔ دوسرا بھنگڑ بولا کیا؟ پہلے نے کہا کہ ”حرم سرا مین موقع تاک کر ایک قلماقنی سے تُنگلے (نادر) کو مروا دیا“۔ یہ ہوائی دفعتہً اوڑی اور ہوا کی طرح تمام شہر مین پھیل گئی۔ غضب یہ ہوا کہ نادری سپاہی جو ایک ایک دو دو گلی کوچون مین بے تکلف پھرتے تھے اونھین لوگون نے بے وارثا سمجھکر قتل کرنا شروع کر دیا۔ رات کو نادر کو خبر پہنچی۔ اوسنے فوج کو حکم دیا کہ سب اپنی جگہہ پر قائم رہے۔ اگر کوئی چڑھکر آئے تو جواب دیا جائے۔ رات بھر تلوار چلتی رہی صبح تک سات سو ولایتی شہر مین کٹ گیا۔ ارا کین دربار چپکے تماشا دیکھا کیے بلکہ چند اشخاص جنکو نادر شاہ سے کہکر اپنے گھر لے گئے تھے وہ بھی مارے گئے۔ نادر نے صبح اوٹھکر پوچھا تو وہی حال سُنا۔ دنیا آنکھون مین اندھیر ہوگئی۔ اوسی وقت سوار ہوکر شہر کو دیکھتا ہوا چلا کہ شاید مجھے زندہ و سلامت دیکھکر یہ طوفان تھم جاے۔ مگر لوگون نے اسپر بھی پتھر پھینکنے شروع کر دیے بلکہ بندوقین ماردین۔ یہان تک کہ ایک مصاحب کا پہلو زخمی ہوا۔ ساتھ ہی دیکھا کہ جابجا ایرانی غریب الوطنون کے لاشے پڑے ہین آنکھون مین خون اوتر آیا اور قتل عام کا حکم دے دیا۔

اِسکے بعد ترپولیے تک آیا اور روشن الدولہ کی سُنہری مسجد مین تلوار کھینچکر بیٹھ گیا۔ کوچون مین خون کے نالے بہ گئے اور گھرون مین آگ لگ کر زمین سے آسمان تک دُھوان دھار ہوگیا۔ نادر کا غصہ خدا کا قہر تھا۔ پادشاہ اور امیر سب دیکھتے تھے اور دم نہ مار سکتے تھے۔ ایک بڈھا خواجہ سرا محمد شاہ کے پاس روتا ہوا آیا اور کہا کہ حضور کے باپ دادا کی رعیت سب قتل ہوگئی۔ پادشاہ آبدیدہ ہوئے اور اتنا کہا کہ ؎

دیدۂ عبرت کشا قدرتِ حق را ببین
شامتِ اعمال ما صورتِ نادر گرفت

دوپہر کے قریب جب عالم مین کہرام مچ گیا تو پھر سب نے آصف جاہ سے رجوع کی۔ وہ تلوار گلے مین ڈالے سربرہنہ کیے خاموش نادر کے سامنے جا کھڑا ہوا۔ نادر نے نظر اوٹھائی تو اوسکو روتا ہوا پایا۔ پوچھا کہ ”چہ می خواہی“۔ آصف جاہ نے یہ شعر پڑھا ؎

کسی نماند کہ دیگر بہ تیغِ ناز کُشی
مگر کہ زندہ کنی خلق را و باز کُشی

نادر نے شرما کر سر جھکا لیا۔ تلوار میان مین کی۔ اور کہا کہ ”بریش سفید بخشم“۔ اوسی وقت شہر مین ایرانی نقیب امان امان پکارتے ہوئے دوڑے اور دم بھر مین امن ہوگیا۔ سلطنت کے کاروبار کے ساتھ دونون پادشاہون کی صحبتین پھر بدستور جاری ہوگئین۔

ایک دن پادشاہ نے نادر کی دعوت کی۔ ایک ایک خدمت ایک ایک امیر کے سپرد ہوئی کھانے کے بعد جب چاے آئی تو عمدۃ الملک نے چاے کی پیالی بھری مگر دیتے وقت سوچنے لگا کہ اگر پہلے آقا کو دون تو ایسا نہو کہ نادر سر اوڑا دے اور اگر نادر کو پہلے دون تو آیندہ اپنے دربار مین بھی مُنہ دکھانا ہے۔ غرضکہ اِس جگہہ اِسکی تیزی طبع کا جوہر کام آیا یعنی محمد شاہ کے سامنے پیالی کرکے کہا کہ ”شاہان شاہان می دہند“ فدوی کی لیاقت نہین کہ اِس عالی جاہ پادشاہ کو چاے دے آپ اپنے دستِ مبارک سے دیجیے۔ چنانچہ اِس انداز خوشنما پر دونون پادشاہ خوش ہوئے اور دونون کے اہلِ دربار نے تحسین و آفرین کی۔

لطیفہ۔ ایک دن نادر شاہ کو پیٹ مین گرانی معلوم ہوئی۔ محمد شاہ سے حال بیان کیا۔ اوسی وقت حکیم علوی خان طلب ہوا۔ اوسنے نبض دیکھکر دواخانے کے داروغہ کو اشارہ کیا۔ چنانچہ کشتی زرنگار پر خوان پوش پڑا ہوا آیا جسکے نیچے ایک مرصع مرتبان مین گلقند الماس کا چمچہ برابر دھرا گنگا جمنی کانٹا۔ رتی۔ ماشہ سمیت وزن کیلیے

ساتھ موجود تھا اور حکیم سوچتا تھا کہ کس قدر گلقند اِسمین سے نکالے اور وزن کر کے کھانے کو دے اِس سوچ مین کچھ وقفہ جو ہوا تو نادر نے خود مرتبان کو اوٹھا لیا اور کھول کر دیکھا۔ بعد اِسکے دو اونگلیان اندر ڈال کر چار نوالون مین مرتبان خالی کر دیا چونکہ اِسمین خوشبو دوائین بھی ملی ہوئی تھین۔ اچھا معلوم ہوا اور کہا کہ ”حلوائے خوب ست دیگر بیارید“۔

لطیفہ۔ ایک دن نادر شاہ ہوا کھانے کو سوار ہوا محمد شاہ نے کہا کہ ایران مین ہاتھی نہین ہوتا آج اِنھین ہاتھی پر سوار کرو۔ جب ہودج مین جا کر بیٹھا تو آگے فیلبان کو دیکھا۔ پوچھا کہ ”این کیست؟“ لوگون نے کہا کہ ”فیلبان ست این را می راند“ فیلبان سے کہا کہ ”عنانش بمن بدہ“ اوسنے عرض کی کہ ”قبلۂ عالم! فیل عنان ندارد بہ اشارۂ سر پایم راہ میرود“۔ بولا کہ ”بنشانید کہ فرا آیم مرکبی کہ عنانش بدست غیر باشد سواری را نشاید“۔

لطیفہ۔ محمد شاہ کے اہل نشاط مین ایک طوائف تھی۔ نور بائی نام تھا۔ اور ناچ گانے کے علاوہ حاضر جوابی اور لطیفہ گوئی کا یہ عالم تھا کہ گویا مُنھ سے پھول جھڑتے تھے۔ ایک دن نادر شاہ نے بھی اُس کا گانا سُنا۔ بہت محظوظ ہوا۔ کچھ انعام دیا اور کہا کہ ”نور بائی! اردی ہند را سیاہ کن بیا کہ با ایرانت برم“۔ یہ سُنتے ہی بائی جی کا دم بند ہو گیا اور ساری لطیفہ گوئیان بھول گئین۔ دل مین ڈرین کہ خوش ہو کر ساتھ لے چلا ہے۔ اگر ذرا خفا ہوا تو خدا جانے ناک کاٹ لے آنکھ نکال لے۔ پیٹ چاک کروا لے غرض اوسی وقت یہ اشعار گائے۔

من شمع جان گدازم تو صبح دلکشائی
سوزم گرت نہ بینم میرم چو رُخ نمائی
نزدیکت اینچنینم دوراَن چنانکہ گفتم
نے تابِ وصل دارم نے طاقتِ جدائی

نادر شاہ بہت خوش ہوا اور اِسکا مطلب سمجھ کر اپنے ارادے سے درگذرا۔

لطیفہ۔ جب دہلی مین نادر شاہ کے بیٹے مرزا نصراللہ کی شادی محمد شاہ کی بیٹی سے قرار پائی تو دولھن والون کی طرف سے بغرض نسبت یہی پیام آیا کہ یہان کا دستور ہے کہ دولھا اپنے باپ دادا کا نام سات پشت تک بتلائے۔ مطلب یہ تھا کہ مرزا نصراللہ کا باپ نادر شاہ اور نادر شاہ کا باپ امام قلی ایک پوستین دوز تھا۔ اِس لیے مرزا نصراللہ کو اِسکے کہنے مین حجاب مانع ہوگا۔ فوراً نادر نے بیٹے کی جانب اشارہ کیا کہ بگو ”داماد شما پسر نادر شاہ است و نادر شاہ پسر شمشیر و شمشیر پسر شمشیر و ہمچنین تا ہفتاد بار بشمار“۔

الغرض دہلی مین نادر شاہ دو مہینے رہا اور اراکین سلطنت کی حاسدانہ طبیعت کے باعث اوسکو دونون ہاتھون سے خاطر خواہ لوٹنے کا موقع ملا۔ جس قدر جواہرات سمیٹ سکا یہان تک کہ تختِ طاؤس کو بھی نہ چھوڑا۔ سونے چاندی کی چکی کے پاٹ ڈھلوا کر اونٹون پر لدوا دیے۔ غرض کُل تین کرور روپیے کا اثاثہ لے کر ہندوستان سے ایران کو روانہ ہوا۔ نادر شاہ کے جانے کے بعد دہلی مین خاک سی اوڑنے لگی مگر واہ رے محمد شاہ رنگیلے! کہ سلطنت کو اتنی بڑی ٹھوکر لگی مگر اِسکے کان پر جون بھی نہ رینگی۔ یہان پھر وہی پُرانے رنگ نئے ڈھنگ سے جم گئے۔ اور آخر تک اوسی عیش و عشرت کے ساتھ زندگی بسر کی۔

تیس برس سلطنت کر کے اور خاندانِ تیموریہ کو تباہی پر پہونچا کے ٢٦ ربیع الثانی ١١٦١ھ مطابق ماہ اپریل ١٧٤٨ع کو اسہال کے مرض مین مبتلا ہو کر اِس دارِ ناپائدار سے انتقال کر گیا۔

اِس پادشاہ کے عہد مین پونا سے بندیل کھنڈ تک اور مالوہ سے راجپوتانہ کے ایک حصے تک مرہٹون کا دَور دَورہ ہو گیا۔ ہولکر اور سیندھیا کے خاندان جدید قائم ہوئے۔ ریاست دکن اور صوبہ اودھ مین خود مختاری ہو گئی۔ روہیلکھنڈ مین بغاوت پھیلی اور بنگال۔ بہار۔ اوڑیسہ کی سلطنت پایۂ تخت دہلی سے جدا ہو گئی۔ اب جو حصہ باقی رہ گیا اوسکو نادر شاہ تاراج کر گیا جس سے سلطنت مغلیہ سکرات کی حالت مین آ گئی۔

محمد شاہ کی ذاتی خصلتون کے اظہار کے لیے ایک بہت بڑے دفتر کی ضرورت ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ جو عیش و عشرت کے سامان اوس نے ایجاد کیے وہ خود اوسکی بربادی کا باعث ہوئے اور اونھین کی پیروی سے آج تک مسلمان امیرون کے خاندانون کا ستیاناس ہو رہا ہے۔ جن فحش اور بیہودہ لغویات کا سلسلہ تواریخ مین تلاش کیا جاتا ہے تو اوس کے آغاز کا اِسی رنگیلے پر انجام ہوتا ہے۔

احمد شاہ بن محمد شاہ

جمادی الثانیہ ۱۱۶۰ھ مطابق جون ۱۷۴۷ء مین جبکہ نادرشاہ بمقام مشہد مقدس مین اپنے ملازمون کے ہاتھہ سے مارا گیا تو اوسکی فوج کے ایک افسر احمد خان ابدالی نے غزنی و قندھار پر متسلط ہوکے اپنا لقب شاہ ابدالی مقرر کیا اور پھر ایک عرصے کے بعد احمد شاہ دُرّانی کے نام سے مشہور ہو گیا۔

احمد شاہ دُرّانی پہلے ناصر خان صوبہ دار کابل پر حملہ آور ہوا وہ بھاگ کر پشاور مین پناہ گزین ہوا۔ جب دُرّانی کو اوسکے تعاقب مین یہانتک اتفاق ہوا تو اوسکو پنجاب مین نہایت ابتریان نظر آئین اسلیے اوسنے وہین فتوحات حاصل کرنا شروع کردین۔ جب محمد شاہ کو خبر ہوئی تو اوسنے ایک لشکر جرار اپنے جلیل القدر افسرون کے ساتھہ جسکا سپہ سالار ولیعہدِ سلطنت مرزا احمد تھا روانہ کیا۔ جسنے بمقام سرہند پہونچکر دُرّانی کی فوج کو شکست دی۔ بعد اِس فتح کے شاہزادہ مرزا احمد دہلی کو واپس آتا تھا کہ پانی پت مین اوسکو باپ کے انتقال کی خبر پہونچی چنانچہ غرہ جمادی الاولے ۱۱۶۱ھ مطابق ماہ اپریل ۱۷۴۸ء کو ۲۰ برس کی عمر مین تخت نشین ہوا۔

اب وہ زمانہ آیا کہ بادشاہ کے لیے رات دن مینوشی کرنا۔ ہر وقت عورتون سے صحبت رکھنا۔ گویّون بھنیون سے ہم مذاق ہونا اور معاملاتِ سلطنت سے بیخبر رہنا گویا قانونِ مروّجی ہو گیا تھا پس احمد شاہ کو بھی اوسکا پابند ہونا پڑا۔

اَلوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیہ

سعادت خان برہان الملک محمد شاہ کے زمانے مین انتقال کرچکا تھا مگر احمد شاہ کے جلوس سے پہلے ہی سال نظام الملک آصف جاہ نے بھی رحلت کی۔ اب وزارت برہان الملک کے بھتیجے نواب ابو المنصور خان صفدر جنگ کو ملی۔ آصف جاہ کے چھ بیٹے تھے اونمین سے بڑے لڑکے میر محمد شاہ کو دیوان خاص اور بخشی گری سپاہ والاشاہی کی مرحمت ہوکر غازی الدینخان فیروز جنگ کا خطاب ملا۔

صفدر جنگ سے وزارت کا کام بخوبی نہ چلا۔ اسکی ذات سے دہلکمنٹہ مین غدر ہو گیا اور صفدر جنگ کو روہیلون سے کئی مرتبہ شکست میسر آئی۔ ابھی یہان کے بگاڑ سے فراغت حاصل نہوئی تھی کہ خبر ملی احمد شاہ دُرّانی پھر پنجاب پر حملہ آور ہوا۔

اگرچہ یہ وہی شخص ہے جسکو احمد شاہ حالت ولیعہدی مین اور صفدر جنگ اوسکی رفاقت مین ایک مرتبہ شکست دے چکا تھا۔ مگر اب وہ پہلی حالت کہان احمد شاہ تختِ سلطنت پاکر سپاہی سے عیش پسند ہو گیا تھا اور صفدر جنگ پے درپے شکست اوٹھانے سے دلبا ہو رہا تھا۔ دُرّانی کے مقابلے کو جاتا تو کون جاتا؟ آخر کو ملتان اور لاہور کے دونون صوبے دے کر بظاہر صلح کرلی اور باطن مین سر سے بلا ٹالی۔



احمد شاہ بادشاہ

فیروز جنگ جب دکن کو واپس گیا تو اپنے عہدے کی نیابت پر اپنے بیٹے شہاب الدین محمد خان کو چھوڑ گیا۔ جسکو وہان خطاب غازی الدین خان ملا جو اِس سے پہلے اوسکے باپ کو حاصل تھا۔ اوس سے اور صفدر جنگ سے دلی مخالفت تھی۔ ظاہر ہے کہ جب بادشاہ مین انتظامی قابلیت نہوگی تو خواہ مخواہ دوسرے اراکینِ سلطنت خودمختاری چاہنے لگینگے چنانچہ اسی نفسی نفسی مین صفدر جنگ اور غازی الدین خان مین مخالفت ہو گئی۔ ہر شخص نے خودرائی کو اِس حد تک دخل دیا کہ سلطنت رہی سہی اور تباہ ہو گئی۔ ایک مرتبہ غازی الدین خان کو موقع ملا اور اوسنے ملہار راؤ ہلکر کی مدد سے دہلی پر قبضہ کرلیا اور سب سے سہل لٹکا یہ ہاتھ آیا کہ علما سے معزولی کا فتوی لیکر دہم شعبان ۱۱۶۷ھ مطابق ماہ جولائی ۱۷۵۴ء کو بادشاہ کو تخت سے اُتار دیا اور آنکھون مین سلائی پھیر کر قید خانے مین بند کر دیا۔

احمد شاہ نے ۶ برس ۱۰ مہینے حکمرانی کی۔ گو شاہنشاہ ہندوستان کہلاتا تھا مگر اوسکے قبضے مین صرف چند ضلع دوابہ اور کچھ شمالی ستلج کے بچ رہے تھے۔ گجرات پر مرہٹے۔ بنگال، بہار، اڑیسہ پر علی وردی خان کے جانشین۔ اودھ پر صفدر جنگ وسط دوابہ پر بنگش۔ روہیلکھنڈ پر روہیلے قابض تھے اور پنجاب مین احمد شاہ دُرّانی ڈٹا ہوا تھا۔ دکن مین نظام کی اولاد جھگڑ رہی تھی اور میدان سلطنت مین مدراس اور بنگال کی طرف سے قوم انگریز اپنا قدم جماتی جاتی تھی۔ فقط

مقبوضاتِ انگلستان کی وسعت

نام ملک	آبادی	رقبہ بحساب میل مربع	تاریخ قبضہ	جس طرح شامل ہوا
یوروپ مین				
جبرالٹر	۲۵ ہزار	۲	سنہ ۱۷۰۴ء	فتح کیا
مالٹ	ایک لاکھ ترسیٹھ ہزار	۱۲۲	سنہ ۱۸۱۴ء	عہدنامے سے
ہیلی گولینڈ	۲ ہزار	۳/۴	سنہ ۱۸۱۴ء	عہدنامے سے
ایشیا مین				
ہندوستان وغیرہ	۲۹ کرور	۱۵۶۹۵۴۰	سنہ ۱۸۵۸ء	کمپنی سے لیا گیا
برہما	۵۰ لاکھ	۱۹۰۰۰۰	سنہ ۱۸۸۶ء	فتح کیا
سیلون	۲ لاکھ ۷۶ ہزار	۲۴۷۰۲	سنہ ۱۸۰۱ء	عہدنامے سے
سیپرس	ایک لاکھ ۸۰ ہزار	۳۵۸۴	سنہ ۱۸۷۸ء	خدمات کے حق مین ملا
عدن وسکوترا	۴۰ ہزار	۳۰۷۰	سنہ ۱۸۳۹ء	فتح کیا
سٹریٹ سیٹلمنٹ	۵ لاکھ	۱۵۰۰	سنہ ۱۸۲۴ء	عہدنامے سے
ہانگ کانگ	ایک لاکھ ساٹھ ہزار	۳۲	سنہ ۱۸۴۱ء	عہدنامے سے
لے بوآن	۶ ہزار	۳۱	سنہ ۱۸۴۷ء	عہدنامے سے
برٹش نارتھ بورنیو	ایک لاکھ ۵۰ ہزار	۳۱۰۰۰	سنہ ۱۸۷۷ء	خود آباد کرنے سے
افریقہ مین				
کیپ کالونی	۱۱ لاکھ ۲۲ ہزار	۲۱۲۰۰۰	سنہ ۱۸۱۵ء	عہدنامے سے
نٹال	۴ لاکھ ۲۵ ہزار	۲۴۰۰۰	سنہ ۱۸۴۳ء	فتح کیا
سینٹ ہلینیا	۵ ہزار	۴۷	سنہ ۱۶۷۳ء	فتح کیا
ایسن شن	۲ سو	۳۸	سنہ ۱۸۱۵ء	فتح کیا
سیرالیونے	۶۲ ہزار	۳۰۰۰	سنہ ۱۸۰۷ء	کمپنی سے لیا گیا
گولڈکوسٹ	۵ لاکھ ۲۰ ہزار	۱۶۶۲۰	سنہ ۱۸۷۰ء	فتح کیا
مارٹیس وغیرہ	۳ لاکھ ۷۲ ہزار	۱۰۶۳	سنہ ۱۸۱۴ء	فتح کیا
امریکا مین				
کینیڈا	۳۳ لاکھ ۲۵ ہزار	۳۷۰۴۸۸	سنہ ۱۷۶۰ء	کچھ حصہ فتح کیا اور کچھ عہدنامے سے
نیوبرانز وک	۳ لاکھ ۲۲ ہزار	۲۷۱۷۴	سنہ ۱۷۶۳ء	عہدنامے سے
نوا سکوشیا	۴ لاکھ ۴۲ ہزار	۲۰۹۰۷	سنہ ۱۷۱۳ء	عہدنامے سے
مینی ٹوبا	ایک لاکھ ۳۵ ہزار	۱۲۳۲۰۰	سنہ ۱۸۱۳ء	خود آباد کرنے سے
برٹش کولمبیا	۶۰ ہزار	۳۴۱۳۰۵	سنہ ۱۸۵۸ء	کمپنی سے لیا گیا
شمالی مغربی علاقہ	۵۰ ہزار	۲۵۸۵۰۰۰	سنہ ۱۸۷۰ء	کمپنی سے لیا گیا
جزیرہ پرنس ایڈورڈ	ایک لاکھ ۱۱ ہزار	۲۱۳۳	سنہ ۱۷۶۳ء	خود آباد کرنے سے

نام ملک	آبادی	رقبہ بحساب مربع میل	تاریخ قبضہ	کس طرح شامل ہوا
نیوفونڈلینڈ	ایک لاکھ ۶۲ ہزار	۴۰۲۰۰	سنہ ۱۷۱۲ع	خود آباد کرنے سے اور عہدنامے سے
برٹش گائینا	۲ لاکھ ۰ ہزار	۷۶۰۰۰	سنہ ۱۸۱۴ع	فتح کیا
برٹش ہانڈوراس	۲۸ ہزار	۷۵۶۲	سنہ ۱۷۹۸ع	فتح کیا
جمائیکا	۱۵ لاکھ ۸۱ ہزار	۴۱۹۳	سنہ ۱۶۵۵ع	فتح کرنے سے
ٹرینیڈیڈ	ایک لاکھ ۵۵ ہزار	۱۷۵۴	سنہ ۱۷۹۷ع	فتح کرنے سے
بار، باڈوس	۱ لاکھ ۷۱ ہزار ۸ سو ساٹھ	۱۶۶	سنہ ۱۶۰۵ع	خود آباد کرنے سے
گرینیڈا	۴۲ ہزار ۴ سو ۳	۱۳۵	سنہ ۱۷۶۲ع	عہدنامے سے
سینٹ ونسنٹ	۴۰ ہزار ۵ سو ۴۸	۱۴۰	سنہ ۱۷۶۳ع	عہدنامے سے
ٹوبیگو و سنٹ لوشیا	۹۴ ہزار	۴۶۵	سنہ ۱۸۰۳ع	عہدنامے اور فتح کرنے سے
انگویلا وغیرہ	۵۷ ہزار	۱۵۳	سنہ ۱۶۵۹ع	خود آباد کرنے سے
ڈومینیکا	۳۰ ہزار	۲۹۲	سنہ ۱۷۶۳ع	عہدنامے سے
مونٹ سیرٹ	۱۷ ہزار	۸۵	سنہ ۱۶۳۲ع	خود آباد کرنے سے
بہاماز	۴۵ ہزار	۵۷۹۴	سنہ ۱۶۲۹ع	خود آباد کرنے سے
برمیوڈا	۱۵ ہزار	۴۱	سنہ ۱۶۱۲ع	خود آباد کرنے سے
فاک لینڈ و جارجیا	ایک ہزار ۵ سو ۴۳	۶۸۷۰	سنہ ۱۷۷۰ع	عہدنامے سے
		آسٹریلیا مین		
نیو ساؤتھ ویلز	۹ لاکھ ۲۰ ہزار	۳۱۰۹۳۸	سنہ ۱۷۸۷ع	خود آباد کرنے سے
وکٹوریا	۹ لاکھ ۷۰ ہزار	۸۷۸۸۴	سنہ ۱۸۳۴ع	خود آباد کرنے سے
جنوبی آسٹریلیا	۳ لاکھ ۲۰ ہزار	۹۰۳۶۹۰	سنہ ۱۸۳۶ع	خود آباد کرنے سے
کوئینس لینڈ	۳ لاکھ ۱۵ ہزار	۶۷۰۰۰۰	سنہ ۱۸۲۴ع	خود آباد کرنے سے
مغربی آسٹریلیا	۳۵ ہزار	۹۷۸۳۰۰	سنہ ۱۸۲۶ع	خود آباد کرنے سے
ٹسمانیا	ایک لاکھ ۴۰ ہزار	۲۶۲۱۵	سنہ ۱۸۰۳ع	خود آباد کرنے سے
نیوزیلینڈ	۵ لاکھ ۸۰ ہزار	۱۰۴۰۰۰	سنہ ۱۸۴۰ع	خریدا گیا
جزائر فجی	ایک لاکھ ۲۰ ہزار	۷۴۲۳	سنہ ۱۸۷۴ع	عہدنامے سے
نیو گنی	ایک لاکھ ۳۷ ہزار ۵ سو	۸۸۴۵۷	سنہ ۱۸۸۴ع	زبردستی

قانون ریلوے جدید

اس قانون کی رو سے حضور گورنر جنرل کی مرضی کے بغیر کوئی ریلوے جاری نہین ہوسکیگی۔ اور جب کبھی کسی قسم کے نقصان کا احتمال معلوم ہو تو حضور ممدوح کچھ عرصے تک ریل کا چلنا بھی بند فرما سکتے ہین اور انھین کو انسپکٹر مقرر کرنے کا اختیار ہے۔ ہر ایک ریلوے کمپنی کو بموجب حکم حضور ممدوح کے مندرجہ ذیل معاملات کے لیے قواعد مرتب کرکے گزٹ آف انڈیا مین مشتہر کرانے ہون گے۔ (۱) ریل کی رفتار کا پیمانہ (۲) مسافرون کے آرام کا انتظام (۳) کون چیزین نقصان رسان ہین اور کیونکر وہ ریل کے ذریعے بھیجی جا سکتی ہین۔ (۴) ریل کی نوکرون کا چال چلن کیسا ہونا چاہیے (۵) اسباب کسی اسٹیشن مین کس طرح رکھا جاتا ہے (۶) دیگر تمام باتین جو سفر ریلوے کے لیے ضروری ہون۔ جو کوئی ان قواعد کو توڑے گا اُس سے پچاس روپے جرمانہ لیا جاویگا

اور ہر ایک اسٹیشن پر ایک نقل اِن قواعد کی رہیگی جسکو سب لوگ بآسانی دیکھ سکین گے۔ جو شخص کسی اسباب یا جانور کا محصول نہین دیتا ریلوے والے اُس اسباب یا جانور کو روک سکتے ہین اور پندرہ۱۵ دن کے بعد ایک یا دو اخبار مین اشتہار دیکر اُسکو نیلام کرینگے اور قیمت سے حق کاٹکر باقی مالک کو دینگے۔ جب کبھی مال دو شخصون کے نام پر آوے اور مالک کے پہچاننے مین شبہہ ہو تو اسباب اسٹیشن مین رُکا رہیگا۔ جو مال بذریعہ ریل بھیجا جاتا ہے اُسکا ٹھیک حال اور وزن ریل والون کو پوچھنے پر بتانا چاہیے اگر اسمین کچھ غلطی پائی جائے تو ریل والے دُگنا محصول لے سکین گے۔ ہر ایک ٹرین مین ایک مقام نیچے کے درجے مین فقط عورتون کے لیے رہیگا۔ ہر ایک اسٹیشن مین ریل کے آنے جانے کا وقت اور محصول لکھا رہیگا اور محصول دینے پر مسافر کو ایک ٹکٹ ملیگا جسپر محصول اور مقامِ مقصود کا نام درج ہوگا۔ اگر ٹکٹ لیے جانے کے بعد گاڑی مین جگہ نہ ملنے کے باعث کوئی مسافر رُک جائے تو ایک گھنٹے کے اندر ٹکٹ دینے سے محصول واپس ملیگا۔ بغیر ٹکٹ کے کوئی ریل مین چڑھنے نہ پاویگا۔ ریل کا ملازم جو ٹکٹ دیکھنا چاہے اُسکو دکھلانا چاہیے اور جہان کے لیے ٹکٹ ہے وہان پہونچنے پر واپس دینا ہوگا جو شخص کسی متعدی بیماری (مثل ہیضہ۔ چیچک۔ برص وغیرہ) مین مبتلا ہو۔ وہ بغیر اجازت اسٹیشن ماسٹر کے ریل مین نہین جا سکتا۔ ایسے مریض کو اگر ریل مین جانیکی اجازت ہو تو وہ سب سے الگ رکھا جاویگا۔ جو جانور یا اسباب ریل والونکی کتاب مین لکھے جانے بعد کھو جائے یا خراب ہو جائے اُسکا ہرجہ ریل والون کو دینا پڑیگا۔ اور ایک سو روپے سے زیادہ قیمت کے پارسل جب تک مناسب طور سے ریل والون کے سپرد نہ کیے جائین اُنکے کھوئے جانے یا خراب ہو جانے کے ذمہ دار ریل والے نہین ہو سکتے۔ ریل کے بگڑنے سے اگر کسی مسافر کے جسم کو نقصان پہونچے اُسکو ریل والون سے ہرجہ مل سکیگا۔ جہان کہین عام سڑک کے بیچ ریل ہو کر جاتی ہے وہان حفاظت کے لیے پھاٹک وغیرہ نہ بنانے کے لیے گورنمنٹ ریل والون سے دو سو روپیہ لیگی اور جب تک ریل والے ایسا نکرین اُن سے پچاس۵۰ روپے روزانہ جرمانہ لیا جاویگا۔ ہر ایک اسٹیشن مین محصول وغیرہ کی اطلاع دینے کیلیے جو اشتہار ریلوے والون کو رکھنے کی تاکید ہوئی ہے۔ اُسپر عمل نہ کرنے سے پچاس۵۰ روپے یومیہ جرمانہ آئندہ لیا جائیگا۔ گاڑیون مین مقررہ تعداد سے زیادہ مسافر بٹھلانے یا زیادہ اسباب لادنے کیلیے گورنمنٹ آئندہ سے بیس۲۰ روپے یومیہ جرمانہ لیگی۔ جو ریل کا ملازم کام کے وقت نشے کی حالت مین ہو یا اپنا کام واجب طور پر نکرے اُسکو رپورٹ ہونے پر پچاس۵۰ روپے تک جرمانہ ہوگا۔ جو ریل کا ملازم کسی مناسب حکم کے توڑنے یا اپنا کام بے احتیاطی کے ساتھ کرنے سے کسی شخص کو نقصان پہونچاتا ہے اُسکو دو برس قید اور پانسو روپیہ جرمانہ ہوگا۔ جو ملازم ریلوے کسی گاڑی مین مقررہ تعداد سے زیادہ لوگون کو بٹھاویگا اوسکو بیس۲۰ روپے جرمانہ ہوگا۔ جو کوئی شخص اِس قانون کے متعلق جھوٹا نقشہ جان بوجھ کر بناویگا اُس سے پانسو۵۰۰ روپیہ جرمانہ لیا جاویگا۔ جو شخص اسباب کا وزن جھوٹ بتلاویگا اوسکو واجبی محصول سے من پیچھے دس روپے اور دینا ہونگے۔ جو شخص کوئی مضرت بخش چیز ریل کے ذریعے لیجاویگا اُسکو پانسو روپے جرمانہ ہوگا اور جتنے روپے کا نقصان ہو وہ بھی اُس سے لیا جاویگا۔ ریل مسافر او نوکرون کے بیچ آنے جانے یا بات چیت کرنے کے لیے جو بندوبست کیا گیا اُسمین خلل ڈالنے سے پچاس۵۰ روپیہ جرمانہ ہوگا۔ اگر کوئی مسافر جان بوجھکر کسی گاڑی مین جسمین مقررہ تعداد بیٹھی ہوئی ہے زبردستی بیٹھے گا تو اُس سے دس۱۰ روپیہ جرمانہ لیا جاویگا۔ جو شخص کسی گاڑی مین جسمین مقررہ تعداد سے کم مسافر بیٹھے ہون اور لوگون کو آنے سے روکیگا اوسکو پچاس۵۰ روپے جرمانہ ہوگا۔ جو شخص بغیر اُن لوگون کی مرضی کے جو ایک گاڑی مین بیٹھے ہون تماکو پیے گا اُس سے بتیس روپے جرمانہ لیا جاویگا۔ اور جو شخص کسی ریلوے نوکر کے منع کرنے پر بھی تماکو پیے گا وہ بیس۲۰ روپے جرمانہ دینے کے علاوہ گاڑی سے الگ کیا جائیگا اور اُسکا ٹکٹ چھینا جاویگا۔ جو شخص ریل کی کسی چیز یا حرفون کو بگاڑیگا اُسکو پچاس۵۰ روپے دینے پڑینگے۔ جو شخص بغیر ٹکٹ کے ریل مین چلتا ہوا پکڑا جائے یا مانگنے پر اپنا ٹکٹ نہ دکھلا سکے اُسکو محصول کے علاوہ اگر وہ پہلے درجے مین چلا ہو تو ایک روپیہ۔ سب سے چھوٹے درجے کے لیے دو آنہ اور کسی درجے کے لیے آٹھ آنے دینے پڑینگے۔ جب کوئی شخص چھوٹے درجے کا ٹکٹ لیکر بڑے درجے مین سفر کرے یا ٹکٹ کے مقام سے آگے چلے تو اُس سے واجبی محصول کے علاوہ پہلے درجے کیلیے چھ روپے سب سے چھوٹے درجے کیلیے ایک روپیہ اور کسی درجے کیلیے تین۳ روپے لیے جاوینگے جو شخص ایک تاریخ کے ٹکٹ کو دوسری تاریخ مین یا ایک مرتبہ کام مین آئے ہوئے ٹکٹ کو دوسری بار کام مین لاویگا اُسکو ایک سو روپیہ جرمانہ ہوگا اور مناسب محصول بھی لیا جاویگا۔ جو شخص اپنے ریٹرن (واپسی) ٹکٹ کو دوسرے کے پاس بیچے تو بیچنے والا اور خریدنے والے دونون کو واپسی کے مناسب محصول کے علاوہ پچاس۵۰ روپے جرمانہ دینا پڑیگا

جو شخص جان بوجھکر اپنا ٹکٹ ایسا بگاڑ دے کہ اُسمین تاریخ نمبر وغیرہ پڑھنے مین آوے اُسکو پچاس ۵۰ روپے جرمانہ ہوگا۔ جو شخص متعدی بیماری مین مبتلا ریل پر چڑھیگا اُسکو بیس ۲۰ روپیہ دینا پڑیگا اور وہ ریل سے نکالدیا جاویگا۔ جو کوئی مسافر ریل کی چھت پہ سیڑھی۔ انجن۔ وغیرہ مین ریلوے ملازم کے روکنے پر بھی چڑھنے سے باز نہ آوے اوس سے پچاس ۵۰ روپیہ لیے جاوینگے۔ جو شخص جان بوجھکر اُس کمرہ مین چلا جاوے جو صرف عورتوں کے لیے مخصوص ہے اور سمجھائے جانے پر بھی باہر نہ نکلے اوس سے ایک سو ۱۰۰ روپیہ لیا جائیگا اور اوسکے پاس سے ٹکٹ چھینا جائیگا۔ جو شخص ریل کے کسی مقام مین یا گاڑی مین بدمست ہوکر کوئی بے شرمی کا کام کرے یا فحش بکے یا کسیطرح مسافرون کے آرام کو خراب کرے اُس سے پچاس ۵۰ روپے لیے جاوینگے اور اوسکا ٹکٹ بھی چھینا جاویگا۔ جو شخص ریل کے کسی ملازم کے کام مین مخل ہو اوس سے ایک سو روپیہ تک لیا جاویگا۔ جو شخص کے کسی ایسے مقام مین جاوے جہان جانا مناسب نہین اور منع کرنے پر بھی الگ نہو اُسکو بیس ۲۰ روپیے دینے پڑینگے۔ جو شخص یہ جان کر کہ ریل گاڑی چلنے کو ہے کوئی پھاٹک کھولتا ہے اور اوس رستے سے خود جاتا ہے یا مویشی کو چلاتا ہے یا پھاٹک بند نہین کرتا ہے اوس سے پچاس ۵۰ روپیہ جرمانہ لیا جاویگا۔ جو شخص اپنے مویشیون کو ریل کے احاطے کے اندر جانے دیتا ہے اُس سے فی جانور پانچ ۵ روپیہ لیا جاوے گا۔ جو شخص کسی ریل پر پتھر یا لکڑی ڈالے یا کوئی سلیپر وغیرہ کو ہٹاوے یا کانٹے کو گھماوے اِس منشا سے کہ ریل مین کسی مسافر کو صدمہ پہونچے اوسکو عمر بھر یا سات برس سے زیادہ کا کالا پانی ہوگا یا دو برس تک کی قید ہوگی۔ آخری جرم کو چھوڑ کر مندرجہ بالا کسی جرم کا کرنے والا اگر کوئی لڑکا ۱۲ برس سے کم عمر کا ہو تو اُسکے والد یا سرپرست سے ایک اقرارنامہ اِس مضمون کا لکھایا جاویگا کہ وہ لڑکا پھر کبھی ایسا قصور نہین کریگا اقرارنامہ نہ لکھنے پر جرمانہ ہوگا۔

سفر ریلوے کے متعلق ضروری باتین

(۱) گھر سے فرصت کے ساتھ ریل چلنے سے آدھ گھنٹہ پہلے اسٹیشن پر جا بیٹھو۔

(۲) دُور کا سفر ہو تو ڈوری لوٹا پاس رکھو اسٹیشنون پر پانی کے لیے بڑا آرام دیگا۔

(۳) اسباب کو ایک دفعہ ہی اچھی طرح دیکھ بھال لو اور چھوٹی چھوٹی چیزون کو علیحدہ علیحدہ پھیلائے مت رکھو۔ بڑی سی گٹھری مین باندھ رکھو تاکہ بھول نہ جاؤ۔

(۴) ٹکٹ خرید کر پڑھ لو یا پڑھا لو تاکہ ٹھگے نہ جاؤ۔

(۵) پڑھنے کا سامان کچھ اپنے ساتھ رکھو کہ جی نہ اُکتاوے۔

(۶) جتنے سو میل سفر کرنا ہے اتنے دن رات آپ کو راستے مین آرام کرنے کا حق حاصل ہے۔ وہی ٹکٹ جو خریدا تھا اسٹیشن ماسٹر کو دکھا کر اُتر جاؤ اور پھر اُسی سے اُس سے آگے سفر کرو۔ مثلاً لاہور سے دہلی ۳۵۰ میل ہے۔ لاہور سے دہلی کا ٹکٹ لیکر آپ کو اختیار ہے کہ اُسی ٹکٹ سے ایک دن پھلور۔ ایک دن انبالہ۔ ایک دن میرٹھ یا کسی مقام مین ۳ دن ٹھہر جاؤ اور پھر اُسی ٹکٹ سے دہلی تک سفر کرو۔

(۷) اگر لکھ پڑھ نہین سکتے تو جس اسٹیشن پر اُترنا ہے اُس سے دو تین پہلے اسٹیشن کا نام یاد کر لو اور وہین سے اُترنے کی تیاری مین مشغول ہو جاؤ تاکہ کوئی چیز گاڑی مین بھول نہ جاؤ۔

(۸) اگر اکیلے ہو تو حتی المقدور اپنے کمرے مین کسی دوسرے مسافر سے دوستی کر لو۔ جو تمہاری جگہ اور اسباب وغیرہ کی چوکسی کریگا اور ہر طرح مدد دیگا۔

(۹) یہ پہلے معلوم کر لو کہ جس مقام پر اُترنا ہے وہان ریل گاڑی کس وقت پہونچے گی۔

(۱۰) اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر جو جنٹلمین کے لیے پاخانہ بنا ہے حتے المقدور اُسمین نہ جاؤ۔ وہ یورپینون وغیرہ کے لیے مخصوص سمجھا جاتا ہے۔ لیکن اگر لاچاری ہو تو بدھڑک گھس جاؤ کوئی تمکو کھا نہین جاویگا۔

(۱۱) تیسرے درجے مین آرام سے سفر کرنے کے لیے اگر شرم دامنگیر نہو تو یورپین پوشاک اختیار کرو اور بلا تحاشا اُس کمرے مین جا بیٹھو جو فقط یورپین کے لیے رکھا رہتا ہے" خوب آرام سے کٹیگی۔ مگر مختلف مسافرون کے اپنے پاس بیٹھنے اور ملنے ملانے کا لطف جاتا رہیگا۔

(۱۲) دُور کے متواتر سفر مین اگر نہانا ضروری ہو تو جس مقام پر ریل ذرا زیادہ ٹھہرتی ہے۔ پانی والے کو دو چار پیسے دیدو وہ وہین پانی لاکر نہلا دیگا یا پوری مدد کریگا۔

(۱۳) رات کو ہوشیار رہنے کا خیال رکھو۔ اگر نیند گھیرے تو اسباب اپنے سر کے نیچے رکھکر سو جاؤ۔ اور جوتے بھی پہنے ہی رہو۔

(۱۴) اُترنے کیوقت جلدی نہ کرو۔ کہ تعجیل کار شیاطین بود۔

(۱۵) پورے روپے کے بدلے پیسے۔ دونی۔ چونی پاس رکھو ان سے بڑا کام نکلتا ہے۔

(۱۶) ٹکٹ اور گاڑی کا نمبر وغیرہ سوار ہوتے ہی لکھ لو یا یاد کر لو اسمین تمکو ٹکٹ یا اسباب کھو جانے سے تلاش مین مدد ملیگی۔

(۱۷) بابو کی ڈانٹ سے ڈر بھی نہ جاؤ۔ اگر سچے ہو تو خوب جواب دو تمہارا کچھ نہین بگڑ سکتا۔

یاد رکھنے کے قابل مفید باتین

آواز ایک سکینڈ مین ۱۱۴۲ فیٹ چلتی ہے۔

توپ کا گولہ ایک سکینڈ مین ۲ ہزار فیٹ چل جاتا ہے۔

روشنی کی رفتار ۱۰۰۰۸۰ میل فی سکینڈ ہوتی ہے۔

بندوق کی گولی کی رفتار ۱۲۸۰ فیٹ فی ثانیہ۔

دریا کے تیز رو پانی کی رفتار ۱۲ فیٹ فی ثانیہ۔

بادِ تُند کی رفتار ۳ میل فی گھنٹہ ہوتی ہے۔

ایک مکعب فیٹ پانی کا وزن ۹۹۷٫۱۳۶- اونس یا قریباً ۳۱ سیر ہوتا ہے۔
ایک مکعب فیٹ ہوا کا وزن ۱¼- اونس یا قریباً ۳ تولہ کے ہوتا ہے۔

پلاٹی نم	خالص پانی سے	۲۲٫۰۶۹	گنا بھاری ہوتا ہے
سونا	〃	۱۹٫۲۵۸	
پارا	〃	۱۳٫۵۸۶	〃
سیسہ	〃	۱۱٫۳۵۲	〃
چاندی	〃	۱۰٫۴۷۴	〃
تانبہ	〃	۸٫۷۸۸	〃
فولاد	〃	۷٫۸۱۶	〃
لوہا	〃	۷٫۲۰۷	〃
ٹین	〃	۷٫۲۹۱	〃
سمندر کا پانی	〃	۱٫۰۲۶	〃
دودھ	〃	۱٫۳۰	〃
تیل	〃	۰٫۹۱۵	〃

پانی کا بیان کہ کس درجے کی گرمی سے کس بلندی بیرومیٹر پر اُبلے گا۔

بلندی بیرومیٹر	درجہ گرمی بحساب فارن ہیٹ
۲۶- انچ	۲۰۴٫۹۱
۲۶٫۵ 〃	۲۰۵٫۷۹
۲۷ 〃	۲۰۶٫۶۷
۲۷٫۵ 〃	۲۰۷٫۵۵
۲۸ 〃	۲۰۸٫۴۳
۲۸٫۵ 〃	۲۰۹٫۳۱
۲۹۰ 〃	۲۰۹٫۱۰
۲۹٫۵ 〃	۲۱۱٫۰۷
۳۰ 〃	۲۱۲٫۰۰
۳۰٫۵ 〃	۲۱۲٫۸۸
۳۱ 〃	۲۱۳٫۷۶

دھاتوں کا بیان کہ کونسی دھات کتنے درجے کی گرمی فارن ہیٹ پر پگھلنے لگتی ہے،

نام دھات	درجہ فارن ہیٹ پر پگھلنے لگتی ہے
ٹین	〃 ۳۳۴ 〃
سیسہ	〃 ۲۱۶ 〃
جست	〃 ۲۸۰ 〃
پیتل	〃 ۳۸۰۹ 〃
تانبہ	〃 ۸۳۵۰۷
چاندی	۳۹۳۷۰ 〃
سونا	〃 ۰۵۲۳۷
لوہا	۲۱۶۳۷۰
پلاٹی نم	۲۳۱۷۷۰

پانی	۲۱۲	درجہ فارن ہیٹ پر اُبلنے لگتا ہے
ایتھر	۵۲	〃
تیل	۲۱۲	〃
سمندر کا کھارا پانی	۲۲۵	〃
پارا	۶۶۰	〃
گندھک	۵۷۰	〃

پانی	۳۲	درجہ فارن ہیٹ پر جمنے لگتا ہے
دودھ	۳۰	〃
تیل	۳۶	〃
نمکین پانی	۴	〃
پارا	۳۹	〃
آدمی کا خون	۲۵	〃
تارپین کا تیل	۱۴	〃
برانڈی	۷	〃

خلاصۂ قواعد محصول ڈاک

مندرجۂ ذیل جدول سے پوسٹ کارڈ وخطوط اور پارسل وغیرہ کا محصول جو ہندوستان مین لیا جاتا ہے معلوم ہوگا۔

ایک تولہ ۲/۵ اونس کے برابر ہوتا ہے۔ ۱۰ تولہ چار اونس سے کچھ ہی زائد ہوتے ہین	پوسٹ کارڈ		خطوط		کتب و پیکٹ وغیرہ (کندہ کشادہ) اور اخبارات		اخبارات جن کا محصول پیشگی دیا گیا		پارسل	
	آنہ	پائی	آنہ	پائی	آنہ	پائی	آنہ	پائی	آنہ	پائی
پوسٹ کارڈ	۰	۳	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
پوسٹ کارڈ جوابی	۰	۶	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
نصف تولہ تک	۰	۰	۰	۶	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ایک تولہ تک	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
دو تولے تک	۰	۰	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ہر تولہ یا جزو تولہ کے لیے	۰	۰	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
تین تولے تک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۰	۰
تین تولے سے دس تولے تک	۰	۰	۰	۰	۰	۶	۰	۶	۰	۰
ہر دس تولے یا جزو کے لیے	۰	۰	۰	۰	۰	۶	۰	۶	۲	۰
بیس تولے تک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۴	۰
بیس تولے سے چالیس تولے تک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ہر ۴۰ تولے یا جزو کے لیے	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۴	۰

اور محصول جو بعد کو وصول ہو یعنی بیرنگ اس طور سے ہوگا۔

(۱) خط کتابت یا نمونے کے پیکٹ پر جس قدر اسکے ٹکٹ لگتے ہون اُسکا دو چند۔

(۲) خط کتابت و نمونے کے پیکٹ پر جس پر کم ٹکٹ لگتے ہون۔ کمی کا دو چند۔

(۳) پارسل یا کم ٹکٹ لگے ہوئے پارسل پر جس قدر کہ پیشگی حالت مین ٹکٹ لگتے۔

(۴) پوسٹ کارڈ جن پر پتہ لکھنے کی طرف پتے کے سوا کچھ اور لکھا یا چھاپا جائیگا۔ یا نشان بنایا جائیگا۔ یا کوئی کاغذ چپکایا جائیگا۔ تو وہ بطور خط کے شمار ہوگا۔ پوسٹ کارڈ کاٹنا یا تہ کرنا یا کسیطرح تبدیل کرنا نہ چاہیے۔ اپنے نام کے حروف تہجی اُبھرے ہوے بنانا یا چھاپنا قابل اعتراض نہین ہے۔ حالات لکھنے کی جانب ٹکٹ یا رسید چپکانا جائز ہے۔

(۵) کتابین یا نمونے کے پیکٹ کندہ کشادہ لفافون مین ہونے چاہئین تاکہ انکے حالات آسانی سے معلوم ہوسکین۔ جو کتابین یا پیکٹ بلا لفافہ ہونگے وہ کندہ کشادہ لفافون مین شمار کیے جائینگے۔ ایسا لفافہ جسکے کنارے اگر کاٹ دیے ہون لیکن اوسمین سے اندر کی شے کے حالات نہ معلوم ہوتے ہون شرائط کو پورا نہین کرتا۔

(۶) بک پیکٹ مین اشیای مفصلہ ذیل شامل ہین۔ اخبار۔ سادہ کاغذ پارچمینٹ۔ گتا لکھا ہوا ہو یا سادہ۔ کتابین۔ نقشے۔ رسیدین۔ بل وغیرہ بشرطیکہ اُن مین ذاتی خط وکتابت نہو۔ اور اگر خط وکتابت بھی بالکل چھپی ہوئی ہو تو بک پیکٹ خیال کیجائیگی۔ پروف جن مین اصل سے مقابلہ کرکے اضافہ کیا ہو وہ بھی بالکل چھپا ہوا سمجھا جاویگا۔ اخبار مین شایع ہونے کے لیے مضامین خواہ وہ بطور خط وکتابت کے ہی کیون نہون بشرطیکہ وہ کسی چھاپے خانے کے نام بھیجے گئے ہون بک پیکٹ مین داخل سمجھے جاینگے اور اُن پر یہ لکھنا ضروری ہے کہ "چھپنے کے لیے مسودہ" سوداگر لوگ اپنی اشیا کے نمونے بھی جو وزن مین چالیس تولے سے زیادہ نہون۔ یعنی جو فروخت کیے جانے کی حالت مین کچھ بڑی مالیت کے نہون بک پیکٹ کے طور پر بھیج سکتے ہین۔ کوئی بک دو فیٹ طول اور ایک فیٹ عرض یا موٹائی سے زیادہ نہ ہوگا۔ پارسل کا وزن ۵ سیر سے زیادہ نہین ہونا چاہیے پارسل کے ساتھ کوئی خط وغیرہ نہ رکھنا چاہیے۔ ہان اگر بالکل چھپا ہوا ہو تو مضائقہ نہین۔

(۷) ہر پارسل کی ڈاکخانے سے بھیجنے والے کو ایک رسید ملتی ہے اور پانے والے سے بھی ڈاکخانہ رسید لیتا ہے۔ اگر ایک سے زیادہ پارسلین ایک ہی شخص ایک ہی پتے پر روانہ کرے تو سب کے لیے ایک ہی رسید ملیگی۔ لیکن اگر بھیجنے والا علٰحدہ علٰحدہ رسید مانگے تو پانیوالے سے بھی علٰحدہ علٰحدہ رسید لیجائیگی۔ اگر نویسندہ ایک آنہ زائد دے تو پانے والے دستخطی رسید بھی اُسے مل جائیگی۔ اگر کوئی شخص معمولی پارسل کی بھی رسید ڈاکخانے سے چاہے تو اُسے واجب ہے کہ رسید کی کتاب کی خانہ پری کرکے ڈاکخانہ کی کھڑکی کے پاس پارسل داخل کرتے وقت پیش کرے۔ پارسل کا کلارک پارسل اور رسید کی کتاب کو مطابق کرکے اُسپر دستخط کریگا۔ اس سے یہ غرض ہے کہ اکثر کارخانون مین بہت سی پارسلین روزمرہ بھیجی ہوتی ہین اور وہ رسیدین کتاب کی طور پر رکھنا چاہتے ہین۔ اس لیے انکو سہولت رہے جبتک پارسل کے پتے مین ڈاکخانے کا نام نہو جس سے کہ وہ دیجائیگی تو پتہ ناکمل خیال کیا جاویگا اسلیے ڈاکخانہ ضرور لکھنا چاہیے۔ ایسی اشیا کیلیے جنکی ڈاکخانے سے رسید نہین ملتی ہے کوئی شخص چاہے کہ اُسکے پاس سند رہے تو وہ حسب شرائط ذیل سند حاصل کرسکتا ہے۔

(۱) سارٹیفکیٹ کی کتاب کی بابت ہی خانہ پری کی ہوئی مع بھیجنے والی شے کے ڈاک بند ہونے سے کم سے کم نصف گھنٹہ پیشتر پیش کیجانی چاہیے۔

(۲) پارسل کے پتے مین جو کچھ لکھا ہو وہ کل عبارت سارٹیفکیٹ مین درج ہونی واجب ہے۔ اور اوسپر نصف آنے کا ٹکٹ لگا ہو۔

(۳) ڈاکخانے کا اہلکار اسکے مطابق ہو کر دستخط کردیگا۔ اور ٹکٹ پر تاریخ کی مہر لگا دیگا۔

پوسٹ کارڈ خطوط۔ پارسل وغیرہ کی رجسٹری ہر ڈاکخانے سے ہو سکتی ہے اور ہر حالت مین فیس صرف دو آنے ہین۔ اگر کوئی خط خطوط کے صندوق مین ایسا پایا جاوے کہ جسپر "رجسٹری شدہ" لکھا ہو تو وہ ایسا خیال کیا جاویگا کہ اوسکی رجسٹری نہین ہوئی۔

ایسی پارسلین یا لفافے جن مین نوٹ یا نوٹ کا حصہ بند ہو ضرور رجسٹری کرانا ہوگا۔ اگر رجسٹری نہ کرائی جائیگی تو اگر اہل ڈاکخانہ کو معلوم ہو جاوے کہ اسمین ایسی شئے ہے تو اوسپر علاوہ دیگر محصول کے دوچند فیس رجسٹری لیجائیگی۔ یہی قاعدہ ایسی پارسلون اور لفافون کے لیے ہے جنمین بنک نوٹ۔ ہنڈوی چک بل آف اکسچینج یا بنک پوسٹ بل یا ٹکٹ وغیرہ بند ہون۔

سکے۔ جواہر۔ زیورات بلا بیمہ اور رجسٹری کرائے نہین جا سکتے۔ اگر کوئی لفافہ یا پارسل جس مین اس قسم کی کوئی چیز چٹھیون کے صندوق مین پائی جائیگی تو ڈیڈ لیٹر آفس کی معرفت فرستندہ کو واپس ملیگی۔ اس قسم کے پارسل کی رجسٹری اور بیمہ لازمی ہے۔ بیمہ شدہ پارسل بھی ۲۵ سیر وزن اور دو فیٹ طول اور ایک فیٹ عرض سے زیادہ نہوگی۔ پچاس روپیہ کی قیمت کے پارسل کی بیمہ کی فیس ۲ر ہے۔ سو روپیہ پر ۴ر۔ زائد ہر سو روپیہ کے لیے چار آنے۔

منی آرڈر کا رواج اس قدر پھیل گیا ہے کہ اسکا لکھنا فضول ہے مگر اس قدر کہنا ضروری ہے کہ منی آرڈر کا فارم ہر ڈاکخانے سے مفت ملتا ہے اور منی آرڈر بھیجنے والے کو ایک رسید ڈاکخانے سے ملتی ہے اور ایک وہ منی آرڈر وصول ہونے کے بعد پانیوالے کی دستخطی رسید فرستندہ کو ڈاکخانے کی معرفت ملتی ہے۔ اگر پانیوالا مقام مذکورہ پر موجود نہو اور پتہ تبدیل کرنا پڑے تو پھر کوئی فیس نہین لیجائیگی ایک ہی فیس کافی ہے۔

مفصلہ ذیل دیسی ریاستون کو بھی منی آرڈر جا سکتے ہین چنانچہ نابھہ۔ گوالیار۔ فرید کوٹ۔ جیند۔ پٹیالہ۔ منی آرڈر پر حسب ذیل فیس ہے۔

دس روپے .. .. ۲ر پچیس روپے تک ۴ر

ڈھائی سو روپے سے زیادہ کیلیے ایک منی آرڈر ہو سکتا۔ آنے کی کسر نہین ہونی چاہیے۔ دیسی ریاستون مین ما صہ روپے کا منی آرڈر جا سکتا ہے۔

جو منی آرڈر بذریعہ تار برقی بھیجا جاوے اوسکا کمیشن حسب ذیل ہے اسمین تار بھیجنے کا محصول بھی شامل ہے

دس روپے سے پچیس تک .. .. ۴ر پچیس سے پچاس تک ۸ر
پچاس سے پچھتر تک .. .. ۱۲ر پچھتر سے ایکسو تک .. .. .. عہ
ایکسو سے ایکسو پچیس تک .. .. عہ۴ر ایکسو پچیس سے ایکسو پچاس تک عہ۸ر
ایکسو پچاس سے دو سو تک .. .. سے دو سو سے دو سو پچاس تک .. .. بیہ

محصول ڈاک ولایت غیر

اخبار وغیرہ کیلیے جو بیرنگ یا کم ٹکٹ سے روانہ ہون پیشگی محصول دینا ہوگا۔ قانونی و دیگر اشیا کیلیے جو ممالک متفقہ کو روانہ ہون کم سے کم دو آنہ محصول پیشگی ادا کرنا ہوگا اور کتب و نمونجات پر کم سے کم ٹکٹ نہ ہو ورنہ روانہ نہ ہونگی۔ نمونجات کا عرض طول ۸×۴×۲ انچ وزن ۸ اونس۔ مطبوعہ کاغذات قانونی کارکی ۱۸ انچ ہر طرف سے ۴ پونڈ ۶ اونس۔

جہان ڈاکخانہ ہو وہان بیرنگ خط نہین جا سکتا۔ پارسلون کی رجسٹری ممالک متفقہ کو ہو سکتی ہے دستخطیات وغیرہ اور بعض حالتون مین محصول ادا کردہ خطوط کی اگر صرف خطوط کی ممالک غیر متفقہ کو بھی رجسٹری ہو سکتی ہے ہر حالت مین فیس رجسٹری ۲ آنہ ٹکٹ کی ادا ہوگی ممالک متفقہ کے لیے رجسٹری شدہ اشیا کی رسید حاصل کرنے کی فیس ۲ آنہ ہے ممالک غیر متفقہ سے رسید نہین مل سکتی۔

	½ اونس کے خط پر	پوسٹ کارڈ		چھپے ہوئے کاغذات مع کتب				قانونی سوداگری کی دستاویزات				نمونے کے پیکٹ	
		واحد	جوابی	۲ اونس وزن کا اخبار		۲ اونس وزنی پیکٹ		۴ اونس تک وزنی		ہر دو اونس زائد کے لیے		فی دو اونس کے لیے	
	آنہ	آنہ	آنہ	پائی	آنہ	پائی	آنہ	پائی	آنہ	پائی	آنہ	پائی	آنہ
ممالک متحدۂ انگلستان کو براہ برنڈسی	۲½	۱½	۳	۶	۰	۶	۱	۳	۱	۶	۱	۶	۱
دیگر ہر ایک متفقہ کو (فہرست نیچے دیکھو) براہ برنڈسی ممالک متحدۂ امریکہ ہو کر۔	۲½	۱½	۳	۶	۰	۶	۱	۰	۳	۶	۱	۶	۱
دیگر ہر ایک ملک متفقہ کو (سوائے سیلون و برن لیکے) جب کسی دوسرے راستے سے روانہ کیا جاوے۔	۳	۱½	۳	۰	۱	۰	۱		۲	۰	۱	۰	۱
فارس	۲	۱½	۳	۰	۱	۰	۱	۰	۲	۰	۱	۰	۱
نوآبادیہائے آسٹریلیا (غیر متفقہ)	۵	۰	۰	۰	۱	۶	۱	۰	۳	۶	۱	۰	۱
کیپ آف گڈ ہوپ۔ نٹال (غیر متفقہ) براہ برنڈسی ممالک متحدۂ امریکہ ہو کر۔	۰	۰	۰	۰	۲	۰	۲	۰	۴	۰	۲	۰	۲
ایضاً ایضاً براہ عدن و زنجبار۔	۰	۰	۰	۰	۱	۶	۱	۰	۴	۶	۱	۶	۱
سیلون کو بذریعہ فرنچ پیکٹ کلمبو ہو کر۔ یا بذریعہ پی اینڈ او اسٹیمر۔	۳	۱½	۳	۰	۱	۰	۱	۰	۳	۰	۰	۱	۰
ایضاً پیکٹ یا لینڈ پوسٹ	جو ہندوستان کے اندر محصول ہے												

فہرست ممالک متفقہ

عدن ٥	اساب	البجیم ٥	برمودا	برازیل	بلیسر
ارجنٹائن (جمہوریہ)	آسٹریا ٥	بربرا	بولیویا	بلگیریا	کیمبوونس

کناڈا
سیلون ○
چلی
چینی علاقہ انگریزی سرکار
کانگو
کوسٹاریکا
سائپرس
نوآبادیہائے ڈنمارک
ڈیلاگوا (خلیج)
ڈنمارک ○
نوآبادیہائے ہالینڈ
ایکواڈور
مصر ○
جزائر فاکلینڈ

فرانس ○
نوآبادیہائے فرانس
جرمنی ○
جبرالٹر ○
گولڈ کوسٹ
یونان
گواٹامالا
گائنا
ہوائی
ہیٹی
ہیلیگولینڈ
ہونڈامیڈا
ہالینڈ ○
ہونڈوریس

ہنگری ○
ہندوستان
اٹلی
جاپان
جیبڈا
لابوآن
لامو
لائبیریا
لکسمبرگ
بالٹا ○
جزائر مارشل
مسووا
ماریشش
مکہ

میکسیکو
موکا ⊕
مانٹی نگرو
نیوفاؤنڈلینڈ
نیوگنی
نیکاریگو
ناروے ○
آبک
پاراگوئی
فارس
پیرو
پرتگال
نوآبادیہائے پرتگال
رومانیا

روس
سالوڈر
سینٹ ڈومینگو
سرویا
سیکلس
سیام
جنوب مغربی افریقہ (علاوہ جرمنی)
سواکیم
نوآبادیہائے ہسپانیہ
اسٹریٹس سیٹلمنٹ
سوڈان
سوئیٹزرلینڈ ○
ٹاڈجورا ⊕

ٹانگیر
ٹوگو
ٹیونس
ٹرکی
ممالک متحدہ
ممالک امریکہ
ممالک کلمبیا
ممالک وینیزویلا
یوراگوئی
ساحل غربی افریقہ
ویسٹ انڈیز
زنجبار ○
زیلا

⊕ گو ممالک متفقہ شمار ہوتے ہیں مگر رجسٹری نہیں ہوسکتی۔

مذکورۂ بالا فہرست میں جن ملکوں پر ○ ایسا نشان ہے وہاں سے پارسلیں بھیجی جاسکتی ہیں اور وہاں کو جاسکتی ہیں۔

ممالک انگلستان کو ہندوستان کے ہر ڈاکخانے سے پارسل بھیجا جاسکتا ہے۔ ایک پونڈ وزنی یا اس سے کم کے لیے ۱۰ ۔ ہر زائد پونڈ یا اوسکی کسر کے لیے ۶ محصول لیا جاتا ہے۔ ان پارسلوں پر جو ۱۱ پونڈ سے لیکر ۲۰ پونڈ تک وزن میں ہوں ہر پونڈ یا اوسکی کسر پر ۸ محصول لگیگا۔ ہر حالت میں محصول پیشگی نقد ادا کرنا ہوگا۔ صرف سروس یا ریل پر سروس کے ٹکٹ رسید پر لگا دیے جائیں گے۔ جو پارسلیں ممالک متحدہ امریکہ کو جاتی ہیں ان پر جو ٹکٹ لگائے جاتے ہیں وہ صرف لندن تک کے لیے سمجھے جائیں گے اوس سے آگے کے لیے پانیوالے سے زائد محصول وصول کیا جائیگا ان پارسلوں میں تمباکو و سگار وغیرہ نہونے چاہئیں کیونکہ ازروے قانون ۸۰ پونڈ سے کم تمباکو یا سگار بھیجنا ممنوع ہے اگر قانون کی خلاف ورزی ہو تو مال ضبط کیا جائیگا یا جرمانہ ہوگا یا روکا جائیگا۔ باہر کو جانے والا پارسل ۲۵ سیر سے زیادہ وزنی نہونا چاہیے یا دو فیٹ طویل۔ ایک فیٹ عریض سے زیادہ نہو۔

اُن ممالک کی فہرست جن کو منی آرڈر جاسکتے اور آسکتے ہیں

انگلستان
انٹیگوا +
شاہ عالم الہ آباد مین سلطنت کرتا تھا اور نجیب الدولہ دہلی کا انتظام اپنے ہاتھ مین لیے ہوئے تھا مگر جب بادشاہ کو اوسکے انتقال کی خبر پہونچی تو طبیعت دہلی مین داخل ہونے پر للچائی۔ مگر خود اس قدر طاقت نہ رکھتا تھا کہ جا کر تخت نشین ہو جائے ناچار انگریزون سے مدد طلب کی۔ مشکل یہ پیش آئی کہ انگریز بلا معاوضہ لیے ہوئے کسی کا کام کرنے کے عادی نہ تھے اور بادشاہ کے پاس کچھ دینے کو باقی نہ تھا اِس لیے انگریزون کی طرف سے کورا جواب مل گیا۔ اوس وقت بادشاہ نے ہلکر اور سیندھیا سے مدد چاہی اُنھون نے الہ آباد اور کوڑے کی سند اپنے نام لکھوا لینے کے بعد بادشاہ کو وہان سے دہلی کے تخت پر لا بٹھایا۔ انگریز گویا اسی موقع کے منتظر تھے اُنھون نے الہ آباد اور کوڑہ جہان آباد کو شاہِ عالم سے چھین کے نواب شجاع الدولہ کے ہاتھ پچاس ۵۰ لاکھ روپے پر فروخت کر ڈالا۔ اور کمزور بادشاہ پر یہان تک ناراض ہوئے کہ ممالک شرقیہ کا خراج جو چھبیس ٢٦ لاکھ روپیہ سالانہ ہمیشہ نذر کرنے کا اقرار کیا تھا اوسے بھی گھونٹ ڈالا۔

پھر بھی شاہِ عالم دہلی کا بادشاہ بنا رہا اور نجیب الدولہ کے پوتے غلام قادر کو امیر الامرا مقرر کیا۔ مغلیہ سلطنت کا دور ختم ہو چکا تھا۔ جو بات ہونی تھی وہ برعکس پڑتی تھی اِس لیے اِس عہدے کا دینا بھی بادشاہ کے لیے سب سے زیادہ مُضر ہوا۔ بادشاہ ہر طرح سے بیکس تھا اور غلام قادر بدذات اور سرکش تھا۔ اُسنے بادشاہ کو مشورہ دیا کہ اب وقت ہے کہ مرہٹون سے لڑ کر اُن کا نام و نشان ہندوستان سے مٹا دینا چاہیے۔ بادشاہ نے اپنے خزانے کی کمی کے باعث سے اوسکے مشورے پر چلنے مین تامل ظاہر کیا۔ اِسپر اوسکو اِس قدر غصہ آیا کہ بادشاہ کو بے رحمی کے ساتھ پکڑ کر قلعے مین قید کر دیا اور سلیم گڈھ کے قلعے سے کسی شاہزادے کو نکال لایا۔ اوسکو تخت پر بٹھلا کے سب امیرون سے نذرین دلوائین اور اوسکا لقب بیدار بخت رکھدیا۔ شاہِ عالم پر تین ٣ روز بے آب و دانہ گذرے۔ اب غلام قادر نے قلعے کے لوٹنے کا ارادہ کیا۔ پہلے بیدار بخت کی معرفت تمام بیگمات کے جواہرات لے لیے پھر شاہ عالم سے خزانے اور دفینے طلب کیے۔ جب اوسنے بتانے سے انکار کیا تو اوسکو اور اوسکی بیگمون اور اوسکی اولاد کو طرح طرح کی جسمانی تکلیفین پہونچائین۔

جب غلام قادر کو خزانے کی طرف سے مایوسی ہوئی تو اوسنے

تخت سلطنت کو آگ لگا کے سارا چاندی سونا نکال لیا اور تین روز کے عرصے مین سارا فرش سنگی اِس امید پر اوکھاڑ ڈالا کہ شاید اوسکے نیچے سے خزانہ برآمد ہو۔ بالآخر ۱۰ اگست ۱۷۸۸ء کی تاریخ خاندانِ تموریہ کی تاریخ مین عبرت کے ساتھ یاد رہے گی جب کہ غلام قادر نے شاہ عالم سے پھر دفینہ پوچھا اور اوسنے اپنی لاعلمی ظاہر کی۔ اِسپر غلام قادر نے کہا کہ تیری آنکھین نکال لینے کے قابل ہین۔ بادشاہ نے آہ سرد بھر کر کہا کہ یہ وہ آنکھین ہین جو ساٹھ برس تک کلام اللہ پڑھتی رہی ہین اِن پر رحم کر۔ اِسکے جواب مین اوسنے بادشاہ کے بیٹے اور پوتون کو اوسکے روبرو بے تحاشا پیٹنا شروع کیا۔ بادشاہ نے کہا کہ اگر میری آنکھین ابھی عذاب کے دیکھنے کے لیے ہین تو بہتر ہے کہ نہون۔ اِسکو سُنکر غلام قادر نے بادشاہ کو زمین پر لٹا کے اپنے خنجر سے ایک آنکھ نکال لی اور دوسری کے لیے اپنے ملازمون کو اشارہ کیا چنانچہ اونمین سے کسی ایک نے دوسری بھی نکال لی۔

ابھی غلام قادر کو اطمینانِ خاطر میسر ہونے پایا تھا کہ خبر پہونچی کہ فوج مرہٹہ دہلی پر آگئی۔ یہ بدحواس ہو کر بیدار بخت کو لیکے میرٹھ کی طرف بھاگا۔ مرہٹون نے وہان بھی اوسکا تعاقب کیا۔ زمانے کا رنگ بدلا ہوا دیکھکر ہمراہیون نے ساتھ چھوڑ دیا۔ غلام قادر تنہا شب کے وقت تمام قیمتی جواہرات کمر مین کرکے قلعہ میرٹھ سے بھاگا۔ اندھیری رات مین چلا جاتا تھا کہ ایک جگہ گھوڑا کسی خندق مین جا رہا۔ گھوڑا تو اپنی طاقت سے اُٹھ بیٹھا مگر سوار صاحب مین دم نہ تھا وہ وہین پڑے رہے۔ صبح کو ایک گنوار نے دیکھکر پہچانا اور پکڑ کے ایک مرہٹہ سردار کے سُپرد کر دیا۔ پٹھانون کی جنگ کا یہین خاتمہ ہو گیا بیدار بخت گرفتار کرکے دہلی بھیجا گیا اور وہین قتل ہوا۔ غلام قادر بھی گرفتار کرکے متھرا مین جہان مرہٹون کا سردار مہاراجہ سیندھیا موجود تھا بھیجا گیا۔ سیندھیا نے پہلے اوسکو ایک گدھے پر اولٹا سوار کرکے کوڑی دکان بھیک منگوائی۔ پھر اوسکی زبان کٹوائی۔ پھر اوسکی آنکھین نکلوائین۔ پھر ناک، کان، ہاتھ، پیر کاٹ کے محض لوتھڑا بنایا۔ پھر اوسکے اور ٹکڑے ٹکڑے کیے۔ اور ایک پنجرے مین بند کرکے اوسکی لاش کو اندھے بادشاہ کے روبرو دہلی مین بھیج دیا۔

اب سیندھیا خود دہلی مین آیا اور نابینا شاہِ عالم کو قلعے سے نکالکر تخت پر بٹھایا اور اپنی طرف سے نو لاکھ روپیہ سالانہ اوسکے اخراجات کے لیے مقرر کرکے اپنا انتظام بٹھایا۔ یہ بات انگریزون کے خلاف ہوئی اور بہت سے جھگڑون اور بہت سی لڑائیون کے بعد مرہٹون کو شکست ہوئی اور انگریزی فوج دہلی مین داخل ہوئی اب انگریزون نے اپنی طرف سے بادشاہ کا بارہ لاکھ روپیہ سالانہ بطور پنشن کے مقرر کرکے انتظام سلطنت اپنے اختیار مین لے لیا۔

شاہِ عالم پینتالیس برس تخت نشین ہونے کے بعد ۱۲۲۱ھ مطابق ۱۸۰۶ء مین اِس دارِ ناپائدار سے انتقال کر گیا۔

مورخ شاہِ عالم کے استقلال اور صبر و تحمل کی بڑی تعریف کرتے ہین اور لکھتے ہین کہ جس وقت اوسکی آنکھین نکالی گئین تو اوسنے اُف نہ کی اور خدا کو یاد کرتا رہا۔ لیکن کاش وہ اس استقلال اور عالی ہمتی کا دسوان حصہ بھی میدانِ جنگ مین دکھلاتا تو اپنی گری ہوئی سلطنت کو پھر برسرِ عروج کر لیتا۔ وہ شاعر بھی تھا اور آفتاب تخلص تھا۔ ناعاقبت اندیش پرلے سرے کا تھا آیندہ کی مطلق فکر نہ کرتا تھا۔ اپنا عمل اِس شعر پر رکھتا تھا جو اوسی کی تصنیف سے ہے۔ اور آج تک ناعاقبت اندیشون کا گویا دستور العمل ہے۔

عاقبت کی خبر خدا جانے
اب تو آرام سے گذرتی ہے

ابو النصر معین الدین اکبر شاہ ثانی

شاہِ عالم کا ولی عہد مرزا جوان بخت تھا مگر وہ اوسکی زندگی ہی مین مرگیا تھا اِس لیے دوسرا بیٹا اکبر ثانی کے لقب سے اڑتالیس برس کے سن مین تخت نشین ہوا۔ نابینا شاہ عالم بوڑھا ہو گیا تھا اوسکے اخراجات بھی ضعیف ہو گئے تھے۔ مزاج مین کچھ خست بھی آگئی تھی۔ انگریزون سے جو لاکھ روپیہ مہینا ملتا تھا اوس سے کئی لاکھ روپیہ پس انداز ہوا تھا۔ اکبر ثانی نہ اندھا تھا نہ بوڑھا تھا۔ نہ ہاتھ کا تنگ تھا۔ اِسکے ہاتھ سے علاوہ ماہواری پنشن کے باپ کا سارا پس انداز روپیہ بھی صرف ہو گیا۔ انگریزون سے اضافہ پنشن کی درخواست کی مگر جواب مین ہمیشہ لیت و لعل رہا۔ بادشاہ کو لوگ عقل سے خارج سمجھکر طرح طرح سے ناجائز فائدے حاصل کرنے کی فکر مین رہا کرتے تھے۔ کئی شخص اِس بات پر نوکر ہوئے کہ وہ بادشاہ کی طرف سے کلکتے مین جا کر وکالت کرین ان جھوٹے وکیلون کی طرف سے برسون مغالطہ آمیز خطوط آیا کیے اور بادشاہ اونکو صحیح سمجھتا رہا۔ اونکا جو مشاہرہ مقرر تھا اوسکو ماہ بماہ

اونکے گھر پر بھیجتا رہا۔ ایک عرصے کے بعد نظام الملک لارڈ مٹکاف رزیڈنٹ دہلی کو خبر لگی۔ اوسنے بادشاہ کو سمجھایا اور ان دھوکہ بازون کی مدد سے باز رکھا۔

یہ وقت وہ ہے جب کہ تمام ملک مین انگریزی عملداری ہو چکی تھی صرف قلعہ معلی مین شاہی اختیارات باقی تھے۔ اوسکی بھی یہ کیفیت تھی کہ شہر کے بدمعاش ہر قسم کے جرائم کرکے قلعے کے اندر رہو رہتے تھے اور اون کا کوئی کچھ نہ کر سکتا تھا۔ مگر آخر تک انگریزون کی طرف سے بادشاہی تعظیم وتکریم قائم رہی۔ اکتیس برس برائے نام سلطنت کرنے کے بعد ۱۲۵۳ھ مطابق ۱۸۳۷ء مین انسی برس کی عمر مین دنیا سے انتقال کرگیا۔



اکبر ثانی

محمد سراج الدین ابو ظفر بہادر شاہ ثانی

اکبر ثانی کے مرنے کے بعد اوسکا بیٹا بہادر شاہ کے لقب سے قلعہ دہلی کا بادشاہ ہوا۔ اسکا اصلی نام ابو ظفر ۱۱۸۹ ہے اور یہی اسکی پیدائش کی تاریخ ہے۔

خدا نے بہادر شاہ کو ملکی تعلقات سے بے فکر کر دیا تھا۔ اس لیے اوسکے پاس تمام سامان عیش وطرب اور لہو ولعب جمع ہو گئے تھے۔

شعر وشاعری کا بہت مذاق تھا۔ چار دیوان مجلد اسکی تصنیفات سے ہین۔ بادشاہی شاعرون مین مرزا اسد اللہ خان غالب کا تعلق تھا اور شیخ محمد ابراہیم ذوق استاد بادشاہ تھے۔ بہادر شاہ خاندان چشتیہ مین مرید تھا اور خود پیر و مرشد بن کر دوسرون کو مرید کرتا تھا۔ انہین اعلی درجے کی غریب پروری تھی۔ بہت سے لنگڑے لولے۔ اپاہج اوسکے پاس سے تنخواہ پاتے تھے۔



بہادر شاہ ثانی

غدر ۱۸۵۷ء

جون جون انگریزون کو اپنے پولیٹکل مخالفین کی جانب سے اطمینان ہوتا گیا تون تون اندرونی طور پر ایک بے اطمینانی کا باعث پیدا ہوتا گیا یعنی بعض انگریزی قانون کا اجرا رعایا مین بے چینی کا باعث ہونے لگا۔ بعض ریاستون کے الحاق سے بقیہ والیان ریاست کے کان کھڑے ہونے لگے۔ مشنری تلقین سے سول اور ملیٹری صیغون مین مذہبی طور پر بے اطمینانی پھیلنے لگی۔ چربی لگے کارتوس کے سبب ان سپاہیون اور اون کے افسرون مین آثار مخالفت ظاہر ہونے لگے۔

دہلی مین بہادر شاہ کا یہ حال تھا کہ کوئی انگریز اب اسکی ظاہری تعظیم وتکریم بھی نہ کرتا تھا۔ قلعے کے معاملات مین دست اندازی ہونے لگی تھی۔ دہلی مین جو راجہ یا نواب آتے تھے اُن کو بادشاہ سے ملنے کی اجازت نہ ہوتی تھی۔ باین وجہ بہادر شاہ کو انگریزون سے دلی نفرت ہو گئی تھی۔ اسی عرصے مین میرٹھ کی فوج مین کارتوس کاٹنے پر بلوہ ہو گیا۔ فوج نے اپنے افسرون کو قتل کرکے دہلی کا کوچ کیا۔ بہادر شاہ کو قلعہ معلی سے نکال کر ہندوستان کا بادشاہ بنایا۔ ملک کے ایک بڑے حصے مین غدر ہو گیا۔ مئی سے ستمبر تک دہلی مین ہنگامہ کارزار گرم رہا۔ بہتر تہتر لڑائیون کے بعد باغیون کو شکست ہوئی اور دہلی مین پھر انگریزی عملداری ہو گئی۔ بادشاہ نے ہمایون کے مقبرے مین اپنے تئین انگریزون کے حوالے کیا اور اونھون نے پہلے اُسکے باغی بیٹون اور پوتون کو اُسی کے سامنے قتل کیا۔ اور پھر اُسکو رنگون بھیجدیا جہان ۱۲۷۹ھ مطابق ۱۸۶۲ء مین نوے برس کی عمر مین انتقال کر گیا۔

تمام شد

ہندوستان کی ریلون کے ضروری قواعد کا خلاصہ اور مفید ہدایتین

ریل کا وقت ریل کے ٹائم ٹیبلون مین مدراس کا ٹائم دیا جاتا ہے اور تمام ہندوستان کے ریلوے اسٹیشنون پر یہی ٹائم استعمال مین آتا ہے۔ یہ کلکتے کے وقت سے ۳۳ منٹ بعد۔ الہ آباد کے وقت سے ۶ منٹ بعد۔ دہلی ٹائم سے ۱۳ منٹ آگے۔ آگرہ سے دس منٹ آگے۔ اور بمبئی ٹائم سے تیس منٹ آگے ہے۔ اور ریل کا وقت ہمیشہ نیم شب سے نیم شب تک شمار ہوتا ہے۔ مثلاً ۱۴ بجے کا مطلب ہے دن کے دو بجے۔

ذمہ داری کوئی ریل ذمہ داری نہین کرتی کہ اوقات معینہ پر وہ ضروری فلان فلان اسٹیشنون پر پہونچ جاویگی تاہم اپنی طرف سے پوری کوشش کا وعدہ کرتی ہے اس لیے توقف سے جو نقصان ہو اسکی وہ ذمہ دار نہین کسی مسافر کو خواہ وہ اوّل و دوم درجے کا ہو سونے کے لیے جگہ دینے کی ذمہ دار ہے البتہ اگر مسافرون کی بھیڑ نہو تو اوّل و دوم درجون کو آرام بہم پہونچایا جاتا ہے

سوار ہونا وقت مقررہ سے دس پندرہ منٹ پہلے اسٹیشن پر مسافر کو پہونچ جانا چاہیے تاکہ آرام سے ٹکٹ لیکر سوار ہوسکین یا بوجھ بلٹوا سکین لیکن اگر ٹکٹ مل چکا ہے اور مسافرون کو ریل پر جگہ نہونے کی وجہ سے سوار نہین کیا گیا ہو تو اون کو چاہیے کہ ٹکٹ تین گھنٹے کے اندر بکنگ آفس مین لوٹانے کے لیے پیش کردین۔ اُن کا کرایہ واپس ملجائے گا۔ اگر ٹکٹ لینے کے بعد مسافر فوراً بیمار ہوجاوے یا کوئی اتفاقی مجبوری پیش آجاوے تو فوراً ٹکٹ واپس کردینے پر کرایہ انھین واپس ملسکتا ہے۔

ریل کے درجے مسافرون کے سوار ہونے کے لیے ہندوستان کی ریلون مین چار درجے مقرر ہین۔ اوّل۔ دوم۔ میانہ۔ یا انٹرمیڈیٹ اور سوم۔ اور جو ٹکٹ ان درجے کے لیے دیے جاتے ہین قریب قریب اُن کے وہ ہی رنگ ہوتے ہین جو اُن گاڑیون کے ہوتے ہین جو اُن درجون کی ہین۔

میعاد کرایہ مختلف ریلون پر مسافرون کے کرایے کی شرح مین تھوڑا بہت فرق ہے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ مندرجہ ذیل شرح کے مابین زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم نرخ معین ہین۔ یہ شرح نارتھ ویسٹرن ریلوے پر مروج ہے۔

	شرح زیادہ سے زیادہ فی میل	کم سے کم فی میل
اول درجہ	۱۸ پائی ”	۲ پائی ”
دوم درجہ	۹ پائی ”	۶ پائی ”
انٹرمیڈیٹ	۴½ پائی ”	۳ پائی ”
سوم درجہ	۳ پائی ”	۲½ پائی ”

کتون اور گھوڑون کا نارتھ ویسٹرن ریلوے پر گھوڑون کے لیے ۴۲ پائی فی میل زیادہ سے زیادہ اور ۱۸ پائی کم سے کم مگر بمبئی بڑودہ سنٹرل انڈیا ریلوے پر کم سے کم ۱۲ پائی فی میل مقرر ہے لیکن پانچ روپیے سے کم پر کوئی سفر منظور نہ کیا جائیگا اور کتون کے لیے ہر پچاس میل کے یا اُن کے حصے کے لیے زیادہ سے زیادہ ۹۶ پائی اور کم سے کم ۴۰ پائی ہر کتے کے واسطے۔

کتے گاڑی مین لیجانا کوئی مسافر اپنے ہمراہ مسافر گاڑی مین کتا نہین لیجا سکتا جب تک کہ اسٹیشن ماسٹر اجازت نہ دے اور اُس کے ہمراہ جتنے مسافر سوار ہین اس بات پر رضامند نہون اور اس پر بھی دو چند کرایہ دے۔ اثنای سفر مین اگر نارضامندی کرین یا ریلوے حکام چاہین تو کتا مسافر گاڑی سے علحدہ کیا جائیگا اور کرایہ واپس نہ دیا جائیگا اگر بریک وین یا کسی دوسری گاڑی مین لیجایا جائے گا تو اوسکے ہمراہ زنجیر اور منھ باندھنے کا سامان ہونا چاہیے۔

بچون کا کرایہ ہر ریلوے لائین پر تین سال سے کم عمر بچون کو بلا کرایہ سفر کرنے دیتے ہین۔ اس سے بعد بارہ سال کی عمر تک نصف کرایہ لیتے ہین بارہ سال سے کم عمر کے بچے اپنی رشتہ دار عورتون کے ہمراہ زنانہ گاڑی مین بھی سفر کرسکتے ہین۔

بلا کرایہ بوجھ تمام ریلون پر مسافرون کا بوجھ تولا جاتا ہے اور مندرجہ ذیل مقدار بلا کرایہ لیجانے دیا جاتا ہے۔ اور بچے کے نصف ٹکٹ کے لیے بھی اس وزن کا نصف بوجھ لیجانے کی اجازت ہے۔

درجۂ اول	ڈیڑھ من
درجۂ دوم	۳۰ سیر
درجۂ میانہ	۲۰ سیر
درجۂ سوم	۱۵ سیر

نیچے یا اونچے درجے مین سفر کرنا جس درجے کا ٹکٹ لیا ہے اُس سے اونچے درجے مین بلا کرایہ زیادہ دینے کے سفر کرنا جرم ہے لیکن اگر ریل مین جگہ نہین ہے تو گارڈ یا اسٹیشن ماسٹر کو اطلاع دیکر اس سے اونچے درجے مین سفر کرسکتا ہے۔ بصورت بلا ٹکٹ سفر کرنے یا ٹکٹ سے اونچے درجے مین سفر کرنے کے کچھ تاوان لیا جاتا ہے۔ جو بصورت خود بخود گارڈ کو اطلاع کرنے کے اول درجے کے لیے عہ؍ دوم درجہ کے لیے ۸؍ اور سوم درجے کے لیے ۲؍ ہے۔ مگر نہ اطلاع دینے کی صورت مین اول درجے کے لیے ۱؎ دوم درجے کے لیے لعہ؍ اور سوم درجے کے لیے عہ؍ ہے بشرطیکہ مسافر کے اصل کرایے سے یہ رقوم زیادہ نہون۔

ملازمان ریلوے کی شکایت ملازمان ریلوے کے لیے سزائے موقوفی مقرر ہے اگر وہ کسی

کچھ انعام وغیرہ طلب کرین۔ اگر کسی ملازم ریلوے کی نسبت شکایت کرنا ہو تو صاحب ٹریفک سپرنٹنڈنٹ کی خدمت مین تحریر بھیج دے۔ نارتھ ویسٹرن ریلوے پر راولپنڈی۔ لاہور۔ سہارن پور۔ ملتان۔ سکھر۔ کوئٹہ۔ کراچی ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ ہین اون کے پاس شکایت بھیجی جاوے۔

زیادہ کرایہ کی واپسی اگر ٹکٹ اسباب پارسل وغیرہ کسی چیز پر زیادہ کرایہ ریلوے سے وصول کرلے تو واپسی کا دعوے چھ ماہ تاریخ ادائیگی کے اندر کرنا چاہیے۔ اگر جس درجے کا ٹکٹ لیا تھا اوس درجے مین جگہ نہو تو اسٹیشن ماسٹر اور گارڈ کو اطلاع دے دو اور ٹریفک سپرنٹنڈنٹ سے فوراً کرایہ کی واپسی کی درخواست کرو۔

نقصان کا معاوضہ اگر ریل پر کسی اسباب مین نقصان ہو جاوے یا وہ تلف ہو جاوے تو اسٹیشن سے اوٹھانے سے پہلے اسٹیشن کے ذمہ دار افسر کو اوسکی اطلاع دینی چاہیے۔ اور ۴۸ گھنٹے کے اندر ڈسٹرکٹ ٹریفک سپرنٹنڈنٹ کو نقصان کی مقدار اور حالات سے اطلاع بھیجنی چاہیے۔

پیشگی محصول جو چیزین زیادہ قیمتی ہون۔ یا خوفناک قسم کی یا جلدی تلف ہو جانے والی جیسے تازہ پھل یا زندہ جانور مثل کتا گھوڑا وغیرہ وغیرہ کے انکا محصول ریلوے پر پیشگی لیا جاتا ہے۔

حقہ یا تمباکو پینا بلا رضامندی کوئی شخص بلا رضامندی ہمراہی مسافرون کے کسی گاڑی مین حقہ نہین پی سکتا اور اگر وہ اسپر اصرار کرے تو ریلوی قوانین کے مطابق وہ جرمانے کا سزاوار ہے۔ بلکہ ریل کا ہر ملازم اوسے گاڑی سے اوتار سکتا ہے۔

سفر توڑنا اگر سفر سو میل سے زائد ہو تو ایک روز مسافر راستے مین ٹھہر سکتا ہے۔ اور ہر سو میل کے پیچھے ایک روز ٹھہرنے کا اوسے اختیار ہے۔ خواہ وہ سب عرصہ جو اوسے اختیار ہے ایک ہی مقام پر ٹھہرے یا جتنے مختلف مقامات پر چاہے قیام کرے۔ مگر وقت مقررہ تک سفر کے خاتمے پر پہونچ جاوے۔

پارسل کا کرایہ ۱۸۹۳ع کی ریلوے ٹریفک کانفرنس مین یہ نرخ منظور ہوئے۔

(ا) پارسل جو پیمائش مین ایک مکعب فٹ یا وزن مین پانچ سیر سے زائد نہون۔

۱- جب کہ وزن پارسل کا اڑھائی سیر سے زائد نہ ہو تو ہر اڑھائی سو میل کے حصون پر چار آنہ لیا جاوے مگر زیادہ سے زیادہ ایک روپے کا اختیار ہے۔

۲- جب کہ وزن پانچ سیر سے زیادہ نہ ہو تو چار آنہ ہر اڑھائی سو میل یا حصہ اڑھائی سو میل کے لیے مگر زیادہ سے زیادہ دو روپے کا اختیار ہے۔

(ب) مگر جو پارسل ایک مکعب فیٹ یا پانچ سیر سے زائد ہون تو حسب جدول ذیل کے کرایہ لیا جاوے گا۔

فاصلہ بحساب میل	دس سیر سے زائد نہو		دس سیر سے زائد مگر بیس سیر سے زائد نہو		بیس سیر سے زائد مگر تیس سیر سے زائد نہو		تیس سیر سے زائد مگر چالیس سیر سے زائد نہو		[illegible]	
	آنہ	روپیہ	آنہ	روپیہ	آنہ	روپیہ	آنہ	روپیہ	آنہ	
۲۵ میل سے زیادہ نہو	۴		۴		۴		۴			
۲۵ ״ سے زیادہ مگر ۵۰ سے زیادہ نہو	۴		۴		۸		۸			
۵۰ ״ ״ ״ ۱۰۰ ״ ״	۴		۸		۱۲			۱		
۱۰۰ ״ ״ ״ ۱۵۰ ״ ״	۸		۱۲			۱	۸	۱		
۱۵۰ ״ ״ ״ ۳۰۰ ״ ״	۸			۱	۸	۱		۲		
۳۰۰ ״ ״ ״ ۴۵۰ ״ ״	۱۲		۸	۱	۴	۲		۳		
۴۵۰ ״ ״ ״ ۶۰۰ ״ ״		۱		۲		۳		۴		
۶۰۰ ״ ״ ״ ۷۵۰ ״ ״	۴	۱	۸	۲	۱۲	۳		۵		
۷۵۰ ״ ״ ״ ۹۰۰ ״ ״	۶	۱	۱۲	۲	۲	۴	۸	۵		
۹۰۰ ״ ״ ״ ۱۰۵۰ ״ ״	۹	۱	۲	۳	۱۲	۴	۴	۶		
۱۰۵۰ ״ ״ ״ ۱۲۰۰ ״ ״	۱۲	۱	۸	۳	۶	۵	۲	۷		
۱۲۰۰ ״ ״ ״ ۱۳۲۲ ״ ״		۲		۴		۶		۸		
۱۳۲۲ ״ ״ ״ ۱۵۰۰ ״ ״	۴	۲	۸	۴	۱۲	۶		۹		
۱۵۰۰ ״ ״ ״ ۱۶۶۶ ״ ״	۸	۲		۵	۸	۷		۱۰		
۱۶۶۶ ״ ״ ״ ۱۸۲۲ ״ ״	۱۲	۲	۸	۵	۴	۸		۱۱		
۱۸۲۲ ״ ״ ״ ۲۰۰۰ ״ ״		۳		۶		۹		۱۲		
۲۰۰۰ ״ ״ ״ ۲۱۶۶ ״ ״	۴	۳	۸	۶	۱۲	۹		۱۳		
۲۱۶۶ ״ ״ ״ ۲۲۲۲ ״ ״	۸	۳		۷	۸	۱۰		۱۴		
۲۲۲۲ ״ ״ ״ ۲۵۰۰ ״ ״	۱۲	۳	۸	۷	۴	۱۱		۱۵		
۲۵۰۰ ״ ״ ״ ۲۶۶۶ ״ ״		۴		۸		۱۲		۱۶		
۲۶۶۶ ״ ״ ״ ۲۸۳۳ ״ ״	۴	۴	۸	۸	۱۲	۱۲		۱۷		
۲۸۳۳ ״ ״ ״ ۳۰۰۰ ״ ״	۸	۴		۹	۸	۱۳		۱۸		
۳۰۰۰ میل سے اوپر ہر زائد ۱۶۷ میل یا ۱۶۷ میل کے کسی حصے کے لیے	۴		۸		۱۲			۱		

اطلاع اگر انتظام ہوگا تو ۴۰ سیر وزن اور ۸ مکعب فیٹ سے بڑے پارسل بھی لے لیے جاوینگے۔

نرخ جو علاوہ محصولہ قانون مین درج ہے

ہر چوتھے سال ماہ فروری ۲۹ روز کا کیوں ہوتا ہے؟

سنہ ۱۸۹۶ء میں فروری ۲۹ دن کا آیا ہے

عام مشہور ہے کہ سال شمسی کے ۳۶۵ دن ہوتے ہیں اور چوتھے سال یعنی اُس سال کو جو چار پر پورا بلا باقی تقسیم ہو سکے بجائے ۳۶۵ دنوں کے ۳۶۶ دن ہو جاتے ہیں کیونکہ اُس سال ماہ فروری ۲۸ دن کے بجای ۲۹ دن کا ہو جاتا ہے بہت کم لوگ اِس امر سے واقف ہوں گے کہ اِس سال لیپ کو یعنی اُس سال کو جو پورا بلا باقی چار پر تقسیم ہو سکتا ہے ماہ فروری میں کیوں ایک روز زیادہ کر کے سال ۳۶۶ روز کا بنا دیتے ہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ شمسی سال ۳۶۵٫۲۴۲۲۱۸ شمسی دنوں یا ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ اور قریب ½۴۷ سکنڈ کا ہوتا ہے لیکن یہ بڑی مشکل بات ہے کہ روزمرہ کے کاروبار اور استعمال کے لیے دنوں یا گھنٹوں کی ایسی کسر لگائی جاوے۔ اِس غیر موزونیت کو رفع کرنے کے لیے جولیس قیصر نے مسیح سے ۴۴ سال پیشتر سال کو ۳۶۵ یوم کا قرار دیدیا اور اس نے قریباً ۶ گھنٹے ہر سال کی کمی کو پورا کرنے کے لیے چوتھے ایک دن ماہ فروری پر بڑھا دینے کا قاعدہ مقرر کر دیا ۳۶۶ روز کا سال لیپ یا لوند کا سال کہلاتا ہے اور یہ لیپ کا سال وہ سال ہوتا ہے جو چار پر بلا باقی تقسیم ہو سکے تو اِس طرح گویا سال بالاوسط ۳۶۵٫۲۵ دن کا ہوا لیکن اصل میں ٹھیک سال ۳۶۵٫۲۴۲۲۱۸ روز کا ہے تو گویا قیصر جولیس کا قرار دادہ سال ۳۶۵٫۲۵ - ۳۶۵٫۲۴۲۲۱۸ یا ۰٫۰۰۷۷۸۲ دن کے برابر اصل سال سے بڑا ہے اِس طرح چار سو سال میں یہ تھوڑی کسر کی غلطی ۰٫۰۰۷۷۸۲ × ۴۰۰ یا ۳٫۱۱۲۸ یا ۳ دن تک پہونچ جاتی ہے اور اِس واسطے اعتدال ربیعی تین روز پیشتر واقع ہوتا ہے۔

پوپ گریگری سیزدہم نے دیکھا کہ کونسل آف نیس یعنی ۳۲۵ء سے لیکر اسکے عہد یعنی ۱۵۸۲ء تک قریب دس روز کی غلطی ہو گئی ہے اِس لیے اُسنے ۲۱-مارچ کو ۱۱-مارچ کہدینے کا حکم دے دیا چنانچہ تمام حساب کتاب میں ۲۱-مارچ کا ۱۱-مارچ ہو گیا مگر اُس غلطی کو آئندہ کے واسطے بھی اُٹھا دینے کے لیے اُسنے ہر حال چار سو سال کے انقضا کے بعد تین دن کم کروا دینے کا حکم دیدیا اِس لیے اِس قاعدے کی تعمیل کے لحاظ سے واجب ہوا کہ ہر ایسے سال لیپ کو جو صدی کے آخر پر واقع ہوا ور ۴۰۰ پر پورا تقسیم نہو سکے مثلاً ۱۷۰۰ و ۱۸۰۰ و ۱۹۰۰ وغیرہ وہ سال لیپ نہیں ہونگے اور نہ ان میں فروری ۲۶ روز کا ہوگا بلکہ ۱۶۰۰ و ۲۰۰۰ و ۲۴۰۰ لیپ کے سال حسب معمول ہوں گے۔ اِس تصحیح کو بنام تصحیح گریگری یا طرز نو شہرت ہو گئی اور یورپ کے رومن کیتھلک مذہب والے ممالک نے فی الفور تسلیم کر لیا۔ جرمنی سوئٹزرلینڈ کے فرقہ کیتھولک نے ۱۵۸۴ء میں قبول کر لیا۔ لیکن پروٹسٹنٹ لوگوں نے ۱۶۹۹ء تک مروج نہونے دیا۔ سوئیڈن میں ۱۷۵۳ء میں مروج ہوا۔ انگلینڈ میں ۱۷۵۲ء میں رواج دیا گیا۔ جب کہ غلطی ۱۱ روز تک پہونچ گئی تھی۔ روس او دیگر ممالک متعلقہ گریک چرچ ابھی اُس پرانی لکیر کے فقیر چلے جاتے ہیں۔

سن ہجری سے سن عیسوی دریافت کرنیکے قواعد

قاعدۂ اول۔ سنہ ہجری ۱۶ یا ۱۸ جولائی سنہ ۶۲۲ عیسوی کو شروع ہوا تھا اِس کا حساب شہور قمری پر ہے۔ اور سنہ عیسوی کا شہور شمسی پر۔ سنہ ہجری سے سنہ عیسوی بنانے کا اول یہ طریق ہے کہ عدد صحیح سے تین فی صدی منہا کریں اور باقی پر ۶۲۱٫۵ جمع کریں۔

مثال۔ فرض کرو کہ آج کل سنہ ۱۳۰۰ ہجری ہے ۱۳۰۰ میں سے ۳ فیصدی کے حساب سے ۱۳ × ۳ یعنی ۳۹ منہا کیے ۱۳۰۰ - ۳۹ = ۱۲۶۱ و ۱۲۶۱ + ۶۲۱٫۵ = ۱۸۸۲٫۵۔ یعنی اگر آج کل سنہ ۱۳۰۰ ہجری مان لیا جاوے تو ۱۸۸۲٫۵ یعنی ۱۸۸۲ سال ۶ ماہ سنہ عیسوی گذرا ہوگا۔

قاعدۂ دوم۔ کُل عدد صحیح کو ۰٫۹۷ سے ضرب دیا اور حاصل ضرب پر ۶۲۱٫۵ جمع کیا۔ تو نتیجہ اِس صورت میں بھی وہی نکلے گا۔

مثال۔ ۱۳۰۰ × ۰٫۹۷ = ۱۲۶۱ و ۱۲۶۱ + ۶۲۱٫۵ = ۱۸۸۲٫۵

یعنی اُنیسویں صدی عیسوی میں سے ۸۲٫۵ سال یعنی ۸۲ ۵/۱۰ سال یعنی ۸۲ سال کامل اور چھ ماہ گذرے ہیں۔ اِسی طرح کوئی ہی سنہ کیوں نہو جواب درست مل سکتا ہے۔

دن کس وقت سے شروع ہوتا ہے

(۱) غروب آفتاب سے۔ یہودی۔ قدیم اہل انگلستان۔ اہل ایتھنز۔ چینی۔ مسلمان وغیرہ۔ اہل اٹلی۔ اہل آسٹریا اور اہل بوہیمیا کے نزدیک۔

(۲) طلوع آفتاب سے۔ قدیم اہل بابل و اہل شام۔ ایرانی اور زمانۂ حال کے یونانی۔

(۳) چاند سے۔ قدیم اہل مصر اور زمانۂ حال کے ہیئت دان۔

(۴) نصف شب سے۔ انگریز۔ فرانسیسی۔ ڈچ۔ جرمن۔ اہل ہسپانیہ اہل پرتگال و اہل امریکہ وغیرہ۔ دن کے شروع ہونے کا شمار کرتے ہیں۔

برف کی طاقت

ڈیڑھ انچھ موٹی برف کا پردہ ایک آدمی کا بوجھ سنبھال سکتا ہے- چار انچھ موٹی برف پر سوار مع گھوڑے کے کھڑا رہ سکتا ہے- پانچ انچھ موٹی برف پچاسی پونڈ کی توپ کا وزن سنبھال سکتی ہے- دس انچھ موٹی برف پر بہت بڑا مجمع آدمیوں کا کھڑا ہو سکتا ہے اور ۱۸ انچھ موٹی برف پر ایک ریل گاڑی چل سکتی ہے +-

مختلف اندازے اور پیمانے

(۱) واضح ہو کہ انگریزی گز ہندوستانی یا الٰہی گز سے ۳ انچھ بڑا ہوتا ہے اسلیے ہندوستانی جریب انگریزی گز سے ۵۵ گز اور ہندوستانی گز سے ۶۰ گز کی ہوتی ہے اور گٹھہ ۳ گز ہندوستانی کے برابر ہوتا ہے- گٹھے کو گٹھے میں ضرب دینے سے بسوانسی حاصل ہوتی ہے- اور ۹ مربع گز ہندوستانی کے برابر ہوتی ہے- گٹھے کو جریب میں ضرب دینے سے بسوہ ہوتا ہے اور ۱۸۰ مربع گز ہندوستانی کے برابر شمار ہوتا ہے- جریب میں جریب کو ضرب دینے سے بیگھہ حاصل ہوتا ہے- (۲) ۱۶ چھٹانک کا ایک گٹھہ اور ۲۰ گٹھے اور ۵ مربع گز کی ایک چھٹانک اور ۸۰ مربع گز کا ایک گٹھہ- اور ۱۶۰۰ مربع گز کا ایک بیگھہ انگریزی- (۳) ایک بسوہ = ۵ پول- ۸ بسوے = ا رُوڈ- ۳۲ بسوے یا ایک بیگھہ ۱۲ بسوے یا ۱ ۳/۵ بیگھے = ایک ایکڑ- اور ایک ایکڑ = ۳ ۱/۴۰ بیگھے انگریزی کے ہوتا ہے- (۴) ایک میل پون کوس کا مانا جاتا ہے اور ۲۳۴۶ ۲/۳ گز یا ۴۰۰۰ گز انگریزی کا ایک کوس اور آئین اکبری کے حساب سے ۵۰۴۰ گز کا کوس ہوتا ہے اور چار کوس کا ایک جوجن شمار ہوتا ہے- (۵) اینٹ کے کام میں روڑی ۱/۴ مربع فٹ کا شمار ہوتا ہے اور اُسکا آٹارا ۱/۴ اینٹ سمجھا جاتا ہے- (۶) ایک مکعب فٹ ظرف میں ۱۰۰۰ اونس یا ۵۰۰ تسلنگ پانی آتا ہے- (۷) شاہی گیلن ۲۷۷ ۱/۴ مکعب انچ یا ۲۷۷٫۲۷۴ مکعب انچ کا ہوتا ہے اسمیں ۱۰ پونڈ وزنی یا ۵ سیر پانی آتا ہے- (۸) بشل کا پیمانہ ۲۲۱۸٫۱۹۲ مکعب انچ ہوتا ہے اسمیں ایک من غلہ سماتا ہے- (۹) اشرفی کا وزن ۱ تولہ یا ۱۸۰ گرین ہوتا ہے اسمیں ۱۱ حصے سونا اور ایک حصہ تانبا ہوتا ہے اور یہی وزن روپے کا ہے اسمیں ۱۱ حصے چاندی اور ایک حصہ تانبا ہوتا ہے- (۱۰) ایک مربع انچھ سطح پر ہوا کا دباؤ ۷ ۱/۲ سیر ہوتا ہے- (۱۱) روشنی ایک ثانیہ میں ۱۹۲۰۰۰ میل چلتی ہے- اِس حساب سے توپ کا گولہ ایک دقیقے میں ۸ میل جاتا ہے- (۱۲) آواز کی رفتار ۱۱۲۵ فٹ فی ثانیہ ۶۱ درجے کی حرارت میں ہوتی ہے- ۵۰ میل ۴ منٹ میں ہوتی ہے (۱۳) بجلی روشنی سے ۹۰ ہزار حصہ تیز چلتی ہے +-

رات اور دن کتنے لمبے ہوتے ہیں

(۱) جتنے بجے آفتاب غروب ہوا اُس کو دو چند کرو تو دن کی لمبائی معلوم ہو جائے گی-

(۲) جتنے بجے آفتاب طلوع ہوا اسکو دو چند کرو تو رات کی لمبائی معلوم ہو جائیگی مثلاً چھ بجے آفتاب غروب ہوتا ہے تو دن ۱۲ گھنٹے کا تھا- اور آفتاب طلوع ہوتا ہے تو رات ۱۴ گھنٹے کی ہے +-

خاندانِ شاہی کے وظائف

حضور قیصرۂ ہند- جیب خاص ۶۰۰۰۰ پونڈ- تنخواہ ملازمانِ خانگی ۱۳۲۰۰۰ پونڈ- خرچ خانگی ۱۷۲۰۰۰ پونڈ- شاہی فیاضی ۱۳۲۰۰ پونڈ- ڈچی آف لنکاسٹر وغیرہ وغیرہ مدات سے بچت ۵۵۰۰۰ پونڈ سالانہ کُل میزان قریب ۵۰۰۰۰۰ پونڈ- سالانہ جو ۵۰ سال سے مل رہا ہے اور سال حال تک کُل ۳۳۵۰۰۰۰۰ پونڈ سے زائد مل چکا ہے- حضور پرنس آف ویلز- ۴۰۰۰۰ پونڈ سالانہ اپنے لیے اور ۳۶۰۰۰ پونڈ سالانہ بچوں کے لیے- ان کی بیگم صاحبہ کے لیے ۱۰۰۰۰ پونڈ سالانہ- حضور ملکۂ معظمہ کی بڑی بیٹی امپریس فریڈرک آف جرمنی ۸۰۰۰ پونڈ سالانہ- ڈیوک آف ایڈن برگ ۲۵۰۰۰ پونڈ سالانہ- پرنسس کرسچین آف شلوگ ہولسٹن ۶۰۰۰ پونڈ سالانہ- پرنسس لوئس ۶۰۰۰ پونڈ سالانہ- ڈیوک آف کناٹ ۲۵۰۰۰ پونڈ سالانہ- ڈچز آف میکلن برگ ۳۰۰۰ پونڈ سالانہ- ڈیوک آف کیمبرج ۱۲۰۰۰ پونڈ سالانہ علاوہ تنخواہ فوجی اور دیگر مراعات کے- ڈچز آف ٹک ۵۰۰۰ پونڈ سالانہ- پرنسس ہنری آف بیٹنبرگ ۶۰۰۰ سالانہ +-

انکم ٹکس

(ا) اگر تشخیص سالانہ آمدنی کی پانسو روپیے سے کم نہو مگر [illegible] سے کم ہو تو ٹکس [illegible]

[illegible] سے کم نہو مگر [illegible] سے کم ہو تو ٹکس ......

[illegible] سے کم نہو مگر [illegible] سے کم ہو تو ٹکس ......

[illegible] سے کم نہو مگر [illegible] سے کم ہو تو ٹکس ......

[illegible] سے کم نہو مگر [illegible] سے کم ہو تو ٹکس ......

[illegible] سے کم نہو مگر [illegible] سے کم ہو تو ٹکس ......

(ب) اگر تشخیص سالانہ آمدنی کی دو ہزار روپیے یا اُس سے زیادہ ہو تو آمدنی پر فی روپیہ پانچ پائی +

مختلف ورزشون اور کامون مین کس قدر طاقت خرچ ہوتی ہی

اس حساب مین ذو فٹ ٹن کے حساب سے طاقت کا خرچ تلایا جاتا ہے۔ فٹ ٹن کا مطلب یہ ہے کہ ایک ٹن یعنی ۲۷ من وزن کو ایک فٹ کے برابر بلند اوٹھانے پر جتنی طاقت خرچ ہوتی ہے

ایک میل تک چلنا	۱۷½ فٹ ٹن	قیدی کا دن بھر کا کام	۳۱۰ فٹ ٹن
میل تک چلنا	۷۰½ فٹ ٹن	عام مزدورون کا دن بھر کا کام	۳۱۵ فٹ ٹن
س سیر کا بوجھ اٹھا کر ایک میل چلنا	۲۷ فٹ ٹن	ٹوکری ڈھونے والے کا کام	۳۳۲ فٹ ٹن
تیس سیر کا بوجھ اٹھا کر چار میل چلنا	۱۰۰ فٹ ٹن	معمولی دن کا کام	۳۰۰ فٹ ٹن
پہرے والے کا دن بھر کا کام	۳۰۳ فٹ ٹن	سخت محنت	۴۰۳ فٹ ٹن

مفصلہ ذیل حیوانی اور نباتاتی اشیا کی ایک ہزار حصون مین حسب تفصیل ذیل پرورش کنندہ غذا موجود ہے

گیہون	۹۵۰	انگور	۲۷۰	لوبیا	۱۶۰	جئی	۷۴۲	مچھلی (قریباً)	۲۰۰	کوبی	۴۳
مٹر خشک	۹۳۰	مرغی کا گوشت ..	۲۷۰	چقندر	۱۴۸	بادام	۶۵۶	شفتالو	۲۰۰	دودھ	۷۲
جو	۹۲۰	گوشت گاو ..	۲۶۰	انڈے کی سفیدی ..	۱۴۰	پیر	۴۹۰	گوسبیری قسم میوہ ..	۱۹۰	شلجم	۴۲
لوبیا خشک	۸۹۰	گوشت گوسالہ ..	۲۵۰	آلو	۱۲۰	بھیڑی کا گوشت	۴۹۰	سیب	۱۶۰	خربوزہ	۳۰
چاول	۸۸۰	آلو بالو	۲۵۰	سٹرابیری قسم میوہ ..	۱۲۰	.. .. ..		.. .. ..		لکڑی	۲۵
الی	۶۹۲	گوشت	۲۴۰	گاجرین	۹۸						

اسی کو غذائیت کی مقدار پر پھیلا لینا چاہیے۔

صحت کی حالت مین مختلف عمرون مین قد اور وزن کی مقدار

مرد			لڑکے			لڑکیاں			عورتین		
اوسط وزن مرد کا جسکا قد حسب ذیل ہو	سٹون	پونڈ	عمر	سٹون	پونڈ	عمر	سٹون	پونڈ	اوسط وزن عورت کا جسکا قد حسب ذیل ہو	سٹون	پونڈ
۵ فیٹ ۲ انچھ	۹	۰	تولد	۰	۷	تولد	۰	۶½	۴ فٹ ۱۰ انچھ	۷	۰
۵ " ۳ "	۹	۷	۶ ماہ	۰	۱۵¾	۶ ماہ	۰	۱۴	۴ " ۱۱ "	۷	۴
۵ " ۴ "	۹	۱۳	ایک سال	۰	۲۱	ایک سال	۰	۱۹½	۵ " ۰ "	۷	۷
۵ " ۵ "	۱۰	۲	دو سال	۰	۲۵	دو سال	۰	۲۴½	۵ " ۱ "	۷	۱۲
۵ " ۶ "	۱۰	۵	تین سال	۰	۳۱½	تین سال	۰	۲۸⅔	۵ " ۲ "	۸	۲
۵ " ۷ "	۱۰	۸	پانچ سال	۳	۸	پانچ سال	۲	۱۲	۵ " ۳ "	۸	۹
۵ " ۸ "	۱۱	۱	چھ سال	۳	۱۲	چھ سال	۳	۱	۵ " ۴ "	۹	۲
۵ " ۹ "	۱۱	۸	سات سال	۴	۱	سات سال	۳	۶	۵ " ۵ "	۹	۹
۵ " ۱۰ "	۱۲	۱	آٹھ سال	۴	۴	آٹھ سال	۳	۱۰	۵ " ۶ "	۹	۳
۵ " ۱۱ "	۱۲	۶	نو سال	۴	۹	نو سال	۴	۱	۵ " ۷ "	۱۰	۸
۶ " ۰ "	۱۲	۱۰	دس سال	۴	۱۳	دس سال	۴	۶	۵ " ۸ "	۱۱	۴
			گیارہ سال	۵	۳	گیارہ سال	۴	۱۳			
			بارہ سال	۵	۹	بارہ سال	۵	۸			
			تیرہ سال	۶	۰	تیرہ سال	۶	۵			
			چودہ سال	۶	۸	چودہ سال	۷	۰			
			پندرہ سال	۷	۵	پندرہ سال	۷	۸			

ایک سٹون = ۱۴ پونڈ۔

ایک پونڈ = قریب نصف پونڈ۔

ایک تندرست شیرخوار بچے کا وزن ۵ ماہ مین دوچند اور بارہ ماہ مین سہ چند ہو جاتا ہے۔

اوسط پیمائش سینہ ساڑھے سات لاکھ آدمیون کی ۳۴½ انچھ نکلی۔

اوسط بلندی ۵ لاکھ کی ۵½ فیٹ۔

اوسط وزن ۱۰ لاکھ کا ۱۰۱۲ سٹون۔

زہر اور اونکے مُصلح

ذیل مین ایک فہرست چھپی ہوئی اور سادے تریاق یا مُصلح ادویات کی درج ہے جو ایسے زہرون کے اُتارنے کے واسطے ہین کہ جنکو کاریگر استعمال کرتے ہین اکسیر ہے۔ اِس فہرست کو ڈاکٹر فرانسس وائٹ نے مرتب کیا ہے۔ ضرورت کے وقت جہان کہین لائق ڈاکٹر موجود نہو یا اوسکے آنے مین دیر ہو تو استعمال کرنے سے فائدہ ہوگا۔

زہر	مُصلح
(۱) تیزاب۔ کاربالک۔ گندھک۔ شورہ نمک۔ شورہ و نمک۔ کریازوٹ۔ آیوڈین۔ فاسفورس۔	(۱) انڈے کی سفیدی پانی مین خوب پھینٹ کر۔ چاے چمچہ بھر۔ رائی کا سفوف پیالے بھر گرم پانی مین نہایت گاڑھا چونے کا پانی اگر گندھک کے تیزاب۔ شورے اور نمک کے تیزاب کا اثر دُور کرنا۔
(۲) کرومک ایسڈ۔ تیزاب۔ کرومیٹس۔ جملہ مرکبات کرومیم انٹی منی۔ تانبا۔ پارہ یا جستہ کے۔	(۲) انڈے کی سفیدی کثرت سے پانی کے ساتھ۔ چاے چمچہ بھر۔ رائی کا سفوف پانی مین بوٹمنون کا نقوع کثرت سے دیا جاے۔
(۳) نوسادر۔ سوڈا۔ پوٹاس۔ انکلائین سیلیکٹس اور سلفیٹس۔	(۳) تیز سرکہ اور پانی۔ زیادہ مقدار مین تیل۔ زیادہ مقدار مین دوودھ دیا جائے۔
(۴) بروسک ایسڈ۔ تیزاب۔ اور اوسکے نمک۔ کل اقسام سائنین اور سلفیو سائنڈس۔ روغن تلخ بادام اور نیٹرو بنزائین۔	(۴) برف کے ایسے سرد پانی کا تریڑا متواتر سر اور پشت پر زور سے ڈالا جائے رائی کا پلاستر معدہ اور پیرون کے تلوون پر لگایا جاوے۔ سونے نہ پاوے۔
(۵) ایتھر۔ پٹرولیم۔ نیفرائین۔ فروٹ ایسنس گڑھے یا خالص الکوہل۔	(۵) کثرت سے رائی کا سفوف زیادہ مقدار گرم پانی مین دیا جاے۔ تازی ہوا۔ سرد پانی کا تریڑا ڈالا جاے۔ سونے بالکل نہ پائے۔
(۶) مرکبات بریٹیا اور سیسہ۔	(۶) چاے چمچہ بھر رائی کا سفوف گنگنے پانی مین زیادہ مقدار مین ایپسم سالٹ اور گلابرٹ سالٹ سرد پانی مین یعنی دست آور نمک جو عموماً گلابرٹ سالٹ کے نام سے مشہور ہے گھول کر دیا جاے۔
(۷) مرکبات سنکھیا۔	(۷) چاے چمچہ بھر رائی کا سفوف گنگنے پانی مین چاے چمچہ بھر ڈیالائزڈ آیرن اور اسیقدر کا لسائیڈ میگنیشیا ملا کر ہر ۵ منٹ کے بعد ایک گھنٹے تک دیجاے۔ اسکے بعد کثرت سے تیل یا دودھ یا لعاب دار شے مثلاً السی کا لعاب۔
(۸) اگزالک ایسڈ تیزاب اور اُسکے نمک۔	(۸) نہایت گاڑھی پسی چوک کی اور پانی بڑے چمچہ بھر متعدد بار اُسکو دیکر زیادہ مقدار مین چونے کا پانی ان سب کے بعد دو چھٹانک ارنڈی کا تیل دیا جائے۔
(۹) نیٹریٹ آف سلور (کاسٹک)	(۹) زیادہ مقدار مین کھانیکا نمک پانی مین گھولکر اسکے بعد ایک چاے کی چمچہ بھر رائی کا سفوف گنگنے پانی مین۔
(۱۰) سخت دُھوان یا بخار جو کہ ویٹرل یا دوسری کیمیائی چیزون کی تیاری کے وقت پیدا ہوتا ہے۔	(۱۰) جلد جلد لیکن قلیل مقدار مین سرکہ جس قدر قوی ہو اوسی قدر بہتر ہے۔

وزن جسم انسان

مندرجہ ذیل جدول سے انسان کے جسم کا حالت صحت کا وزن بمناسبت بلندی جسم کے معلوم ہو سکتا ہے۔

صحیح قامت		اوسط وزن	وزن فیصدی بڑھایا گیا
فیٹ	انچھ	پونڈ	کل پونڈ
۵	۱	۱۲۰	۱۲۸
۵	۲	۱۲۶	۱۳۵
۵	۳	۱۳۳	۱۴۲
۵	۴	۱۳۹	۱۴۹
۵	۵	۱۴۲	۱۵۲
۵	۶	۱۴۵	۱۵۵
۵	۷	۱۴۸	۱۵۸
۵	۸	۱۵۵	۱۶۶
۵	۹	۱۶۲	۱۷۳
۵	۱۰	۱۶۹	۱۷۹
۵	۱۱	۱۷۴	۱۸۶
۶	۰	۱۷۸	۱۹۰

مثال ۵ فیٹ ۸ انچھ کا آدمی کپڑون سمیت ۱۵۵ پونڈ ہوگا۔ اسپر سات فی صدی بوجھ بڑھ سکتا ہے اور اسکی صحت مین فرق نہین آیگا لیکن اس سے زیادہ بڑھنے کیصورت مین اُسکا نفس کم ہوجائیگا عام ملبوس آدمیون مین پونڈ

دنیا مین سب سے دولتمند آدمی

اخبارات پڑھنے والون نے یورپ کے بیرن روتھ شیلڈ دولتمند یہودی یا امریکہ کے مسٹر گاولڈ، آسٹر اور ویڈربلٹ کے نام دولتمندی مین بینظیر سُنے ہونگے مگر انصاف کی بات یہ ہی کہ دنیا مین سب سے دولتمند ایک چینی ہے۔

یہ شخص بھی کوئی گمنام نہین۔ بلکہ چین کا ویسرا لی ہنگ چنگ ہے کہ جسکے مقابلے کا کوئی دوسرا امیر چین مین موجود نہین۔ اِس شخص نے ...... ۱ پونڈ دولت کمائی اور پس انداز کی ہے۔ اپنے ملک مین اِسے چاولون کا بادشاہ یا صرافون کا بادشاہ کہتے ہین۔ کیونکہ اِن کروڑون کا بڑا حصّہ چاولون کی کاشت اور سودی روپیہ دینے سے پیدا کیا گیا ہے گو کہ لی ہنگ چنگ کی آمدنی بھی بہت زیادہ ہے۔ مگر اِسکا خرچ بھی کم نہین۔ دس ہزار جوانون کی فوج اُسکی ذاتی حفاظت کیلیے ضروری سمجھی جاتی ہے کیونکہ اوسکے دشمن بھی بہت ہین جو ہمیشہ اوسکے درپے آزار رہتے ہین۔

اِسکے بعد دولتمندی مین امریکا کے ایک شخص کا نمبر ہے یہ برادران راک فیلر ہین جنھین "تیلی راجا" بھی کہتے ہین۔ بڑا بھائی ہے اِسکے پاس ۴ کروڑ پونڈ نقد جمع ہین۔ جو اِنھون نے اضلاع متحدہ امریکہ کی کان ہاے روغن پٹرولیم سے پیدا کیے ہین۔ یہ روپیہ پچھلے چند سال مین کمایا گیا ہے اِسلیے کہ جو راک فیلر اب مالک دوکان ہے اِسکا باپ سرجن تھا اور تیل کی پیداوار اور اُسکے سبب ترقی تجارت وغیرہ کی طرف متوجہ نہ تھا۔ نہ اپنے بیٹے کے ساتھ اِس بیوپار مین کوئی دلچسپی ظاہر کرتا تھا۔

دولتمندی مین تیسرا درجہ ذیل کے چار آدمیون مین ہے۔ ڈیوک آف ویسٹمنسٹر کرنل نارتھ۔ نیویارک کے ایسے حال کے کارنیلیس وانڈربلٹ اور وہ ہوا نامی امریکہ کا ایک سوداگر چاے۔ یہ چارون فی دو دو کروڑ پونڈ کے مالک بیان کیے جاتے ہین۔ ڈیوک آف ویسٹمنسٹر تو لندن مین سب سے بڑے جاگیردار ہین اور اِنکا ذریعہ آمدنی بھی ہے۔ کرنل نارتھ مختلف بیوپار اور کام کرتے ہین۔ اِنہین سب سے زیادہ فائدہ شاید اِنکو جنوبی امریکہ مین شوری کی تجارت سے ہوتا ہے۔ وانڈربلٹ اضلاع متحدہ امریکہ کی بہت سی بڑی بڑی ریلوے لائنون کا مالک و مختار ہے۔ اور وہ ہوا ظلاری لینڈ مین "چاہی کا راجا" مشہور ہے اول و ثالث کی نسبت یہ بھی مشہور ہے کہ اِنھین دولت ورثہ مین پہونچی ہے اور ثانی اور رابع کا روپیہ خاص انکے قوت بازو کا کمایا ہوا ہے وہ ہوا۔ اول ہی اول چین مین ایک سوداگر چاے کی دوکان پر بیٹھتا تھا اور چونکہ وہ نہایت چالاک اور ہوشیار آدمی ہے لہذا ساری دوکان پر اُس کا اختیار بہت جلد ہو گیا یہان تک کہ آج چین کی تمام تجارت چاے اوس کے قبضہ اقتدار مین ہے۔ اور سارے ملک مین ایک پونڈ چاے بھی ایسی پیدا نہین ہوتی جسپر اِسکی طرف سے اِسکے ایجنٹ محصول نہ لیتے ہون۔ چین مین کوئی بندر کوئی دریا ایسا نہین جہان وہ ہوا کے جہاز نہون۔

تمول مین چوتھا درجہ ذیل کے چار مشہور دولتمندون مین شامل ہے روتھ شیلڈ اسٹورس۔ بیرن ہرش۔ اور میکے جو نیوادا کا "شاہ سیمین" مشہور ہے۔

خاندان روتھ شیلڈ کی دولت کا بانی مبانی فرینکفورٹ کا ایک یہودی مہاجن تھا جب جرمنی کی ایک ریاست پر فوج فرانس چڑھ دوڑی تھی تو خزانہ ریاست اِس یہودی کی تحویل مین دیدیا گیا تھا۔ اِس نے اُس روپیے سے ایسا کام کیا کہ اِس قدر متمول ہو گیا۔ اگر کل خاندان روتھ شیلڈ کی دولت کا اعتبار کیا جاوے تو یہ خاندان بیشک تمام روے زمین پر سب سے زیادہ متمول ہے لیکن منفرد روتھ شیلڈ کا درجہ تمول مین چوتھا ہے۔

مسٹر والڈورف اسٹر بھی نیویارک مین اُسی درجے کا صاحب حشمت و جاگیردار ہے جیساکہ ڈیوک آف ویسٹمنسٹر لندن مین ہین۔

جان میکے جس وقت آئرلینڈ سے کیلیفورنیا آیا ایک مفلس کم سن لڑکا تھا۔ کچھ مدت تک چاندی کی کانون مین کام کرتا رہا۔ بونانزا کی کان سیم کی نسبت خیال کیا گیا کہ اِسکا کام ہو چکا ہے اور اِس کے حصّے بہت کم قیمت پر فروخت ہونے لگے۔

فیلڈ نامے ایک شخص میکے کا دوست تھا۔ اور وہ کان مذکور کے راز سے خوب واقف تھا کسی اور کو خبر نہ تھی کہ کان مین ابھی کتنی دولت بھری پڑی ہے فیلڈ نے میکے کو مشورہ دیا کہ اِسکے حصّے خرید لے۔ دونون نے حصّے خریدے اُسکا کام شروع ہوا اور تھوڑے ہی دنون مین منون سونا سے چاندی برآمد ہونے لگی اور ایک سال کے اندر دونون حصّے دار کروڑپتی ہو گئے۔

اِنکے بعد پھر اور کئی دولتمند ہین۔ جنمین سے بعض کی دولت و حشمت کے قصّے عجیب ہین۔ کارنیجی نام ناظرین نے سُنا ہوگا۔ خالف شائر مین ایک بستی ڈنفرم لائن ہے۔ وہان کا یہ رہنے والا ہے اور جب تلاش معاش امریکا مین آیا بہت شکستہ حال اور کم سن تھا۔ یا اب اتنا بڑا آدمی ہے کہ دنیا کے کروڑپتی مہاجنون مین اِسکا شمار ہے۔ باوجودیکہ لائبریریون اور مختلف پبلک عمارتون مین اُسنے بڑی بڑی بھاری رقمین چندے کی دین لیکن اب بھی اُسکے پاس بیشمار دولت ہے۔ نہ صرف دولت و حشمت مین۔ بلکہ علم اور علم دوستی مین اور کئی اور عمدہ لیاقتون مین اِسکا نام مشہور ہے۔

بارنیٹو کا نام بھی مشہور ہے۔ دس بارہ برس ہوئے جب یہ بہت مبتذل حالت مین تھا چند سال کے بعد جوہانسبرگ مین امیر کبیر ہو گیا اور یہ بات اِسے گولکونڈہ فرم جنوبی افریقیہ کی کانہاے زمرد سے حاصل ہوئی۔ پھر لندن مین اِسکی تجارت نے بیشمار ترقی کی اور آج یورپ مین بہت بڑا امیر شمار کیا جاتا ہے۔

جنتری برآورد تنخواہ ایک روز ہر مہینے کا ایک روپیہ سے دس ۱۰۰۰۰ ہزار روپے تک

تنخواہ	۲۸ یوم			۳۰ یوم			۳۱ یوم		
	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی
عہ/	۰	۰	۷	۰	۰	۶	۰	۰	۶
ٮہ/	۰	۱	۲	۰	۱	۱	۰	۱	۰
سہ/	۰	۱	۹	۰	۱	۷	۰	۱	۷
للعہ/	۰	۲	۳	۰	۲	۲	۰	۲	۱
صہ/	۰	۲	۱۰	۰	۲	۸	۰	۲	۷
سکہ/	۰	۳	۵	۰	۳	۲	۰	۳	۱
ٮعہ/	۰	۴	۰	۰	۳	۹	۰	۳	۷
ملے/	۰	۴	۷	۰	۴	۳	۰	۴	۲
لعہ/	۰	۵	۲	۰	۴	۱۰	۰	۴	۸
عسہ	۰	۵	۹	۰	۵	۴	۰	۵	۲
لعسہ	۰	۶	۳	۰	۵	۱۰	۰	۵	۸
ٮعسہ	۰	۶	۱۰	۰	۶	۵	۰	۶	۲
عسہ	۰	۷	۵	۰	۶	۱۱	۰	۶	۹
للوعسہ	۰	۸	۰	۰	۷	۶	۰	۷	۳
وعسہ	۰	۸	۷	۰	۸	۰	۰	۷	۹
عسہ	۰	۹	۲	۰	۸	۶	۰	۸	۳
نوعسہ	۰	۹	۹	۰	۹	۱	۰	۸	۹
ٮعسہ	۰	۱۰	۳	۰	۹	۷	۰	۹	۳
اوعسہ	۰	۱۰	۱۰	۰	۱۰	۲	۰	۹	۱۰
عسہ	۰	۱۱	۰	۰	۱۰	۸	۰	۱۰	۴
ٮعسہ	۰	۱۲	۰	۰	۱۱	۲	۰	۱۰	۱۰
ٮعسہ	۰	۱۲	۷	۰	۱۱	۹	۰	۱۱	۴
عسہ	۰	۱۳	۲	۰	۱۲	۳	۰	۱۱	۱۰
للوعسہ	۰	۱۳	۹	۰	۱۲	۱۰	۰	۱۲	۵
وعسہ	۰	۱۴	۳	۰	۱۳	۴	۰	۱۲	۱۱
عسہ	۰	۱۴	۱۰	۰	۱۳	۱۰	۰	۱۳	۱۵
وعسہ	۰	۱۵	۵	۰	۱۴	۵	۰	۱۳	۱۱
ٮعسہ	عہ/	۰	۰	۰	۱۴	۵	۰	۱۴	۵
لوعسہ	عہ/	۰	۷	۰	۱۵	۶	۰	۱۵	۰
سہ	عہ/	۱	۲	عہ/	۰	۰	۰	۱۵	۶
لسہ	عہ/	۱	۹	عہ/	۰	۶	عہ/	۰	۰
ٮسہ	عہ/	۲	۳	عہ/	۱	۱	عہ/	۰	۶
ٮسہ	عہ/	۲	۱۰	عہ/	۱	۷	عہ/	۱	۰
للوسہ	عہ/	۳	۵	عہ/	۲	۲	عہ/	۱	۷
وسہ	عہ/	۴	۰	عہ/	۲	۸	عہ/	۲	۱
ٮسہ	عہ/	۴	۷	عہ/	۳	۲	عہ/	۲	۷
نوسہ	عہ/	۵	۲	عہ/	۳	۹	عہ/	۳	۱
مسہ	عہ/	۵	۹	عہ/	۴	۳	عہ/	۳	۷
لوسہ	عہ/	۶	۳	عہ/	۴	۱۰	عہ/	۴	۲

تنخواہ	۲۸ یوم			۳۰ یوم			۳۱ یوم		
	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی	روپیہ	آنہ	پائی
للعہ	عہ/	۶	۱۰	عہ/	۵	۴	عہ/	۴	۸
للعہ	عہ/	۷	۵	عہ/	۵	۱۰	عہ/	۵	۲
للعہ	عہ/	۸	۰	عہ/	۶	۵	عہ/	۵	۸
للعہ	عہ/	۸	۷	عہ/	۶	۱۱	عہ/	۶	۲
للوللعہ	عہ/	۹	۲	عہ/	۷	۶	عہ/	۶	۹
وللعہ	عہ/	۹	۹	عہ/	۸	۰	عہ/	۷	۳
للعہ	عہ/	۱۰	۱	عہ/	۸	۶	عہ/	۷	۹
نوللعہ	عہ/	۱۰	۱۰	عہ/	۹	۱	عہ/	۸	۳
مللعہ	عہ/	۱۱	۵	عہ/	۹	۷	عہ/	۸	۹
نوللعہ	عہ/	۱۲	۰	عہ/	۱۰	۲	عہ/	۹	۳
صہ	عہ/	۱۲	۷	عہ/	۱۰	۸	عہ/	۹	۱۰
وصہ	عہ/	۱۵	۵	عہ/	۱۳	۴	عہ/	۱۲	۵
سہ	عٮ/	۲	۳	عٮ/	۰	۰	عہ/	۱۵	۰
مسہ	عٮ/	۵	۲	عٮ/	۲	۸	عٮ/	۱	۶
عہ	عٮ/	۸	۰	عٮ/	۵	۴	عٮ/	۴	۲
وعہ	عٮ/	۱۰	۱۰	عٮ/	۸	۰	عٮ/	۶	۹
ٮہ	عٮ/	۱۳	۹	عٮ/	۱۰	۸	عٮ/	۹	۳
ملہ	سے/	۰	۷	عٮ/	۱۳	۴	عٮ/	۱۱	۱۰
لعہ	سے/	۳	۵	سے/	۰	۰	عٮ/	۱۳	۵
ولعہ	سے/	۶	۳	سے/	۲	۸	عٮ/	۱۵	۱۰
ما/	سے/	۹	۲	سے/	۵	۴	سے/	۳	۷
مار	سعہ/	۲	۳	سے/	۱۰	۸	سے/	۷	۳
سام/	عسہ	۱۱	۵	عسہ	۰	۰	لعہ/	۱۰	۱۰
اکام/	للوعسہ	۴	۷	ٮعسہ	۵	۴	ٮعسہ	۱۴	۵
صمام/	نوعسہ	۱۳	۹	ٮعسہ	۱۰	۸	ٮعسہ	۲	۱
سام/	لعسہ	۶	۱۰	عسہ	۰	۰	نوعسہ	۵	۰
لمام/	وعسہ	۰	۰	ٮعسہ	۵	۴	ٮعسہ	۹	۳
لام/	ٮعسہ	۹	۲	ٮعسہ	۱۰	۸	ٮعسہ	۱۲	۱۱
ىمام/	ٮسہ	۲	۳	سہ	۰	۰	للوسہ	۰	۶
الـ/	ٮسہ	۱۱	۵	ٮسہ	۵	۴	ٮسہ	۴	۲
المـ/	لعسہ	۶	۱۰	ٮسہ	۱۰	۸	ٮسہ	۸	۳
سمت/	ما/عہ	۲	۳	ما/	۰	۰	لعہ	۱۲	۵
عمت/	ما/للوعہ	۱۳	۹	ما/ٮسہ	۵	۴	ما/وسہ	۰	۶
صمت/	ما/ٮعسہ	۹	۲	ما/ٮسہ	۱۰	۸	ما/ٮسہ	۴	۸
سمت/	ما/للوعسہ	۴	۰	ما/	۰	۰	ما/ٮعسہ	۸	۹
سمت/	ما/صہ	۰	۰	ما/ٮسہ	۵	۴	ما/وسہ	۱۲	۱
سمت/	ما/صسہ	۱۱	۵	ما/ٮسہ	۱۰	۸	ما/صسہ	۱	۰
سمت/	سما/ٮسہ	۶	۱۰	سما/	۰	۰	ما/لعسہ	۵	۰
عمت/	سما/وعسہ	۲	۳	سما/ٮسہ	۵	۴	سما/عسہ	۹	۳

نقشہ محصول اسٹامپ جدید

یادداشت عرضی دعوے		بیعنامہ یا رہنامہ		تمسک		ہنڈوی جبکہ عند الطلب واجب الادا نہو			
مالیت بابت دعوے	محصول اسٹامپ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	تعداد روپیہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]
عدہ سے نہایت عدہ	۶ /	صہ	۸ /	صہ	۲ /	ما نہایت ماہ	۲ /	۱ /	۱ /
عدہ سے نہایت عہ	۱۲ /	ما /	عہ /	صہ	۴ /	ماہ نہایت اما	۴ /	۲ /	۲ /
عہ سے نہایت دعہ	۲ عہ /	ماہ /	عا /	ما /	۸ /	اما نہایت سما	۶ /	۳ /	۲ /
دعہ سے نہایت عہ	۲ عہ /	سا /	سے /	ماہ /	عہ /	سما نہایت الت	۱۰ /	۵ /	۴ /
عہ سے نہایت دسہ	۱۴ عہ /	اما /	لعہ /	ما /	۲ عہ /	الت سے نہایت الماہ	۱۲ /	۶ /	۴ /
دسہ سے نہایت سہ	۴ /	صما /	صہ /	اما /	عا /	الماہ سے نہایت السا	عہ /	۸ /	۶ /
سہ سے نہایت دسہ	۱۰ /	صسا /	― /	صما /	۲ عہ /	السا سے نہایت الما	۲ عہ /	۱۲ /	۸ /
دسہ سے نہایت لعہ	سے /	لما /	عہ /	سا /	سے /		.	.	.
لعہ سے نہایت دلعہ	۶ ہے /	لہا /	مہ /	لما /	ہے /	اور الما پر یا اُسکے جزو پر جو الما سے زیادہ ہو الت تک	۲ عہ /	۱۲ /	۸ /
دلعہ سے نہایت صہ	۲ ہے /	کما /	لعہ /	لکا /	لعہ /				
صہ سے نہایت دصہ	۲ لعہ /	الت	عہ	کما /	۸ لعہ /				
دصہ سے نہایت سہ	۴ لعہ /								
سہ سے نہایت دسہ	۱۴ لعہ /								
دسہ سے نہایت عہ	۲ ہے /			الت	صہ /	سے /	عہ ۸ /	عہ /	
عہ سے نہایت دعہ	۱۰ ہے /								
دعہ سے نہایت ںہ	لعہ /								
ںہ سے نہایت دلہ	۴ ہے /				عا /	اور بابت الت یا اسکے جزو کے جو الت سے زیادہ ہو	سک /	سے /	عا /
دلہ سے نہایت ام	[illegible]								

ویسی ہی فی عہ / پر ۲ / بڑھتے جاوینگے

الف جب پیسے پٹے کی رو سے زرلگان مقرر ہوا در کوئی نذرانہ ادا یا حوالہ نہوا ہوا ور پٹے مین میعاد ایک سال سے کم ہو ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔

ب جبکہ پٹہ ایک سال سے کم اور تین برس سے زیادہ نہو ۔۔ ۔۔

ج جبکہ پٹہ تین برس سے زیادہ نہو یا پٹے کے مضمون سے کسی میعاد معین کیلیے ہونا پایا نجاے ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔

د جب پٹہ بعوض کسی نذرانہ یا پیشکش کے دیا جاے اور لگان اوسمین مندرج نہو ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔

ہ جب پٹہ علاوہ زرلگان مقررہ کے بعوض کسی نذرانہ یا پیشکش کے دیا جاوے ۔۔ ۔۔ ۔۔ ۔۔

وہی رسوم لیجاویگی جو تمسک مد ۱۳ کیلیے مقرر ہے بابت اُس کل تعداد کے جو ایسے پٹے کی رو سے واجب الادا یا لایق حوالگی کے ہو ۔ وہی رسوم جو تمسک مد ۱۳ کیلیے مقرر ہے بابت اُس تعداد کے جو واسطے زرلگان مندرجہ پٹہ کے برابر ہو ۔

وہی رسوم جو بیعنامہ مد ۲۱ کیلیے مقرر ہے بابت اُس قدر میعاد معاوضے کے جو واسطے لگان سالانہ مندرجہ دستاویز کی تعداد یا مالیت کے برابر ہو ۔

وہی رسوم جو بیعنامہ مد ۲۱ کیلیے مقرر ہے بابت اُس قدر معاوضے کے جو نذرانہ یا پیشکش مندرجہ پٹہ کی تعداد یا مالیت کے برابر ہو ۔

وہی رسوم جو بیعنامہ مد ۲۱ کے لیے مقرر ہے بابت اُس قدر معاوضے کے جو نذرانہ یا پیشکش مندرجہ پٹہ کی تعداد یا مالیت کے برابر ہو علاوہ اُس رسوم کے جو ایسے پٹے کی بابت اُس صورت مین لیجاے جبکہ کوئی نذرانہ یا پیشکش ادا یا حوالہ نہ کیا جاتا ہو ۔

بل آف ایکسچینج یعنی ہنڈوی اور پرامیسری نوٹ یعنی رقعہ مین جبکہ روپیہ عند الطلب واجب الادا ہو اور تعداد عسہ سے زیادہ ہو ۔ ۱ /

رسید بابت کسی زر نقد یا زر جائداد کے جسکی تعداد یا مالیت عسہ سے زیادہ ہو باستثنار زرلگان کے جو کاشتکار زمین کی بابت ادا کرے یا جو مالگزاری کسی شخص ہو اور مستثنیات ۱ /

۷۸۶

قیافہ

علم فرنیالوجی

یعنی دماغی تحقیقات

نمبر ۳

ہمنے سال گذشتہ مین وعدہ کیا تھا کہ ”سال آیندہ مین دماغی جوشون، قوتون، اور رغبتون کے ٹھیک مقامات اور اُنکے مفصل حالات بالتصریح درج کرینگے“ بحمداللہ کہ زندگی نے وفا کی اور وقت نے اُسکے پورا کرنے مین مدد دی۔ اگرچہ اُسکے مفصل حالات درج کرنے کے لیے ساری جنتری کے اوراق بھی کافی نہین ہین تاہم امسال جس قدر مجمل پر اکتفا کیا گیا وہ بھی ایک حد تک مفصل کے قریب قریب ہے۔ باقی اسکی واقعی تفصیل (جو سارے علم فرنیالوجی کی جان ہے) وہ افسوس ہے کہ بسبب کمی اوراق کے سال آیندہ پر ملتوی رکھی جاتی ہے۔

امسال ہمکو صرف اسی قدر موقع ہے کہ دماغی جوشون، قوتون، اور رغبتون کے ٹھیک مقامات اور اونکے کسی قدر حالات درج کردین اور اُنکے مطالعہ اور غور و ورزش کے لیے اپنے ناظرین کو ایک سال کی کامل مہلت دین۔

دماغ کے حصے

واضح رہے کہ آیندہ صفحے پر ہم وہ پانچ نقشے ”سر“ کے درج کرتے ہین جن مین دماغ کے جوشون، قوتون، اور رغبتون کے مقامات نمبر لگا کر جدا جدا کیے گئے ہین۔ اگرچہ ان نمبرون کے ساتھ اُنکے نام نہین درج ہین صرف ہندسے لگا کر بائیس خانے دکھلا دیے گئے ہین مگر آگے کے صفحات مین ایسے نقشے بھی درج ہین جنمین نمبر اور اُسکے ساتھ ہی اُسکا نام بھی تحریر ہے اور اُسکا مطلب اُسکے متعلق بیان ہوگا۔

یہان ان پانچ نقشون کے درج کرنے سے یہ بات ذہن نشین کرائی جاتی ہے کہ ناظرین پہلے اندازہ کرلین کہ مختلف سمتون سے انسان کے چہرے کا مطالعہ کرنے سے کس کس نمبر کی قوت کس کس جگہ پر نظر کو محسوس ہوتی ہے۔ مثلاً نقشہ نمبر (۱) کے دیکھنے سے دریافت ہو سکتا ہے کہ دماغ کے خانے گدی کی سمت سے شروع ہو کر چندیا کی طرف اور وہان سے کھوپڑی کی طرف بڑھتے گئے ہین اور پھر ابرو کے گرد ہو کر پیشانی پر جا کر خانہ نمبر ۴۲ پر ختم ہو گئے ہین۔ اور نقشہ نمبر (۲) سے بھی وہی سلسلہ اُس ترتیب سے دکھلائی دیتا ہے فرق دونون نقشون مین صرف اسی قدر ہے کہ پہلا نقشہ بائین کنپٹی کے رُخ سے اور داہنی کنپٹی کے رُخ سے ہے۔ نیز اس سے یہ بھی دریافت ہو سکتا ہے کہ جو انسان مین داہنی جانب ہین اونکے جواب مین وہی قوتین بائین جانب موجود ہین اور اسمین مصلحت ایزدی ہے کہ اگر کسی وقت کسی وجہ سے انسان ایک جانب کی قوت زائل ہو جائے تو وہ دوسری جانب کی قوت سے کام کے قابل رہیگا۔ چنانچہ اسی غرض سے ہمنے سال گذشتہ مین انسان کے بھیجے تصویر درج کردی تھی تاکہ ناظرین کو یاد رہے کہ انسان کا بھیجا دو حصون پر منقسم ہے اور اُسمین ہر ایک قوت المضاعف یعنی دُہری رکھی گئی ہے۔ نقشہ نمبر (۳) سر کے بالائی جانب سے دکھلایا گیا ہے جس سے کاسۂ دماغ کی پوری تصویر نظر کے سامنے آجاتی ہے اسمین بھی مندرجہ بالا طریقے سے ہر ایک خانہ کا نمبر دیا ہوا ہے جو ناظرین کی سمجھ مین بخوبی آسکتا ہے کہ کس طرح گدی کی سمت سے دُہرے دُہرے خانے شروع ہو کر پیشانی پر آکر ختم ہوئے ہین کیونکہ پہلے ہر دو نقشون مین صرف ایک ایک خانے کا نظارہ ہوتا ہے۔ اور اس تیسرے نقشے سے ہر دو خانے نظر کے سامنے آجاتے ہین نقشہ نمبر (۴) پیشانی کی جانب سے ہے اور نقشہ نمبر (۵) گدی کی جانب دکھلایا گیا ہے اور یہ اس لیے کہ جب پیشانی کا حصہ سامنے ہوگا تو خانے جیسی وضاحت اور صفائی سے دکھلائی دینگے وہ نقشہ نمبر (۳) بسبب اُسکی گولائی اور کنارون کے ڈھلاؤ کے ہرگز نہ دین گے۔ مگر ہان جس قدر خانے نقشہ نمبر (۴) سے دکھلائی وہ سامنے کی جانب سے ہون گے پشت کی جانب کے خانے دکھلانے کے لیے ہمکو نقشہ نمبر (۵) کے دکھلانے کی ضرورت ہوئی گدی کے خانے اپنی اصلی صورت سے نظر آسکین۔



نقشہ نمبر (۱)



نقشہ نمبر (۲)



نقشہ نمبر (۳)



نقشہ نمبر (۴)



نقشہ نمبر (۵)

علاوہ ان پانچ نقشون کے آگے چلکر دو بڑے نقشے درج کیے جاتے ہین جنمین پہلا نقشہ ابواب دماغ کا اور دوسرا فصول دماغ کا ہے - فصول دماغ کے نقشے مین نمبرون کے علاوہ ہر ایک خانے کا نام بھی مندرج کر دیا گیا ہے جس سے اوسکا مطلب بخوبی ذہن نشین ہو جاتا ہے مگر جب تک ان پانچون نقشون کے مطالعے سے پوری فراغت نہ ہولے آیندہ نقشون کے دیکھنے سے فائدہ کم حاصل ہوگا - یہ پانچ نقشے جو پانچ سمتون سے دکھلائے گئے ہین ان سے ہر ایک جوش، قوت اور رغبت کی کمی و بیشی کا تجربہ حاصل ہو سکتا ہے اس لیے کہ بعض قوتین اور رغبتین جبکہ چہرہ سامنے ہو بخوبی دکھلائی دے سکتی ہین اور بعض جب کہ چہرے کا رخ کسی کنپٹی کی جانب سے ہو - اور بعض جبکہ سر کا رخ پشت کی جانب سے ہو - اسی لیے علم فرنیالوجی کا منشا اس بات کے جاننے پر منحصر رکھا گیا ہے کہ فرنیالوجسٹ یعنی علم فرنیالوجی کا جاننے والا کسی انسان کو دیکھکر پہچان لے کہ اسکے سر کا فلان مقام یا خانہ بڑا ہے اور فلان چھوٹا ہے اور اس سے اندازہ کر سکتا ہے کہ اسکا چال چلن کیسا ہونا چاہیے -

پس جب تک ان پانچون نقشون کے خانے مع نمبر اور نام کے کسی شخص کو یاد نہون اور ہر ایک پہلو سے انسان کے دماغ کو غور کرنے کی قابلیت نہ رکھتا ہو وہ محض کسی شخص کی کھوپڑی دیکھکر اسکے فہم پر ٹھیک حکم لگانے کا مجاز نہوگا -

اگرچہ دماغ کے ہر ہر خانے کا نام اور اوسکی وضاحت اور پھر اوسکے بخوبی سمجھنے کے لیے ہر خانے کے متعلق ہر ایک شخص کی تصویر جس سے یہ معلوم ہو سکے کہ کس شخص کا کون سا خانہ بڑا ہونے سے اسکے چہرے اور دماغ کی بناوٹ کی کیا شکل ہوگی سال آیندہ پر رکھے چھوڑتے ہین مگر اسکے ابتدائی حصے کے سمجھنے کے لیے امسال مختلف شکلون کا مختلف پہلوؤن سے اندازہ کرانا اور پھر انکے خانون کے نام سے آگاہ



ابواب دماغ

کرا دینا اور آخر مین ایک جدول مین اُن کی کسی قدر تفصیل کر دینا یہ بھی کچھ کم نہین ہے -

ابواب دماغ

اب ہم آگے چل کر دو نقشے سرون کے بڑے پیمانے پر دکھلاتے ہین جن مین سے پہلا نقشہ اسی صفحے مین ابواب دماغ کا اور دوسرا نقشہ دوسرے صفحے مین فصول دماغ کا ہے - پہلے نقشے مین سات باب ہین جن مین باعتبار خانون کے بیالیس ۴۲ فصلین ہوتی ہین اور یہ فصلین مع اپنے نامون کے دوسرے نقشے مین مندرج ہین -

اس پہلے نقشے مین منجملہ سات باب کے پہلا ۱ باب گدّی کی جانب "خانگی رغبتون" کا ہے - جس مین نمبر (۱) سے (۶) تک چھ ۶ خانے ہین - دوسرا ۲ باب "خود غرضانہ رغبتون" کا ہے جسمین نمبر (۷) سے (۱۲) تک چھ ۶ خانے ہین - تیسرا ۳ باب "انانیت کی رغبتون" کا ہے جس مین نمبر (۱۳) سے (۱۷) تک پانچ ۵ خانے ہین - چوتھا ۴ باب "اخلاقی رغبتون" کا ہے جس مین نمبر (۱۸) سے (۲۱) تک چار ۴ خانے ہین - پانچوان ۵ باب "نیم عقلی خیالات" کا ہے جس مین نمبر (۲۲) سے (۲۶) تک پانچ ۵ خانے ہین - چھٹا ۶ باب "فہمیدگی" کا ہے جس مین نمبر (۲۷) سے (۳۸) تک بارہ ۱۲ خانے ہین - ساتوان ۷ باب "ذی عقلی" کا ہے جس مین نمبر (۳۹) سے (۴۲) تک چار ۴ خانے ہین - اور اسی طرح سے اسکی تقسیم ختم کی گئی -

فصول دماغ

جس طرح گذشتہ نقشے سے ابواب دماغ کے حدود مع انکے نام کے دکھلائی گئین اور فصول کے حدود بلا نام فقط ہندسہ لگا کر

ختم کردی گئین اب مندرجۂ ذیل نقشے سے ہر ایک ہندسے کے ساتھ ہر ایک فصل کا نام بھی مندرج کردیا گیا جس سے دیکھنے والے پر صاف عیان ہو جائیگا کہ کون سی قوت یا رغبت انسان کے سر مین کس مقام پر واقع ہوئی ہے۔ اگرچہ ہمنے اِس نقشے مین فصلون کے ساتھ ابواب کا نام لکھدینا خالی از وقت نہین سمجھا تاہم اوسکے خانون مین موٹی جدولون اور خفی نقاط کی حدبندی سے اِس قسم کا امتیاز پیدا کردیا ہے جس سے ناظرین بخوبی معلوم کرسکین کہ فلان نمبر کے خانے کی فصل فلان باب کے متعلق ہے۔ مثلاً انسان مین جو قوت ”آخذہ“ واقع ہے وہ ہمارے نقشے مین خانۂ نمبر (۲۵) مین درج ہے۔

اجمالی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اوسکا تعلق غالباً اُس باب سے ہوگا جس کا نام ”اخلاقی رغبتین“ ہے۔ لیکن جب اُسکے گرد کی موٹی جدول اور خفی نقاط کی حدود پر غور کیا جاے تو معلوم ہوگا کہ اُس کا تعلق اُس باب سے ہے جسکا نام ”فہم عقلی خیالات“ ہے۔ اور ظاہر ہے کہ خانہ نمبر (۲۵) یعنی ”قوتِ آخذہ“ کو ”فہم عقلی خیالات“ سے تعلق ہے نہ کہ ”اخلاقی رغبتون“ سے۔



فصولِ دماغ

اب قبل اِسکے کہ ہم اِن سب خانون کی تفصیل اور تشریح ایک جداگانہ جدول مین تحریر کرین۔ ہمکو مناسب معلوم ہوتا ہے کہ خواب کی کیفیت جس کو انسان کے دماغ اور اُسکی اِن ہی قوتون سے تعلق ہے اِس جگہ تحریر کردین تو شاید نامناسب نہوگا۔

خواب

خواب زبانِ فارسی مین عموماً سو جانے کو کہتے ہین مگر اِسکا مفہوم اکثر اُس حالت یا کیفیت پر ہوتا ہے جس سے انسان کو سوتے وقت ایک نئی دنیا کا نظارہ اور نئے تعلقات سے سابقہ ہوتا ہے اور اِس لفظ کو زبانِ ہندی مین ”سپنا“ اور عربی مین ”رویا“ سے تعبیر کرتے ہین۔ پس ہمارے اِس بیان مین جہان لفظ خواب بولا جائے اوس سے وہ لغوی معنی جس سے سوجانا مقصود ہے ہرگز نہین بلکہ اوسی کیفیت سے مراد ہے جس کو اصطلاحاً خواب کہتے ہین اور جس کی تعریف اوپر بیان ہوئی۔

خواب بیخبر سونے مین ہرگز نہین ہوتا بلکہ سونے اور جاگنے کے درمیان ہوتا ہے۔ اور اُس وقت تک جبکہ فرنیالوجی کی تحقیقات نہین ہوئی تھی جس قدر اِسکی کیفیت پر حکما کی بحثین ہوئین وہ کسی قدر خیالی اور مطلب سے دور ہوئین۔ یہ صحیح ہے کہ خواب درمیان سونے اور جاگنے کے ہوتا ہے مگر اوسکی اصلیت یہ ہے کہ وہ تمام قوتین اور رغبتین جو قدرت نے انسان کے دماغ مین عطا فرمائی ہین اور جنکے نام اِس نقشے مین علے الترتیب درج ہین اِن ہی کے جاگنے سے انسان کا جاگنا اور اِن ہی کے سونے سے انسان کا سونا قرار پایا ہے۔

محققانِ علمِ طبعیات نے یون لکھا ہے کہ جب انسان سونا چاہتا ہے تو اُسکے تمام حواس بتدریج خفتہ ہونا شروع ہوتے ہین۔ مثلاً پہلے نگاہ یعنی قوتِ باصرہ اور پھر ذائقہ اور پھر لامسہ پر نیند آتی ہے۔ لامسہ نہایت ہلکی نیند سوتی ہے اور سامعہ اور باصرہ اور شامہ پر ایک کے بعد ایک کا زیادہ غلبہ ہوتا جاتا ہے۔ پھر اِن کے بعد وہ قوتین اور رغبتین بتدریج سوتی ہین جو مندرجۂ بالا نقشے مین درج ہین۔ اگر یہ تمام قوتین خفتہ ہون تو انسان بیخبر سو جاتا ہے اور اگر یہ تمام قوتین بیدار ہون تو انسان جاگ اٹھتا ہے اور اگر اِن دونون حالتون کے درمیان انسان کی یہ حالت ہو کہ اُس کے دماغ کی کچھ قوتین خفتہ اور کچھ بیدار ہون تو ایسی حالت مین وہ ضرور کوئی خواب دیکھ رہا ہوگا۔

انسان کو خواب مین جو کیفیتین نظر آتی ہین وہ بسا اوقات

مختلف الحقیقت اور غیر منطبق ہوتے ہین اور اسکا سبب یہی ہے کہ بعض قوتین خفتہ اور بعض بیدار ہوتی ہین۔ چونکہ ہر ایک کام اور ہر ایک خیال کی درستی اوسی وقت ہوتی ہے جبکہ تمام قوتین مل کر کام کرین۔ اور یہان بسبب بعض قوتون کے خفتہ ہونے کے وہ قوتین مدد نہین پا سکتین جو کہ بیدار ہین اس لیے ان بیدار قوتون کے کام بالکل الٹکل بچو اور غیر مقررہ ہوتے ہین۔

اسکو یون سمجھنا چاہیے کہ جیسے کوئی بین یا ستار یا ہارمونیم کا بجانیوالا کسی راگ کو بجانا چاہے اور اُس باجے مین اُس راگ کے ادا کرنے کے لیے جس قدر پردون یا سُرون کی ضرورت ہے وہ نہ ہون یا ہون مگر اپنا کام نہ دے سکتے ہون تو نوازندہ سے وہ راگ ٹھیک ادا نہ ہو سکے گا۔ بعینہ یہی خواب کی بھی حالت ہے۔

اب ہم اُسکی مثالین دماغ کی قوتون سے پیش کرتے ہین۔ اگرچہ اُسکے بالتفصیل لکھنے کے لیے تو ہماری جنتری کافی نہین مگر ناظرین کے ذہن نشین کرنے کے لیے صرف تین مثالین لکھدینا غالباً ضرورت سے خالی نہ ہون گی۔

چنانچہ پہلی مثال ملاحظہ ہو۔ فرض کیجیے کہ ایک انسان کی صرف "اخلاقی رغبتین" بیدار ہین اور اُس وقت اگر اُسکی ہمدردی کا خانہ اپنا کام کرنا شروع کرے تو بسبب اِسکے کہ "خود غرضانہ رغبتین" اپنے کام سے معطل ہین وہ کسی شخص کے ساتھ اتنی بڑی فیاضی دکھا سکتا ہے کہ حالتِ بیداری مین اُس سے کبھی نہ ہو سکتی۔

دوسری مثال یہ ہے کہ اگر ایک انسان کی صرف "خود غرضانہ رغبتین" بیدار ہین اور اُس وقت اُسکے غضب و مقاومت اور تمنا وغیرہ کے خانے اپنا کام جاری کرین تو بسبب اِسکے کہ "فہمیدگی" "ذی عقلی" اور "نیم عقلی خیالات" اپنے کام سے بیکار ہین وہ ایک بہت بڑا سفاک اور بے رحم اور نیز قتل عمد کا اپنے کو مجرم پاوے گا جو بیداری مین کبھی اُس سے سرزد نہوتا۔

تیسری مثال یہ ہے کہ ایک انسان کی صرف "خانگی رغبتین" بیدار ہین اور اُس وقت اُسکی شہوت اور الفت کے خانے اپنے کام مین مشغول ہین تو بسبب اِسکے کہ "اخلاقی" اور "دیگر رغبتون" کو اپنی حرکات مین سکون ہے وہ اپنے کو زنا کا مرتکب پاوے گا یہان تک کہ بعد بیداری کے بھی اُس مین بعض علامتین موجود ہون گی۔ اور یہ تیسری مثال ایسے خواب کی ہے جسکے اثر سے کوئی مرد عام اِس سے کہ کتنا ہی بزرگ اور مقدس ہو شاید ہی بچا ہو۔

اِس کے بعد جاننا چاہیے کہ جس طرح عام انسانون مین شہوانی اور جاہلانہ رغبتین (جو کاسہ دماغ کے زیرین حصے مین کنپٹی سے پشت کی جانب ہین اور جن سے مادۂ شیطنت ا حماقت ظہور مین آتا ہے) قوت دار ہوتی ہین اور جن کے ہیجان مین آنے سے خواب کی بعض علامتین بیداری مین بھی موجود ہوتی ہین۔ اُسی طرح خاص بندون مین عاقلانہ اور عالمانہ قوتین (جو کاسہ دماغ کے بالائی حصے مین کنپٹی پیشانی کی جانب ہین اور جن سے حالت مَلکی اور بزرگی پیدا ہوتی ہے) زوردار ہوتی ہین اور اُن کے قوی اثر سے بھی خواب کی بعض علامتین بیداری تک صحیح طور سے باقی رہتی ہین۔

اِس کے بعد یہ بھی جاننا چاہیے کہ جس طرح کسی قوت کے زور سے سوتے وقت خواب ہوتا ہے اُسی طرح بعض ایسے لوگون کو (جن کی بعض قوتون کا بہت زیادہ غلبہ ہو جانے سے بقیہ قوتین مغلوب ہو جاتی ہین) بیداری مین بھی خواب کی کیفیت نظر آجاتی ہے۔ اور بعض شخص مین ایسی بھی قوت ہوتی ہے کہ اگر وہ چاہے تو اپنے دماغ کی قوت سے دوسرے کے دماغ کی قوت صلب کر لے اور چاہے تو اپنے دماغ کی قوت سے دوسرے کے دماغ ک زیادہ قوی کر دے۔ فقط

اب ہم پھر اصل مطلب کی جانب آتے ہین اور دماغ کے جو خانون، قوتون، اور رغبتون کی تفصیل اور تشریح کی ایک جدول ذیل مین درج کرتے ہین تاکہ ناظرین کو معلوم ہو جاوے کہ انسان کے دماغ مین جو ذہنی بیالیس ۴۲ خانے فرض کیے گئے ہین اُن کے کیا نام ہین اور اُن کے معانی کی کیا تشریح ہے۔

ہمارے ناظرین کو شاید بعض نامون اور اُن کی تشر معانی کی مطابقت مین کچھ کم قربت نظر آوے۔ مگر اُن کو آگاہ رہنا چاہیے کہ ہر جدید علم کے لیے پرانے الفاظ

بغیر نئی اصطلاحین پیدا کیے ہوئے اُس کا حل ہونا نہایت دشوار ہوتا ہے - کچھ حال ہی مین ایسا نہین ہوا بلکہ زمانۂ سلف سے ایسا ہی ہوتا چلا آیا ہے کہ ایکہی لفظ کی ایک علم والے نے اور تعریف کی ہے اور دوسرے علم والے نے اور - چنانچہ نحوی اور منطقی اصطلاحین اسکے لیے شاہد ہین -

دماغ کے جوشون، قوتون، اور رغبتون کی تفصیل اور تشریح

بابِ دماغ	نمبر	نام فصل دماغ	تشریحِ معانی
خانگی رغبتین	۱	شہوت	وہ محبت جو شہوانی تعلق سے مرد و زن مین ہو -
	۲	الفت	ازدواجانہ رغبت -
	۳	پیار	والدینی محبت -
	۴	دوستی	دوستانہ میل جول خواہ مرد عورت مین ہو یا مرد و مرد مین -
	۵	حب الوطنی	وطن کی محبت -
	۶	دلچسپی	کسی خاص چیز سے دوامی محبت -
خود غرضانہ رغبتین	۷	تمنا	طویل العمری کی خواہش -
	۸	مقاومت	حملہ روکنے کی قوت -
	۹	غضب	حملے کے دفعیہ کی قوت -
	۱۰	مزہ	عمدہ غذاؤن کی خواہش -
	۱۱	امساک	ہر چیز کے جمع کرنے کی خواہش -
	۱۲	اخفا	اپنے دلی خیالات کی رازداری پر قبضہ -
انانیت کی رغبتین	۱۳	ہوشیاری	چوکنا رہنا -
	۱۴	تکبر	خود پسندی کی خواہش -
	۱۵	خودداری	اپنا رکھ رکھاؤ -
	۱۶	استقلال	کسی چیز مین لگاتار متوجہ رہنا -
	۱۷	عدل	منصف مزاجی -
اخلاقی رغبتین	۱۸	امید	آیندہ کے لیے کامل بھروسہ -
	۱۹	مذہب	روحانی خیالات -
	۲۰	تعظیم	کسی کی عظمت پرستش کی حد تک تسلیم کرنا -
	۲۱	ہمدردی	رحم مزاجی، مہربانی، ہمدردی -
نیم عقلی خیالات	۲۲	عقل	قوت ایجادیہ -
	۲۳	موزونیت	ہر چیز جو اپنی حالت سے موزون ہو اُسکی پسندیدگی -
	۲۴	حوصلہ	سب سے اعلیٰ درجے کی چیز پسند کرنے کی خواہش -
	۲۵	آخذہ	ہر چیز کے نقل کرنے کی قوت -
	۲۶	ظرافت	مسخرہ پن -

باب دماغ	نمبر	نام فصل دماغ	تشریح معانی
	۲۷	غور	ہر چیز کے اصلی سبب کو خوض کرکے نکالنے کی قوت-
حبش (یا ابی سینیا) والی ملک کو کوئنگس کہتے ہین مگر نام مینلک شاہ شوا ہے۔ دریاے نیل اور اپترا یہین سے نکلے ہین رقبہ ۱۵۰۰۰۰ میل مربع آبادی ۳۰۰۰۰۰۰ ہے۔

ڈنمارک۔ فرمانرواشاہ کرسچین نہم ۸ اپریل ۱۸۱۸ء کو پیدا اور ۱۵ نومبر ۱۸۶۳ء کو تخت نشین ہوا۔ رقبہ (علاقہ جزائر فیرو) ۱۴۷۷۵ میل مربع اور آبادی ۲۲۹۹۵۶۴ ہے جنمین سے نصف باشندے زراعت اور چوتھائی تجارت کا کام کرتے ہین آمدنی تخمیناً ۳۰۸۸۰۰۹ پاؤنڈ ہے خرچ ۳۰۱۲۷۰۳ ہے دارالریاست کوپن ہیگن ہے۔

مڈغاسکر۔ ملکہ رناوالونا خود مختاری سے فرمانروائی کرتی ہی ۱۳ جولائی ۱۸۸۳ء کو تخت نشین ہوئی اسکا شوہر وزیر اعظم ملک کا انتظام کرتا ہی ۱۸۹۵ء کی جنگ مین فرانس نے اپنا ماتحت کر لیا۔ رقبہ ۲۲۸۵۰۰ میل مربع اور آبادی ۳۵۰۰۰۰۰ ہے۔ ۱۵۰۶ء مین اسے بھی پرتگال والون نے دریافت کیا۔ دارالخلافہ انٹنانریوو ہے۔

مراقش (مراکو) اب سلطان ملا حسن کا بیٹا محمد عبدالعزیز حکومت کرتا ہی جسکی عمر فی الحال ۱۷ برس کی ہے ۱۴ برس کے سن مین تخت نشین ہوا تھا اسکا رقبہ تخمیناً ۲۱۹۰۰۰ میل مربع اور آبادی ۹۰ لاکھ کے قریب ہے یہان معدنیات بہت ہین سرکاری آمدنی ۵ لاکھ پونڈ اور اسیقدر خرچ ہے۔

گل بکاولی کا تالاب

لاب ضلع ہزارہ مین ہی اور تھانہ ہری پور سے قریباً ۲ میل مال کیجانب واقع ہی تالاب کی اطراف مین ۱۲-۱۲ کوس تک آبادی نہین ہی۔ ۳ مہینے جون جولائی۔ اگست تک تالاب پانی کیلیے کھلا رہتا ہی پھر بند ہوجاتا ہی۔ لیکن ان ایام مین بھی کوئی شخص تالاب تک نہین پہنچ سکتا ہی شام کو واپس آنا پڑتا ہی اگر رات بھر وہان رہے تو مردہ پایا جاتا ہی اکثر لوگ جو گرد و نواح مین آباد ہین کہتے ہین کہ پریان تالاب مین تیرتے نظر آیا کرتی ہین۔ یہ جگہ نہایت دلکشا ہی تالاب کے کنارے دو قبرین ہین ایک تاج الملوک کی دوسری بکاولی کی۔ گرد و نواح مین جو قوم آباد ہی گوجر کہلاتے ہین سب اسلام ہین عورتین نہایت حسین ہوتی ہین چھاچھ مین شتونکی پتی ابالکر کھاتی ہین بعض ساگ پات بالکل نہین ہے اگر وہانکی عورت دوسری جگہ لیجائی جاوے تو فوراً مر جاتی بہت راست گو اور ایماندار ہین چوری بالکل نہین ہی۔

فرزندان حضرت سلطان المعظم

نمبر شمار	نام	تاریخ پیدائش
۱	محمد سلیم آفندی	۱۱ جنوری ۱۸۷۰ء
۲	زکیہ سلطانہ	۱۱ جنوری ۱۸۷۱ء
۳	نعیمہ سلطانہ	۵ اگست ۱۸۷۶ء
۴	عبدالقادر آفندی	۱۳ فروری ۱۸۷۸ء
۵	احمد آفندی	۱۴ مارچ ۱۸۷۸ء
۶	تائب سلطانہ	۱۸۸۳ء
۷	محمد برہان الدین آفندی	۱۸۸۵ء

بادلونسے موسم کی عمدہ یا خراب ہونیکی چند علامتین

(۱) ہلکے چھچھلے بادل جو آسمان پر گھٹتے بڑھتے جھنڈ مین ادھر ادھر پھرتے ہین آندھی اور بارش کا پیغام دیتے ہین لیکن اگر ہلکے ہی ہون اور گھٹتے نہ ہون تو خالی آندھی آنیکا اندیشہ ہی (۲) اونچی پر بادلونکا سورج چاند اور ستارونکے اوپر ہو کر گذرنا اور اونکا نیچے کی سطح کے بادلونسے اور ہواسے دوسری سمت مین ہونا ہوا کا اونکی ہی سمت مین تبدیل ہونیکا اظہار کرتا ہی۔ یہ خیال رکھنا چاہیے کہ طبقۂ حارہ مین جہان باد نافع تجارت چلتی ہین عموماً ایک اوپر کے طبقہ مین ہوا چلتی ہی جو نیچے کے طبقہ کی ہوا کی سمت کی خلاف ہوا کرتی ہی۔ اسکے ساتھ بہت ہلکے بادل بھی ضرور ہوتے ہین۔ یہ کسی تبدیلی کے مظہر نہین ہین درمیانی طبقونمین یہ اوپر کی ہوا جب موسم مین تبدیلی ہونیوالی ہوتی ہی تو ظاہر نہین ہوتی کیونکہ اونکی بھاپ منجمد نہین ہوتی اور اسلیے وہ نظر بھی نہین آتی (۳) کہرہ کی طرح کے بادل جو اونچی ہی پر ہوا مین لٹکتے رہتے ہین۔ اگر نیچے اتر آوین اور بڑھ جاوین تو ہوا اور بارش کی امید ظاہر کرتے ہین اگر وہ اور زیادہ اونچے ہو جائین اور پھیل جائین تو اگر موسم عمدہ ہی تو اور زیادہ اچھا ہو جائیگا اگر موسم خراب ہی تو عمدہ۔

قیمتی وقت کا کب ہوتا ہی نگران کوئی | مفت دیتے ہین گھڑی ہان جو احسان کوئی



یہ وہ جیبی گھڑی ہی جسکے پرزون کو ہندوستان
کی آب ہوا نہایت ہی موافق اور موزون ہے
یہ وہ جیبی گھڑی ہی جو یقین دلاتی ہی کہ اگر ہون
تو دنیا مین کم خرچ بالانشین جیبی گھڑی مین
ہون یہ وہ جیبی گھڑی ہی جو زبان حال سے
پکار پکار کر کہہ رہی ہی کہ مجھ مین وہ عادات ہی
نہین ہین کہ میرا خریدار مجھسے کسی قسم کی شکایت
کرے یا گھڑی ساز گھڑی مجھ کو ہاتھ لگائے
یہ وہ جیبی گھڑی ہی جسکا ہر وقت یہ اشارہ کہ میرا مزاج
ان معشوقان ستم شعار کی طرح نہین واقع ہوا ہی جو
بات بات پر بگڑ جانیکی عادی ہون بلکہ مین اپنے خریدار کی ہر وقت وہ فرمانبرداری کرونگی جو ایک سچے اور بے عذر خادم کو کرنا چاہیے۔ یہ گھڑی سنگل کیس
ریلوی رگولیٹر ہی قد نہایت موزون ہی پرزے انتہا درجہ کی پائدار ہین چابی اوپر ہی سے دیجاتی ہی۔ محکمہ ریل۔ تار۔ ڈاکخانہ و فوج کے ملازمان
شوق سے خریدتے ہین مع ایک زنجیر۔ ایک گلاس ایک کمانی۔ ایک بکس کے شائقین کی خدمت مین بھیجی جائیگی گارنٹی ۳ سال قیمت نو روپیہ

اسناد

سارٹیفکٹ

[illegible]

سارٹیفکٹ

مہربان من [illegible] آپ سے [illegible] وہ [illegible]
تعریف [illegible] ۲۴ جون ۱۹۰۴ء
محمد مصلح الدین سکرٹری
ریاست ٹونک

سارٹیفکٹ

مہربان بندہ [illegible] دو گھڑیان [illegible] نہایت عمدہ [illegible]
[illegible] حسن [illegible]

الملتمس سید محمد عبداللہ عکم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحت و گلدستہ ہندستان سخن و علمی خبری کانپور بازار رام نراین [illegible]

عمر کی ہر گھڑی غنیمت گن | پاس انفاس اس گھڑی سے سیکھ



کہاں ہیں صیغہ ملیٹری کے بہادر اور شجاع افسران گورنمنٹ کدھر ہیں وہ ملازمان فوج جنکو ہر کام میں پابندی وقت کی زیادہ ضرورت ہے کہاں ہیں محکمہ پولیس ریلوے کمپنی۔ دفتر۔ ڈاکخانہ۔ تار کے معزز ملازمان سرکاری جنکا گھڑی رکھنا محض خوشنمائی ہی نہیں ہے بلکہ اُنکی ملازمت اُنھیں مجبور کر رہی ہے کہ اگر خریدیجائے تو وہ رفیق اور سچا وقت بتانیوالی گھڑی خریدیجائے جو ہر وقت دستِ پا کیطرح اُنکی وفاداری پر مستعد رہنے میں پہلوتہی نکرے اگر آپکو ایسی گھڑی کی ضرورت ہو کہ درصورت اعلیٰ درجہ ہونیکے قیمت میں کم ہو۔ پرزہ نہایت ہی عمدہ مضبوط پائدار قابل دید ہوں۔ سچے یاقوتی جواہر سے مزین ہو۔ وقت صحیح بتاتی ہو۔ قد نہ بہت چھوٹا نہ بہت بڑا نہایت ہی موزون ہو تو بہت جلد اس گھڑی کو خرید لیجیے۔ یہ گھڑی سنگل کیس لیور جنیوا ہی چابی اُسی میں شامل ہے گارنٹی ۵ سال مع ایک زنجیر ایک شیشہ ایک کمانی ایک بکس کے یہ گھڑی بھیجی جاتی ہے قیمت تیرہ روپیہ

اسناد

سارٹیفکٹ نمبر ۱

جناب [illegible] مزاج مبارک حسب طلب ایک [illegible] روپیہ پانچ آنہ [illegible] [illegible]

راقم [illegible]

سارٹیفکٹ نمبر ۲

جناب من۔ تسلیم۔ مال مطابق فہرست
پہونچا دل خوش ہوا۔ گھڑی آپکی بہت عمدہ
پہونچی۔ فقط ۱۸ مارچ ۱۹۰۵ء عیسوی۔
راقم رام رکہاس از قصبہ ہردوئی ضلع
بارہ بنکی

سارٹیفکٹ نمبر ۳

عنایت و کرمفرمای بندہ منشی [illegible] صاحب [illegible] تسلیم بعد سلام [illegible] نوازش نامہ [illegible] ایک گھڑی [illegible] آپ [illegible]

راقم [illegible]

سارٹیفکٹ نمبر ۴

عنایت فرمائی بندہ جناب شیخ محمد عبداللہ
صاحب تسلیم کارخانہ سلامت۔ تسلیم۔ جو آپنے
گھڑی روانہ کی تھی ابتک بخوبی کام دیتی ہے
راقم محمد جان سوداگر پنجابی مقام [illegible]
ضلع دھولیا

المشتہر سید محمد عبداللہ عالم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحت و گلدستہ چمنستان سخن و علی جنتری [illegible] بازار رام نراین گھڑی کی کوٹھی

حالات شہر قسطنطنیہ

روم بن سیکل بن ایلاق بن ترک بن یافث بن نوح علیہ السلام کے نام سے ملک روم آباد ہوا اسکے قدیم شہرون مین قسطنطنیہ مشہور شہر ہی ہمیشہ سے شاہان روم کا پایۂ تخت رہا اسی وجہ سے روز بروز اسکی ترقی ہوتی گئی پہلے یہ برنطائن کے نام سے پکارا جاتا تھا اب قسطنطنیہ اسلیے کہتے ہین کہ اسے ۳۲۶ء مین قسطنطین اعظم نے اپنے نام سے مشہور کرلیا مگر ۱۴۵۳ء مین سلطان محمد ترک نے فتح کرکے اسلامی سکہ رائج کیا۔ ابنائے باسفورس کے نہر یلدز نے اس شہر کے دو حصے کردیے ہین ایک استنبول کے نام سے مشہور ہے اور دوسرے کو غلطہ کہتے ہین۔ غلطہ مین یورپین آبادی زیادہ ہی مگر سلطان کا ایوان شاہی اور قصر عدالت اسی حصے مین ہے سفراے ممالک غیر بھی یہین مقیم ہین اور استنبول مین اہل اسلام زیادہ آباد ہین سلاطین گذشتہ کے مقبرے اور مساجد وغیرہ بھی یہین ہین ہر سلطان کے نام سے ایک جامع مسجد تعمیر ہے مگر جامع فاتح جامع سلیمان جامع بایزید جامع والدہ سلطان جامع سلطان احمد جامع ایاصوفیہ زیادہ مشہور اور ممتاز ہین جامع ایاصوفیہ قدیمی مسجد ہی اسی کے نمونے پر سب مسجدین بنی ہین ان مساجد کی قطع ہندوستانی مسجدونکے مثل نہین ہی انکا صرف ایک گنبد بنا ہوتا ہی جسمین کئی ہزار آدمی نماز پڑھ سکتے ہین۔ اسمین جامع مسجدین ۵۰۰۔ حمام ۱۷۱۔ سرائین ۳۳۴۔ مدرسے ۶۶۴۔ کالج ۱۲۔ کتب خانے ۴۵۔ اور چھاپے خانے ۲۸ ہین۔ شہر کی آمد و رفت کیلیے ۱۲ دخانی جہاز ہر وقت تیار رہتے ہین علاوہ اسکے ریلین بکثرت ادہر اور زمین کے نیچے جاری ہین جنمین سے ہر ایک آدھ گھنٹے سے زیادہ کسی مقام پر نہین ٹھہرتی۔ استنبول اور غلطہ کے درمیان مین جو پل ہی اوسپر سے گذرنیکا محصول ایک پیسہ ہی جسکی روزانہ آمدنی پانچ چھ ہزار سے کم نہین ہوتی۔ یہان قہوہ خانے تقریبا پانچہزار ہین جنمین سے اکثر لب دریا اور بعض دریا کے اندر واقع ہین جہان پہونچانے کے لیے لکڑی کا پل لگا ہوتا ہی انکی عمارتین عالیشان اور دلچسپ ہوتی ہین آرائش کا عام ساز و سامان عمدہ قسم کا ہوتا ہی اور علاوہ دیگر اسباب کے اخبارات بھی رکھے رہتے ہین منجملہ کارخانجات ایک محکمہ آگ بجھانے کا بھی ہے جس کے ملازم ان توپون کی آوازین سنکر مع اپنے انجن وغیرہ کے بہت جلد پہونچ جاتے ہین جو خاص آتش زدگی کیوقت چھوٹتی ہین۔ اس شہر کی آب و ہوا بہت عمدہ ہی گرمیون کے موسم مین عجب لطف کا مقام ہوجاتا ہی پہاڑون سے سرد اور شیرین پانی آتا ہی جو علاوہ خوشگوار ہونے کے ہاضم بھی اعلی درجے کا ہوتا ہی۔ یون تو میوے ہر قسم کے بکثرت پیدا ہوتے ہین مگر ایک نیا میوہ مسمّش زیادہ لذیذ ہوتا ہی جسکی مشابہت صورتاً ہندوستان کی جامن سے ہوسکتی ہے۔ یہان کے باشندونکا لباس کوٹ پتلون اور ترکی ٹوپی ہی اس لیے عیسائیون اور مسلمانون مین مشکل سے تمیز ہوتی ہے مگر علماء کرام کے لباس مین صرف اسقدر فرق ہوتا ہی کہ انہین کپڑون پر ایک عبا بھی پہن لیتے ہین اور ٹوپی پر ایک سفید کپڑا لپیٹ لیتے ہین۔ یہان کے شاہی ایوانات کو سرائے کہتے ہین جو مختلف مقامات پر واقع ہین اور جنکی تعداد بیس اکیس سے کم نہین۔ ایک ایوان لب دریا سنگ خام کا بنا ہوا ہے جسمین شہنشاہ جرمن سلطان کے مہمان ہوکر فروکش ہوے تھے۔ اس شہر مین تین سو مسافر خانے ہین جنمین ہر ایک مسافر کو دونون وقت کھانا اور ایک وقت چاء ملتی ہی۔ ہر ملک اور ہر قوم کا مسافرخانہ علیحدہ ہی۔ ایک سرائے مین مختلف اقوام کے مسافر نہین ٹھہر سکتے۔ ان مسافرخانون کا سالانہ مصارف پانچ لاکھ ہی۔ آثار قدیمہ مین علاوہ مسجد ایاصوفیہ کے (جو ۳۲۵ء مین قسطنطین کا عالیشان گرجا تھا اور جسے سلطان محمد فاتح نے مسجد بنا لیا اکثر معابد دیکھنے کے قابل ہین) ایک مکان خزانہ کہلاتا ہے جسمین تمام سلاطین کی پورے قد کی تصویرین مع لباس و اسلحہ موجود ہین۔ سکندر یونان کا سنگی تابوت ایک عجائب خانے مین رکھا ہی انجن توپین اور جہازات وغیرہ بنانے کے سیکڑون کارخانے ہین۔ یہان ایک عبرت انگیز مقام مقتولان نیگ چرمی کے نام سے مشہور ہے جہان اوس قتل عام پورا نقشہ اور سمان بندھا ہی جسمین قوم نیگ چرمی اور سلطان محمود سے بغاوت کیوجہ سے سخت جنگ ہوئی تھی۔ قسطنطنیہ سے کچھ فاصلے پر ایک مقام خونگر صومی یا پہاڑ پر ہے جو نہایت ہی پر فضا اور سرسبز و شاداب حصہ ہی قدرتی دلچسپیان بکثرت ہین سیکڑون آدمی یہان سیر کرنیکو آتے ہین اور اسلیے ایک غنچہ ہوجاتا ہی علاوہ دیگر سامان عیش و عشرت کے ناچ گانا وغیرہ بھی ہوتا ہے۔

قسطنطنیہ مین پچاس ساٹھ ہزار ایرانی بھی ہین اکثر محکمونمین ملازم اور بہت سے تجارت پیشہ اور اجیر ہین یہ محرم مین مجالس بھی

کرتے ہین بہت سے ترک اُنمین شریک ہوتے ہین ماتم تین طرحسے ہوتا ہے ایک تو معمولی دوسرا زنجیرون سے تیسرا تلوارون سے ہر ایک ماتمی کے سینہ و پشت سے خون کے شراٹے بہتے ہین حلقۂ ماتم قتل گاہ معلوم ہوتا ہی- یہان سلامق کے رسم قدیم قابل دید ہوتی ہے۔ ہر جمعہ کو سلطان عبد الحمید خان جامع حمیدیہ مین بڑے جلوس کے ساتھ تشریف لاتے ہین جب سواری قریب آتی ہی تو تمام رعایا بادشاہم جوق یشا (یعنی ہمارا بادشاہ ہمیشہ زندہ رہے) کا نعرہ کرتی ہی کہ تمام میدان گونج اوٹھتا ہی سلطان مسجد کے دومنزلے پر نماز کے لیے چلے جاتے ہین جہان دریچونپر اطلسی پردے چھوڑ دیے جاتے ہین تاکہ کسی کی نگاہ نہ پڑے- خطیب دوسرے خطبہ مین سلطان کا نام اسطرح لیتا ہے اللھم انصر ھذا السلطان ابن السلطان الخاقان ابن الخاقان السلطان عبد الحمید خان- اسوقت عجب کیفیت ہوتی ہی تمام ترک بڑے خلوص کے ساتھ اپنے سلطان کے اقبال کی دعا مانگتے ہین اکثر پر رقت طاری ہو جاتی ہی نماز کے بعد سلطان مسجد کے برابر ایک زینے پر چڑھجاتے ہین جہان سے فوجکا ملاحظہ کرتے ہین- اکثر عمارتون کے بالاخانونپر معزز لوگ پاس لیکر تماشا دیکھنے آتے ہین- تمام افسران فوج صف باندہکر ایک طرف کھڑے ہوتے ہین- فوجین ایوان شاہی سے مسجد کے صدر دروازے مین داخل ہوکر دوسری جانب سے نکل جاتی ہین- ترک- کرد- عرب- بحری برّی- سوار- پیدل وغیرہ کے الگ الگ دستے ہوتے ہین اور عمدہ خوشنما وردیان پہنے ہوے دس گیارہ ہزار فوج سامنے سے گذرکر عجب لطف پیدا کرتی ہی عربون کے (باڈی گارڈ) رسالے جنکے سرونپر سبز شملے ہوتے ہین عجب آن بان سے نکلتے ہین تین گھنٹے تک فوجکا دریا لہرین لیتا ہے اوسکے بعد سلطان اپنے مقام سے اوترتے ہین جبکہ تمام افسران فوج اور پاشا نہایت ہی ادب سے صف باندہکر سلام کرتے ہین سلطان کے لباس مین سادگی ہوتی ہی صرف معمولی کوٹ پتلون اور ترکی ٹوپی پہنتے ہین بلکہ تمام ترک بنوٹ اور زیب و زینت کو بُرا سمجھتے ہین بڑی بڑی بازارونمین معمولی حیثیت سے نکلتے ہین یہانتک کہ وزیر اعظم اور سپہ سالار بھی دو ایک سوار سے زیادہ اپنے ہمراہ نہین رکھتے- ترک عموماً خلیق- فیاض اور مہمان نواز ہوتے ہین جب کسی امیر یا غریب کے مکانپر جاؤ قہوہ ضرور پیش کرتے ہین اور جہانتک ممکن ہوتا ہی خاطر و مدارات کرتے ہین-

ترکونکی قدیمی تعلیم مذہبی تھی مگر سلطان محمود نے تعلیم جدید کا انتظام کیا فنون جنگ سکھانے کے لیے مدرسہ حربیہ بنوایا سلطان عبد المجید نے اوسے اور وسعت دی اور پھر سلطان عبد الحمید خان نے پوری توجہ سے اسکو ترقی دی چنانچہ اب اسمین ایک کرور بیس لاکھ روپیہ سالانہ صرف ہوتا ہی علاوہ اسکے پانچ چھ سو مدرسے ہین جنمین ہر علم اور ہر زبان کی تعلیم ہوتی ہے کوئی فن کوئی علم اور کوئی زبان ایسی نہین جو ترکی زبان کے ذریعے سے ترکونکو نہ سکھائی جاتی ہو-

سلطان کے بڑی جنگی بیڑہ جہازونکی تفصیل وار فہرست

نمبر شمار	نام جہاز	سطح آب سے اونچی جہازونکی دیوارین	اتواپ		طاقت اسپی	وزن ٹن مین	درجہ
			تعداد	وزن			
١	مسعودیہ	١٢ انچھ	١٢ ٩	١٨ ٹن ٦½ ٹن	٥٥٠٠	٩١٤٠	اول
٢	نصرتیہ	١٢ انچھ	١٢ ٩	١٨ ٹن ٦½ ٹن	٥٥٠٠	٩١٤٠	”
٣	منہدوزیہ	١٢ انچھ	١٢ ٩	١٨ ٹن ٦½ ٹن	٥٥٠٠	٩١٤٠	”
٤	عزیزیہ	١٠ انچھ	١ ١٥	١٢ ” ٦½ ”	٤٨٠٠	٦٤٠٠	دوم
٥	اُرغانیہ	١٠ انچھ	١ ١٥	١٢ ” ٦½ ”	٤٨٠٠	٦٤٠٠	”
٦	محمودیہ	١٠ انچھ	١ ١٥	١٢ ” ٦½ ”	٤٨٠٠	٦٤٠٠	”
٧	عثمانیہ	١٠ انچھ	١ ١٥	١٢ ” ٦½ ”	٣٠٠٠	٤٢٠٠	”
٨	آثار توفیق	٩ انچھ	٨	١٢ ”	٣٠٠٠	٤٢٠٠	”
٩	فتح بلند	٩ انچھ	٤	١٣ ”	٢٨٠٠	٢٧٦٠	سوم
١٠	مقدمہ خیر	٩ انچھ	٤	١٢ ٹن	١٨٠٠	٢٧٦٠	سوم
١١	اجلالیہ	٧ انچھ	٤	١٢ ”	١٦٥٠	٢٤٠٠	”
١٢	آثار شوکت	٧ انچھ	١ ٥	١٢ ” ٦¼ ”	١٦٨٠	٢٢٠٠	”
١٣	نجم شوکت	٥½ انچھ	١ ٥	١٢ ” ٦¼ ”	١٥٠٠	٢٢٤٨	”
١٤	عون اللہ	٥½ انچھ	٤	١٢ ”	١٢٠٠	١٤٠٠	”
١٥	معین ظفر	٥½ انچھ	٤	١٢ ”	١٢٠٠	١٤٠٠	”

جنگی بیڑہ جہازات مین ٢٨٤٦٤ ملاح اور ٣٦٠٠ بحری سپاہی ترکی تجارتی بیڑہ جہازات کا جو ١٨٧٩ء مین کل وزن ١٨١٥٠٠ ٹن تھا جنمین سے دور دراز تک سفر کرنیوالے ١٢٨ بادبانی جہاز وزنی ٢٤٥٠٠ ٹن اور ١١ اسٹیمر وزنی ٢٢٣٥٠ ٹن ہین اب اسوقت کل تجارتی بیڑے کا وزن ٢٠٠٠٠ ٹن سے زیادہ ہی اور تعداد جہازات جو دور دراز کا سفر کرنیوالے ہین ٣٠٠ کے قریب ہی-

مختلف قسم کی جیبی گھڑیان

تاریخ و دن والی جیبی گھڑی



یہ گھڑی نہایت خوشنما چاندی کی لیور جنیوا نقشی ہے علاوہ وقت کے اسمین تاریخ اور مہینہ معلوم ہوتا ہی جو بلین یاقوت کی گارنٹی ۲ سال ڈبل کیس معہ [illegible] سنگل کیس کی پچیس روپیہ [illegible]

ویسٹ اینڈ واچ جنیوا لیور



یہ گھڑی ویسٹ کمپنی کی بنائی ہوئی تمام دنیا مین مشہور ہے اسکی پورے اوصاف اور مضبوطی سے ایک زمانہ واقف ہے جو بلین یاقوت سے فرین ہین گارنٹی ۲ سال قیمت نمبر اسے [illegible] قیمت نمبر دوم [illegible]

مشہور عالم راس کوپ گھڑی



یہ گھڑی ریلوی فیشن کی نہایت مضبوط اور لیور جنیوا ہی اسکی پرزے ایسے پائدار ہین کہ مدتون مرمت کی ضرورت نہین ہوتی خاص لندن کی بنی ہوئی پیٹینٹ ہے گارنٹی ۵ سال قیمت [illegible]

تاریخ دن چاند والی جیبی گھڑی



یہ گھڑی اعلی درجہ کی مضبوط بنی ہوئی ہے اور پیچ سب ڈبل پختہ یاقوت کی جڑی ہین سوا وقت کے تاریخ اور دن مہینا چاند کا گھٹنا بڑھنا ہر روز معلوم ہوتا رہتا ہے گارنٹی چھہ سال قیمت نمبر اول [illegible]

اسناد

سارٹیفکٹ نمبر [illegible]

مکرمی سلامت
آپ کی ایک واچ اور دو ولیتی پنسل اور ایک [illegible]
[illegible] نہایت عمدہ [illegible]
بموجب [illegible] حسن [illegible]
راقم سید [illegible] حال وارد [illegible]

سارٹیفکٹ نمبر [illegible]

جناب من جو گھڑی آپ [illegible] ۱۰ [illegible]
[illegible] عمدہ [illegible] خان [illegible]
راقم محمد [illegible]

ڈبل کیس روپہلی جیبی گھڑی



دوہر ڈھکنے کی اعلی درجہ کی خاص ولائتی نقشی روپہلی عمدہ خوشنما مضبوط قابل دید جیبی گھڑی جسکے صرف ڈھکنے ہمارے ہندوستانمین [illegible] کی لاگت سے نہین بن سکتے دیکھنے مین [illegible] کی معلوم ہوتی ہے گارنٹی ۳ برس [illegible]

ڈبل کیس سنہری جیبی گھڑی



یہ ڈبل کیس منقش اعلی درجہ کی عمدہ مضبوط قابل دید سنہری جیبی گھڑی ہے جسپر نہایت ہی دلچسپ مینا کا کام کیا ہوا ہے جس سے نہایت خوبصورت معلوم ہوتی ہے گارنٹی ۵ سال قیمت [illegible]

اسناد

سارٹیفکٹ نمبر [illegible]

جناب من — دسمبر ۱۸۹۲ء مین مین نے ایک جیبی گھڑی آپکے یہان سے منگوائی تھی اب تک
گھڑی بہت اچھی طرح سے چلتی ہے — ۲۱ فروری
راقم احمد اللہ سر رشتہ دار فوجداری
ناگپور
فقط

سارٹیفکٹ نمبر [illegible]

مہربان من — تسلیم — گھڑی آپکی بہت صحیح وقت دیتی ہے جیبی [illegible]
کارخانہ کی بہت [illegible]
آپکے کارخانہ کی تعریف ہے ۲۳ فروری
راقم [illegible] اللہ [illegible]
محلہ بازار

المشتہر سید محمد عبد اللہ علم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحۃ و گلدستہ چمنستان سخن و علمی جنتری کانپور ناز رام نراین گھڑی کی کوٹھی

مختلف قسم کی جیبی گھڑیان

کم خرچ بالا نشین لیڈی واچ



یہ گھڑی ریلوے فیشن کی کیس عمدہ اور مضبوطی
مع سوئی سکنڈ کے پرزے نہایت باریک
رقاص کی چول پر یاقوت جڑا ہی گارنٹی
۲ سال قیمت نمبرا ۸ عہ
ایضاً خالص چاندیکی قیمت ۱۵ عہ

دستی لکڑی مین جیبی گھڑی



یہ گھڑی لکڑی کی شام مین لگائی جاتی ہے
اور اسپر ایسا مضبوط ڈھکنا لگایا گیا ہے
کہ خواہ کیسی ہی بد احتیاطی کیون نہو
ہرگز صدمہ نہین پہونچ سکتا ہی اسکی پرزے
نہایت پائدار ہین گارنٹی ۵ سال ۱۵ عہ

رسٹ واچ



یہ گھڑی اُن صاحبون کے لیے زیادہ تر
مفید مطلب ہے جنکو ہر وقت ضروری اور
جلدی کام کرنا پڑتا ہی وہ اسکو کلائی
پر باندھتے ہین کہ ہر گھڑی گھڑی
پیش نظر رہے قیمت ۱۵ عہ

اٹومیٹک جیبی گھڑی



جسطرح یہ تصویر بتا رہی ہے کہ ایک بجکر ۱۵ منٹ
ہوئے ہین اسیطرح گھنٹہ کا ہندسہ بعد گھنٹے کے اور
منٹ کا ہندسہ بعد منٹ کے عجیب لطف سے
بدلجاتا ہی خالص چاندیکی جینوا لیور ہے
ہر چول پر یاقوت جڑا ہی نمبرا ۲۴ عہ نمبر ۲ للعہ

اسناد

سارٹیفکیٹ نمبر ۲۸

[illegible] عمدہ اور قابل تعریف [illegible] کارخانہ سے [illegible] مسٹر [illegible]
[illegible] اچھا [illegible] اسکول [illegible]
راقم [illegible]
۱۰ اگست ۱۹۰۵ء

سارٹیفکیٹ نمبر ۲۶

[illegible] گھڑی [illegible] ۱۰ اپریل ۱۹۰۵ء [illegible]
راقم [illegible]

خالص سونیکی جیبی گھڑی



یہ گھڑی ولایتی سونیکی ڈبل کیس نقشی
اعلیٰ درجہ کی لیوری جویل ہیرے جڑے
ہوئے ہین سونا ۱۰ کریٹ کا ہی اور عمر بھر
رنگ اسکا یکسان رہتا ہی نہایت
مضبوط پائدار پرزے عمدہ ہین
گارنٹی ۵ سال قیمت ۶۰ عہ

انگلش لیور جیبی گھڑی



کوئی شخص جو گھڑی کی حالات سے کچھ بھی
آگاہی رکھتا ہوگا وہ یہ بھی جانتا ہوگا
کہ تمام گھڑیون سے انگلش لیور گھڑی
بہتر ہی اور ہمیشہ ٹھیک وقت دیتی ہے
اوقات کے پابند لوگونکو اسے لینا چاہیے
گارنٹی ۷ سال قیمت [illegible]

اسناد

سارٹیفکیٹ نمبر ۲۴

جناب مہربانمن سلامت [illegible]
[illegible] گھڑی [illegible] امید کرتا ہون کہ [illegible] دو سال تک برابر چلتی [illegible]
[illegible]
راقم [illegible] ۱۹۰۵ء

سارٹیفکیٹ نمبر ۳۴

کرم و معظم بندہ سید محمد عبد اللہ صاحب
[illegible] السلام علیکم گھڑی [illegible] عمدہ نکلی فقط [illegible] اگست ۱۹۰۵ء
راقم
محمد حشمت اللہ نائب [illegible]
[illegible] شاہ پور

المشتہر سید محمد عبد اللہ تکلم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحۃ و گلدستہ چمنستان سخن و علمی جنتری کانپور بازار رام نرائن گھڑی کی کوٹھی

ادہم پاشا

مارشل ادہم پاشا غازی جنکے نام سے اب عموماً ہر فرد بشر واقف ہے خاص قسطنطنیہ مین ۱۸۴۹ء مین پیدا ہوے یہ رمی قاش خاندان کے معزز ممبرہین قسطنطنیہ کے برٹ انسٹیٹیوٹ کالج مین چار برس اور پانچ برس مختلف کالجون مین تعلیم پائی اوسکے بعد آسٹریا سوٹزرلینڈ اور یورپ کے اکثر حصون مین سفر کیا سب سے پہلے عثمانی فوج مین کپتان ہوے۔ یہ علاوہ فنون سپہ گری اکثر علوم مشرقی و مغربی سے ماہر ہین اپنے ہمعصرون مین زیادہ ذہین ہین اور ہمیشہ ہر علم وفن مین اپنے ساتھیون سے بڑھکر رہے انکی طبیعت کا زیادہ رجحان جنگی علوم کیطرف تھا کیونکہ ان مین بہ نسبت معمولی ترکون کے شجاعت کا زیادہ حصہ ہے چونکہ انکی طبیعت کو اس سے مناسبت تھی اسلیے فوجی تعلیم اور قواعد بڑے شوق سے سیکھے یہانتک کہ ۱۸۷۷ء مین جبکہ پلونا مین جنگ ہوئی تھی اور تمام عثمانی فوج کی کمان غازی عثمان پاشا کے ہاتھ مین تھی جو کہ قلعہ مین محصور ہوگئے تھے اور جنھون نے تاریخی دنیا مین یہ نمایان وقعت پیدا کی اونکی کمک کے لیے سلطان نے انھین ادہم پاشا کو بریگیڈیر جنرل بنا کے پلونا روانہ کیا تھا جہان ایک سخت جنگ ہوئی اور ادہم پاشا نے باتحتی عثمان پاشا وہ وہ کارنمایان کیے اور اسطرح جی کھول کے لڑے کہ دشمن بھی ٹھٹک گئے اکثر روسی ان دو تین افسرون کی لڑائی دیکھکر ششدر رہ گئے آخر کو عثمان پاشا کو ساتھ ادہم پاشا بھی سخت مجروح ہوئے اختتام جنگ پر اور مدحت پاشا کی موقوفی کے بعد وزارت پر معمور ہوئے سُنا ہے کہ صلح کے عہدنامہ پر انھون نے بہت تامل سے دستخط کیے تھے پھر کریٹ کی کمانڈر انچیف ہوئے اور کچھ عرصہ تک وزیر بھی رہے مختلف مقامات کی غدر اور بلوے فرو کیے فی الحال ۱۸۹۶ء مین دوبارہ کریٹ جو شاہ یونان سے جھنج گئی سلطان نے انھین کو تمام فوج کی کمان دی اور سرحد پر روانہ کیا۔ چند روز تک سلطان نے اسلیے جنگ کا نوٹس نہین دیا کہ شاید بغیر جنگ کے یونان سنبھل جائے اور دول عظام نے بہت کچھ سمجھایا مگر شاہ یونان نے اون مظالم کو موقوف نکیا جو کریٹ کے مسلمانون پر ہو رہے تھے بلکہ ادہم پاشا کی فوج پر کئی مرتبہ یونانیون نے شبخون بھی ماری اور آخر کو ادہم پاشا نے سلطان کی خدمت مین متواتر تار دیے جو پہلے تو عزت بے سکرٹری کی معرفت گئے مگر انھون نے اس مصلحت سے سلطان کو نہین دکھائے کہ شاید صلح ہو جائے مگر پھر ادہم پاشا نے وزیر جنگ کی معرفت اس مضمون کا تار دیا کہ اب حالت بہت ابتر ہو گئی ہے اگر جنگ کی اجازت نہ دیگئی تو دو ایک روز مین بہت بڑا نقصان ہو جائیگا سلطان نے مجبور ہو کر ۱۸ اپریل کو جنگ کا نوٹس دیا اور لڑائی سرحد پر شروع ہو گئی۔ ادہم پاشا نے دل کے حوصلے نکال شروع کر دیے۔ دن بدن اور ساعت بہ ساعت آگے کو بڑھتے گئے اکثر مقامات پر تو اس طرح ترک لڑے ہین کہ چودہ سو ۱۴۰۰ نے چودہ ہزار ۱۴۰۰۰ کے مقابلے مین سخت حملے کیے اور فتح بھی پائی اکثر اخبارون کے نامہ نگار کہتے ہین کہ ادہم پاشا مین غیر معمولی دانائی دیکھی گئی ہے جسے دوسری عبارت مین اعجاز کہتے ہین۔ ویلیر کی سٹرک پر ادہم پاشا نے اس ترکیب سے حملہ کیا کہ یونانی شکست کھا کر جو بھاگے تو واسٹینو اور لاریسا تک مین دم نہ کیا یہ صرف اونکے اوس تعاقب کا اثر تھا جو قواعد کی رو سے اسطرح کی گئی جسکی وجہ سے یونانی فوج پر اسطرح خوف غالب آیا کہ صرف لفظ ترک سے منھ کے بل گر پڑتے تھے۔ غرضکہ ادہم پاشا نے متواتر حملون مین تھسلی تک فتح کر لیا۔ آخر کو شاہ یونان نے صلح کا پیغام دیا اور دول یورپ نے بیچ مین پڑ کر لڑائی رکوا دی یہ جنگ یوروپ مین "ٹیون ڈیزوار" کے نام سے مشہور ہے جسمین ادہم پاشا کا اوتنا ہی نام ہوا جتنا پلونا مین غازی عثمان پاشا کا نام ہوا تھا صفحہ تاریخ مین جہان اس نمایان فتح کا تذکرہ ہوگا وہان بڑے روشن حرفون مین اس بہادر ہیرو پاشا کا نام بھی نظر آئیگا۔



عثمان پاشا غازی

مہذب دنیا مین غازی عثمان پاشا کے نام سے ہر فرد بشر واقف ہے ابھی حال مین جنگ یونان کے لیے اعلی افسر مقرر ہوے تھے مگر ادہم پاشا کی سرگرم خدمات نے غازی موصوف کو میدان جنگ مین قیام کرنیکی تکلیف ندی۔ غازی عثمان پاشا ۱۸۳۲ء مین ایشیای کوچک مین پیدا ہوے اور اب سوقت انکا سن چھیاسٹھ سال کا ہے۔ ابتدائی تعلیم و تربیت اپنے بڑے بھائی حسین آفندی کی نگرانی مین بمقام قسطنطنیہ پائی۔ اس مدرسہ سے نکلکر عثمان پاشا جنگی اسکول مین داخل ہوے۔ جہان اپنی خداداد لیاقت اور ذہانت کی نمایان قابلیت ظاہر کی ۱۸۵۲ء مین انکو اعلی درجہ کی سندات اور لفٹننٹ کا عہدہ ملا۔ جنگ کریمیا شروع ہونے پر یہ داخل اسٹاف ہوے اور وہ بہادری دکھائی کہ خاتمہ جنگ پر قسطنطنیہ مین امپیریل گارڈ کے کیپٹن بنائے گئے۔ اس عہدہ کے تھوڑے ہی دنون بعد میجر کا عہدہ ملا۔ پاشا موصوف جزیرہ کریٹ کی لڑائی ۱۸۶۶ء لغایت ۱۸۶۹ء مین شریک رہے اور جب اس جزیرہ سے مع الخیر واپس ہوے تو اول کرنیل اور بعد ازان بریگیڈ جنرل بنا کر پانچوین آرمی کورپس کی کمان عطا کی گئی جنگ سرویہ مین نمایان کامیابی حاصل کرنے پر اعلی حضرت سلطان المعظم نے فیلڈ مارشل کا خطاب دیا اور جنگ روم روس شروع ہونے پر بحکم سلطانی عثمان پاشا کی کمان ۲۶ بٹالین ۶ اسکواڈرن اور ۱۷۴ توپ پر وسیع کیگئی جولائی ۱۸۷۷ء مین اس نامور اور بہادر جنرل نے پلونا کو مضبوط کیا اور اپنی کمان کے ایک بڑے حصہ فوج سے اس جگہ وہ کارنمایان کیے جو تاریخ عالم مین عرصہ تک یادگار رہین گے۔ زار روس فوج پر فوج روانہ کرتے تھے اور شیر پلونا کی مردانگی اور جرأت کے سامنے کچھ پیش نہ جاتی تھی ترکون کے صبر و تحمل اور جرأت و ہمت کا اقرار اس جنگ مین مخالفین روم تک نے کیا۔ اور عثمان پاشا کو غازی کا معزز خطاب بعالی کے حضور سے مع اول درجہ تمغہ عثمانیہ مرحمت ہوا۔ قریب چھ ماہ متواتر محاصرہ جاری رہا روسی فوج کا ایک تانتا بندھا ہوا تھا اور خود جناب زار کو پلونا کی فتح کرنیکا خیال بیتاب کیے ہوے تھا۔ یہ محض عثمان پاشا کا حسن انتظام تھا کہ باوجود کمی سامان حرب و کمی فوج و قلت خوراک کے دشمن کی جملہ تدابیر بے سود و رائگان ہوئین۔ بالآخر کمی آذوقہ سے تنگ آکر عثمان پاشا نے محاصرہ سے نکلنا چاہا مگر بدقسمتی سے جن تدابیر کے عمل مین لانے اور کمک طلب کرنیکا انتظام کیا گیا تھا وہ تمام کاغذات قاصد کے گرفتار ہو جانیسے روسیونکے ہاتھ لگ گئے ادھر وزیر جنگ کی غفلت سے زیادہ کمک نہ پہونچ سکی۔ روسی جنرل فوج کا راستہ روکے پڑا تھا اور پلونا مین فاقہ پر فاقہ ہوتے تھے۔ آخر دس دسمبر ۱۸۷۷ء کو غازی عثمان پاشا نے فوج مخالف پر ایک غضبناک حملہ کرکے نکل جانا چاہا مگر جو راستہ نکلجانیکا سوچا تھا وہ پہلے ہی سے دشمنون نے کامل طور پر مضبوط کر رکھا تھا۔ روسیون نے حملہ کرکے توپخانہ کے ایک حصہ پر قبضہ کر لیا۔ غازی عثمان پاشا مکرر حملہ کرکے قلعہ مین واپس جانیکی کوشش کر رہے تھے کہ پانون مین گولی لگنے سے سخت مجروح ہوکر گھوڑے سے غش کھاکر گر پڑے اور پھر افسر ماتحت نے مقابلہ فضول سمجھکر علم صلح بلند کیا جب عثمان پاشا کو ہوش آیا تو علم کو دیکھکر آنسو نکل پڑے اور بلا کسی شرط کے خود کو دشمن کے حوالہ کر دیا۔ جب روسی جنرل نے دریافت کیا کہ آپ کن شرائط پر فوج کو حوالہ کرنا چاہتے ہین تو غازی عثمان پاشا نے کمر سے تلوار کھولکر سامنے رکھدی اور کہا کہ مین نے تلوار سے ہاتھ اوٹھا لیا اب قلم کو کیا ہاتھ لگاؤنگا مگر ہان فوج بھوکی ہے اسکو جلد غذا بہم پہونچاؤ۔ گرینڈ ڈیوک سپہ سالار افواج روس نے آپ سے مصافحہ کرکے کہا کہ مین تمھارے پلونا کے محاصرہ کی تعریف کرتا ہون آپ نے وہ شاندار فوجی کام کیا کہ دنیا کی تاریخ مین جسکی نظیر نہین۔ مارچ ۱۸۷۸ء مین جب صلح ہو گئی تو عثمان پاشا قسطنطنیہ روانہ کیے گئے اور امپیریل گارڈ کے کمانڈر انچیف مقرر کیے گئے اور تھوڑے دنون کریٹ کے گورنر جنرل بھی رہے۔ دسمبر ۱۸۷۸ء مین وزیر جنگ کیے گئے۔ چنانچہ اسی عہدہ پر اب تک معمور ہین۔ اسی حیثیت سے سرحد تھسلی پر بحکم سلطانی معائنہ انتظام جنگ و نیز امیر المومنین کا فوج کو سلام و رسم بجا آوری سپاہ عمل مین لانیکے لیے روانہ کیے گئے تھے



عجیب و غریب ٹائم پیس گھڑیان

ستار بجانیوالی ٹائم پیس	منہ چلانیوالی ٹائم پیس	آنکھ سے اشارہ کرنیوالی ٹائم پیس	کبوتروالی انوکھی ٹائم پیس
			
اسمین ایک نازنین عورت اس خوبصورتی سے ستار بجاتی ہی کہ جس سے حیرت ہوتی ہے اسکے ہاتھ کی چل پھر ستار کے تارون پر عجیب لطف دیتی ہی گارنٹی ۲ دوسال قیمت للعہ	اس ٹائم پیس مین ایک چہرۂ خندان بنا ہوا ہے جسکا منہ کھلا ہوا ہی اور اوسمین عجیب طور سے زبان ہلتے ہوے دکھائی دیتی ہی گارنٹی دوسال قیمت للعہ	اسمین ایک پریزاد چہرہ بنا ہی جسکی آنکھین ایک نکیلی ادا سے ہر وقت جنبش کرتی کرتی ہوئین معلوم ہوتی ہین اسکی گارنٹی دوسال قیمت للعہ	اسمین ایک حسین عورت کے ہاتھ پر ایک چڑ ہل ہل کر دانہ کھاتی ہوئی نظر آتی ہے جس سے نقل اور اصل مین مطلق فرق نظر نہین آتا ہی گارنٹی ۲ سال قیمت للعہ

متبرک جیبی گھڑے



موجودہ زمانہ کی جبکہ نئی نئی ایجادین دیکھنے مین آتی ہین یہ متبرک جیبی گھڑی بھی غنیمت ہے اسکے ڈائل پر بخط نسخ نہایت پاکیزہ بسم اللہ شریف اور اسی کے محاذی کلمہ طیب سنہرے حرفون مین لکھا ہوا ہی بعد اوسکے اسکے گھنٹے کے ہندسے آسمانی رنگ کے نہایت چمکدار جگمگا رہے ہین اوسکے بعد ایک خوشنما حلقے مین سنہرے حرفون سے خط نسخ مین نہایت پاکیزہ دعای لی خمسۃ الخ اور درود معظم قابل ورد لکھا ہوا ہے **پس** اے برادران اہل اسلام ای بندگان درگاہ کبریا ای عاشقان سرور انبیا ای جان نثاران آل و اصحاب کبار یہ گھڑی آپکے پسند اور عظمت کرنیکے قابل ہے یا نہین اور یہ بھی فرمایے کہ اگر مقابلہ اور ارزان گھڑیون کے یہ گھڑی آپ کو نہایت کم قیمت کو ملے تو آپ اور گھڑی خواہ وہ سادہ ہو یا تصویردار اوسکو لینا پسند کرین یا اسکو اور پھر وقت بھی نہایت ٹھیک دیتی ہے اور مضبوطی بھی ایسی ہے کہ انکی گارنٹی ۲ دو سال کی ہی اور انکے ہمراہ ایک خوشنما چین بھی ہے اب تو ہمارے نزدیک اس گھڑی کو آپ ہم خرما و ہم ثواب سمجھکر ضرور خرید کرینگے کہ ہر وقت اسما خدا و رسول اور کلمہ طیب اور درود شریف کی زیارت ہوا کریگی قیمت

المشتہر سید محمد عبد اللہ عالم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحۃ و گلدستہ چمنستان سخن و علمی عنبری کانپور بازار رام نراین گھڑی کی کوٹھی

ایماندار کلاک اور ٹایم پیس گھڑیان!!

گرجا کلاک



اس گرجا کلاک کے پرزے پائدار رفتار مناسب ہے نیز علاوہ وقت کا نہایت صحیح ہے مزید بران یہ وصف ہے کہ آٹھ دن کی کوک کا مع الارام ہے قیمت صرف ۱۳ عہ
ایضاً پندرہ روزہ کوک کا قیمت ۱۶ عہ

ایماندار کلاک



آفس کلاک



یہ کلاک بڑے بڑے جلیل القدر افسرون کے مکان اور دفترون مین علی العموم مقبول ہو چکا ہے اسکے پرزے پائدار وقت بہت ٹھیک دیتا ہے کنجی آٹھ دن کے بعد دیجاتی ہے گارنٹی ۶ سال قیمت نمبر۱ [illegible] نمبر۲ [illegible]

عجیب غریب متبرک کیرج کلاک



نئی انوکھی ایماندار ٹایم پیس



بالکل نئی ایماندار ارگن کلاک



اے پاک طینت صاف باطن ایماندار مسلمانو آپ ہی لوگون کیواسطے یہ نوایجاد گھڑیان بنائی گئی ہین انکے ڈائل پر عجیب غریب صنعتون کی ساتھہ بارہ نمبرون کے اوپر آیۃ الکرسی اور وسط مین دعای خمسہ بخط طغرا طلائی حرفون مین اس عمدگی اس خوشنمائی اس دلربا صورت مین قرین کی گئی ہین جنکی زیارت سے نہ صرف حیرت ہی ہوگی بلکہ یک بیک اسلامی شان و شوکت کے نمونے آپکی آنکھون مین پھر جاوینگے اور نیز اوسی حیرت اور استعجاب مین آپکی مذہبی روشنی سے پُر نور نگاہونکو ہر گھنٹے کے نمبرون کی محاذی سلسلہ وار وہ بارہ اسماے گرامی نظر آئینگے جنکے نور سراپا ظہور سے شش جہت منور ہو رہا ہے یہ وہ اسمای برگزیدہ ہین جو ہر درد کی دوا اور ہر مرض کی شفا ہین اور جنکی بزرگی کا نقش ہر مسلمان کے دل پر کندہ ہے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ آیۃ الکرسی کی برکت اسماے متبرکہ کی زیارت اور دعاے خمسہ کی عظمت سے کس قدر آپکے معصوم بے زبان بچے آپکے اہل و عیال آپ کی ہر عزیز جان آپکا ذرا ذرا مشقتون کا اندوختہ مال آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہسکتا ہے اور کس درجہ اسکی برکت سے آپ کے دینی و دنیوی کامون مین بہبودیان پیدا ہوسکتی ہین۔ اس خوبی کی یہ گھڑیان ہین کہ جسکی خریداری ہم خرما و ہم ثواب کی مثل کے مصداق ہے ہر مسلمان کو ایک گھڑی اس برکت کی لیکر رکھنا بہت ضروری ہے۔ گارنٹی ایک سال قیمت متبرک کیرج کلاک   قیمت ایماندار ٹایم پیس ۷ر قیمت ایماندار ارگن کلاک

المشتہر سید محمد عبداللہ عکم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحت و گلدستہ ہفتان سخن و علی جنتری [illegible] گھڑی کی بمبئی

جارج اول شاہ یونان

یہ فرمانروا شاہ ڈنمارک کا دوسرا بیٹا ہی یہ ۱۸۶۳ء مین ہیلنیس کا بادشاہ بنایا گیا شہزادہ کانسٹنٹینوس ولیعہد ہے ۱۸۶۸ء مین پیدا ہوا اسکے ہاتھ پانون والا بڑے کلّے ٹھلے کا آدمی ہی یہ اوس ملک پر حکومت کرتا ہی جو کسی زمانے مین تمام روی زمین کا ذریعہ افتخار تھا یونان وہی ہے جہان افلاطون۔ ارسطو۔ بقراط اور فیثاغورث وغیرہ پیدا ہوے جسکی سرزمین کے تمام نباتات۔ جمادات اور حیوانات عقل کل اور حکیم مطلق کی عمدہ نمونہ تھے مگر اب اسکی وہ ردی حالت ہی کہ تمام دنیا کے بیوقوف اور ذلیل ممالک بھی اسپر طعنہ زن ہین روز بروز اقبال و اجلال کو تنزل ہوتی جاتی ہی یہ جنوبی مشرقی یوروپ مین ایک بحری سلطنت ہی رقبہ بحساب ۲۵۰۴۱۷۷ میل مربع کے ہی آبادی ۱۹۲۲۴۰۰۰۰۰ ہی صوبون مین تقسیم ہے زمین پہاڑی ہی ساحل بحر مرتفع نباتات بکثرت مگر زراعت بہت کم مختلف میوہ جات پیدا ہوتے ہین فوج ۲۲۶۰۷ فوج بحری ۳۰۹۸-۳ جنگی جہاز اور کئی چھوٹے جہاز ہین ۵۶۰ میل ریل ۴۵۶۹ میل تار برقی تجارتی دخانی جہاز ۱۰۳۔ اور ۵۰۰۹ بادبانی۔ آمدنی ۴۴۶۸۰۰۰ پونڈ اور خرچ ۴۲۲۰۰۷۷ پونڈ اتھنز دارالسلطنت ہی جسکی آبادی ۱۱۴۳۵۵ ہی عیسائی باشندے زیادہ ہین کچھ اہل اسلام کا بھی حصہ ہے فی الحال ۱۸۹۷ء مین کریٹ کیوجہ سے سلطان کے مخالف ہوگئے جنکے پہلے زیر فرمان تھے یورپ کی دو ایک طاقتون نے اشتعال دی مگر فرانس جرمن ر اور دیگر دول یوروپ نے بہت فہمایش کی اور جنگ کو منع کیا مگر چونکہ شاہ یونان کے کان اسباب سے خوب اچھی طرح بھر دیے گئے تھے کہ اونکی مدد کیجائیگی اور وہ فتح حاصل کرینگے اسلیے جنگ سے باز نہ آئے اور آخر کو بمجبوری سلطان نے پیشقدمی کی ادہم پاشا کی زیر کمان البنی اور ترکی فوج یونان مین روانہ کی جسکی تعداد قریب تین لاکھ کے تھی پہلے ہی سخت حملہ مین ۳۶ گھنٹے آگے بڑھی اور لاسونا وغیرہ فتح کرلیا اسیطرح ادہم پاشا بڑی استقلال اور بہادری سے آگے بڑھتے چلے گئے سات لڑائیون مین یونان کے رخ ڈھیلے ہوگئے اول تو خزانہ خالی تھا چندہ پر لڑائی ہوئی دوسرے فوج خراب اور زیادہ تر قواعد دان تھی جسکی وجہ سے یونان کو متواتر شکستین ہوئین آخر کو دول یورو سفارش کرائی کہ سلطان پندرہ روز کی مہلت دین سلطان نے منظور مگر اتنا کہدیا کہ صوبہ تھسلی جو اونکے قبضہ مین آچکا ہی اسکو ہرگز نہ چھوڑینگے اسکے علاوہ تاوان جنگ ۱۸ کرور کا مطالبہ کیا گیا جسکی رد و قدح کی اجازت دیدی گئی پندرہ رو گذرجانیکے بعد سلطان نے پھر تقاضا کیا اور تاوان جنگ کے وصول کرنے مین کچھ دھمکیان دین تھسلی کا کل انتظام کرکے ادہم پاشا کو اطلاع دی کہ وہ ہماری تار کا منتظر رہے ہم جب حکم دین فوراً اتھنز پر حملہ کرے۔



شاہ یونان نے دول عظام سے بطور عاجزی ظاہر کیا کہ اگر میرے حق مین بہتر ہو تو مین تخت خالی کرنے پر راضی ہون۔ چند امور اس جنگ مین ایسے ظاہر ہوے جو ترکی اور شرافت پر دال تھے اول تو یہ کہ ترکون نے رعایا مین سے ایک متنفس کو بھی ضرر نہین پہونچایا جیسا کہ عموماً لڑائیون مین ہوا کرتا ہی بلکہ شکست خوردہ یونانی ہی ساتھیونکو بھاگتی ہوئی تباہ اور پامال کرگئے۔ دوسرے یونانیونکی بیس ہزار سپاہی بلکہ کچھ اس سے بھی زیادہ کام آئے اور ترکونکی صرف ۹ سو ۹۱۔ یورپ مین یہ سیون ڈیز وار کی نام سے مشہور ہی یعنی سات روز کی لڑائی جسمین دارا نیارا ہوگیا تھسلی اور دیگر اضلاع مقبوضہ مین سلطانی فوج قریب ۵ لاکھ کی مجتمع ہوگئی جنگ کے انتظار مین ترکونکا جوش قابل تعریف تھا یہانتک کہ صرف حملہ کرنے پر اسقدر خوش ہوتے تھے کہ گویا فتح کیے ہوے مقامات پر قبضہ کرنیکا حکم ہوا ہی ترکی یونانیونکو اپنے قریب دیکھتے تھے تو عین جنگ مین خوشی کے مارے چوتڑ پیٹتے اور قہقہے لگانے لگتے تھے جیسے کوئی دیو کسی آدم زاد کو دیکھکر ناچنے لگے اور خوش ہوکر اب جب چاہین گے اسے نگل لینگے۔ ادہم پاشا کا نام اسقدر ہوا کہ جیسا جنگ پلونا مین عثمان پاشا کا نام ہوا تھا اور واقعی انہین غیر معمولی دانائی پائی گئی اور انھون شجاعت اور استقلال کی معجزے دکھلائے ہین دول یورپ نے چاہا کہ صوبہ تھسلی یونان کو واپس کیا جاے جسپر ہر ایک ملکی اور فوجی افسر و سپاہی نے جوش کیا اور وزیر اعظم سے لیکر ادنی سپاہی تک استعفا دینے پر تیار ہوگیا پانچ لاکھ فوج نے یکزبان ہوکر کہا کہ اگر تھسلی یونان کو دیدیا جائیگا تو ہم سلطان کی ملازمت ہین بلکہ بطور والنٹیر کے لڑینگے اگر یونانی زبردست ہین تو ہمکو اپنے علاقہ سے نکالدینگے۔ شیخ الاسلام نے بھی فتوی دیدیا ہی کہ تھسلی کا واپس کرنا خلاف شرع ہے۔

بقیہ حالات یونان

یونان ایک چھوٹی سی سلطنت ٹرکی کے ہمسایہ مین جنوب کیطرف واقع ہے۔ یہ کسی زمانے مین ٹرکی کا ایک حصہ تھا اپنی نا عاقبت اندیشی سے آجکل اخباری دنیا کو اپنی طرف متوجہ کیے ہوے ہے۔ ولادت مسیح علیہ السلام سے پہلے علم و ہنر تہذیب و شایستگی مین تمام روے زمین پر سبقت لیگیا تھا۔ اسی ملک کے حکیمون نے فلسفہ و منطق کو ایجاد کیا ہے۔ یورپ وغیرہ مین جسقدر علمی ترقی ہوئی ہے یونان ہی کی تحقیق کی بدولت۔ یہی سلطنت قریب قریب نصف کرۂ زمین کی سرتاج تھی اب دیکھیے تو کچھ عجب حالت ہی سلطنت عثمانیہ کی ماتحتی کے علاوہ اسطرح معرض زوال مین ہے کہ دنیا مین کوئی سلطنت ایسی تباہ و پریشان نہین ہے۔ شاہ یونان نے کئی مرتبہ بغاوت کی پہلی مرتبہ سنہ ۱۷۷۰ء مین دوسری دفعہ سنہ ۱۷۹۰ء مین دومرتبہ تیسری دفعہ سنہ ۱۸۲۱ء سے سنہ ۱۸۲۹ء تک بغاوت کا سلسلہ جاری رہا دول عظام کی رعایت سے ایک علیحدہ سلطنت قائم کرکے آزاد کردیگئی لیکن سنہ ۱۸۳۲ء مین ۲۹ سا کے بعد دول عظام نے اول بادشاہ کو خارج کرکے موجودہ شاہ ڈنمارک کو شاہ یونان بنایا مگر اسنے اپنے بیٹے شاہ حال کو تخت سپرد کیا اور اسکو خزانۂ یونان سے ۱۱ لاکھ ۲۵ ہزار فرانک صرف خاص کے لیے ملتے ہین اور فرانس اور روس اور انگلستان بھی چار چار ہزار پونڈ سالانہ دیتے ہین اور بوجہ ہم مذہب ہونے کے شاہان روس کو اہل یونان سے ہمیشہ ہمدردی رہی ہی۔ جنگ روم و روس کے بعد مقبوضات ٹرکی سے تھسلی کا صوبہ اور صوبہ ابابترس کا کچھ حصہ روس نے یونان کو دلوادیا اس سے سنہ ۱۸۸۵ء مین اسکو پھر جرأت ہوئی کہ کچھ اور دبالے اور حملے کی تیاریان شروع کین مگر دولت عثمانیہ نے دو ہفتے کے اندر ۴ لاکھ فوج سرحد پر جمع کردی تو یونان کو ہوش آیا اور دول عظام نے صلح کرادی۔

کنگ جارج موجودہ شاہ یونان حضور پرنس آف ویلز کا خسرپورہ اور شاہ ڈنمارک کا بیٹا ہے اور زار روس کا مامون ہی اسکی بیوی زار روس کے رشتے مین پھوپھی ہے اور اوسکے ولیعہد کی بیوی شہنشاہ جرمن کی ہمشیرہ ہی اور شاید اسی وجہ سے اسقدر خودسری پر کمربستہ ہے کہ بڑے بڑے شہنشاہ اس کے رشتے دار ہین اور اس لیے اسکی جاوبیجا کارروائیون پر چشم پوشی کیجائیگی ہم خیال نہین کرتے کہ معاملات سلطنت مین کبھی قرابت و رشتہ داری کا کچھ خیال کیا جاتا ہے کیا۔ شہنشاہ جرمنی حضور ملکہ معظمہ کے نواسے نہین اور کیا زار روس بھی ہر مجسٹی کے رشتہ دار نہین لیکن معاملات سلطنت مین وہی جرمنی ہے جو انگلستان کی دوستی کو روس کے لیے قربان کرنے مین تیار ہی اور وہی روس ہے جس کی روک تھام کے لیے ہندوستان کی سرحد پر کڑورون روپیہ صرف کیا جاتا ہی۔

انگریزی سلطنت کے ہندوستان مین فوائد۔ (۱) ہمین جرأت دلائی گئی کہ ہم اپنے شہری اور رعایا ہونیکے حقوق طلب کرین (۲) شہرون مین صفائی کا انتظام کیا گیا (۳) جابجا دخانی کلونکے کارخانے ہند مین قائم ہوتے جاتے ہین (۴) مختلف قسم کی مذہبی اور قومی انجمنین قائم ہوئین (۵) ستی موقوف ہوئی۔ (۶) ٹھگونکی قوم نابود کیگئی۔ (۷) پختہ سڑکین کثرت سے بنائی گئین۔ (۸) آبپاشی کے لیے نہرین کھودی گئین (۹) بچہ کشی کی رسم منسوخ کیگئی۔ (۱۰) انسانی قربانی قطعاً بند کیگئی (۱۱) ملک کی طول و عرض مین ریل گاڑی دوڑنے لگی (۱۲) ہر جگہ تار برقی کا سلسلہ کھولا گیا۔ (۱۳) بہت کم اور یکسان محصول پر ڈاکخانے تمام ملک مین کھل گئے۔ (۱۴) ملازمون کیلیے ہفتے کا ایک روز تعطیل کا مقرر کیا گیا (۱۵) مدرسے کالج اور یونیورسٹیان کھولی گئین (۱۶) ایک عام زبان یعنی انگریزی ملک مین رواج دیگئی جسمین جدید علوم کے خزانے موجود ہین (۱۷) تعلیم نسوانکی تحریک کیگئی اور معالجہ نسوان مین سعی کیگئی (۱۸) دیسیونکو سرکاری ملازمت کے اعلی درجون مین شراکت کا وعدہ دیا گیا (۱۹) انصاف بلاتمیز مذہب و قوم و رنگ و درجہ کھلی عدالتونسے ملتا ہی (۲۰) بحری اور بری آمد و رفت مین سہولت پیدا کیگئی (۲۱) خیراتی شفاخانے تمام ملک مین کھولے گئے (۲۲) ڈاکہ زنی بند کیگئی (۲۳) علوم طبعی اور ذہنی کا رواج دیا گیا (۲۴) امتحانات سول سروس کیلیے مقابلہ مقرر کیا گیا (۲۵) فن چھاپہ کو ملک مین دخل دیا گیا (۲۶) اخبارات کو جاری کرکے آزادی کی نعمت عطا کیگئی (۲۷) بذریعہ ہر زبان کے مختلف اخبارات و رسالجات ملک مین ارزانی سے پھیلنے لگے (۲۸) ہر مذہب کے پیرون کو اپنے مذہب کے ارکان ادا کرنیکی پوری آزادی دیگئی (۲۹) ٹیکا چیچک سے بہت جانین ضایع ہونے سے بچتی ہین (۳۰) قیدیون سے جیلخانون مین مہذبانہ سلوک کیا جاتا ہی اور اونھین باہر جاکر روٹی کھانیکے لیے پیشے سکھائے جاتے ہین (۳۱) بذریعہ نلونکے بڑے بڑے شہرون مین مقطر پانی بہم پونہچایا گیا (۳۲) ہمین تقریر کی آزادی دیگئی

خالص چاندی کی ڈبل کیس جیبی گھڑیان

خالص چاندی کی ڈبل کیس جنیوا گھڑی



خالص چاندی کی ڈبل کیس جنیوا لیور گھڑی



سارٹیفکیٹ نمبر ۲

عنایت فرمائے بندہ [illegible] گھڑی [illegible] عمدہ [illegible] ضلع [illegible]

راقم [illegible]

اس گھڑی کا قد اوسط درجے کا خالص چاندی کی دوہرے ڈھکنے کی منقش ہے پرزون کی عمدگی اور چال کی صحت قابل دید ہے اسکی مضبوطی کی صفت جہانتک ہو کم ہے گارنٹی ۴ سال قیمت پندرہ روپیہ عہ

اس گھڑی کے دونون ڈھکنے نہایت ہی خوشنما نقشی خالص چاندی کی ہین کنجی اوپر سے دیجاتی ہے جویل سب یاقوت کی جڑے ہوئے ہین جنیوا لیور ہے اسکے پرزونکی مضبوطی مشہور ہے گارنٹی چھہ سال فی عہ

سارٹیفکیٹ نمبر ۳

[illegible] گھڑی [illegible] عمدہ

راقم [illegible]

خالص چاندی کی جان بیرل گھڑی



خالص چاندی کی کروڈائمز جیبی گھڑی



سارٹیفکیٹ نمبر

[illegible]

راقم [illegible]

یہ گھڑی ڈبل کیس نقشی خالص چاندی کی لیور ہے اور نہایت ہی مضبوط ہے ہر شخص اسکا مداح ہے جان بیرل کمپنی کی ساختہ ہے باعتبار ظاہری باطنی خوبیون کے یہ گھڑی اپنی آپ ہی نظیر ہے گارنٹی چھہ سال قیمت پچیس روپیہ عہ

یہ گھڑی نہایت نفیس اعلی درجے کی کارخانے کی بنی ہوئی ہے جسکی مضبوطی اور خوشنمائی قابل دید اور لائق خرید ہے شائقان اسے ضرور منگا کر آزمایش فرمائین باوجود ان سب خوبیون کے قیمت اسکی صرف عہ

سارٹیفکیٹ نمبر

سوداگر صاحب تسلیم ایک گھڑی [illegible] منگائی تھی وہ گھڑی ابھی تک اچھی ہے [illegible]

راقم زبیر الحسن موضع [illegible] ڈاکخانہ اسلام پور

المشتہر سید محمد عبد اللہ علم جنرل مرچنٹ ڈمیستن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحۃ و گلدستہ چمنستان سخن و علمی خبری کانپور بازار رام نراین گھڑی کی کوٹھی

کسی مہرو کی خاطر ہمکو اک جھومر بنانا ہے | فلک بیچے تو ہم عقدِ ثریا مول لیتے ہین

اس جھومر مین چارون طرف موتیون کی لڑیان اور نیچے
آبدار اور رنگین موتی بھی جا بجا لگے ہوے ہین سب سے
عجب نفاست ہے آویزان ہے۔ ناظرین اگرچہ
لیکن جو صفائی عمدگی خوشنمائی صوفیانہ ہین
یہ جھومر خاص اُسی کاریگر کے ہاتھ کا بنا ہے
بڑے بڑے کاریگرون کو حیرت ہوگئی ہی آپ
چیز ہے۔ اگر ناپسند ہو تو واپس کر دیجیے گا
پانسو ۵۰۰ سے کم کا نہ آنکے گا قیمت

کی پٹری مین سلمہ ستارے کے پھول اور اونمین موتی نہایت
نیچے موتیون کی جھالر جنمین رنگین موتی بھی شامل ہین۔
اس جھومر کو آپنے اور اشتہارونمین بھی دیکھا ہوگا۔
اس جھومر مین ہے وہ اونمین کہان وجہ یہ ہے کہ
جسنے وہ نوطرز زیورات ایجاد کیے ہین کہ جس سے
اسکو منگا کر ملاحظہ کیجیے اوسوقت کہیے گا کہ یہ کیا
اب اور کیا عرض کیا جاے۔ دیکھنے والا اسکو
صرف دو روپیہ ۲ کا ہے۔



آویزے



پھولونگ



ولایت کی ایک صناع نے ہند کی نفیس طبیعت بیگمات کے کانونمین پہننے کے لیے یہ گلاب کے پھول کے آویزے بنائے ہین جو بالکل اصلی پھول کے معلوم ہوتے ہین استعمال سے خراب اور ماند نہین ہوتے قیمت فی جوڑی آٹھ آنہ ۸

سارٹیفکٹ نمبر ۴

عنایت فرماے من سید محمد عبداللہ صاحب عالم [illegible]
دام عنایتہ بعد تسلیم کے [illegible] جو آپ نے [illegible] ہمارے پاس
روانہ کی ہین وہ بہو بخین اور پسند آئین۔ فقط
راقم [illegible]
دربار [illegible] ۱۲ اپریل ۱۸۹۲ء

سارٹیفکٹ نمبر ۳

[illegible]
راقم محمد امین [illegible]
فقط

الملتمس سید محمد عبداللہ عالم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحۃ و گلدستہ چمنستان سخن و علمی جنتری کانپور بازار رام نراین گھڑی کی کوٹھی

عباس حلمی پاشا خدیو مصر

عباس پاشا حلمی جی-سی-ایم-جی ۱۴ جولائی ۱۸۷۴ء کو پیدا ہوے اور ۷ جنوری ۱۸۹۲ء کو تخت نشین کیے گئے یہ ولیعہد محمد علی بے کے چھوٹے بھائی ہین اپنے باپ دادا سے کہین لائق اور فہمیدہ ہین مگر انکی کوئی کارگزاری معلوم نہین ہوسکتی اور نہ اسکا ثبوت ممکن ہے کیونکہ انکو مصر مین کسی قسم کا اختیار نہین ہے یہانکا کل انتظام انگریزون کے اختیار مین ہے اور وہی تمام سیاہ وسفید کے مالک ہین اس مداخلت کی اصل بنا اور اوسکے بانی خدیو حال کے باپ دادا اسمٰعیل پاشا اور توفیق پاشا تھے۔ جنھون نے بدنظمی اور ناتجربہ کاری سے مصر کو آٹھ کرور پونڈ کا مقروض کر دیا تھا جسکی وجہ سے خدیو اسمٰعیل نے نہر سوئز کا ۴۰ لاکھ پونڈ کا حصہ انگریزون کے ہاتھ بیچ ڈالا اور اسکے علاوہ اپنی ذاتی جائداد بھی بہت سی انگریزی اور فرانسیسی ساہوکارون کے مطالبات پورا کرنیکے لیے مکفول کر دی نہر سوئز اسمٰعیل ہی کے زمانے مین ایم-ڈی-لیسپ فرانسیسی انجنیر نے کھودی تھی یہ کام جبکہ ۱۸۶۹ء مین ختم ہوا اسمٰعیل پاشا نے یوروپ کی سلطنتون مین پھر کر اس نہر کے کھولنے کے لیے سب کو مدعو کیا تھا اسمٰعیل پاشا کی بداقبالی جبھی سے ظاہر ہونے لگی جبکہ انھون نے یوروپ کے قدم پر قدم رکھنا شروع کیے اور انھین کا تتبع اختیار کیا جسکے باعث سلطان روم انسے ناراض ہوے مگر انھون نے بہت جلد اطاعت کا یقین دلا کر پھر سلطان کو منا لیا اور ایک ایسا فرمان حاصل کیا جسکے ذریعہ سے اپنے بیٹے توفیق پاشا کو خدیو مصر بننے کا حقدار ٹھہرا لیا اور آخر وہی ہوا کہ خدیو اسمٰعیل کو نالائقی کی وجہ سے خانہ نشین ہونا پڑا اور انکی جگہ توفیق پاشا کو ملی انکے زمانہ مین مصر اور بھی روز بروز کمزور ہوتا گیا اور انھین کے عہد مین عربی پاشا نے بغاوت کی اور مہدی پاشا نے سوڈان پر قبضہ کیا یہی موقع تھا جبکہ انگریزون نے مصر مین اپنی چھاونی چھائی توفیق پاشا اپنے باپ سے زیادہ انگریزون کا معین تھا۔ مہدی کے روکنے کے لیے جب انگلستان سے فوج آئی تو سلطان نے ہاتھ کھینچ لیا انگریزون نے چونکہ جان دل سے مصر کی مدد کی اسلیے اونکو ایک حق اور رسوخ حاصل ہوگیا انھون نے بہت جلد مصر کے خالی کر دینے کا وعدہ کیا تھا مگر اب کہتے ہین کہ جب تک مصر کی حالت اور انتظام بالکل درست نہ ہوجائیگا مصر نہ خالی ہوگا۔ خدیو حال نے دو ایک مرتبہ چند امور مین انگریزون کی مخالفت کی تھی مگر اب بالکل مجبور ہین کوئی کام بغیر لارڈ کرامر (انگریزی مختار) کے نہین انجام پا سکتا حتی کہ وزیر کی موقوفی بحالی بھی بغیر مشورہ کے ممکن نہین۔ ریاض پاشا وزیر اعظم تھے۔ اب اونکی جگہ پر نوبر پاشا ہین۔ مصر سلطنت ٹرکی کا ایک صوبہ تھا اور اسکا خراج ۶۹۵۷۹۲ پونڈ ہے اسکا ۳۹۴۲۴۰ میل مربع ہے ۱۰۳۲۸ میل مربع قابل زراعت اور ۱۳۳۶۳ میل مربع باقی شہرونکی آبادی اور سڑکون وغیرہ مین چھپی ہوئی ہین آبادی ۹۰ لاکھ ہے ۱۴ ہزار فوج خدیو کی اور قریب ۳ ہزار کی انگریزونکی ہے جسمین کریسی۔ اٹلی۔ فرانس۔ اسٹریا اور انگلستان وغیرہ کے لوگ ہین اور اضلاع جو مصر کے متعلق تھے اونکا رقبہ ۶۴۰۰۰۰ میل مربع ہے اور آبادی ۱۱۰۰۰۰۰۰۔ آمدنی ۱۰۰۱۰۰۰۰ خرچ ۹۵۵۰۰۰۰ پاونڈ مصری ہے ۱۸۹۶ء مین انگلستان نے مصری اور ہندوستانی فوج کی مدد سے ملک سوڈان پر چڑھائی کی اور کئی لڑائیون کے بعد ڈنگولا پر بنام خدیو قبضہ کر لیا۔ مصر مین صرف انھین مقامات پر زراعت ہوتی ہے جہان دریای نیل یا نہر سوئز کا پانی پہونچتا ہے ہر قسم کا غلہ اور تمام اشیا کی پیداوار مثل ہندوستان کے ہے یہانکی تجارت ٹرکی انگلستان فرانس اور آسٹریا وغیرہ سے متعلق ہے ریل ۹۵۰ میل جاری ہے ۱۸۹۵ء مین انگریزی فوج ۳۵۰۰ اور دیسی فوج پولس ۱۶۰۰۰ تھی یہان غیر قومونکی جہازونکی اب آمد و رفت ہونے لگی ہے۔ دار السلطنة قاہرہ ہے جسکی آبادی ۳۷۴۸۳۸ ہے۔ مصر دنیا مین ایک قدیم اور مشہور سلطنت ہے کسی زمانہ مین اسکی عجیب شان تھی مگر اب حالت ابتر ہے انگریزون نے غدر آرمینیا کی آڑ مین بہت باتون



امیر عبدالرحمن خان والی کابل

امیر عبدالرحمن خان برادرزادہ شیر علیخان کا سن ولادت ۱۸۲۰ء ہے۔ جولائی ۱۸۸۰ء مین تخت نشین ہوئے اور جنوری ۱۸۹۲ء مین جی۔ سی۔ ایس کا برٹش گورنمنٹ سے خطاب پایا۔ یہ اپنے ملک مین بالکل خودمختار ہین اور ہر قسم کا کلی اختیار ہے انکی رعایا عموماً شریر اور مفسد ہے انکے ملک مین قوم غلزئی ہرات اور قندھار کے درمیان مین درانی اور مختلف علاقون مین تاجک۔ ہزارہ۔ ایمک۔ ازبک وغیرہ آباد ہین۔ علاوہ ہزارہ قزلباش کے تمام آبادی سنیون کی ہے۔ تمام و کمال افغانی انتہا کے شورہ پشت ہین سلف سے آجتک کسی سے کوئی عمدہ انتظام نہو سکا اور اس قوم کی وحشت روز بروز ترقی کرتی گئی۔ مگر عبدالرحمن خان امیر حال نے وہ انتظام کیا کہ تمام افغانیون کے رخ ڈھیلے ہو گئے ڈاکہ۔ چوری اور قتل دفعۃً موقوف ہو گیا سونا اچھالتے چلے جاؤ کیا مجال ہے جو کوئی آنکھ اوٹھا کے بھی دیکھے یہ ممکن نہین کہ کسی کی نکسیر تو پھوٹ جاے اسی امیر کے عہد مین شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہین تمام رعایا جو ہمیشہ سے اپنے بادشاہ کی مخالفت کرتی رہی اب امیر عبدالرحمن خان کی اسقدر ہمدرد ہے کہ مضبوط عہدنامے لکھدیے ہین اور ہر فرد بشر نے جان نثاری کا قسمی وعدہ کیا ہے۔ امیر کو برٹش گورنمنٹ سے ۱۸ لاکھ روپیہ سالانہ وصول ہوتا ہے اور دونون مین دوستانہ تعلق ہے۔ اس ملک مین سرکار انگریزی کی فوج قائم تھی مگر ایک زمانہ مین جبکہ قومی بغاوت پھیلی تھی۔ انگریزی فوج تباہ ہوئی اور ملک اوسکے دیسی حکمرانون پر چھوڑ دیا گیا ۱۸۷۹ء مین انگریزون نے حملہ کیا تھا اور عارضی طور پر قبضہ کر لیا تھا مگر چونکہ انتظام سخت مشکل اور نفع بھی کم تھا اسلیے گورنمنٹ ہند نے اسے چھوڑ دیا اور صرف چترال باجوڑ سوات اور دیگر علاقہ جات وغیرہ ہند مین شامل کرلیے گئے دسمبر ۱۸۹۳ء مین ایک سفارت بہ ماتحتی سر مارٹیمر ڈیورنڈ فارن سکریٹری گورنمنٹ ہند افغانستان کو گئی اور کامیاب واپس آئی اس سفارت کے ذریعہ سے جو معاہدہ مابین امیر کابل اور گورنمنٹ ہند ہوا ابتک بخوشی عملدرآمد ہو رہا ہے اسمار واقع وادی کنار جلال آباد سے اوپر کنیٹر ہے امیر کی تحت مین آیا ۱۸۹۵ء مین عمرا خان والی جندول کی بغاوت سے گورنمنٹ کو سخت دقت واقع ہوئی مگر آخر کو عمرا خان نے امیر کابل کے یہان پناہ لی۔ جولائی ۱۸۹۵ عیسوی مین امیر عبدالرحمن خان کو ملکہ معظمہ کیطرف سے دعوت دی گئی مگر بجائے اسکے کہ یہ خود جاتے یا اپنے ولیعہد کو بھیجتے انھون نے اپنے دوسرے بیٹے نصراللہ خان کو لندن بھیجا۔ انگلستان نے اونکی ایسی عزت و توقیر کی جیسی شاہزادگان یوروپ کی۔ معاہدہ سفارت ڈیورنڈ کے مطابق افغان بلوچستان کی حدبندی کیواسطے گورنمنٹ ہند نے ایک کمیشن بھیجی سنہ مذکور مین سرحد افغانستان پر وزیریونسے سخت مقابلہ ہوا ملک افغانستان ایشیا کا اندرونی ملک اور سرحد مغربی شمالی ہند پر درمیان ۶۴ درجہ ۳۰ دقیقہ اور ۷۴ درجہ ۳۰ دقیقہ مشرقی طول بلدہ ۳۰ درجہ ۲۰ دقیقہ شمالی عرض بلد کے واقع ہے۔ یہ ایران کے عظیم الشان میدان مرتفع کا شمالی مشرقی حصہ ہے۔ افغانستان کے مغرب مین فارس مشرق مین کوہ ہای سلیمان۔ جنوب مین شمالی روسی صوبجات ماتحت سنٹرل ایشیا اور بلوچستان۔ شمال مین ترکستان ہے۔ یہ حدود اربعہ روس و انگلینڈ کے کمیشن نے فارس سے دریای آکسس واقع چناب تک قائم کیے ہین۔ مشرقی خمیاب سے خلیج وکٹوریہ تک یہ دریا حد شمالی ہے شمالاً جنوباً عرض ۵۰۰ میل ہے اور شرقاً غرباً ہرات سے خیبر تک ۶۰۰ میل ہے اسکا رقبہ ۳ لاکھ میل مربع ہے۔ یہ ملک پانچ صوبون مین تقسیم ہے۔ کابل۔ قندھار۔ ہرات۔ ترکستان اور بدخشان (مع واخان) اسکی زمین کا اکثر حصہ بالکل ناہموار ہے اور پہاڑیان زیادہ ہین باستثنائے بعض علاقہ جات سطح دریا سے ۴ ہزار فیٹ کی بلندی ہے



خالص چاندی کے خوشنما نونگے لیجیے



یہ خالص چاندی کے نونگے ہین بناوٹ انکی ایسی عمدہ ہے کہ اگر آپ اپنے پاس سے سُنار کو چاندی دیکر بنوانا چاہین تو اعلی کاریگر اسکی قیمت بھی صرف بنوائی ہین لے لے اور اسکی سی خوبصورتی کجا ہمنے شائقین کے لیے خاص طور پر یہ نونگے بنوائے ہین قیمت چار روپیہ ۴ ایضاً تین روپیہ ۳ بچون کے ہاتھ کے دو روپیہ ۲

خالص چاندی کے خوش قطع سہ نگے



اسوقت جن خالص چاندی کے خوشنما سہ نگےکا نقشہ آپ دیکھ رہے ہین اگر بجائے نقشہ کے یہ سہ نگے آپکے ہاتھ مین ہوتے تو آپ کو حیرت ہوجاتی کہ اتنے کم داموں مین اس صنعت کے سہ نگے کیونکر بنے چاندی خالص نگ نہایت نفیس قابل دید ہین قیمت فی جوڑی ۶ ایضاً لغیفت مندرجہ بالا قیمت ۵



اے حسینون کی ہر ہر ادا پر سو سو

جان سے قربان ہوجانے والو عاشقو اے

ماہ وشون کی نیچرل سادگی پر مٹتے ہوے زندہ دلو اے تیر نگاہ شرمگین کے بسملو۔ اے خنجر ابروی ناز نین کے گھائلو آپنے یہ نقشہ ملاحظہ فرمایا؟ یہ وہ ہمیل ہے جسے ہندوستان کی نفاست طبع بیگمات نہایت شوق سے زیب گلو فرماتی ہین اس ہمیل مین دس نادعلی شائل ہین جسپر حسبی اللہ بخط عربی مطلا حرفون مین نہایت آب وتاب کی ساتھ منقوش ہے جسکے چمکتے ہوے حروف اور نہ چھپنے والی شان وشوکت یانی پڑنے سے بھی ماند نہین ہوتی یہ عجیب الصنعت ہمیل ایسے کلابتون مین گندھی ہوئی ہے جسکے نیچے ایک دلآویز جھگنو آویزان ہے اور اسمین بیشمار ایسے نگینے نصب ہین جنکے مقابلہ مین اصلی جواہرات کوئی وقعت نہین رکھتے۔ اس ہمیل کی اعجوبہ ساخت۔ معجز نما کاریگری۔ حیرت خیز پالش آنکھون چکاچوند اس قابل نہین ہے جسکا فوٹو تحریر کے ذریعہ سے اُتار کر آپکے پیش کیا جائے واقعی یہ ہمیل قطع نظر متبرک اور دافع بلیات ہونے کے یادگار صنعت کے اعتبار سے اپنے لیے آپ ہی نظیر ہے۔ ہم خرما ہم ثواب ہونے کی بھی مثل صادق آتی ہے ایک منگا کر ملاحظہ فرمایئے پھر اگر دوست آشنا کی زبا نشین تارنہ باندھ دین تو ہمارا ذمہ

قیمت دو روپیہ

سارٹیفکٹ نمبر

جنابمن تسلیم۔ جو مال آپنے بھیجا بہت پسند آیا راقم محمد خان از [illegible] ۹ دسمبر ۱۸۹۶ع فقط

سارٹیفکٹ نمبر

جنابمن۔ تسلیم۔ جو اشیا آپکے یہانسے طلب ہوئین سب عمدہ ہین راقم ساہو شاکر [illegible] از ڈاکخانہ نامیر گنج [illegible]

سارٹیفکٹ نمبر

جنابمن تسلیم [illegible] راقم [illegible] فقط

سارٹیفکٹ نمبر

جنابمن تسلیم [illegible] راقم علاؤالدین [illegible] ۲۴ نومبر ۱۸۹۶ع

سارٹیفکٹ نمبر ۴۹

جنابمن۔ سلام علیکم جو اشیا آپنے ارسال فرمائین حسب منشا بندہ ہین راقم عبدالعزیز بیرون دروازہ لوہاری ملتان ۲۰ نومبر سنہ ۱۸۹۶ع

سارٹیفکٹ نمبر

[illegible] راقم [illegible] ۱۸۹۶ع

المشتہر سید محمد عبداللہ علم خیرل مرچنٹ وکمیشن ایجنٹ وپروپرائٹر دواخانہ دارالصحت وگلدستہ ہندوستان ہین وتلمی خبری کانپور بازار رام نرائن گدڑی کی کوٹھی

حسینون کا زینت کمر بلٹ



بلٹ کمر مین لگانے کے نہایت عمدہ اور خوشنما و مضبوط نہایت عمدہ پھولدار مضبوط خاص ساخت ولایت قیمت نمبر اول ۸؍

ایضاً نہایت عمدہ اور خوشنما مضبوط قیمت نمبر دوم ۱۲؍

یہ بلٹ حسینون کی کمر مین عجیب لطف دیتے ہین۔ ایک بلٹ مدت تک کافی ہے

سچے موتیون کی چوڑیان شرماتی ہین



اسکے واضع نے صنعت کا خاتمہ کر دیا ہی کہ موتیون کا گندھاؤ اور اسکے آس پاس گوکھرو کی تحریرین سنہرے سلمہ کی بندش مگر گوکھرو اور سلمہ سچا ہے اسکے اندر ریشمی ساٹن دی ہوئی ہے ہم کیا تعریف کرین انکی نزاکت انکی آبداری۔ صوفیانہ پن آپ دیکھکر عش عش کر جائینگے مگر ناپ بھیجنا آپکا کام ہے قیمت فی جوڑہ ۱۲؍

سچے سلمہ کی خوشنما ہمیل



حضرات؟

آپ اس ہمیل کو لڑکون کا کھیل یا دھوکی کی ٹٹی ہرگز نہ خیال فرمائیے گا افسوس ہم اسوقت اس کا قدری نقش و نگار سے کس طرح اس اعجوبہ ہمیل کی انوکھی ساخت معجز نما پرداز حیرت خیز جلا تعجب انگیز پالش دکھلا سکین جو حال مین ایک ہندوستانی خوش فکر عالی دماغ صناع نے سچے سلمہ سے مرصع کرکے ولایت کی صفائی ستھرے پن نفاست پر دھبہ لگا دیا ہے اس تسبیح ہمیل کی طرح۔ وضع قطع صورت دیکھکر دیکھنے والے کی نظر پر خدا معلوم کسکا چلتا ہوا جادو اثر کر جاتا ہے کہ پھر بھول کر لوٹنے کا نام ہی نہین لیتی حیرت کا نقشہ آئینہ کی طرح سامنے آجاتا ہے۔ تحیر دربردہ کچھ کان مین کہدیتا ہے استعجاب بھی کچھ ایسے ہی سلوکون سے پیش آکر ناظرین کو بالکل ہی محو تماشا بنا دیتا ہے یہ ہمیل ہندوستان کی ان نفاست پسند خاتون کے زیب گلو فرمانے کیواسطے تیار کی گئی ہے جسپر نزاکت خود ناز کر رہی ہے برسون کی استعمال سے خراب نہین ہوتی ہزار روپیہ کی پوشاک پر مزیب ہے دیکھنے والے عاشق ہو جائینگے جلد خریدئیے عجیب تحفہ ہے قیمت ۱۴؍

سارٹیفکٹ نمبر ۴

حضرت من سلام۔ سلام علیکم [illegible]

جناب عالی [illegible] ہمیل [illegible]

راقم [illegible]

۲۰ دسمبر ۱۸۹۶ء

سارٹیفکٹ نمبر ۵

جنابمن تسلیم۔ جہانگیری آپنے روانہ کی پسند آئی

۳۰ نومبر ۱۸۹۶ء

راقم صادق حسین کلرک دفتر پولس مین پوری

سارٹیفکٹ نمبر

جنابمن تسلیم [illegible]

[illegible]

سارٹیفکٹ نمبر

جناب عالی تسلیم [illegible]

[illegible]

سارٹیفکٹ نمبر

جنابمن تسلیم۔ انگوٹھی قابل پسند تھی اور بٹن بھی نہایت عمدہ قابل تعریف ہین

راقم بجرنگ سنگہ گونترا

خضرت پور۔ ۲۰ جون [illegible]

سارٹیفکٹ نمبر

جنابمن تسلیم [illegible]

[illegible]

المشتہر سید محمد عبداللہ عالم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دارالصحت و گلدستہ چمنستان سخن و علمی جنتری کانپور بازار رام نراین گھڑی کی کوٹھی

بقیہ حالات امیر کابل

پشاور سے کابل تک جو سڑک درۂ خیبر مین ہی جسکی راہ سے ہندوستان پر اکثر حملے ہوے ہین اسکے سوا اور کوئی سڑک راستہ چلنے کے قابل نہین ہے۔ یہان گرمیون مین گرمی زیادہ ہوتی ہے اور سرما مین سردی۔ وہان گیہون وغیرہ اور میوہ جات بکثرت اور عمدہ قسم کے پیدا ہوتے ہین معدنیات بکثرت ہین امیر کے انتظام سے کئی کارخانے دخانی کلون کے قائم ہوے ہین جنمین توپین۔ رئفل اور دیگر اسلحہ وسامان حرب بنایا جاتا ہی۔ ہندوستان کو افغانی تجارت کا سالانہ تخمینہ ۵۰ لاکھ ہی افغانستان کا حاصل غالبًا ایک کرور ہے خلوم قندھار اور ہرات مشہور تجارتی شہر ہین۔ دار السلطنة کابل ہے ولیعہد پرنس حبیب اللہ خان ہین۔ جس زمانہ مین کہ سردار محمد افضل خان نے کابل پر فوج کشی کی تھی شیر علیخان نی مقابلہ پر مستعدی ظاہر کی اور آخر صلح ہوگئی مگر پھر موقع پاکر محمد افضل خان کو قید کرکے غزنی روانہ کردیا۔ اوس زمانے مین امیر عبدالرحمن خان کی نوجوانی تھی یہ اپنے چچا سردار محمد اعظم خان کی ساتھ افغانستان کو خیرباد کہا ایران علاقہ روس سے گذر کر بخارا پہونچے اور ترکستان مین فوج جمع کرکے کابل پر چڑھائی کی ایک جنگ کے بعد فتح پائی اور اپنے باپ سردار محمد افضل خان کو قید سے چھڑا کر تخت نشین کیا مگر ایک ذراسی غفلت اور بے پروائی ہونے سے شیر علیخان امیر محمد افضل خان سے پھر مقابلہ کیا اور غالب آئی افضل خان نے تو چند روز کے بعد انتقال کیا مگر امیر عبدالرحمن خان کو اوسوقت تک چین نہ آیا جب تک انھون نے فوج جمع کرکے شیر علیخان کو بھگا ندیا اور اس مرتبہ پھر انھون نے سعادتمندی کی اور وہ یہ کہ اپنے عوض اپنی چچا امیر محمد اعظم خان کو امارت بٹھایا لیکن انھون نے اپنے بھتیجے کی لیاقت اور سعادتمندی کی قدر نہ کی بلکہ ٹیڑھے ٹیڑھے چلنے لگے جسکا یہ نتیجہ ہوا کہ امیر عبدالرحمن خان نے اونکے معاملات مین مشورہ اور دخل دینا چھوڑدیا جسکی وجہ سے انتظام سلطنت بہت جلد درہم برہم ہوگیا اور شیر علیخان نے ایک دفعہ موقع پاکر پھر کابل لے لیا۔ امیر محمد اعظم خان نے چند ماہ کے بعد سرحد پر انتقال کیا اور امیر عبدالرحمن خان وہانسے سرحد کیجانب واپس آرہے تھے اثنای مین ایک روسی گورنر انکو ہمراہ تاشقند لیگیا گورنمنٹ روس نے انکا ۳۰ ہزار روپیہ سالانہ وظیفہ مقرر کیا۔ جب سر لوئس کوکناری سفیر قتل ہوا تو امیر یعقوب خان ہندوستان کیطرف جلاوطن کیے گئے اور افغانستان مین فساد عظیم برپا ہوا۔ موقع پاکر امیر عبدالرحمن خان مع جمعیت کثیر جو جابجا راستون مین فراہم ہوئی آموجود ہوئے یہ وہ زمانہ تھا کہ انگریزون کو کابل کی حکومت لوہے کے چنے ہوگئی تھی۔ مقام مزار شریف مین قیام کیا۔ انگریزی افسرون نے سفیر روانہ کیا اور ایک عہدنامہ ہوا ۱۸۸۰ء عیسوی مین انگریزون نے کابل خالی کردیا اور جولائی سنہ مین امیر عبدالرحمن خان داخل کابل ہوے اور انگریزون کو گویا ایک بہت بڑی پولٹیکل مصیبت سے سبکدوش کیا۔ سردار ایوب خان کیطرف بڑھے امیر نے اوسکی سرکوبی کی۔ پھر پنجدیہ کا جھگڑا طے کیا پھر قوم غلزئی کا فتنہ اوٹھا اوسے فرو کیا پھر سرحد شنواری کے مفسد فسادون کو دفع کیا۔ اسکے بعد محمد اسحٰق خان گورنر ترکستان کی بڑی بھاری بغاوت کا تدارک کیا ہرچند انمین سے ہر ایک معرکہ مشکل اور سنگین تھا مگر اسحٰق خان والا ہنگامہ مقابلۃً ایسا عظیم تھا کہ امیر عبدالرحمن خان کو خود جانا پڑا ان کل قضیون کے بعد ہزارہ جات کے مشہور بلوے اور ہنگامے فرو کیے اور ساتھ ہی اوسکے ملک کا ملکی اور مالی انتظام بھی درست ہوتا رہا اور روز دونی رات چوگنی ترقی ہوتی رہی اور کافرستان ایسے ملک کو جہان آجتک کسی ملک گیری کے مہوس کا وہم وگمان بھی نگیا تھا فتح کرکے افغانستان ایسے شریر ملک کو بہت سے بڑی مستحکم اور وسیع ومہذب سلطنت بنایا اور ایسے وحشی ملک کو ہر طرح کے علم وفن سے قابل اور عقلمند بنادیا۔ امیر عبدالرحمن خان نہایت سادہ مزاج۔ فقیر دوست۔ کفایت شعار۔ خیراندیش۔ ہمہ دان۔ بہادر۔ مدبر۔ اور جفاکش ہین تمام مقدمات کے فیصلے ابتک خود کیے اور جب سلطنت کو ہر طرح مضبوط اور قابل اطمینان دیکھ لیا تو اندرونی معاملات کو اپنے ولیعہد سردار حبیب اللہ خان پر چھوڑ کر خود صرف معاملات خارجہ اور امور سلطنت کے زیادہ غور طلب پولٹیکل معاملات کے سلجھانے مین مصروف رہتے ہین۔ ۱۳۱۴ھ ہجری کی عید الضحی کو رعایا کیطرف سے "ضیاء الملة والدین امیر المؤمنین" کا خطاب پیش ہوا اور سب نے ایک عہدنامہ لکھدیا کہ اونسے اور اونکی اولاد سے کبھی نہ پھرینگے اور جو غنیم حملہ آور ہوگا اوس سے مقابلہ کرینگے اور امیر عبدالرحمن خان ہی کی اولاد سے جو شخص ہوگا اوسکو بادشاہ مانینگے۔

سنہ ۹۶ء عیسوی مین امیر نے ایک کتاب تصنیف کی جسکا نام تقویم الدین رکھا سُنا گیا ہے کہ یہ کتاب خفیہ رازون کا نسخہ ہے جسکی اشاعت نہین کی گئی جنگی معاملات سے بھی کسیقدر متعلق ہے۔ عمرا خان نامی ایک افغان کو اپنی فوج کی کمان دی ہے جو شجاعت اور دلاوری مین بے نظیر ہے اور جسنے مہم چترال مین انگریزون کو سخت پریشان کیا تھا اس لڑائی مین گورنمنٹ کا دو کروڑ روپیہ صرف ہوا تھا امیر نے پہلے تو عمرا خان کی دعوت کی اوسکے بعد اوسکی بہادری کا جوہر دیکھکر خلعت دیا اور اپنی فوج کا کمانڈر انچیف مقرر کیا۔ امیر حال خود فن سپہ گری مین طاق ہین اور مرد سپاہی کے بھی بڑے قدردان ہین۔

مظفر الدین شاہ ایران

شاہ مظفر الدین بن شاہ ناصر الدین مرحوم بادشاہ فارس ۱۸۵۳ء مین پیدا اور ۱۸۹۶ء مین تخت نشین ہوے زمانہ شہزادگی مین یہ ایران کے گورنر اور فوج کے کمانڈر انچیف تھے جسکو انھون نے بحسن وخوبی انجام دیا اور اس قابل ہوے کہ تخت نشین کیے گئے گو انکے بڑے بھائی بھی حیات ہین مگر حکومت کی قابلیت زیادہ انھین مین پائی گئی علاوہ اسکے رسم ایران کے موافق بھی یہی مستحق سلطنت نکلے انکو بھی اپنے باپ کیطرح علاوہ عربی ترکی زبانون کے فرانسیسی مین بھی کامل دستگاہ ہی یہ اپنے ملک مین خود مختار ہین صرف وزرا کے مشورہ کی ضرورت ہوتی ہے۔



سلطنت مغربی ایشیا مین سب سے زیادہ وسیع طاقتور اور متمول سلطنت خیال کیجاتی ہی جو فرانس سے تین حصے بڑی ہی شمالاً جنوباً ۷۰۰ میل اور شرقاً غرباً ۹۰۰ میل وسیع ہی رقبہ ۶۲۸۰۰۰ میل مربع۔ بحیرہ کیسپین جو اسکی حد شمالی ہی روس کے ماتحت ہی اور خلیج فارس واقع جنوب مین بوس وغیرہ برٹش گورنمنٹ کیطرف سے متعین ہی اور مغربی سرحد ٹرکی کے متعلق ہے آبادی ۹۰ لاکھ زمین زیادہ مرتفع اور پہاڑون سے گھری ہوئی ہے وسطی اور مشرقی حصے زمین کے شور ہین۔ اسمین بڑی بڑی ندیان سیکڑون میل لمبی اور بہت چوڑی ہین ان مین پانی بھی بکثرت ہے مگر دریای کارون کے سوا کوئی دریا عبور جہاز کے قابل نہین ہے۔ یہ دریا سوہاجرہ سے اہواز تک ممالک غیر کے لیے جہازونکے لیے ہر وقت کشادہ ہے اور ہر قوم کے جہاز اسکو کام مین لاسکتی ہین اہواز سے آگے دریا کا حصہ خاص گورنمنٹ فارس کے لیے مخصوص ہے کسی غیر سلطنت کے جہاز وہان سے نہین گزر سکتے ہین اس سلطنت مین ریل بالکل نہین ہی۔ طہران تبریز اور کیسپین کے درمیان گاڑی کی سڑکین تیار ہین اکثر ڈاک کے گھوڑون اور کاروانون کے ذریعہ سے سفر ہوتا ہی۔ مختلف غلے اور اکثر اقسام کی اشیا پیدا ہوتی ہین نیشکر۔ فواکہ۔ روئی۔ تمباکو۔ افیون۔ گوند۔ نمک۔ لوہا۔ کوئلا تانبا۔ سیسہ۔ سرمہ۔ گندھک فیروزہ ودیگر قیمتی پتھر۔ ریشم کے بڑے بڑے کارخانے ہین۔ اسلحہ۔ قالین۔ شال۔ کمبل ودیگر اونی وسوتی پارچے بھی بنتے ہین رنگت۔ وگلکاری اور زردوزی یہان اعلیٰ درجہ کی ہوتی ہے خرچ سے آمدنی زائد ہی۔ یہی وجہ ہے کہ سلطنت ایران بالکل مقروض نہین ہی اور خزانہ مین زر وسیم وجواہر بکثرت ہین۔ برٹش انڈیا سے تجارت براہ خلیج فارس ہوتی ہی۔ امیر نے اپنی مالگذاری کی مصلحت سے اس تجارت کے لیے افغانستان کا رستہ بالکل مسدود کر دیا ہے صرف برٹش انڈیا سے فارس کو ۱۵ لاکھ پاونڈ سالانہ کا مال جاتا ہے حسب معاہدہ ۱۸۴۱ء انگریزی تجارت کی حفاظت کیجاتی ہی ۵۰۰۰ میل تار برقی ہے باشندے اکثر مسلمان شیعہ مذہب کے ہین۔ ارمنی عیسائی بھی آباد ہین طہران دار السلطنت ہی جسمین ۲ لاکھ ۲ ہزار کی آبادی ہے تبریز ۱ لاکھ ۰۰ ہزار۔ اصفہان ۶۰ ہزار۔ مشہد ۶۰ ہزار۔ ماہ نومبر ۱۸۹۴ء مین ۱۲ ہزار سے زائد آدمی اور ۵۰ ہزار کے قریب مویشی زلزلہ سے تباہ ہوگئے۔ شاہ کے وزرا کل ۱۹ ہین جنمین سے ۱۱ اسیقدر صیغونپر معین ہین ملک ۳۲ صوبونپر منقسم ہی ہر صوبہ مین ایک گورنر جنرل متعین ہی جو بمشورہ شیخ الاسلام اپنے کام کرتا ہی۔ آمدنی ۱۸۹۱ء ۱۷۵۰۰۰۰ اور ۱۸۹۲ء کی آمدنی ۱۳۶۸۲۰۰ پونڈ ہی خرچ ۱۵۰۰۰۰۰ پونڈ ہی ۱۸۹۲ء مین کل تجارت درآمد برآمد ۳۰ لاکھ پونڈ کی تھی ۱۸۹۲ء مین امپریل بنک فارس سے ۵ لاکھ پونڈ گورنمنٹ نے قرض لیا تھا جو قسطونسے ادا کیا گیا۔

بادشاہ عام طور پر صلح پسند ہی ہر ایک سے دوستانہ برتاؤ قائم رکھنے کا زیادہ خیال رکھتا ہی خصوصاً اسلامی سلطنتون سے زیادہ ارتباط ہی سلطان روم کو بمنزلہ بزرگ سمجھتے ہین اور وہ بھی بمحبت پیش آتے ہین فی الحال جنگ یونان مین ہاتھ بٹانیکی غرض سے پچاس ہزار جوان تجربہ کار سلطان کی خدمت مین روانہ کرنیکا قصد کیا اور کہلا بھیجا کہ سلطان کو چاہیے کہ وقتاً فوقتاً ہمسے قومی خدمتین لیتے رہین جسکے انجام دینے مین ہم جان ودل سے کوشش کرینگے۔ سلطان نے شکریہ کے ساتھ اس امر کو منظو

سچے سلمہ کی قابل دید عمدہ چوڑیان



یہ چوڑیان بھی موتی کی ہین جنکے کنارے چھوٹے موتیون کی باڑھ کہی گئی ہے موتیون کی ہے اور جا بجا سلمہ ستارہ اور خوبصورت جانور بنے ہوے جنمین بولنے اور اوڑ چلنے کی قدرت اگر خداوند کریم دیدے تو بالکل جاندارون کی طرح بولنے اور اوڑنے لگین ایسی چوڑیان بھی یقیناً آپنے کسیکو ...ئی ہونگی یہ نوایجاد چوڑیان نہ ٹوٹنے کی ہین نہ خراب ہونے کی قیمت فی جوڑہ دو روپیہ ۲ –

سچے سلمہ کے عجیب غریب نورتن



یہ سچے سلمہ کے کام کے جڑاؤ نورتن ہین اسمین بھی نگ مثل ہیرے و پنے و یاقوت و پکھراج و نیلم کے معلوم ہوتے ہین سلمہ سے اس طور کا جڑاؤ کام کیا ہے کہ جیسے کندن مین نگ جڑا جاتا ہے اسکے اردگرد پھول سلمہ کا اس خوبصورتی سے بنایا ہے کہ عقل نہین کام کرتی ہے اور چارون کونے پر موتی سلمہ سے جڑے ہین اور یہ سچی مخمل لگا کر سچے کلابتو کی ٹہرین لگائی ہین سرخ ریشم کی ڈوری ہے فی جوڑہ ۲



نمبر۱ سنہرے کرن پھول انکی جلا آب و تاب بس دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے برسون باحتیاط استعمال کیجیے خراب نہین ہوتے دیکھنے والے آپکو ایک سو کا بتائینگے عجیب چیز ہے قیمت باوجود ان خوبیون کے فی جفت ایک روپیہ ۱

نمبر۲ سنہرے جھمکے – ہمارے قلم مین نہ اسقدر قوت اور نہ تحریر مین ایسا زور ہے جو ان سنہرے جھمکون کی نفاست – پاکیزگی جلا – آب و تاب کا نقشہ آپکے سامنے کھینچ دین عجیب بے تکلف چیز ہے دیکھیے آپ ہی اندازہ کیجیے قیمت ۲

نمبر۳ حسینان گل اندام کے پہننے کے لیے حال مین پھول کے آویزہ تیار ہوے ہین فی جفت ۲

نمبر۴ – یہ سنہرا قابل دید مانگ ٹیکا ہے عمدگی خوشنمائی – خوش وضعی ملاحظہ پر موقوف ہے قیمت ۱۲

ہم خرما ہم ثواب

اس سچی مثل سے نہ صرف بچے سے بوڑھے تک کو واقفیت ہی ہے بلکہ اکثر محل اور موقع پر استعمال کیجاتی ہے اور کسی جزئی یا کلی مناسبت کے اعتبار سے چسپان بھی ہو جاتی ہے لیکن حضرات ! انصاف شرط ہے سچ فرمایئگا جیسی چسپید گی اس مثل کو اس نو پیدا ہے ساتھ ہے شاید آپ لوگون کی نظر سے کم گذری ہوگی – کیا یہ بات تعجب خیز نہین ہے کہ ایک ورق کاغذ پر جسکا عرض ۲۶ سلیچ اور طول (۲۰) انچ ہے پورا قرآن مجید بخط عربی نہایت صاف حال مین چھپکر طیار ہوا ہے جسکو ہمنے ایک خالص چاندی کے نقشی قابل دید خوشنما ہیکل ڈھولنے مین رکھکر محفوظ کر دیا ہے اور اسکو ریشم کی ڈوری مین پروکر سچے کلابتون کی گرہین بنوائی ہین اس ڈھولنے کو گلے مین پہنے رہنے کے فوائد سے آپ خود ہی واقف ہین – واقعی یہ متبرک ڈھولنا قطع نظر ایک دلچسپ خوش قطع زیور ۳

ہونگے جملہ آفات ارضی و سماوی امراض آسیب بلیات کی پناہ ہے جلد خریدیے قیمت معہ ڈبیہ و نقشہ قرآن مجید تین روپیہ ۳

سارے ... [illegible]

جناب ... [illegible]

نمبر ۳۶ [illegible]

المشتہر سید محمد عبداللہ علم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دوا خانہ دار الصحۃ و گلدستہ چمنستان سخن و علمی جنتری کانپور بازار رام نراین گھڑیکی کوٹھی

قابل دید سنہرے کڑے



یہ عمدہ خوشنما ولایتی سنہرے کڑے ہین ہاتھ مین پہننے کے اگرچہ سونا انکا انگریزی ہے مگر رنگ انکا ہرگز نہ بدلے گا دیکھنے مین بالکل سونے کے پانسو روپیے کے معلوم ہوتے ہین کیا ممکن ہے کہ دیکھنے والا ان کڑون کو اصلی نہ بتلائے قیمت فی جوڑہ دو روپیہ

نئے انوکھے ولایتی کنگن



یہ ولایتی مرصع سنہرے کنگن ہین جو امریکا کے ایک موجد نے بنا کر دنیا کو متحیر کر دیا ہے مرصع محل پر مصنوعی ہیرے نیلم یاقوت پکھراج جڑے ہین جنکی آب و تاب سے سچے یا ان یعنے مین نظر کو تامل نہین ہوتا انکی بہار گورے گوری کلائی مین قابل دید ہے فی جوڑہ [illegible]

خوشنما سنہری چوڑیان ولایتی



ولایت کی بعض کاریگریان تو بڑی ہی حیرت مین ڈالتی ہین حال مین ولایتی سونے کی چوڑیان ایسی پرفریب سبک خوشنما بنائی گئی ہین جو بالکل سونے کی دو سو روپے کی معلوم ہوتی اور رنگ ہمیشہ یکسان رہتا ہے فی سٹ جسمین ۱۲ چوڑیان ہین قیمت [illegible]

سچے سلمہ کا خوشنما جگنو



حیف حسینون کے

قیامت ہے نازو انوکھی ادائین محشر خیز کرشمے کیسی فتنہ جگر کا دل پامال کرنیکو لیکے کیا کم ہین جسپر زیور انکین اور مرصع بنا کر خدا جانے کیا کچھ کر سکتے مین کہانتک ہے وہ دنیا ہی اور زیور بھی وہ جسپر نفاست نزاکت خوشنمائی خوش وضعی فخر کرے اسکے نقشہ کو کندنی رنگون کی صدا رشک ملا رہی ہو خیر اسوقت اس سچے سلمہ کی عجیب الصنعۃ جگنو کی تعریف نہ ہماری زبان سے اچھی معلوم ہوگی اور نہ خالی اشتہاری جو فقتی کی اعتبار سے وہ صحیح یقین کر لینے کی قابل ہے بلکہ ہم اس بے نظیر جگنو بنوائی کی داد اسوقت چاہتے ہین جب آپکی ملاحظہ مین گذرے گا نہ صرف آپکو بلکہ ہر دیکھنے والیکو محو تماشا بنادے برسون استعمال کیجئے نہ بدلا اور خراب نہین ہوتا فی نگ [illegible]

سچے سلمہ کی [illegible] فی جوڑہ [illegible]

سچے سلمہ کی کرنپھول فی جوڑہ دو روپیہ

سارٹیفکیٹ نمبر ۳۴

جناب من تسلیم۔ ایک جوڑی چوڑی ولایتی دیکھی در حقیقت وہ بہت اچھی ہے ۱۰ جون ۱۸۹۶ء راقم محمد فدا حسین خان [illegible]

سارٹیفکیٹ نمبر ۳۵

جناب من۔ تسلیم۔ ایک جوڑہ جوشن کا جو کہ آپنے میرے پاس بھیجا تھا دراصل وہ بہت عمدہ تھا۔

۱۷ جولائی ۱۸۹۶ء

راقم محمد فدا حسین ٹائمس گنج سیتاپور

سارٹیفکیٹ نمبر

مہربان من بعد آداب تسلیم ۲ جوڑہ دوالیان پہونچین فی الواقع بہت عمدہ ہین۔ فقط ۲۱ جولائی ۱۸۹۶ء راقم مرزا محمد عباس [illegible] ضلع ہردوہ

سارٹیفکیٹ نمبر

جناب من تسلیم۔ چوڑیان آپکی ارسال کی ہوئی پہونچین نہایت عمدہ اور اچھی ہین [illegible] راقم [illegible]

سارٹیفکیٹ نمبر ۳۶

مہربان من۔ تسلیم عرض ہے آپکا رسالہ جو مرحمت کیا نہایت عمدہ ہے۔ ۱۱ مارچ ۱۸۹۶ء

راقم اومان شنکر از شہر راولپنڈی فقط

سارٹیفکیٹ نمبر

حضرت تسلیم [illegible] نہایت عمدہ قابل [illegible] [illegible]

المشتہر سید محمود عبد اللہ علم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الشفا و گلدستہ چمنستان سخن و علمی جنتری کانپور بازار رام نراین گھڑی کی کوٹھی

شہنشاہ جرمن

ولیم دوم شاہنشاہ جرمن ۲۷ جنوری ۱۸۵۹ع کو پیدا ہوا اسکا باپ شہنشاہ فریڈرک سوم تھا جسکی شادی ملکہ معظمہ کی بیٹی سے ہوئی تھی۔ ۱۵ جون ۱۸۸۸ع کو تخت نشین ہوا شہزادہ ولیم ۶ مئی ۱۸۸۲ع کو پیدا ہوا حسب آئین مقررہ ۱۶ اپریل ۱۸۷۱ع شاہ پرشیا پریسیڈنٹ سلطنت جرمنی ہے اور ملک کے اندرونی قانون۔ اعلان جنگ۔ صلح۔ اور معاہدہ وغیرہ کا اختیار کلی رکھتا ہے لیکن جنگ اگر اپنی حفاظت کے لیے نہین ہی تو اوسکی اعلان کے لیے کونسل سے اجازت لینے کی ضرورت ہوتی ہی گرجا کو امور سلطنت سے تعلق ہی لیکن ہر ریاست کا مختلف کم وبیش تمام فوج بری اور بحری (باستثنا ریاد ورٹمبرگ) کا بحالت خود کمانڈر انچیف ہے تمام افسران ارکان سلطنت کی بحالی وبرطرفی کا اختیار حاصل ہے۔

کاغذات پر بعد ثبت ہونے دستخط چینسلر اور وزیر اول کے خود دستخط کرتا ہے اور نیک وبد کے ذمہ دار بھی وہی سمجھا جاتا ہے۔ علاوہ اسکے وکلاے سلطنتہاے ہم پلہ کے ایک جماعت اور پارلیمنٹ جسمین تقریباً لاکھ آدمیون کی طرف سے ایک نائب شریک ہوتا ہے حکمرانی کرتی ہے اوراون دونون جماعتون کے احکام جو بادشاہ کے دستخط سے جاری ہوتے ہین تمام ریاستہای جرمنی کو اوسپر عمل کرنا ضروری ہوتا ہے۔



جرمن وسط یورپ مین واقع ہی عرض بلدہ ۴۷ درجہ ۱۸ دقیقہ سے ۵۵ درجہ ۵۲ دقیقہ تک شمالاً اور طول بلدہ ۵ درجہ ۵۰ دقیقہ سے ۲۲ درجہ ۵۰ دقیقہ تک شرقاً رقبہ ۲۰۸۷۳۸ میل مربع اور آبادی بحساب مردم شماری ۱۸۹۱ع ۴۹۶۲۷۴۹۰ ہی بہ نسبت ۱۸۸۵ع فیصدی ½۳ ترقی ہوئی اس ملک کے خاص باشندے زبان جرمنی بولتے ہین لیکن بیس لاکھ چالیس ہزار آدمی دیگر قومون کے بھی اس سلطنت مین آباد ہین دنیا کے ہر ایک حصہ مین جرمنی بکثرت آباد ہین ایک کرور چھتیس لاکھ آسٹریا ہنگری۔ سوئزرلینڈ اور روس مین ۲۰ لاکھ اضلاع متحدہ امریکہ مین آباد ہین اس سے جرمنی کی وست اور ترقی تجارت کا اندازہ ہوسکتا ہی۔ جرمن مین ۲۶ شہر ایسے ہین جنکی آبادی ایک ایک لاکھ سے بہت زیادہ بلکہ بعض کی تین لاکھ سے بھی زائد ہے تعلیم جرمنی اور عموماً لوگ تعلیم یافتہ ہین ۱۸۹۲ عیسوی مین ۳۲ مدرسے تھے جنمین ۳۱۵۵۶ طلبہ اور ۲۴۳۰ پروفیس ومدرسین تھے کارخانے روزافزون ہین ۱۸۹۲ع مین فیصدی ۴۳ باشندے پیشہ زراعت ۳۶ مزدوری اور ۱۰ تجارت کرتے تھے ۱۸۹۳ع مین زمین زراعتی ۴۸ فیصدی چراگاہ ۲۰۔ اور ۲۵ پر جنگل تھے مگر زراعت کی آمدنی مصارف کو کافی نہین ہوتی کانون کے محاصل سال بسال ترقی پذیر ہین اور ۱۸۹۰ع مین ۳۰۸۳۸۲۴۰ پاونڈ تھی۔ کوئلا۔ لوہا۔ نمک۔ تانبا۔ سیسہ۔ جست۔ چاندی وغیرہ معدنی پیداوار ہین ۱۸۹۰ع مین ۲۴۹۷ ۳۶۳۹ تجارتی جہازات ہین ریل ۲۷۲۶۴ میل اور اسمین فیصدی ۹۰ سرکاری ہے اور ۳۹۰۹۰ میل تار برقی ہے ڈاکخانہ اور اونکے ملازمین کی ۱۲۹۰۹۰ تھی جنگی فوج مین ۳۵۴۲۷ افسر اور ۴۵۶۶۷۷ اسپاہی مع ۳۱۲۷۳۲ گھوڑون کے اور ۲۰۰۸ توپون کے ہین اور میدان جنگ کی فوج ۳۱۰۸۴۷ سپاہی ۱۹۳۹۱ افسر ۲۴۲۴۱۵ گھوڑے اور ۲۰۴۰ توپین اسکے علاوہ اور بھی مختلف فوجین ہین فوج کی ملازمت ناگزیر ہین فوج بحری مین ۷۸ جہاز جنگی ۵۱۱ توپین اور آدمیون کی تعداد ۲۰۴۹۸ ہے جسمین ۱۰۸۷ افسر ۱۱۲ سرجن ۲۷ تنخواہ بانٹنے والے ۱۲ توپون کے مستری اور ۸۱۲ وارنٹ افسر ۳۶۰۶ چھوٹے افسر ۱۴۴۰۹ ملاح اور ۶۰۰۰ لڑکے ہین۔ مسلح جہاز ۱۲ کروزر ۱۲ تارپیڈو کشتیان ۲۴ توپون کی کشتیان ۵۔ اسکے علاوہ مختلف جہازات ۲۷ ہین۔ آلات جنگ بنانے کے بڑے بڑے کارخانے ہین۔ صنعت وحرفت کا بھی یہ ملک معدن ہے۔ جرمن کے کارخانون کی بنی اکثر اشیا دنیا مین نظراتی ہین۔ چھاپے کا پتھر جیسا اس ملک کے پہاڑون مین پیدا ہوتا ہے ویسا دنیا مین کہین نہین ہوتا۔

شاہ جاپان

شاہ متسوہتو ۱۸۵۲ء مین پیدا ہوا ۱۸۶۷ء مین تخت پر بیٹھا اور ۱۸۶۸ء مین تاج شاہی سر پر پہنا اسکا لقب میکاڈو ہے۔ خاندان شاہ حال ۶۶۰ء قبل مسیح سے نسلاً بعد نسلٍ فرمانروا چلا آیا ہے اور اپنی قوم مین ایک سو اکیسوان بادشاہ ہے یہ بہ نسبت اگلے بادشاہون کے کہین دور اندیش اور لائق ہے پہلے اس ملک مین یہ رواج تھا کہ جو شخص یا جو خاندان کسی جنگ مین بادشاہ اور اوسکی فوج کی مدد کرے اوسے جاگیرین اور زمینداریان عطا ہوتین لیکن جس زمانہ سے اسکی ملکی اور جنگی حالت نے ترقی کی ہے یہ رواج اوٹھگیا ہے اور تعلیم و تجربہ کی قابلیت ظاہر ہوئی ہے۔ ۱۸۸۹ء عیسوی تک شخصی سلطنت رہی مگر پھر ایک پارلیمنٹ اور قوم کا سردار جو اس انتظام کے لیے بہت مناسب تھا مقرر ہوا جسکا پہلا اجلاس ۱۸۹۰ء مین ہوا۔ اس بادشاہ اور اس کی پارلیمنٹ نے تمام ملک کے ہر عمدہ کام کو حسن انتظام سے بخوبی انجام دیا اور وہ نمایان ترقی کی کہ آج تمام دنیا کی آنکھ پڑتی ہے۔ یہان زیادہ تر مغربی علوم کا رواج پھیل گیا ہے اور یوروپ کے عام علوم۔ فنون مین اچھی طرح مداخلت حاصل کرلی ہے۔ مذہبی حالت مین پوری آزادی امن و امان کے ساتھ ہوگئی ہے۔



جاپان نے اپنی شہرت اور انتظامی حالت ۱۸۹۴ و ۱۸۹۵ء کی جنگ سے دکھائی ہے جو چین سے چھڑگئی تھی یہ جنگ ایسی عظیم تھی کہ دنیا کی جنگی تاریخون مین شمار کیجاسکتی ہے بلکہ قیاس کے خلاف نتیجہ پیدا ہونے سے جاپان کی کامل ترقی کا ثبوت ہوا ہے کیونکہ لڑائی دیکھنے والون کا عام خیال تھا کہ ہاتھی اور چیونٹی کی لڑائی ہے جسمین چین جاپان کو پیس ڈالیگا مگر کسیکو یہ نہ معلوم تھا کہ بری اور بحری افواج کو جاپان نے یوروپ کے نمونہ پر تیار کیا ہے اور وہی قواعد سکھائی گئی ہین جسکی وجہ سے جاپان نے فتح پائی اور زر کثیر بطور تاوان کے وصول کیا۔ یہ لڑائی جن عمدہ دارون کے حسن انتظام سے سر ہوئی اونہین چند مشہور افسر یہ تھے۔ ایڈمرل البحر کونٹ سیکو وائس ایڈمیرل ایٹو مارشل روماہا۔ جنرل روسی۔ کمانڈر ایچ۔ ساکاہو لفٹنٹ جنرل ڈکاونت نوزو لفٹنٹ جنرل کت درمادود۔ جاپان ایک قدیم اور وسیع سلطنت ہے ۴ بڑے اور ۴۲۲۳ چھوٹے جزائر اسمین شامل ہین کسی زمانہ مین یہان ایک قدیم قوم رینو کثرت سے آباد تھی گو یہ قوم بالکل تربیت یافتہ نہ تھی مگر کسیکو اس سے ضرر نہ پہونچتا تھا جزیرہ ییزو مین اب تک یہ لوگ پائے جاتے ہین۔ اس ملک کا رقبہ ۱۴۷۶۵۵ میل مربع ہے اور ۱۸۹۱ء مین اسکی آبادی ۴۱۳۲۲۰۰۵ تھی۔ بڑے مذاہب یہان کے شنتو اور بودھ ہین ابتدائی تعلیم جبری ہے جزائر مین آتش فشان پہاڑ زیادہ تھے ۱۸ پہاڑون مین اب تک اثر باقی ہے زلزلہ کثرت سے آتا ہے اور سخت نقصان پہونچاتا ہے ۱۸۹۱ء کے زلزلے سے ۶۹۶۰ آدمی تلف ۲۰۰۰۰ مجروح اور ۱۳۰۰۰۰ مکانات مسمار ہوے۔ یہ ملک بالکل پہاڑی ہے اور رقبہ کا چھٹا حصہ مشکل سے قابل زراعت ہے بعض مقامات پر زمین بہت اچھی ہے تانبے اور گندھک کی کانین بکثرت ہین۔ مگر سونا چاندی کم نکلتا ہے اصلی اور قدیم پیشہ ان لوگون کا زراعت ہی ۱۸۹۱ء مین ۱۶۰۰ میل ریلوے جاری تھی مگر اب بہت بڑھگئی ہے فوج کی تعداد معمولی طور پر ۷۸۰۱۷ رہتی ہے اور بحالت جنگ ۲۴۵۵۲۱ تک بڑھائی جاتی ہے فوج بحری مین چالیس کے قریب مختلف کامون کے جہاز اور نیز ۹۸۹۶ افسر اور آدمی ہین حسب معاہدۂ انگلستان اور دیگر ملکہائے یوروپ کے لیے چند بندرگاہ تجارت کے واسطے کھلی ہوئی ہین۔ جاپان کا دارالسلطنۃ ٹوکیو ہے جسکا پہلا نام یڈو تھا سرکاری آمدنی ۸۰۴۵۲۳۴ ٹن اور خرچ ۸۱۱۴۳۸۶۲ ٹن ہے۔ تجارت ریشم کی روز بروز ترقی ہوتی جاتی ہے اور ملک مین تمول کے جابجا آثار نظر آتے ہین یہان کی پارلیمنٹ کا ڈھنگ انگلستان کے پارلیمنٹ کے موافق ہے۔ شہزادہ یوشی ہتو ولیعہد کا سنہ پیدایش ۱۸۷۹ء ہے۔ یہ شہزادہ اپنے معمولی بزرگون سے زیادہ ذہین اور عقلمند ہے بہت ہی کم سنی مین اسنے اعلیٰ قابلیت پیدا کرلی ہے ہر ایک فن کے جلد سیکھ لینے کا مشاق ہے تمام علوم کی طرف رجحان طبیعت پایا جاتا ہے خصوصاً پولٹیکل معاملات سے زیادہ لگاؤ ہے عجب نہین جو اپنی ذکاوت اور لیاقت سے ہر قسم کی ترقی بہت جلد حاصل کرلے۔

انگریزی چاندی کی خوشنما جھانجھ	سنہرا قابل دید طوق و لاہی	سنہرا خوش وضع چندن ہار
		
حال مین ایک جرمنی سُنار نے یہ روپہلی جالدار جھانجھ اس نفاست اور کاریگری سے بنائی ہی کہ ہندوستانی سُنار دیکھکر حیرت مین ہین اور آب و تاب اور چمک دمک بھی ایسی ہی کہ دیکھکر جی لوٹ جاتا ہی قیمت فی جوڑی	یہ سنہرا طوق قابل دید جسکے آگے کندن شرماتا ہے ہزار ہا روپے کی پوشاک پر پہن لیجیے کیا مقدور کہ اصلی سونیکا نہ معلوم ہو اگر احتیاط سے رکھیے تو برسون ایسا ہی رہیگا دیکھنے مین یہ دو سو روپے کا معلوم ہوتا ہی قیمت	کاریگری اسکو کہتے ہین کہ حال مین ولایت کے ایک کاریگر نے ایسا سبک چندن ہار بنایا ہی جیسے ہندوستانی نفیس عورتین پہنتی ہین اسکے آگے کندن مات ہی سونے کے زیور کے ساتھ بھی پہنیے تو بدنما معلوم نہو اسمین اور اصلی سونے مین ذرا فرق نہین قیمت

سچے سلمہ کا چندن ہار



ذرا اسکو ملاحظہ کیجیے

اے گلرخون کی بہار حسن کے دیکھنے والو - اے پری پیکرون کی تیکھی تیکھی چتونون سے گھائل ہو جانیوالے صاحبو چلو حضرت پہلے یہ بتا دیجیے کہ کیا آپکو کسی ایسے تحفے کی ضرورت ہی؟ جسکو دیکھکر پری وش بھی ہو جائین اور آپسے استدعا کرین کہ یہ تو ہمین دیدو - تو اچھا یہ ایک فینسی چندن ہار ہے منگا لیجیے اور جو آپکے پاس خالص سونے کا چندن ہار ہو جسپر کندن کا جڑاؤ کا کام بنا ہوا اسکو بستن دیکر صندوقچہ مین رکھ دیجیے کیونکہ اسکی خوبصورتی کے مقابلہ مین اُسکی اصل ہی کیا ہی اور اسکو اپنے ہاتھ سے اسی ماہوش کو جسنے آپکا دل چھین لیا ہی پہنا دیجیے پھر دیکھیے اس چندن ہار کا مچل مچل کر سینے پر لوٹنا اور اپنے دست گستاخ گلے مین حمائل کرنا کیا لطف دیتا ہے اور اس چندن ہار کی وہ نایاب جھلکی جو چپ و راست کی ابھار کے درمیان سینہ پر آویزان نظر آئیگی فرمایئے اسوقت دل کا کیا حال ہوگا - اور جو کہین آب رواں کا ڈوپٹہ زیب دوش ہوا تو سونے مین سہاگے والی مثل اس سینہ کی دادو دوبالا کر دکھائیگی ہان خوب یاد آیا کہین آپ اس چندن ہار کو ایسی جگہہ نہ دکھائیگا جہان دو حسین ایک جگہہ ہون نہین تو اسوقت کی چھین جھپٹ مین اس بیچارے کا خاتمہ ہو جائیگا بجائے ایک کے دو اور آپکو منگانا ہونگے قیمت تین روپیہ آٹھ آنہ

سارٹیفکٹ نمبر ۳

جناب من تسلیم - آپسے دو چین [illegible] تنکوائی تھین ایک تو ہار کیا [illegible] آپ بہت عمدہ مین مجھے پسند آیا [illegible] دوم [illegible] سب [illegible]

راقم غلام حسن [illegible] ۱۰ جون [illegible]

سارٹیفکٹ نمبر ۴

مہربان من - تسلیم - [illegible] ہار [illegible] دیکھا ہار [illegible] بہت [illegible]

راقم [illegible] از ضلع [illegible]

سارٹیفکٹ نمبر ۵

بنابت فراست [illegible] سلامت [illegible] تسلیم [illegible] طوق [illegible] ۱۲ اگست [illegible] عبدالرحمن [illegible]

سارٹیفکٹ نمبر ۶

مہربان من تسلیم [illegible]

راقم [illegible]

المشتہر سید محمد عبداللہ حلیم جنرل مرچنٹ وکمیشن ایجنٹ وپروپرائٹر دواخانہ دارالشفا وگلدستہ چمنستان سخن وعلمی خبری کانپور باتار رام نراین گڑھی کی کوٹھی

خالص چاندی کے یادگار جوشن



ہندوستانی نازک طبع رنگین مزاج بیگمات کے بازو کی زیبائش بڑھانے کے لیے یہ بہت خوش رنگ اور آبدار سنہرے جوشن تیار ہوے ہین جو بالکل سونیکے پانسو روپے کے معلوم ہوتے ہین اور انکا رنگ کبھی تبدیل نہین ہوتا عجیب چیز ہین مستورات ایک جوڑی منگا کر دکھلایئے کمال پسند ہونگے قیمت فی جوڑہ عہ

سچے سلمہ کے اعجوبہ اودراج



یہ سچے سلمہ ستارہ کے کام کے جڑاؤ ادراج ہین جو کہ کانون مین پہنے جاتے ہین ان ادراجون کے بیچ مین نگینہ سلمہ سے جڑے ہین یعنی نگ مثل ہیرے ہینے دیاقوت کے چمکتے ہین اور اوسکے ادھر اودھر موتی لگے ہین اور ارد گرد اوسکے ستارونکی تحریر دی ہوئی ہی پھر ادھر ادھر اوسکے موتی کی باڑھ سلمہ کے ساتھ لگائی ہی غرضکہ بہت خوشنما ہین تین سو کی دیکھنے والے بتائینگے قیمت عصہ

سچے سلمہ کا گلوبند

ناظرین اس گلو بند کو ذرا ملاحظہ کیجیے کام کیا ہی جسکی نفاست۔ موزونیت ے موتی گوندھے گئے ہین اور نیچے ایک باڑھ صراحی دار سلمہ ستارہ کا عجیب ستھرا کام کیا ہے جس سے یہ گلوبند ہی دل لوٹ ہو جاے جس قیمت کو ملے بغیر لیے نچھوڑین دل تھام کر نہ بیٹھ جائین تو ہمارا ذمہ۔ یہ گلوبند منگا کر دیکھو تو طبیعت پھڑک جائیگی جسے پہناوگے

اسکے کاریگر نے اسمین وہ عمدہ اور صوفیانہ اپنے لیے آپ ہی نظیر ہے اسمین موقع محل خوشنما موتیون کی الگ آویزان ہے اور درمیان مین سچے چم چم ہو رہا ہے اگر کسی مہ جبین کی نظر پڑجاے دیکھتے اور زیب گلو فرما کر اسکی بہار دکھا دین تو عاشق مزاج بالکل نو ایجاد ہے شوقین مزاج ایک گلوبند جی خوش ہو جائیگا قیمت دو روپیہ ۸



سارٹیفکیٹ نمبر ۵

جناب من۔ تسلیم۔ مال مرسلہ آپکا بہت عمدہ ہے ۲۰ اگست ۹۶ء

راقم عزیز حسن خان رئیس رامپور ضلع مرادآباد

سارٹیفکیٹ نمبر ۶

جناب من۔ تسلیم
اشیاء مرسلہ آپ کی قابل تحسین ہین۔ ۲۵ نومبر ۹۶ء
راقم غلام محی الدین
نائب تحصیلدار سرنگر

سارٹیفکیٹ نمبر

جناب من [illegible] تسلیم [illegible]
[illegible] ۹۶ء
راقم [illegible]

سارٹیفکیٹ نمبر

جناب من بعد سلام علیکم [illegible]
[illegible]
راقم [illegible]

المشتہر سید محمد عبد اللہ عظیم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحۃ و گلدستہ چمنستان سخن و علمی جنتری کا پتہ بازار [illegible] کی کوٹھی

بقیہ حالات جاپان

سنہ ۱۸۷۳ء سے جاپانی پوشاک انگریزی ہوتی جاتی ہے پہلے پائجامہ پاؤن کی لمبائی سے دونا ہوتا تھا۔ پشمینہ اور اکثر اونی کپڑا نایاب ہوتا ہی کیونکہ بھیڑین بہت کم ہوتی ہین۔ گائے بیل وغیرہ باربرداری کے کام مین لائے جاتے ہین جو عموماً دوسرے ممالک سے زیادہ قوی ہوتے ہین۔ کیونکہ گائے کے جسقدر دودھ ہوتا ہی سب اوسکے بچے کو پلا دیا جاتا ہی کسی شخص کے پینے مین نہین آتا۔ جاپانی اکثر آتش پرست اور آفتاب پرست ہین۔ اس ملک کے مردون سے عورتین زیادہ خوبصورت ہوتی ہین۔ جاپان مین تحصیل علم کا دارمدار صرف مذہبی تعلیم پر ہی۔ دوکاندارون اور سوداگرونکو چمارون سے بھی زیادہ ذلیل سمجھتے ہین۔ وضع ولباس مین دیہاتیون اور شہر والون سے فرق ہی۔ قصباتی اور گنوار شیر کی کھال پہنتے ہین اور سر برہنہ ہوتے ہین۔ شہر مین امیر اکثر ریشمی کپڑا پہنتے ہین۔ عورتین بال سنوارنے کا زیادہ خیال رکھتی ہین۔ ہر ایک جاپانی ہر روز گرم پانی سے نہاتا ہے سرد پانی سے نہلانا سزا مین داخل ہی۔ اگلے زمانے مین مرد و عورت ایک جگہ برہنہ نہاتے تھے اب بالکل ممنوع اور متروک ہی۔ تمام مکانات زلزلے کے خوف سے یک منزلہ ہوتے ہین۔ جاپانی مخصوص اشیا کھانے مین استعمال کرتے ہین مگر عموماً شراب ضرور پیتے ہین۔ بدھ مذہب گوشت بہت کھاتے ہین مگر اب رفتہ رفتہ متروک ہوتا جاتا ہے اور نباتات کا زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ پہلے حقہ پینے کی سخت ممانعت تھی اب اکثر لوگ پیتے ہین۔ یون تو اولاد کی خوشی سب کو ہوتی ہے مگر جاپانیون کو سب سے زیادہ کیونکہ اونکا اعتقاد ہی کہ دینی اور دنیاوی خوشی اولاد پر موقوف ہی زندہ رہنے پر ضعیفی مین بیٹے سے ہر طرحکے آرام اور عیش کی امید ہوتی ہی اور مرجانے کے بعد روح کو ثواب پہونچ سکتا ہی۔ شادی کے رسوم مین سب سے زیادہ ایک رواج بہت عمدہ ہی اور وہ یہ کہ خاوند کی اطاعت ہر عورت ضرورت سے زیادہ کرتی ہی یہان تک کہ بعض بعض عورتین اپنے شوہرونکو سجدہ کرتی ہین اور کبھی اونکے خلاف کوئی کام کرنیکی جرأت نہین ہو سکتی۔ علاوہ اسکے شادی دولہا دولہن کی خوشی پر موقوف ہی مگر بعد اونکے والدین کا فیصلہ ناطق ہوتا ہی۔ پھر نیک ساعت دیکھی جاتی ہے اور عقد ہوتا ہے اوسوقت دُلہن کو سفید کپڑے پہنا دیتے ہین کیونکہ سفید کپڑے ماتمی خیال کیے جاتے ہین اور اسی سے یہ اشارہ ہے کہ دُلہن اپنے خاوند پر نثار ہو جائیگی اور جان دیدیگی۔ جب رخصتی ہوتی ہی تب دولہا کے یہان وہ کپڑے بدلے جاتے ہین اور ایک شراب کی پیالی مین تین مرتبہ دولہا دُلہن پیتے ہین۔ جنکو نہین عادت ہے وہ صرف تین بار مُنہ لگا دیتے ہین۔ دُلہن کے گھر والے اوسکو رخصت کرنے کے بعد اپنے گھر کو بدلتے ہین اور وہ سامان کرتے ہین جو مردہ نکلجانے کے بعد کرنا چاہیے۔ جاپانی عورتین اپنے شوہرونکی لونڈیان سمجھی جاتی ہین۔ جاپانیون کے گھٹنے اکثر پیچھے کو موڑے ہوتے ہین کیونکہ بچپن مین پانچ برس تک اپنے پاؤن کی پشت پر پڑے رہتے ہین۔ جاپانی اپنے لڑکے کو چھٹے سال چھٹے مہینے اور اوسکے چھٹے دن اسکول مین تعلیم کے لیے لیجاتے ہین اور اپنی حیثیت کے موافق اس رسم کو سیر چشمی سے ادا کرتے ہین۔ گھوڑونپر سوائے عہدہ دارونکے کوئی سوار نہ ہو سکتا تھا بلکہ رواج تھا کہ اگر کوئی افسر ملجاتا تو گھوڑے سے اوتر پڑنا ضرور ہوتا تھا مگر اب عموماً بلا کسی شئے کے گھوڑے پر سوار ہو سکتے ہین۔ علاوہ اسکے گاڑی۔ پالکی اور دوسری سواریون کا بھی رواج ہو گیا ہی۔ یہ ملک چونکہ کوہستانی ہے اسلیے ریل نکالنے مین سخت دقت ہوتی ہے تاہم ایک ہزار میل تک ریل جاری ہی جاپانی خلیق زیادہ ہوتے ہین۔ اونکے سلام کا قاعدہ یہ ہے کہ آگے کیطرف جُھک کر دونون ہاتھ گھٹنونپر ٹیک کر سر زمین پر رکھ دیتے ہین اور یہ ایک ادب کا سلام ہی۔ جاپانی بچے جب گھرونکو واپس آتے ہین تو اپنی ماؤن کو سجدہ کرتے ہین اور ملازم پیشانی آستان پر رکھ دیتے ہین۔ جاپان کی حالت ہر وقت معرض خطر مین رہتی ہے کیونکہ سو کوس تک اسطرح کی آتش فشان پہاڑ ہین کہ اونمین سے رات دن آگ برستی ہے سنہ ۱۸۸۸ والے زلزلے مین سخت تباہی آئی اوسی سن مین ایک پہاڑ پھٹ گیا تھا جسکا اثر ۹ میل تک پہونچا۔

شہنشاہ چین

شہنشاہ کونگ سس فغفور چین پہلے اسکا نام ٹسی ٹیو تھا مگر تخت پر بیٹھتے ہی موافق دستور دوسرا نام رکھ لیا یہ ۱۵ اگست ۱۸۷۱ء کو پیدا ہوا ۱۲ جنوری ۱۸۷۵ء کو تخت نشین ہوا۔ ۲۶ فروری ۱۸۸۹ء کو شادی ہوئی۔ اس نوجوان بادشاہ نے اپنی ذاتی لیاقت اسوقت تک کچھ بھی ندکھائی اور غفلت و بےپروائی مین اتنے روز سلطنت کی کیا عجب ہے کہ آیندہ کچھ سنبھل جائے خصوصاً جاپان کی جنگ سے کیونکہ چین کو اس شکست مین ایسا نقصان عظیم پہونچا جسکی مطلق امید نہ تھی فی الحال لی ینگ چنگ وزیر چین نے جو یوروپ و امریکہ کا سفر کیا ہے شاید قواعد دانی جانے اور اسلحہ جنگ خریدنے کے لیے یہ محنت گوارا کی ہے کیونکہ اونکا ارادہ ہی کہ یوروپ کی تمام مشینون اور کلونکو چین مین رائج کرنا چاہیے یہان کے حسن انتظام اور ترقیون کی بڑی شہرت تھی مگر اصل مین سخت بدانتظامی کی وبا پھیلی ہوئی ہے صرف چین کی باشندے اسبات پر نازان ہین کہ وہان کے لوگونمین ایسا اتفاق ہی کہ تمام دنیا مین اوسکی نظیر نہین ہے مگر اتنا ضرور ہی کہ اوسکی آبادی دنیا بھر مین سب سے زیادہ اور سوای سائبریا کے ایشیا مین وسعت کے لحاظ سے کوئی ملک اسکے برابر نہین ہی یہان کے خاص باشندون کو قومی شرافت۔ ملکی وسعت۔ تاریخی قدامت اور کثرت آبادی پر فخر ہے اور مشقت و جفاکشی کا بھی دعوی ہے



چین کا رقبہ (۱۸ جنوبی) ۴۴۶۸۷۵۰ میل مربع تمام دنیا کے بارھوین حصہ سے کچھ زائد ہے اسکا طول شمالاً جنوباً ۱۸۶۰ اور عرض ۱۵۲۰ میل ہے آبادی ۳۸۶۰۰۰۰۰۔ آدمیونکی ہے مگر چین کی حد اس دور تک تجاوز کرکے اپنے ماتحت علاقون منچوریا منگولیا۔ اور زنگریا تک شمال مین اور شرقی ترکستان اور تبت تک مغرب مین پہونچتا ہی جسمین قریب ۲ کرور کے آبادی علاوہ ہے۔ کوریا بھی جنگ سے پہلے صاف طور پر چین کی ماتحتی تسلیم کرتا تھا ۱۸۹۵ء مین اسکا محاصل ۲۵۸۳۷۵۰۰ پونڈ تھا ۱۸۹۲ء مین ۳۵۵۰۰۰ پونڈ ممالک غیر کا اور ۵۷۵۰۰۰۰ ملکی قرض تھا فوج ۱۲ لاکھ ہے ۳۔ آہنی جہاز گشتی کراز ۳۰۔ آہنی توپ خانہ جنگی بوٹ ۹ تارپیڈ جہاز انگلستان اور جرمنی کے بنے ہوے اور ۰۰ اور جہاز ہین ۲ ہزار میل تار برقی ہی اور ریل صرف ۱۰ میل ہے مگر اب ریل کی زیادہ ضرورت معلوم ہوتی ہی اسلیے عنقریب بہت سی لائن جاری ہونیوالی ہین یوروپ و امریکہ والون نے انکو بہت ترغیب دی اور ریل کے فوائد بتائے مگر ابتک انکی سمجھ مین نہ آیا تھا کئی برس ہوے جبکہ شنگھی و ولنگ کے درمیان سات آٹھ میل تک ریل تیار ہوئی تھی مگر چینیون نے اوسے خرید کے عمداً تباہ کردیا پھر چینیون نے کیلنگ سے ساحل دریای پیہوتنگ کو ملا لانیکے لیے ریل بنائی سالگذشتہ مین ٹینکو ٹینس ایک شاخ ریلوی جاری ہوئی ہی جسپر مسافر بھی جاتے ہین یہ ریل گورنمنٹ چین کی ہی اسپر انجنیر اور ڈرایور یوروپین ہین فارون مین ۶۵ میل ریل ہے اور عمدہ انتظام کے ساتھ جاری ہی۔ چینی بیرحمی سے لڑکیون کے پاؤن لوہے کے شکنجہ مین دیدیتے ہین جسمین سخت تکلیف ہوتی ہی اور وہ بڑی ہوکر بھی اچھی طرح چل پھر نہین سکتین۔ اگرچہ چین مین ہر کس و ناکس کچھ نہ کچھ ضرور پڑھا لکھا ہی مگر اکثر معمولی طور پر تعلیم اس ملک مین بالکل ترقی پذیر نہین ہے۔ زبان چین کا ادب پڑھ لینا اعلی درجہ کی تعلیم خیال کیجاتی ہی عورتین فیصدی دس بھی خواندہ نہین ہین۔ ریشمی اشیا اور آراستہ کرنیکے سامان یہان بہت تیار ہوتے ہین گویہ قوم اپنے حال مین مست ہے مگر اور قومین اوسکی نزدیک وحشی ہین علم جغرافیہ قدیم اور تواریخ وغیرہ سے محض ناواقف ہین۔ ہیکنگ ٹینس اور کینکن مین مدرسے ہین جہان غیر زبانین اچھی طرح حاصل ہوسکتی ہین مگر یہان کے لوگون کو بالکل اسطرف توجہ نہین ہے۔ بیکنگ چین کا دارالسلطنة ہے جسکی آبادی ۱۰ لاکھ ہے۔ کوریا کا محاصل بجای فغفور کے خود شاہ کوریا لیتا ہے۔ اس ملک کی تباہی کی اگر کوئی خاص وجہ ہے تو افیون۔

لپٹ جاتے ہین وہ بجلی کے ڈر سے
الٰہی یہ گھٹا دو دن تو برسے



ناظرین آپ یہ کہینگے کہ یہ کیا چیز ہے جسمین کچھ موتیون کی آب و تاب اور ستھرا پن جھلک رہا ہے - صاحب یہ نازک مزاج نفاست پسند ہندوستانی عورتون کے کان مین پہننے کی بجلیان ہین اسکے بنانے والے نے اس سجاوٹ سے اسمین نہایت آبدار موتی برابر گوندھے ہین اور انکے بیچ مین سچے سنہرے سلمے کی خوشنما طرحداریان ہین جو نقشے سے پورے طور پر نہین معلوم ہوسکتین یہ وہی بجلیان ہین جسکے ہر پہلو مین بلا کی شوخیان ہر گوشہ مین قیامت کی بجلیان نظر آتی ہین - یہ وہی بجلیان ہین جنکو معشوقان برق خرام کانون مین پہنکر عشاق کے خرمن دل پر بجلیان گراتے ہین - یہ وہی بجلیان ہین جنکو حسینان جہان نے بطیب خاطر زیب گوش کرکے واضع کی پوری پوری داد دی ہے - یہ وہی بجلیان ہین جنکا دل سے ایک زمانہ مشتری ہے - حق تو یہ ہے کہ ان بجلیون کی پوری پوری تعریف کسی سے ہو نہین سکتی - منگا کر ملاحظہ کیجیے اُسوقت اِسکی اعجوبہ صنعت - نرالی کاریگری دیکھیے گا تو کہیے گا کہ یہ کیا چیز ہے قیمت فی جوڑی دو روپیہ

سچے سلمہ کے کرنپھول



سارٹیفکٹ

مہربان بندہ سلامت - بعد تسلیم آرزو
[illegible] بندہ جو فہرست سے زیادہ موصوف
[illegible] دسمبر ۹۶ء [illegible] عیسوی فقط
راقم حسن [illegible]

سارٹیفکٹ

جناب من - تسلیم - پارسل [illegible]
سے اور [illegible] معلوم ہوا کہ [illegible]
[illegible] تعریف لکھی تھی [illegible]
راقم عبد الرحمن خان [illegible]
۵ جنوری ۹۶ء عیسوی
فقط

یہ خوشنما کرنپھول جسکا نقشہ آپکے روبرو پیش کیا گیا ہو سچے سلمہ ستارہ کے کرنپھول ہین جو ہندوستان کی گل اندام بیگمات کے استعمال کے لیے بنائے گئے ہین ان عجوبہ کرنپھولونکی عمدگی خوشنمائی دیکھنے پر موقوف ہے مستورات کو نہایت محبوب ہین فی جوڑہ

المشتہر سید محمد عبد اللہ قلم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحت و گلدستہ چمنستان سخن و علمی خبری کانپور ! بازار رام نراین گھڑی کی

پارچہ جات قابل استعمال فصل سرما

نام پارچہ	قیمت	نام پارچہ	قیمت	نام پارچہ	قیمت
بانات ہر رنگ عرض ۲۲ گرہ فی گز	ے/ ۸/۱۲	مخمل ہر رنگ عرض ۱۰ گرہ	بھر/ ۴/	دھوپ چھاؤن ہر رنگ نصف گز	۱۲/ ، بھر/
ایضاً بانات سیاہ عمدہ عرض ۲۴ گرہ فی گز	ے ، لعہ/	ایضاً عرض نصف گز	۴/ ، عہ/	ایضاً " عرض ۱۰ گرہ	سے/ ، ۸/
کشمیرہ سوتی رنگین عرض ۱۲ گرہ	ے/ ، معہ/	مخمل کاشانی ۱۰ گرہ	معہ/ ، ہے/	ایضاً " " ایک گز	ے/ ، ۱۲/
ایضاً ٹسری عرض ۱ گز	۶/ ، ۸/	پھلالین ہر قسم فی گز	ے/ ، ۸/	گرنٹ زری ٹسری ۹ گرہ	۴/ ، عہ/
ایضاً اونی عرض ۱۲ گرہ	۲/ ، عہ/	اطلس ٹسری عرض نصف گز	۱۲ ، ۹/	ایضاً ریشمی عرض نصف گز	طعہ/ ، سے/
	ے/ ، ۸/	ایضاً ریشمی عرض ۵ اگرہ	۱۱/ ، ۵/	ریشمی الپاکا سیاہ " ۱۲ گرہ	۸/ ، عہ/

نام پارچہ	قیمت
ریشمی الپاکا ہر رنگ عرض ۱۲ گرہ	۱۴/ ، ۱۳/
پاپلین ہر رنگ عرض ۹ گرہ	عہ/ ، ۱۲/
گرنٹ پھولدار و دھاریدار ہر رنگ	ے/ ، ۴/
ساٹن چین کی عرض ۱۲ گرہ	معہ/ ، ے/
ٹبنس کپڑا واسطے کوٹ	۶/ ، ۱۴/
اور اور کوٹ کی عرض ۲۲ گرہ	۱۲/ ، ۱/

ہر قسم کی عمدہ ٹوپیان بیچیے



اس ٹوپی مین بھی بڑی متانت ہے، اکثر شوقین اسے پہنتے ہین دیکھیے یہی خوشنما ٹوپی جسکا نقشہ پیش نظر ہے فلٹ کیپ مشہور ہے قیمت ٹوپی تین روپیہ ے/
ایضاً دو روپیہ آٹھ آنہ ۲/۸



یہ خوشنما ٹرکی ٹوپیان ہین جو شوقین لوگون کے واسطے کثیر التعداد منگوا منگوا کر اسٹاک مین رکھی جاتی ہین۔ ٹرکی ٹوپی مع پھندنے کے قیمت
۲/ ، ۶/ ، ۸/



یہ عمدہ خوشنما ایرانی ٹوپیان ہین جسکی متانت نقشہ سے ظاہر ہے پوری کیفیت اصل ٹوپی کے دیکھنے سے ظاہر ہوگی اسکو بھی اکثر معزز اصحاب استعمال کرتے ہین قیمت فی ٹوپی ے/ ، ۱۲/۸ ، ۴/



ٹوپی گول میرٹھہ سادہ رنگین فی عہ/ ، ۱۴/ ، ۱۲/
۱۰/ ، ۸/ ، ۶/ ، ۵/ ، ۴/
ایضاً کامدار کلابتونی فی عہ ، لعہ ، معہ ، معہ/
ے/ ، صہ/ ، عہ/ ، ے/ ، ۶/ ، صعہ/
سلمہ ستارہ کی ٹوپیان گول فی معہ/ ، ے/ ، صہ/ ، معہ/

عمدہ عطریات

نام عطر	قیمت تولہ
عطر حنا عمدہ	عہ/ ، ۸/
عطر گلاب "	عہ/ ، ۸/
عطر مدن بان "	عہ/ ، ۸/
عطر موتیا "	عہ/ ، ۸/
عطر سہاگ "	عہ/ ، ۸/
عطر جوہی "	عہ/ ، ۸/
عطر چنبیلی "	عہ/ ، ۸/
عطر کیوڑہ "	عہ/ ، ۸/
عطر مجموعہ "	عہ/ ، ۸/
عطر خس "	عہ/ ، ۸/
عطر مولسری "	عہ/ ، ۸/

روغن خوشبودار

نام روغن	قیمت سیر
روغن بیلا بہت عمدہ	للعہ/ ، ہے/
روغن چنبیلی بہت عمدہ	للعہ/ ، ہے/
روغن جوہی بہت عمدہ	للعہ/ ، ہے/
روغن کیوڑہ بہت عمدہ	للعہ/ ، ہے/
روغن راحت روح "	للعہ/ ، ہے/
روغن خس بہت عمدہ	للعہ/ ، ہے/
روغن سنگترہ بہت عمدہ	للعہ/ ، ہے/
روغن حنا بہت عمدہ	للعہ/ ، ہے/

علاوہ ان عطریات اور روغنون کے ہر قسم کا عطر اور روغن حسب فرمایش روانہ ہو سکتا ہے۔

ظروف مرادآبادی

نام ظروف	قیمت
گلاس پانی پینے کے سادہ فی	عصہ/ ، ۱۴/
گلاس ٹوٹنٹ کے "	عصہ/ ، ۱۲/
گلاس نقشی مسلم عمدہ "	عصہ/ ، ۱۴/
طشتریان سادی "	عصہ/ ، ۱۴/
طشتریان نقشی "	عما/ ، ۸/
پاندان مع قفل و کنجی "	ے/ ، صہ/
پاندان بلا قفل و کنجی "	عہ/ ، ہے/
اوگالدان سادہ عمدہ	عصہ/ ، ۱۲/
اوگالدان نقشی کلان "	ہلے/ ، ۸/
حقہ مع نیچہ و چلم وغیرہ نہایت عمدہ پوراسٹ فی عدد	ہلے/ ، معہ/

متفرق اشیا

نام اشیا	قیمت
کیل ایک پھول بنا ہوا جڑاؤ بیلا سادہ سونیکا پیچ پشت پر لگا ہوا	ے/
کیل سونیکی ایک نگی یاقوت یا زمرد یا موتی کی جڑی ہوئی	ے/
کیل سونیکی ایک نگی جڑاؤ کلان	عصہ/ ، ۴/
کیل سونیکی ایک نگی جڑاؤ متوسط	معصہ/
کیل سونیکی ایک نگی جڑاؤ خرد	۱۰/
سیس پھول چاندیکا ایک کنسہ پھول بنا ہوا ہے	ے/
کرنپھول چاندیکا جوڑ ایک جڑاؤ رنگ برنگ نگینونکا جڑا ہوا	عما/

المشتہر سید محمد عبداللہ علم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحۃ و گلدستہ چمنستان سخن و علمی خبری کانپور بازار رام نراین گھڑی کی کوٹھی

لی ہنگ چنگ وزیر اعظم چین

یہ شخص سلطنت چین کا وزیر اعظم ہے اور صوبہ چلی کا نائب السلطنت ہے ۵۰ کرور انسانون پر اس طرح حکمران ہے کہ ایک اشارہ پر سب کے سر تن سے جدا ہو سکتے ہین۔ اسکا باپ ایک معمولی غریب آدمی تھا جو صوبہ انھوئی مین پیدا ہوا اور وہین بود و باش اختیار کی اسے کوئی سرکاری تعلق نتھا مگر اپنے وطن مین ایک زبردست عالم مشہور تھا اور ہزارون عالم اسکو مانتے تھے جسکی علمی لیاقت کا اثر اُسکے بیٹے لی ہنگ چنگ پر بھی پڑا کہ اوسنے اپنے لڑکے کو ویسی ہی تعلیم دی جیسی کہ اوسنے پائی تھی اسنے تین امتحان پاس کیے آخری امتحان مین پندرہ ہزار امیدوارون مین سب سے اول درجہ مین پاس ہوا چنانچہ اسی لیاقت کی بدولت چین کے منتخب جنرل ٹینگ کن منہن کا فوجی سکرٹری ہوا اور پھر ریاست کینگسی مین بعہدہ گورنری بھیجا گیا سنہ ۱۸۶۰ء عیسوی مین بغاوت تائی سنگ کے زمانہ مین بھی گورنر تھا اور اسی نے بمشارکت امریکن وارڈ و جنرل گارڈن اس بغاوت کو فرو کیا لی ہنگ چنگ افواج چین کا کمانڈر انچیف تھا لاکھون باغیون کو قتل کیا جسمین کل ایک کرور آدمی مارے گئے جسکی وجہ سے لی ہنگ چنگ کا سربرآوردہ لوگون مین شمار ہونے لگا۔ مترجم اور پرچہ نگار بکثرت ملازم ہین تمام مطابع سے معاملہ رہتا ہے اور جب کبھی کوئی خبر چین کی یوروپ مین شائع ہو کر پہونچتی ہے تو پہلے ترجمہ ہو کر اسے دکھائی جاتی ہے محکمہ تار پر اسکو کلی اختیار ہے بلکہ چین مین تار برقی اسی کی ایجاد کی ہوئی ہے اپنے خاص مقام سے ۸ ہزار میل تک تار پھیلا دیا ہے شاہ اور تمام صوبون کے گورنرون سے سلسلہ تار ملا ہوا ہے اور دنیا بھر کی خبرین روزمرہ پہونچتی رہتی ہین گو اسکی عمر ۷۲ سال کی ہے مگر تمام قوی ویسے ہی ہین اور کل اعضا مضبوط ہین اور اب بھی یہ بڑا قوی ہیکل جوان معلوم ہوتا ہے بہت نیچا جبہ پہنتا ہے قد چھ فیٹ اور ۲ انچ کا ہے کمر گو کسیقدر خمیدہ ہے مگر شانے بہت چوڑے ہین اور چہرے پر شکنین بھی نہونے سے ایک بڈھا آدمی نہین خیال کیا جاتا ہے اسکے رخسارون کی ہڈیان کسیقدر اُٹھی ہوئی ہین چہرہ بہت صاف اور گورے رنگ کا ہے آنکھین سیاہ چمکدار اور بہت خوبصورت ہین رخسار زیادہ تر اسوجہ سے سُرخ ہین کہ چونکہ اسکو فالج کا عارضہ بہت مدت سے ہے اسلیے روزانہ علاج کے لیے چہرہ پر بجلی لگائی جاتی ہے۔ فی الحال چین و جاپان مین جو لڑائی ہوئی تھی اُسمین اس عقلمند نے گو بہت سی کوششین کین مگر اسکا انجام اسے پہلے ہی معلوم تھا اور بلکہ شاہ چین سے بات ہی بات ظاہر بھی کر دیا تھا کہ جاپان کی جنگی حالت بہت ہی اچھی ہے اور اوسنے اپنی فوج کا انتظام یوروپ کے قاعدے پر کیا ہے یقیناً اوسکو شکست دینا بہت مشکل ہے مگر شاہ چین نے ایک نہ سماعت کی اور وہی معمولی خیال جو عوام کا تھا کہ چیونٹی اور ہاتھی کی لڑائی ہے آخر تک نگیا تاہم اس وزیر نے ایسی ایسی تدبیرین کین جس سے شکست مین بہت بڑا وقفہ ہوا ورنہ بہت ہی جلد اس طرح شکست فاش ہوتی کہ سب کو نہایت تعجب ہو جاتا۔ اس ہزیمت سے (اگرچہ پہلے بھی واقف تھا) وزیر اعظم کو بہت بڑا صدمہ ہوا یہان تک کہ اس غم مین بیمار ہو گیا تھا اور ملکی معاملات مین دخل دینے سے انکار کرنے والا تھا مگر کچھ مصلحت وقت اور شاہ چین کی حالت ابتر دیکھکر رحم آگیا اور اپنا ارادہ بدلدیا۔



شاہنشاہ روس



شاہ نکولس دوم ۱۰ مئی ۱۸۶۸ء کو پیدا ہوا اور اکتوبر ۱۸۹۴ء کو تخت نشین ہوا اپنے باپ کیطرح بہادر اور حلیم ہین مگر اسقدر قوت نہین ہے جتنی انکے باپ الگزنڈر مین خداداد بیحد طاقت تھی تمام علوم مغربی و مشرقی مین پوری پوری مداخلت اور جملہ فنون سپہ گری مین مشاق ہے دور اندیشی اور خلق مین اسکا نظیر نہین اپنی تمام سلطنت کا کل انتظام کرسکتا ہے جو ساری دنیا کا چھٹا حصہ ہے ملک روس نصف یوروپ سے زیادہ اور ثلث ایشیا مین پھیلا ہوا ہے خاص روس کا رقبہ ۱۸۸۷۶۱۰ میل مربع اور آبادی ۸۱۷۲۵۱۸۵ ہے اسکے متعلق پولینڈ بھی ہے جسکا رقبہ ۴۹۱۵۸۔ اور آبادی ۷۹۶۰۳۰۴ ہے اور کوہ قاف کا رقبہ ۱۸۰۵۰۴ میل مربع آبادی ۷۲۸۴۵۲۷ سنٹرل ایشیا کا رقبہ ۳۷۱۲۰۰ آبادی ۳۲۲۷۰۹۸ کے ہے سائبریا کا رقبہ ۴۸۲۴۵۶۳۔ اور آبادی ۴۳۱۳۶۸۰ ہے یہ تمام مقام اسی بادشاہ کے زیر حکومت ہین جنکے رقبہ کی میزان کل پہلے ۸۴۵۷۲۸۹ تھی اور آبادی کی میزان ۱۰۸۷۸۷۳۱۵ مگر فی الحال یورپین روس کا رقبہ ۶۴۴۱۰۰ میل مربع اور کل آبادی ۱۱ کرور ۵۰ لاکھ ہے بلکہ اور ترقی ہوتی جاتی ہے۔ یہودی۔ ترک۔ تاتاری اور مغل بہ نسبت اور غیر قومون کے زیادہ آباد ہین۔ یورپین روس مین میدان اور صحرا زیادہ ہین پہاڑ کوئی نہین ہے یورپ کی سب سے بڑی ندی والگا ندی روس ہی مین بہتی ہے اور جس مقام سے نکلی ہے وہانتک جہاز بخوبی جا سکتے ہین سائبیریا مین چار ندیان اور ہین جو اس سے بڑی ہین جنوبی سرحد کی زمین کوہستانی ہے اس ملک کا زیادہ حصہ اس قابل نہین ہے جسمین زراعت ہو سکے اس سلطنت مین اگر کوئی خرابی ہے تو صرف یہی کہ تعلیمی حیثیت سے تمام یوروپ کے پیچھے ہے۔ اس ملک مین غلہ بھی بہت پیدا ہوتا ہے دریای بالٹک اور بحر اسود کے درمیان کی زمین بالکل سرسبز ہے ۴۶ کرور رقبہ کی زمین جنگلون مین ہے جنمین سوائے معدنیات کے اور کوئی شے پیدا نہین ہوتی ہے۔ یورال کے پہاڑون مین بھی سونا بلاٹینیا۔ تانبا۔ لوہا۔ نمک۔ سنگ مرمر وغیرہ پیدا ہوتا ہے۔ چاندی۔ سونا سیسا۔ کوہ ہاے الٹائی مین بکثرت پایا جاتا ہے۔ ڈونیز کی سرزمین کوئلہ کی کانین بہت ہین۔ دریاے کسپین کے پاس بہت سے چشمے روغن پٹرولیم کے ہین جنسے تمام یوروپ کے بازارون مین بیحد تیل جاتا ہے کارخانے مختلف اور بکثرت ہین۔ فوج بحالت امن ۸ لاکھ سے زائد۔ توپین ۲۴۰۰۔ اور بحالت جنگ ۲۵۳۲۴۹۶ فوج بحری مین ۲۶۸ جہاز دخانی مسلح مع ۱۳۴۸ توپون کے ہین ریل ۱۸۶۷۰ میل اور تار برقی ۹۱ ہزار میل کل آمدنی ۱۰۲۱۲۹۸۳۴ پونڈ ہے اور خرچ ۱۱۰۵۴۸۶۶۲ پونڈ اور کل قرضہ ۵۰ کرور پونڈ ہے۔ روس مین مسلمان ۲۶ لاکھ ہین۔ سینٹ پیٹرزبرگ روس کا پای تخت ہے جسکی آبادی ۹۵۶۲۲۶ ہے۔ شاہ حال نے اپنے باپ کی زندگی مین مختلف ممالک کی سیر کی بالتخصوص ہندوستان کے اکثر مشہور شہرون کو اچھی طرح دیکھا گورنمنٹ انڈیا کے حالات بچشم خود دیکھ کے ہر قسم کے مطالب اخذ کیے اور ایک سفرنامہ لکھا جسمین علاوہ اور نکتہ چینیون کے ایک بات یہ لکھی کہ اہل ہند اپنی گورنمنٹ سے خوش نہین ہین۔ یہ جس شہر مین پہونچے وہان کے حکام اعلی نے بڑے بڑے جلسے کیے اور فوجی قواعد کامل طور سے دکھائی جسمین گورون سے سکھ اور ہندوستانی ہمیشہ ہر بات مین بڑھکے رہے انگریزون نے انکو اکثر شہرون کی عمدہ عمارتین اور مشہور چیزین دکھائین مگر بعض بعض شہر کے دلچسپ بازارون اور چوک وغیرہ کی طرف نہین لے گئے۔

جنٹلمین کمفارٹ ایبل



تجربہ سے معلوم ہوا کہ موسم سرما مین اگر بدن کی حفاظت
کیجائے تو سردی انسان کو بہت پریشان نہین کرتی لہذا سردی
سے بچنے کے لیے یہ چیزین منگا لیجیے جو عمدگی خوشنمائی

خوش وضعی صوفیانے پن مین بینظیر ہین اور قیمت بھی بہت
کم ہے۔ ایک سوٹ تو ضرور منگا لیجئے۔ قیمت چار روپیہ [illegible]
فی سوٹ ہے اور محصول ذمہ خریدار۔

پیارے بچون کا آرام



اگر آپکو اپنے بچے عزیز ہون تو یہ کوٹ وغیرہ کا سوٹ
ہمسے منگا کر اپنے صاحبزادون کو پہنائیے تاکہ موسم
سرما کی تکالیف سے پیارے بچے محفوظ رہین

اسوقت ہمین اسمین زائد نفع لینا مد نظر نہین بلکہ بچون
کے آرام کا خیال ہے۔ یہ سوٹ خالص اونی ملائم
مثل ریشم کے ہے قیمت پانچ روپیہ [illegible]

ویسٹ کوٹ گرم



اس ویسٹ کوٹ کے پہننے سے سینہ سردی سے بالکل محفوظ
ہوجاتا ہے قیمت فی ویسٹ نمبر اول ساٹن کا تین روپیہ [illegible]
ایضاً نمبر دوم بانات یا کشمیرے کا۔ تین روپیہ [illegible]
ایضاً نمبر سوم سرج کا دو روپیہ آٹھ آنہ [illegible]

قمیص انگلش وضع



یہ قمیص نہایت عمدہ سلے تراش کی عمدہ قابل دید ہین
نمبر اول سفید کپڑا سینہ پر ریشمی بیل قیمت [illegible]
نمبر دوم سادہ بیل [illegible] نمبر سوم چھینٹ عمدہ [illegible]
نمبر چہارم اونی سوتی کمسٹڈ دو روپیہ آٹھ آنہ

واٹرپروف



یہ بھورے آسمانی رنگ کے ربڑ کے بنے برساتی کوٹ ہین مع
مخمل کے کیسا ہی پانی برستا ہو کیا مجال جو ایک بو
پانی بدن پر آئے کیسا ہی کیون نہ برستا ہو قیمت فی کو
نمبر اول [illegible] نمبر دوم [illegible] نمبر سوم [illegible]

طلسمی پیپ



یہ ایک قسم کا ظرف نہایت عمدہ چینی و سنگ و لکڑی وغیرہ کا ہوتا ہی اسمین تمباکو رکھکر پی جاتی ہے جو مختلف وضع کے ہین قیمت فی عدد ایکروپیہ عہ ر

سگار ہولڈر



یہ سگار ہولڈر جسکا نقشہ پیش نظر ہے نہایت عمدہ خوشنما نفیس ہین اسمین سگار لگا کر پیتے ہین بہت بکار آمد چیز ہے ضرور منگائیے قیمت ۸ر

ولایتی پھولونکی بجلی



فی الحال ایک نامی موجد نے ولایتی سُرخ سُرخ پھولونکی بجلیان بنائی ہین جنکے پھول برسونکے استعمال سے بھی نہین مرجھاتے حسینونکے لیے نادر تحفہ ہے فی جفت معہ ر

سات نگونکی انگوٹھی



یہ انگوٹھیان مثل سونیکی جنپر سات نگ اور تین نگ بھی جڑے ہین اگرچہ یہ نگ جوہری کے ہاتھ نہین بک سکتے مگر اصلی ہیرے نیلم پکھراج کو مات کرتے ہین قیمت فی عدد عہ ر

ہوائی بندوق



یہ بندوق بچونکا کھیل نہین ہے اس سے چھوٹا جانور مثلاً چڑیا - کبوتر - طوطی - مینا - تیتر بٹیر - کوا وغیرہ بخوبی شکار ہو سکتے ہین یہ بندوق ۳۱ - انچ لانبی ہے دو سو قدم سے اچھی طرح سے نشانہ لگتا ہے اسکے ساتھ ایک بکس گولی کا بھی ہے اس بندوق کے لیے لیسنس کی کچھ ضرورت نہین قیمت سامان عہ گولی کا بکس فی عدد عہ ر

طلسمی بندر



اس طلسمی بندر کا نقشہ ملاحظہ ہو - آپکو بھی تعجب ہوگا کہ یہ بندر اصلی بندر سے کہین بڑھا ہوا ہے اسکی تاگے کا ایک سرا پانون سے دبائیے اور دوسرا سرا ہاتھ مین پکڑکر ذرا تانیے بندر فوراً ہاتھ پانون پھیکتا ہوا اوپر اتنا جلد چڑھ جائیگا جیسے بجلی کوند گئی تاگا ذرا ڈھیلا کیجیے نیچے اوتر آئیگا قیمت فی کھلونہ دو روپیہ عہ ر

گلاب کے پھول کے بٹن



فرانس کے ایک صناع نے گلاب کے پھول کی ایسے خوش قطع بٹن بنائے ہین جنکے مقابلہ مین اصلی گلاب کے پھول پژمردہ معلوم ہوتے ہین کرتون و قمیص مین لگانیکے قابل ہین فی سٹ عہ ر

مصنوعی ہیرے کے بٹن



ولایت کے ایک کاریگر نے عجیب الصنعة بٹن بنا کر سات مصنوعی ہیرا اونپر ایسے جڑے ہین جو بالکل سچے معلوم ہوتے ہین ان بٹنونکو شوق سے قمیص پہنکر تو انمین لگائیے فی سٹ عہ

قفلیان جمانیکی مشین



دودھ شکر کی برف اگر جمانا ہو تو اسکے اندر کے ظرف مین دودھ شکر بھر کر باہر کے حلقے مین برف اور نمک بھر دیجیے پانچ منٹ مین برف نہایت لذیذ تیار ہو جائیگی قیمت فی عہ

ولایتی چشمہ



یہ عینکین ہر عمر والوں کو یکسان لگتی ہین ضعف بصارت کو دور کرکے نگاہ کو قائم رکھتی ہین باریک کام کرنیوالونکو از حد مفید ہین قیمت کی مختلف یعنی عہ ر عہ ر ے ر وعہ

المشتہر سید محمد عبداللہ جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحة و گلدستہ چمنستان سخن و علمی جنتری کانپور بازار رام نراین کٹری کی کوٹھی

دول یورپ کی دوازدہ سالہ ترقی

دول یورپ نے بارہ برس کے اندر ہی اندر جسقدر ترقیان کی ہین اوسیقدر ممالک اسلامیہ اور سلاطین اسلامیہ مضمحل ہوتے گئے۔ چنانچہ دولت فرانس کا رقبہ متفرقات ۱۸۸۴ء مین آٹھ لاکھ چھیانوے ہزار میل مربع تھا اور ۱۸۹۶ء موجودہ مین بتیس لاکھ اکیانوے ہزار میل مربع دولت مذکور کی متفرقات کا رقبہ ہے۔ دولت برطانیہ کی متفرقات کا رقبہ ۱۸۸۴ء مین پچاسی لاکھ بتیس ہزار سات سو میل مربع تھا اور سنہ حال مین اسقدر ترقی ہوئی کہ ایک کرور گیارہ لاکھ اونتیس ہزار آٹھ سو ساٹھ میل مربع رقبہ ہے۔ جرمنی ۱۸۸۴ء مین دو لاکھ آٹھ ہزار چھ سو ستر میل مربع پر حکومت کرتا تھا بالفعل ۱۸۹۶ء مین بارہ لاکھ اکتیس ہزار سات سو چالیس میل مربع پر متصرف ہے بلجیم کے قبضہ اقتدار مین ابتدا ۱۸۸۴ء مین گیارہ ہزار تین سو ستر میل مربع تھا الحال دس لاکھ گیارہ ہزار تین سو ستر میل مربع پر قابض ہے اٹلی کا ۱۸۸۴ء مین ایک لاکھ دس ہزار چھ سو بتیس میل مربع رقبہ تھا اور آجکل ۱۸۹۶ء مین اسکا رقبہ ۶ لاکھ دس ہزار چھ سو بیس میل مربع ہے ان دول خمسہ یورپ نے اس بارہ مین جسقدر اپنی متفرقات مین اضافہ کیا ہے اوسمین سے دو ثلث سے کچھ کم یا زیادہ ممالک اسلامیہ ہے مگر سواے خاص بادشاہون کے عموماً تمام شاہان اسلام اپنی ترقی کی کوشش نہین کرتے ہین یہی وجہ ہے کہ اب سب قومونکی نگاہون مین قدیمی وقعت سے نہین دیکھے جاتے پہلی وجہ تنزلی کی یہ ہے کہ تعلیم کو وسعت نہین دیجاتی دوسری وجہ یہ ہے کہ تجارت ہنر اور دستکاریون کا رواج بالکل اوٹھ گیا اور روز بروز اوٹھتا جاتا ہے تمام یوروپین قومین ان فنون مین سبقت لے گئی ہین اگر کچھ آثار قدیمہ ہین تو صرف سلطان کی عملداری مین وہ بھی صرف قسطنطنیہ مین۔

دول یورپ کی فوجی طاقت

جرمنی بجالت امن سپاہی ۵۹۲۵۵۰۔ گھوڑے ۱۲۰۰۰ توپین ۲۹۶۴۔ بجالت جنگ سپاہی ۲۴۴۰۰۰۰۔ اور گھوڑے ۵۶۲۱۵۰ توپین ۲۴۳۰ آسٹریا بجالت امن سپاہی ۳۱۹۲۳۵ گھوڑے ۶۵۵۰۰۔ توپین ۱۰۰۰ بجالت جنگ ۱۵۹۰۰۰۰۔ اور گھوڑے ۲۹۲۰۰۰۔ توپین ۲۱۴۴ اٹلی بجالت امن سپاہی ۲۳۸۰۰۰ گھوڑے ۵۳۰۰۰۔ توپین ۱۹۲۰۔ روس بجالت امن سپاہی ۱۰۳۳۶۶۱ گھوڑے ۱۵۰۰۰۰ توپین ۲۲۲۰ بجالت جنگ سپاہی ۲۴۱۱۱۰۵ گھوڑے ۴۶۳۰۰۰۔ اور توپین ۵۲۰۰ فرانس بجالت امن سپاہی ۵۲۸۷۳۸ گھوڑے ۱۲۲۰۰۰ توپین ۲۸۰۱ بجالت جنگ سپاہی ۲۷۱۵۶۰۰ گھوڑے ۸۰۰۰۰۰ توپین ۴۵۰۰۔ اعداد صدر سے معلوم ہوسکتا ہے کہ بالفعل ان پانچون سلطنتون مین ۲۷۲۳۱۸۴ سپاہی مسلح مع ۵۰۹۵۰۰ گھوڑون اور ۹۸۳۴ توپون کے موجود ہین۔

اونیسوین صدی کی مقتول بادشاہ

اونیسوین صدی عیسوی مین جو فرمانرواے سلطنت قتل کیے گئے اونکی تفصیل حسب ذیل ہے۔
۱۸۰۱ء شہنشاہ پال زار روس ۱۸۰۷ء سلطان سلیم ۱۸۳۱ء کپودستریاس سپرنٹنڈنٹ پراونشل گورنمنٹ یونان ۱۸۵۴ء مین ڈیوک آف پارما ۱۸۶۳ء پریسیڈنٹ قلمرویٹی ۱۸۶۵ء ابراہیم لنکون ۱۸۷۶ء گبٹر پریسیڈنٹ کارفیلڈ ۱۸۸۱ء زار الگزنڈر ثانی ۱۸۹۴ء پریسیڈنٹ کارنات ۱۸۹۶ء ملکہ کوریا ۱۸۹۶ء شاہ ناصر الدین قاجار والی ایران۔

۱۸۹۹ء مین دنیا کا خاتمہ

دنیا کے پروفیسر فلب جو ایک مشہور و معروف آدمی ہین رقمطراز ہین کہ ۱۳۔ نومبر ۱۸۹۹ء کو دنیا کا خاتمہ ہوجائیگا یعنی قیامت آجائیگی اوسدن جنت قہقری ہوگا اور ہر ایک ذی روح یا تو زندہ جلجائیگا یا کہین کا زہر اوسمین سرایت کرجائیگا۔

نقشہ تواریخ ولادت و وفات آنحضرت صلعم و چہار یار پاک رضہ و دوازدہ امام علیہم السلام مع قید یوم بمطابقت دیگر تواریخ عیسوی و بکرمی ہندسی

تواریخ ولادت باسعادت												اسماے مبارک	تواریخ وفات حسرت آیات											
سنہ عیسوی			سمت بکرمی				سنہ محمدی و ہجری				نمبر شمار		تعداد عمر	سنہ ہجری قدسی				سمت بکرمی				سنہ عیسوی		
۲۶	اپریل	سنہ ۵۷۱	بیساکھ	سدی	۱۱	سمت ٦۲۸	۸	ربیع الاول	سنہ ۱ محمدی	دوشنبہ	۱	حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم	٦۳	دوشنبہ	۸	ربیع الاول	سنہ ۱۱ھ	جیٹھ	سدی	۹	سمت ٦۹۱	۷	جون	سنہ ٦۳۲
″	″	″	″	″	۱۳	″	۱۲	″	″	جمعہ	″		″	شنبہ	۱۳	″	″	″	″	۱۵	″	″	″	″
۱۷	جولائی	سنہ ۵۷۳	ساون	بدی	۱۰	سمت ٦۳۰	۲۳	جمادی الاخری	سنہ ۳ م	سہ شنبہ	۲	حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ	٦۳	سہ شنبہ	۲۳	جمادی الاخری	سنہ ۱۳	بھادون	بدی	۹	سمت ٦۹۱	۲۹	اگست	سنہ ٦۳۴
۲	اکتوبر	سنہ ۵۸۳	کنوار	سدی	۳	سمت ٦۴۰	۱	محرم الحرام	سنہ ۱۴	یکشنبہ	۳	حضرت عمر عادل رضی اللہ عنہ	٦۳	یکشنبہ	۱۱	محرم الحرام	سنہ ۲۴	کاتک	سدی	۳	سمت ۷۰۱	۱۳	نومبر	سنہ ٦۴۴
۳	دسمبر	سنہ ۵۷٦	اگہن	بدی	۵	سمت ٦۳۳	۱۸	ذیحجہ	سنہ ٦	جمعہ	۴	حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ	۸۲	جمعہ	۱۸	ذیحجہ	سنہ ۳۵	اساڑھ	بدی	۵	سمت ۷۱۳	۲۳	جون	سنہ ٦۵٦
۱۵	اکتوبر	سنہ ۵۹۹	کنوار	سدی	۱۵	سمت ٦۵٦	۱۳	رجب المرجب	سنہ ۳۰	جمعہ	۵	حضرت علی ولی رضی اللہ عنہ	٦۳	جمعہ	۲۱	رمضان	سنہ ۴۰	پھاگن	بدی	۸	سمت ۷۱۷	۴	فروری	سنہ ٦٦۱
۳۰	جولائی	سنہ ٦۰۴	ساون	بدی	۸	سمت ٦٦۱	۲۰	جمادی الاخری	سنہ ۳۵	جمعہ	٦	حضرت فاطمہ بنت نبی رضی اللہ عنہ	۲۸	جمعہ	۳	رمضان	سنہ ۱۱	اگہن	سدی	۴	سمت ٦۹۹	۲٦	نومبر	سنہ ٦۳۲
۷	مارچ	سنہ ٦۲۵	چیت	بدی	۲	سمت ٦۸۱	۱۵	رمضان المبارک	سنہ ۳	جمعہ	۷	حضرت امام حسن علیہ السلام	۴۷	جمعہ	۱	ربیع الاول	سنہ ۵۰	چیت	سدی	۳	سمت ۷۲۷	۴	اپریل	سنہ ٦۷۰
۱٦	جنوری	سنہ ٦۲٦	پوس	سدی	۵	سمت ٦۸۲	۴	شعبان المعظم	سنہ ۴	جمعہ	۸	حضرت امام حسین علیہ السلام	۵٦	جمعہ	۱۰	محرم الحرام	سنہ ٦۱	کنوار	سدی	۱۲	سمت ۷۳۷	۱۸	اکتوبر	سنہ ٦۸۰
۱۴	جنوری	سنہ ٦۵۹	پوس	سدی	۱۱	سمت ۷۱۵	۹	″	سنہ ۳۸	دوشنبہ	۹	حضرت امام زین العابدین علیہ السلام	۵٦	دوشنبہ	۱۸	″	سنہ ۹۴	کاتک	بدی	۵	سمت ۷٦۹	۳۰	″	سنہ ۷۱۳
۲۱	دسمبر	سنہ ٦۷٦	پوس	سدی	۵	سمت ۷۳۳	۳	صفر المظفر	سنہ ۵۷	دوشنبہ	۱۰	حضرت امام محمد باقر علیہ السلام	٦۲	″	۷	ذیحجہ	سنہ ۱۱۴	پوس	سدی	۹	سمت ۷۹۲	۱	جنوری	سنہ ۷۳٦
۱	جون	سنہ ٦۹۹	جیٹھ دوم	بدی	۵	سمت ۷۵٦	۱۸	ربیع الاول	سنہ ۸۰	دوشنبہ	۱۱	حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام	٦۹	″	۱۵	رجب المرجب	سنہ ۱۴۹	کنوار	بدی	۲	سمت ۸۲۳	۳۱	اگست	سنہ ۷٦٦
۱۳	نومبر	سنہ ۷۴۵	کاتک	سدی	۸	سمت ۸۰۲	۷	صفر المظفر	سنہ ۱۲۸	یکشنبہ	۱۲	حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام	۵۵	یکشنبہ	۵	″	سنہ ۱۸۳	ساون	بدی	۷	سمت ۸۵٦	۱۷	اگست	سنہ ۷۹۹
۱۴	دسمبر	سنہ ۷۷۰	پوس	بدی	۲	سمت ۸۲۷	۱۵	ذیحجہ	سنہ ۱۵۳	جمعہ	۱۳	حضرت امام علی رضا علیہ السلام	۴۹	جمعہ	۲۴	رمضان	سنہ ۲۰۳	چیت	بدی	۱	سمت ۸۷۵	۳۱	مارچ	سنہ ۸۱۹
۲۷	جون	سنہ ۸۱۰	اساڑھ دوم	بدی	۲	سمت ۸٦۷	۱۵	رمضان	سنہ ۱۹۴	جمعہ	۱۴	حضرت امام محمد تقی علیہ السلام	۴٦	سہ شنبہ	۱	ذیقعدہ	سنہ ۲۲۰	کاتک	سدی	۳	سمت ۸۹۲	۱	نومبر	سنہ ۸۳۵
۲۰	ستمبر	سنہ ۸۲۹	بھادون	سدی	۱۵	سمت ۸۸٦	۱۲	رجب المرجب	سنہ ۲۱۴	سہ شنبہ	۱۵	حضرت امام علی نقی علیہ السلام	۴۰	سہ شنبہ	۱۲	رجب	سنہ ۲۵۴	اساڑھ	سدی	۱۵	سمت ۹۲۵	۱۲	جولائی	سنہ ۸٦۸
۱۵	نومبر	سنہ ۸۴۵	کاتک	سدی	۱۰	سمت ۹۰۲	۸	ربیع الاول	سنہ ۲۳۱	جمعہ	۱٦	حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام	۲۹	جمعہ	۸	ربیع الاول	سنہ ۲٦۰	پوس	سدی	۱۰	سمت ۹۳۰	۷	جنوری	سنہ ۸۷۴

صاحب الامر امام محمد مہدی آخر الزمان صلواۃ اللہ علیہ السلام بتاریخ ۱۵ شعبان سنہ ۲۵۵ھ حسب عقائد اہل تشیع پیدا ہو کر سات برس کی بعد بتاریخ ۱۰ شوال سنہ ۲٦۲ھ سرداب سرمن رائے مین غائب ہو گئے اور ان کی منتظر ہین قرب قیامت ظہور فرمائینگے

طلسمی چڑیا



یہ باریک خوشنما نہایت مضبوط تارون کا پنجرہ ہے جسمین یہ چڑیا ہے اسکے نیچے اسپرنگ ہے جسکے کس دینے سے چڑیا پنجرے مین چارون طرف گھومکر منہ کھولکر بولتی ہے قیمت للعہ ر

ولایتی کنگھا



یہ کنگھی نہایت نفیس جنبر سے سنہرے تارون کا جال خوشنما بنا ہے اور آبدار موتی لٹکتے ہوے عجب لطف دیتے ہین اور بیل بوٹے سنہرے بنے ہین بہت خوبصورت فی کنگھا عـہ ر

گلاب پاش ولایتی



یہ نوایجاد گلاب پاش ہے اسکے اندر گلاب یا اور جو خوشبو چاہیے بھر کر اسپرنگ دبایئے محفل مین چھڑکیے دور تک اسکا فوارہ جاتا ہے رنگ بھر کر بھی کھیل سکتے ہین قیمت عـہ

گوشت کا قیمہ بنانیکی کل



پنجاب اور سندھ کی گرمی۔ جولائی اور اگست مین سندھ اور جنوبی پنجاب سب سے زیادہ گرم ہوتی ہین اسکا سبب یہ ہے کہ جو ہوائین جنوب سے بحر ہند مین ہوتی ہوئین ہندوستان مین داخل ہوتی ہین اونمین پانی کی بخارات بکثرت آتی ہین اور سردی سے منجمد ہوکر ابر باران بنجاتے ہین اور دریاے سندھ کی وادی کو سارے ہندوستان کی زمین اور ہوا مرطوب ہوجاتی ہے۔

قدرتی برف۔ بحر شمال اور جنوب کا پانی ہمیشہ منجمد رہتا ہے۔ سیبیریا۔ روس اور کناڈا کے بڑے دریاؤن کا پانی مہینون جما رہتا ہے۔ ٹیمس (دریای انگلستان) کا پانی کبھی کبھی منجمد ہوجاتا ہے۔ شمالی یورپ و امریکہ کی جھیلین اور چشمے اکثر منجمد رہتے ہین اور بخارات پانی ہوکر اور سردی سے جمکر برف کی صورت مین آسمان سے بھی گرتے ہین۔ ایک فارسی کا مقولہ ہے "آب بستہ را یخ میگویند"

آب باران۔ گرم ملکونمین بحساب اوسط ایک تہائی سے نصف تک اور سرد اور مرطوب ملکونمین نصف سے زیادہ پانی دریاؤن مین جاتا ہے باقی بخارات ہوکر پھر ہوا مین ملجاتا ہے۔

کنوون کا پانی۔ جو کنوئین زیادہ گہرے ہوتی ہین اونکا پانی مفید ہوتا ہے۔

گنگا اور جمنا کے بڑے شہر۔ دریاے گنگ کے داہنے کنارہ پر کانپور بائین کنارہ پر بنارس اور غازیپور۔ جمنا کی داہنے کنارہ پر دہلی۔ اور آگرہ۔ بائین کنارہ پر اله آباد۔

فرق اوقات۔ سب جگہ وقت برابر نہین ہوتے ہندوستان کی شمال مین گرمی اور جاڑے کی سبب وقت مین جتنا فرق ہوتا ہے اتنا جنوبی حصہ مین نہین ہے انگلینڈ اور ناروے مین دن اٹھارہ یا بیس گھنٹے کا گرمی مین ہوتا ہے۔ اور جاڑے مین صرف چھ گھنٹے کا۔ لندن مین جب صبح ہوتی ہے اجمیر مین شام ہوتی ہے۔

دائرۃ البروج اور خط استوا۔ اگر دائرۃ البروج خط استوا کے قریب جھکا ہوا نہوتا تو دن رات ہمیشہ اور ہر جگہ برابر ہوتے اور فصلونمین بھی اختلاف نہوتا۔

ممالک قطبین۔ گرمی مین قطب شمالی کے اکثر ملکونمین ہمیشہ دن رہتا ہے اور قطب جنوبی مین رات اور جاڑے مین اسکے برعکس۔

ایشیائی کوہستان۔ ایشیا اور ترکستان کی پہاڑون کی جنوبی اور شمالی گوشے نہایت ہی تنگ ہین۔ قندز (بدخشان مین ہی) اکہزار فیٹ بلند ہے ہندوکش دو ہزار فیٹ بلند ہے اور مغرب کیجانب افغانستان۔ بلوچستان ایران۔ کوہ قاف۔ اور ایشیاے روم کے اکثر حصونکا دامن دبا ہے۔ ترکستان اور تبت کا مشرقی کوہستانی حصہ برہما سے ابناے بہرنگ تک ایشیا کی ساری زمین گھیرے ہوے ہے۔

ہندوستان کا وسیع صحرا۔ کوہ ہمالیہ اور ہند کے حد بیکے درمیان جزیرہ نما بہت بڑا ہموار میدان واقع ہے جسمین دریای سندھ و گنگ بہتے ہین یہ میدان سمندر کے قریب کم بلند ہے مگر وسط مین زیادہ۔ دہلی اور لاہور کے درمیان بھی صحرا اکہزار فیٹ بلند ہے۔ ایک طرف کا پانی گنگا کی راہ مین خلیج بنگالہ مین جاتا ہے اور دوسری طرف کا دریای سندھ وغیرہ سے ہوتا ہوا بحر [illegible] مین گرتا ہے۔

ہوا بالکل صاف نہین ہوتی۔ جب نزدیکی کیوجہ سے ہوا صاف بھی معلوم ہوتی ہے تب بھی چھوٹے چھوٹے ذرے اور نباتات کے بیج ہوتے ہین

چینی ہندوستان کے حالات۔ چینی ہندوستان کی کوہی سلسلے ہمالیہ اور یون لنگ سے ملے ہوے ہین۔ دریای برہمپتر یا نگ ٹسی کیانگ سے دو ہزار میل ہے۔ برہمپتر وغیرہ کی اکثر دریا جنوب کیطرف بہتے ہین۔

مقامات کی گرمی سردی اور اوسکی وجہ۔ دنیا کے وہ مقامات جو خط استوا کی پہلو و نیر ہین بہت گرم رہتے ہین اور جو قطبین کے قریب ہین وہ اوتنے ہی سرد کیونکہ وہان آفتاب زیادہ بلند نہین ہوتا۔

ایشیائی ملکون مین بارش کی کثرت و قلت۔ چینی ہند چین۔ جاپان۔ شرقی سیبیریا مین کثرت سے پانی برستا ہے۔ ترکستان منگولیا۔ مغربی سیبیریا مین پانی بالکل نہین برستا۔ اور پہاڑو نیبر ہر سال ۴۰ سے ۵۰ فیٹ تک بارش ہوتی ہے۔

تبت مین پانی بالکل نہن برستا۔

ہندوستان۔ ہندوستان مین اعتدال کے ساتھ بارش ہوتی ہے مگر کسی سال اتفاق سے کم و زیادہ ہوجاتی ہے اور ایسے افراط و تفریط سے بہت بڑے بڑے نقصانات واقع ہوجاتے ہین۔

نظارہ انجم۔ شب کو تین ہزار تارے خاص قوت بصری سے نظر آتے ہین اور قوی دوربینون سے دو کرور کے قریب۔

کہکشان۔ شب کو آسمان پر اوتر سے دکن کیطرف جو سڑک سی معلوم ہوتی ہے اوسیکو کہکشان کہتے ہین اوراسمین ایک کرور اسی لاکھ کے قریب تارے ہین

اختلاف رنگ ستارون کے مختلف رنگ ہوتے ہین کوئی سبز۔ کوئی نیلا۔ کوئی سفید۔ کوئی سرخ۔

نجوم کے اکثر حالات نقشہ ذیل سے معلوم ہونگے

نام سیارہ	قطر بحساب میل	دوری آفتاب سے بحساب میل	تعداد ایام دورہ گرد آفتاب	اوقات گردش محوری	تعداد اقمار
عطارد۔ بدھ	تین ہزار ایکسو بیس	تین کرور پچاس لاکھ	۸۸ دن	صحیح نہین معلوم	۰
زہرہ۔ شکر	۷ ہزار ۸ سو	۶ کرور ۷۲ لاکھ	۲۲۴ دن	۲۳ ۱/۴ دن	۰
زمین	۷ ہزار ۹ سو ۱۲	۹ کرور ۳۰ لاکھ	۳۶۵ ۱/۴ دن	۲۴ گھنٹہ	۱
مریخ۔ منگل	۴ ہزار ایکسو نواسی	۱۴ کرور ۱۹ لاکھ	۶۸۶ دن	۲۴ ۱/۲ گھنٹہ	۰
مشتری۔ برہسپت	نواسی ہزار	۴۸ کرور ۳۶ لاکھ	۴۳۳۲ دن	۱۰ گھنٹہ	۴
زحل۔ سنیچر	اوناسی ہزار	۸۸ کرور ۶۲ لاکھ	۳۰ برس	۱۰ ۱/۲ دن	۸
یورنیس	بینتیس ہزار	۱ ارب ۷۸ کرور ۲۲ لاکھ	۳۰۶۸۶ دن	صحیح نہین معلوم	۴
نیپچون	پچاس ہزار	۲ ارب ۷۹ کرور ۶۰ لاکھ	۶۰۱۲۷ دن	صحیح نہین معلوم	۱

اجسام۔ اجسام اون چیزون کو کہتے ہین جنکا علم حواس خمسۂ ظاہری سے اور جنکا اتصال ذرون سے ہو اور اجسام کی تین قسمین ہین۔ منجمد۔ رقیق۔ ہوائی۔ جیسے لکڑی اور نمیرہ (منجمد) پانی اور گھی (رقیق) آکسیجن اور نیٹروجن (ہوائی) منجمد اوسے کہتے ہین جسکی شکل مشکل سے تبدیل ہو۔ اور رقیق وہ ہے جسکی شکل جلد بدل جاے یعنی جس ظرف مین ہو ہمرنگ ظرف نظر آئے۔

ہوائی اجسام وہ ہین جنمین دبنے اور پھیلجانے کا مادہ ہے۔

ذرات۔ کوئی ذرہ نیست نہین ہوتا مگر اونکی صورت بدل جاتی ہے (مثال) موم بتی گو بظاہر جل جاتی ہے لیکن حقیقت مین وہ ذرے (جنسے وہ بنی تھی) ہوائی شکل مین ہو جاتے ہین کوئی ذرہ نہ جلتا ہے نہ مٹتا ہے۔

قوت۔ زور و طاقت اوس چیز کا نام ہے جسکی وجہ سے ٹھہری ہوئی چیز چل سکتی ہے اور چلنے والی ٹھہر سکتی ہے اور طاقت تین قسم کی ہوتی ہے۔ کشش۔ قوت بالاتصال۔ قوت کیمیائی۔

اقسام بالا کے اجسام کے عام اوصاف۔ دو دو چیز ایک ہی وقت مین ایک ہی جگہ نہین رہ سکتے۔ عرض و طول و عمق کا ہونا۔ ہر جسم کے ذرون کا علیحدہ کرنا ممکن ہے۔ کوئی ذرہ نیست نہین ہوتا (رخ) جسم کے

ذرون مین فاصلہ ہونا کشش زمین جسکے باعث اوسمین وزن ہوتا ہے

زور و میلان۔ جسم کی صورت بعد تبدیل اگر اپنی اصلی صورت کیطرف خود بخود مائل ہو تو اوسے میلان کہینگے اور زور کی تعریف ہی ظاہر ہے

حرکت۔ سکون۔ مرکز۔ ٹھہرنیکو سکون چلنے کو حرکت جس نقطہ پر تمام چیز کا بار ہو اوسے مرکز کہتے ہین

مرکز دریافت کرنیکا طریقہ۔ جس منجمد جسم کا مرکز ڈھونڈھنا ہو اوسکے ایک گوشہ مین ایک پتلی سی رسی باندھکر لٹکا دو اور اوس رسی کو اوسکے نصف سطح سے زیادہ تک بڑھاؤ پھر دوسرے اور تیسرے گوشے پر بھی ایسا ہی اول کے رسی بڑھاؤ اور جس نقطے پر بہی ہو وہی مرکز ہے

رقیق اور منجمد اجسام مین فرق ہے۔ رقیق شے کی مثال مذکورہ سطح بالا ہموار رہتی ہے۔ ہلکی چیز تیرتی اور بھاری ڈوب جائیگی۔ ایک حصے کو حرکت دینے سے تمام حصے متحرک ہو جاینگے

رقیق اور ہوائی اجسام کا فرق اور وزن۔ ہوا کے ذرون مین زیادہ پھیلنے کی قوت ہے پانی ظرف مین جہانتک بھر جاوے وہین تک رہیگا اگر کوئی چیز ہوا بھر کر تولی جاوے تو خالی کے مقابلہ مین وزنی ہوگی اس سے ثابت ہوا کہ ہوا کا بھی وزن ہے۔

انسان پر ہوا کا بوجھ۔ جب زمین کے ایک انچ مربع پر ۷ ۱/۲ ر ہوا کا بوجھ ہوگا تو انسان پر ۳۷۵ من کے قریب بوجھ ہوگا۔

مذکورہ بالا بوجھ سے انسان کی نہ دبنے کی وجہ ہوا چارون طرف اور بدن کے اندر بھی ہے وہی اس بوجھ کو سنبھالے رہتی ہے (مثال) دریا مین غوطہ لگانے سے ہزارون من پانی اوپر آجاتا ہے لیکن چارون طرف پانی ہونے سے بوجھ نہین معلوم ہوتا۔

پہاڑ کی ہوا کی ہلکے ہونیکا سبب زمین کی کشش ہر چیز پر ہے اور وزن ہوتا ہے پس جو چیز زمین سے جسقدر نزدیک ہوگی اوسیقدر کشش کا اثر اور وزن بھی ہوگا یہی وجہ ہے کہ پہاڑ کی ہوا کا وزن زمین سے دور ہونیکے باعث کم

بیرامیٹر (ناپنے کا آلہ) سے آندھی پانی دریافت کرنیکا طریقہ جب آسمان صاف ہوا اور بیرامیٹر کا پارہ جاے معینہ سے نیچے آجاے تو آندھی آئیگی یا ابر ہوگا۔ اور اگر ابر کے وقت پارہ اوپر کو چڑھے تو آسمان کے صاف ہونیکی دلیل ہے۔

جاندار کیواسطے زیادہ بلندی موت ہے۔ ہوا کم ہونے سے بدن کی رگین اور خون پھیلنے لگتا ہے یہانتک کہ ناک اور منھ سے خون نکلنے لگتا ہے یہی وجہ ہے کہ زیادہ بلند ہو کر کوئی جاندار زندہ نہین رہسکتا۔

سمع اور سماعت۔ ہوا کی ذرے باہم ٹکرانے سے آواز پیدا ہوتی ہے اور ذرے

آواز جب کان کی پردے پر لگتی ہی تو قوت سامعہ اپنا کام کرتی ہے۔

آواز ہونیکا باعث ہوا ہی کبھی کبھی بڑی آواز سے مکانون کی شیشے ٹ گئی ہین اور آدمی بہرے ہوگئے ہین یہی وجہ ہی کہ جب ہوا کا دھکا زور سے لگتا ہی تو کان کی جھلی پھٹ جاتی ہی۔ اگر کسی مکان سے ہوا بالکل نکال لیجاے اور اوسمین گھنٹہ بجایا جاے تو مطلق آواز نہو۔

گرمی اور اوسکا وزن۔ اجسام کی ذرونکی حرکت سے گرمی پیدا ہوتی ہی اور گرمی کا کوئی وزن نہین ہوتا (ثبوت) اگر کسی چیز کو تولکر گرم کرو اور بعد گرم کرنیکے پھر تولو تو وزن مثل پہلے کے ہوگا۔

گرمی کی اوصاف۔ گرمی ہی کیوجہ سے گرمی ناپنے کے آلات بنائے گئے ہین س سے ہر جسم پھیل سکتا ہی۔ اس سے ہر چیز کی اندر کا پانی بخار بنکر اوڑ جاتا ہی۔ اس سے اجسام کی حالت بدلتی ہے یعنی منجمد سے رقیق اور رقیق سے ہوائی کر سکتے ہین

اجسام کی پھیلنے کی حالت۔ منجمد سے رقیق اور رقیق سے ہوائی اجسام زیادہ پھیلتے ہین جیسے سونا منجمد ہی اوسکو گلا کر رقیق کیا اور پھر زیادہ گرمی دیکر بھاپ کر دیا۔ ظرف مین چاہے کتنا ہی پانی ہو مگر نیچے آگ رکھنے سے کل گرم ہو جائیگا۔ پہلے آگ کے ذریعہ سے ظرف کا پیندا گرم ہوتا ہی پھر اوسکے اوپر جو پانی ہی وہ گرم ہوتا ہے اور گرمی سے ذرہ پھیلکر ہلکے ہو جاتے ہین اور اوپر کا پانی ٹھنڈا ہونیکے باعث بھاری ہوتا ہی اسلیے وہ نیچے کو آتا ہے اور نیچے کا اوپر کو جاتا ہی اسیطرح برابر یہی حال ہونے سے سب پانی گرم ہو جاتا ہے۔

شعاع حرارت کی رفتار۔ شعاع آفتاب (جسکا باعث گرمی ہی) بغیر کہین رکے تک آتی ہی آگ وغیرہ سے بھی گرمی کیوجہ سے شعاعین نکلتی ہین۔ شعاع کی رفتار ایک سکنڈ مین ۳۲ ہزار ۸ سو کوس ہے۔

گرمی پیدا ہونیکے طریقے۔ گرمی کا سبب آفتاب ہی اور زمین سے بھی نکلتی ہی دو چیزون کی ملانے (کیمیائی امتزاج) سے بھی اور دو چیزون کی رگڑنے سے بھی گرمی نکلتی ہے۔

روشنی اور اوسکی رفتار۔ جسکی وجہ سے اشیا کا رنگ اور صورت معلوم ہو اوسکا نام روشنی ہی۔ روشنی کی کرنین کسی چیز پر پڑیں اور پلٹ کر آنکھ تک آئے تب وہ چیز معلوم ہوگی۔ فی سکنڈ ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل روشنی کی رفتار ہے۔

فوائد روشنی ورنگ شعاع۔ فوٹوگراف۔ خوردبین۔ دوربین۔ روشنی کی ماہیت دریافت ہو جانی ہی سے بنے ہین اور شعاع مین حسب ذیل رنگ ہین۔ سرخ۔ زرد۔ نیلا۔ نارنجی۔ بینجنی۔ بنفشی۔ سبز۔ انھین سات رنگونکی ملنے سے ایک رنگ سفید معلوم ہوتا ہی

قوس قزح۔ جب پانی کے ذرہ آسمان مین پھیلتے ہین اور آفتاب کی شعاع اونپر پڑتی ہی تو پانی کی وجہ سے رنگ علیحدہ علیحدہ معلوم ہوتی ہین اسیکو قوس قزح کہتے ہین۔

اشیا کے اختلاف رنگ کا باعث۔ یہ اون چیزون کے ذرونکی خاصیت کا اثر ہی جس سے وہ بنے ہین اونکی یہ خاصیت ہے کہ کچھ شعاعین آفتاب کی وہ جذب کر لیتی ہین اور کچھ باہر پھینک دیتے ہین وہی رنگ دیکھنے مین آتا ہی

برق۔ مذکورہ بالا کشش وغیرہ کی طرح ایک قسم کی قوت ہے۔ دو یا کئی چیزون کے رگڑنے سے پیدا ہوتی ہی۔ بجلی کی رفتار فی سکنڈ دو لاکھ میل ہے۔

برق کی اقسام اور خاصیت۔ بجلی کی دو قسمین ہین پازیٹو۔ و نیگیٹو۔ کانچ اور فلالین مین جو بجلی ہی وہ پازیٹو ہی ریشم اور لاکھ مین جو بجلی ہی وہ نیگیٹو ہی۔ جن اشیا مین مختلف بجلیان ہوتی ہین وہ باہم ایکدوسریکو ملاتی ہین اور جن چیزونمین ایک ہی طرح کی بجلیان ہوتی ہین وہ ایکدوسریکو علیحدہ کرتی ہین

بجلی کا اثر۔ اشیای معدنی کوئلہ۔ پانی۔ اور جاندار کے جسمونمین زیادہ اور ریشم۔ گندھک۔ کانچ۔ لاکھ۔ موم مین کم پھیلتی ہے۔

برق ورعد کا سبب۔ جب دو بادل (جنمین مختلف قسم کی بجلیان ہوتی ہین) قریب قریب آتے ہین تب دونون طرف کی بجلیان دوڑ پڑتی ہین اسی سے چمک معلوم ہوتی ہی اور دونون کی ملنے کے دھکے کی آواز کو ر کہتے ہین۔

برق سے حفاظت کا طریقہ۔ زمین سے مکان کی چوٹی پر ایک لوہی کی سلاخ ایسی لگائی جاے جو بجلی سے گل نجاے اور ٹوٹی نہو اور اوپر کیطرف نوک ہو۔

بجلی بنانی کی ترکیب۔ تین کٹورونمین گندک کا تیزاب و پانی دو اور تینون مین دو دو ٹکڑے دھات کے ڈالدو یعنی ایک طرف جست کا ٹکڑا اور ایک طرف تانبے کا اور پہلی پیالے کے تانبے کے ٹکڑے کو دوسرے پیالے کے جست کے ٹکڑے سے ایک تار کے وسیلہ سے ملادو یہی حال دوسرے اور تیسرے کا بھی کرو اور پھر ایک تار پہلی اور تیسرے کے ٹکڑونمین لگادو ایسا کرنے سے تارمین ہوکر رقیق شے جست اور تانبے کے ٹکڑونمین جاکر بجلی ہو جائیگی۔

بجلی کی فائدے۔ (۱) تارمین خبر بھیجنا۔ (۲) مفرد کو مرکب اور مرکب کو مفرد بنانا (۳) لوہے مین قوت مقناطیسی لانا۔ (۴) قطب نما بنانا (۵) سخت چیزون کو گلانا (۶) بغیر تیل کے عمدہ روشنی کرنا وغیرہ وغیرہ۔

قطب نما بنانی کی ترکیب۔ پہلی کسی نعلدار لوہے مین بجلی کی قوت کے ذریعہ سے مقناطیسی قوت لاتی ہین اور جب اوسکے پاس لوہے کی سوئی رکھتے ہین تو کھینچ جاتی ہی اور اوس سوئی مین بھی مقناطیسی قوت آجاتی ہی اگر ایسی بڑی سوئی کو کسی نوکدار چیز پر رکھین جسپر وہ سوئی گھوم سکے تو ہمیشہ اوسکے دونون گوشے جنوب و شمال کی طرف رہینگے۔

عنصر۔ غیر مرکب چیز کو عنصر کہتے ہین اور اوسکی دو قسمین ہین۔ معدنی۔ غیر معدنی اور اب تک ۶۳ عنصر دریافت ہوئے ہین جنمین ۴۸ معدنی اور ۱۵ غیر معدنی ہین۔ حکماے آب۔ آتش۔ خاک۔ باد۔ کو بھی عنصر یعنی غیر مرکب چیز کہتے ہین مگر تحقیق حال سے یہ قول غلط ثابت ہوا پانی ہیڈروجن اور آکسیجن سے بنا ہی اسیطرح اور بھی ہین

ابر- ابر مثل دھوین کی ہی (یہ وہی بخارات ہین جو زمین سے اُٹھتے ہین) اور جب سردی کا اثر پڑتا ہی تو پانی ہو جاتے ہین اور بوجہ بوجھ کے ہوا سنبھال نہین سکتی اسلیے اشک حسرت کیطرح زمین پر گر پڑتے ہین-

برق ورعد- وہی بخارات جو زمین سے اُٹھتے ہین اور بلند ہو کر آپس مین لڑتے ہین تو چمک اور کڑک پیدا ہوتی ہی- اکثر اوقات چمک کے تھوڑی دیر کی بعد آواز محسوس ہوتی ہی اسکی وجہ یہ ہی کہ روشنی کی رفتار آواز سے زیادہ ہی-

اولے- بادل پر پانی ہو جانیکے بعد جب سردی کا اثر زیادہ پڑتا ہی تو پانی جمکر برف ہو جاتا ہے اور زمین تک جاتے جاتے گرمی سے گھُل کر مٹر یا بیر کے برابر ہو جاتا ہے اوسی کو اولا کہتے ہین-

شہاب ثاقب ایک شے سخت اور سیاہ رنگ کی ہوتی ہی مگر ہوا سے رگڑ کر شعلہ بار ہو جاتی ہے

دائمی روشنی- پچاس میل بلندی سے آفتاب ہر وقت نظر آتا ہے-

آسمان کا رنگ- آسمان کا رنگ در اصل بالکل سیاہ ہی مگر ہوا کی وجہ سے نیلگون نظر آتا ہے-

۲۳۷۵۹۱

چاند- زمین سے چاند دو لاکھ سینتس ہزار پانسو اکانوے میل کی بلندی پر ہی- آفتاب اسکے مقابل ہوتا ہی اور بہت تیزی سے شعاعین چاند پر پڑتی ہین چاند مین ہزارہا میل کے میدان ہی اور بڑے بڑے بلند پہاڑ ہین انکا سایہ اسقدر سیاہ ہوتا ہی کہ برسات کی کالی کالی راتین بھی مقابلہ نہین کر سکتین- چاند مین جو داغ نظر آتا ہی وہ یہی پہاڑ اور انکا سیاہ سایہ ہی- ان میدانون اور پہاڑون پر کوئی چشمہ ہے نہ درخت نہ سبزہ نہ ہوا-

سطح قمر سے اگر دیکھا جاے تو ایک طرف ایک شے نظر آئیگی جو مثل ساتوین تاریخ کے چاند کے ہوگی اور دیکھنے والی کو چاند سے بدرجہا زیادہ روشنی نظر آئیگی- وہ یہی زمین ہی جسپر ہم لوگ (ناقابل قدر سمجھکر) رہتے ہین-

سطح قمر سے آفتاب کے منور چہرہ پر ایک روشن سہرا پڑا معلوم ہوگا جسکو شعاع کہتے ہین اور اسکی روشنی دور دور پھیلتی رہتی ہی- اور بوجہ حرکت کے آفتاب بہت خوشنما معلوم ہوتا ہی- ہوا کے باعث زمین والی اچھی طرح نہین دیکھ سکتے-

چاند مین گرمی- چاند مین گرمی اسقدر سخت ہوتی ہی کہ اگر ایک ٹغار پانی سے بھر دیا جاے تو تین چار سکنڈ مین (دھوان بنکر اوڑ جاے) خشک ہو جاے

تارون کے گرنیسے آواز نہونا- چاند مین ہر وقت تارے یا شہاب ثاقب اس زور سے گرا کرتے ہین کہ ہر مرتبہ سطح قمر ہلجاتی ہے مگر آواز نہین سنائی دیتی کیونکہ ہوا وہان بالکل نہین- اور تارون کے گرنیسے سطح قمر پرنشان پڑجاتا ہی حالانکہ وہان کی زمین پتھریلی ہے-

چاند مین رفتار کی تیزی- اگر وہان تک پہونچکر کوئی شخص سطح قمر پر آہستہ آہستہ بھی چلے تب بھی چھہ چھہ سات سات گز پر قدم پڑیگا اور چل کو اپنا جسم نہایت ہلکا معلوم ہوگا- تیزی رفتار کی مثال یہ ہے کہ اگر ایک شخص دریا مین پیرے اور دوسرا زمین پر ہوا مین چلے تو دوسرے کی رفتار تیز ہوگی اور چاند مین ہوا بھی نہین اور جسم بھی ہلکا ہو جاتا ہی اسلیے اسقدر جلد قریب القیاس ہی- چاند مین ۱۴ دن کا دن اور ۱۴ دن کی رات ہوتی ہے- چاند اونتیس ۲۹ روز مین اپنے گرد ایک گردش کرتا ہی اسلیے اسکا دن ہمارے ۱۴ دن کی برابر اور اسکی رات ہماری ۱۴ راتون کے برابر ہوتی ہی یہی وجہ ہے کہ کل سیارے بہت آہستہ چلتے نظر آتے ہین اور مشرق سے مغرب تک آتے آتے ۱۴ روز صرف ہوتے ہین-

ارض قمر مین کسیوقت اندھیرا نہین ہوتا- غروب آفتاب کے بعد بھی چاند مین مثل رات کے تاریکی نہین ہوتی کیونکہ زمین ہر وقت اُسکے مقابل اوس سے ۱۴-۱۵ حصہ زیادہ چمکتی رہتی ہی اور چاند مین زمین کی مختلف شکلین نظر آتی ہین کبھی مثل ہلال کے کبھی مثال بدر کے وغیرہ وغیرہ لیکن ہر صورت مین زمین کی روشنی کم نہین ہوتی- یہ روشنی دھوپ کی اور جسقدر وہ سورج کے مقابل ہوتی ہی اوسیقدر اوسکا حصہ منور ہوکر چاند پر اپنا پورا پرتو ڈالتا ہے-

چاند سے اوپر کرہ قمر کے اوپر نہ ہوا ہی نہ بادل نہ کہرا البتہ شہاب ثاقب بہت ہین مگر کوئی آواز نہ محسوس ہوگی- دائرہ آفتاب اس زمین سی جسقدر بڑا معلوم ہوتا ہی زہرہ کیطرف چلکر اس سے کسیقدر بڑا معلوم ہوگا- اور زمین بہت بڑا روشن ستارہ معلوم ہوگی چاند بوجہ چھوٹے ہونیکے بالکل ندکھائی دیگا جسقدر کوئی بلند ہوتا جاے آفتاب کی روشنی اور گرمی زیادہ ہوتی جائیگی-

زمین اور زہرہ- زمین اور زہرہ کا جسم برابر ہی زہرہ زمین سے آفتاب کیجانب واقع ہی اور سال بھر مین ایک اور ہوتا ہی کہ زہرہ زمین کے مقابل آجاتا ہے اس حالت مین زمین اور زہرہ کا فاصلہ دو کرور تیس لاکھ میل رہجاتا ہی اسوقت زہرہ اہل زمین کو بہت بڑا نظر آسکتا ہی مگر اس صورت مین اوسکا تاریک حصہ زمین کیطرف ہوتا ہی اسلیے زمین والے اوسکا پورا نظارہ نہین کر سکتے- آفتاب سے نو کرور چھ لاکھ میل کا فصل ہے-

سطح زہرہ- سطح زہرہ پر کبھی روشنی رہتی ہی اور کبھی اندھیرا جو دن اور رات کی علامت ہے-

دن اور سال- زہرا کے روز و شب قریب قریب ہماری دنیا کے روز و شب کے ہین مگر وہان کا سال ہمارے حساب سے ساڑھے سات مہینہ کا ہوتا ہی-

موسم- زمین کا محور اسقدر اوٹھا ہوا نہین جتنا زہرا کا اور موسمون کا تغیر صرف محور کی بلندی و پستی پر ہی اسلیے سطح زہرہ مین موسمون کی تبدیلی

جلد جلد ہوتی ہے۔

زہرہ کی قریب چاند اور ہوا۔ زہرہ کے قریب یا مقابل کوئی چاند کا ایا جسم نہین مگر کرۂ ہوا زہرہ کے گرد بہت گہرا ہی۔ چونکہ اوس حصّہ مین حرارت آفتاب بہت زیادہ ہی کیا عجب ہے کہ اسی تحفظ کی لیے خالق مطلق نے یہ سامان کیا ہو۔

عطارد۔ یہ ستارہ ہمیشہ آفتاب کے ساتھ طلوع اور غروب ہوتا ہی اس سے رات کے وقت دنیا والے نہین دیکھ سکتے ہان ونکو اگر دوربین سے دیکھا جائے تو ممکن ہے

آفتاب اور عطارد کا فصل آفتاب اور عطارد مین فاصلہ بہت کم ہی مگر تین کرور نوّے لاکھ ۳۹۰۰۰۰۰۰ میل ہے۔

عطارد کا سال عطارد آفتاب کے گرد اٹھاسی روز مین پوری گردش کرتا ہی اس سے ثابت ہوا کہ ہمارے حساب سے عطارد کا سال دو مہینے اٹھائیس روز کا ہی لیکن دن رات اسی دنیا کی طرح چوبیس گھنٹہ کا ہے۔

موسم سطح عطارد کے موسم تین تین ہفتہ سے زیادہ نہین ہوتے کیونکہ وہ نہایت تیزی سے گردش کرتا رہتا ہے۔

گرمی۔ ارض عطارد مین گرمی اس زمین کی گرمی سے دہ چند زیادہ ہوتی ہے اور جب کبھی عطارد آفتاب سے کچھ دور ہو جاتا ہے تو یہان سے آٹھ حصے گرمی زیادہ رہتی ہے۔

عطارد کا قطر۔ عطارد ایک بہت ہی چھوٹا کرہ ہی جسکا قطر صرف تین ہزار ایک سو پچاس میل ہے۔ چاند سے (جسکا قطر دو ہزار ایک سو ساٹھ میل ہے) کچھ ہی بڑا ہے اور زمین کے مقابلہ مین اونیس ۱۹ حصے سے بھی زیادہ چھوٹا ہے۔

خسرو خاور منزل عطارد سے آگے بڑھکر آفتاب کی روشنی اسقدر تیز ہوتی ہی کہ یہان کی ٹھیک دوپہر وہان کی (بالفرض) شب تاریک کے مقابل ہے عطارد سے آگے بڑھکر اگر دیکھا جاے تو معلوم ہو کہ آفتاب نے نصف آسمان کو آغوش مین لی لیا ہی۔ اسکا قطر اتنا ہی کہ اگر اس دنیا کی ایسی تیرہ لاکھ ۱۳۰۰۰۰۰ زمینین جمع کیجائین تو آفتاب کے برابر ہون۔

حدت آفتاب۔ آفتاب کے گرد یہان سے ہزارون حصے زیادہ گرمی اور تیزی ہی شعلے اور آتشین موجین دیکھکر کوئی اپنی اصلی حالت پر قائم نہین رہ سکتا۔

آفتاب کی قوت جاذبہ اور سیارونکی گردش کا سبب

آفتاب مین ایک ایسی قوت ہی جو تمام ستارونکو اپنی طرف کھینچتی ہی اور سیارون مین یہ طاقت ہے کہ وہ اپنے مرکز سے بھاگین۔ انھین دونون کششون نے سیارون کو گردش مین رکھا ہی۔ اگر آفتاب کی قوت جاذبہ کم ہو جاے تو سیارے آفتاب سے دور ہو کر سردی اور تاریکی مین غارت ہو جائین۔ اگر سیارون کی طاقت کم ہو جاے تو آفتاب کی قوت جاذبہ کھینچکر اپنے مین ملا لے۔ چنانچہ قیامت مین بھی یہی ہوگا کہ آفتاب کی قوت زمین کو اسقدر کھینچیگی کہ آفتاب سوا نیزے زمین سے بلند رہیگا بس اوسوقت جو کچھ حدت اور تیزی ہو کم ہے۔

آفتاب مین داغ سُننے والونکو تعجب ہوگا کہ آفتاب ایسے منور اور روشن شے مین داغونکا ہونا کیا معنی۔ مقام زہرا سے بلند ہوکر آفتاب مین ہزارہا داغ اور شگاف نظر آئینگے کوئی چھوٹا کوئی بڑا ظاہر ہو ہوکر مٹتے ہین اور پھر پیدا ہوتے ہین۔ بعض حکما کہتے ہین کہ وہ سطح آفتاب کے سرد مقامات ہین مگر یہ قول کسیقدر بعید از عقل ہے کیونکہ آفتاب ایسی محرور شی مین سرد کا ہونا کیسا۔ شاید یہ قیاس کسی حد تک درست ہو کہ اوس آتشین سمندر کے عظیم الشان طوفان سے جو ہر وقت سطح آفتاب پر واقع ہوتی ہین دور دور تک اوس کرۂ نار کو جو آفتاب کے اصلی جسم کے گرد لپٹا ہوا ہی پھاڑ دیتے ہین جس سے شگاف اور داغ نظر آتے ہین۔ یہ داغ بعض بعض ہفتون مین مٹتے ہین۔ ہر ایک انمین کا ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک تیرہ روز مین پہونچکر غائب ہو جاتا ہی اور بعد تیرہ دن کے پہلے کنارے پر پھر نمودار ہوتا ہے۔

گردش آفتاب اس سے ثابت ہوا کہ آفتاب بھی اپنے محور پر گردش کرتا ہی اور یہ گردش چاند کی طرح چھبیس ۲۶ روز مین پوری ہوتی ہے۔

آفتاب کا بڑا داغ۔ داغہاے آفتاب کو لوگ خیال کرتے ہونگے کہ ہاتھ دو ہاتھ یا گز دو گز کے ہوتے ہونگے۔ مگر نہین آفتاب کے بڑے داغ کا عرض پچاس ہزار میل کا ہے اور طول ایک لاکھ میل کا۔

سفید داغ آفتاب کے آس پاس کا سطح بھی نہایت روشن ہے لیکن اوسمین بھی مثل سیاہ داغون کے سفید داغ ہین۔ عجب نہین جو یہ اونھین سیاہ داغونکا عکس ہو اور انکی سیاہی کو نور آفتاب نے مٹا دیا ہو۔

سطح آفتاب۔ سطح آفتاب دیکھنے سے ایسی معلوم ہوگی جیسا ابری کاغذ یا دامن گلچین۔ وہ چھوٹے چھوٹے کسی شے کے ٹکڑے جو سطح آفتاب پر پھیلے ہوے ہین اونکا طول سو میل سے کچھ زیادہ ہی ہوگا۔

موج آتشین سطح آفتاب کی مثال یہ ہی جیسے طوفانی سمندر کی کیفیت اُفق کی قریب نظر آتی ہی۔ کُل سطح آفتاب پر ہزارون میل کی موجین اور شعلے اوٹھتے رہتے ہین اور بعض بعض موجین اودی رنگ کی ہوتی ہین۔ شعلون کی بلندی اسبات سے قیاس مین آسکتی ہے کہ اگر قوی دوربین سے اسے دیکھین تو دیکھ سکتے ہین حالانکہ فاصلہ ساڑھے نو کرور میل کا ہے۔ مگر اوسی وقت دکھائی دیسکتے ہین جب پورا سورج گرہن ہو۔

کسوف شمس کا باعث جب چاند گردش کرتی کرتی ایسی موقع پر آجاتا ہی کہ آفتاب اور زمین کے درمیان مین ایک خط مستقیم پر ہو تو وہ آفتاب کے درمیان حائل ہوکر آفتاب کی روشنی کو چھپا لیتا ہی۔ اسکو سورج گرہن کہتے ہین مگر آفتاب مین کسوف سے کوئی اختلاف واقع نہین ہوتا۔ وہ سیاہی جو بظاہر اوسکی سطح پر آجاتی ہی وہ چاند کا جسم ہوتا ہی کسوف آفتاب کے وقت کرہ بادی تاریک ہوجاتا ہی اسلیے آفتاب کی وہ باتین دوربین سے معلوم ہوجاتی ہین جو کرہ ہوا کے روشن ہونیکی حالت مین نظر نہین آسکتین۔

خسوف قمری کا سبب جب آفتاب اور ماہتاب کے درمیان زمین ایک خط مستقیم مین آجایا کرتی ہی اس صورت مین زمین درمیان مین حائل ہوکر سورج کی روشنی چاند تک نہین پہونچنے دیتی اسلیے سطح قمر تاریک ہو جاتی ہی اور اسی کو چاند گرہن کہتے ہین۔

شعاع آفتاب۔ وہی سہرا جو سطح قرص رنگین معلوم ہوتا ہی اگر منرل نہرہ سے گذر کر دیکھا جاے تو بالکل سفید نورانی نظر آئیگا۔ یہ وہی شعاعین ہین جو طلوع اور غروب کے وقت شفق سے ملکر رنگین ہوجاتی ہین۔ یہ شعاعین نصف آسمان تک پھیلی ہوئی نظر آئینگی

وزن آفتاب۔ بالفرض اگر میزان کے ایک پلہ پر آفتاب ہو اور دوسرے پر کل سیارے تو آفتاب کے پلے کو حرکت بھی نہو ہان اگر مثل سیارونکے سات آٹھ ہزار وزنی جسم دوسرے پلے پر ہون تو آفتاب کے ہموزن ہوسکین۔

آفتاب اور دمدار ستارے دمدار ستارہ کی رفتار مثل اور سیارون کے مقررہ نہین بلکہ یہ آزادی کے ساتھ جدھر چاہتا ہی چلا جاتا ہی۔ کبھی آفتاب مین بھی داخل ہوجاتا ہی اور پھر نکل آتا ہی مگر رخ ہمیشہ آفتاب کیطرف رہتا ہی یعنی جب آفتاب مین داخل ہوتا ہی تو سر سے اور جب باہر نکلتا ہی تو سر ہی سے۔ دُم بہت دور تک پھیلی رہتی ہی اور جتنا آفتاب سے قریب ہوتا ہی اوسیقدر روشن ہوتا جاتا ہی ۱۸۶۱ء مین دمدار تارہ زمین سے اسقدر قریب ہو گیا تھا کہ خوف تھا اوسکی دم زمین کو نہ جلادے مگر کوئی نقصان نہین پہونچا۔

فاصلہ۔ آفتاب سے مریخ تک چودہ کروڑ پچیس لاکھ میل کا فصل ہے۔ جسقدر بلندی بڑھتی جائیگی حدت آفتاب کم ہوتی جائیگی اور آفتاب نظر مین چھوٹا ہوتا جائیگا۔

مریخ زمین سے چھوٹا ہی اسکا قطر صرف پانچہزار میل ہی۔ یہ بھی مثل اور سیارون کے متحرک ہے اپنی محور پر بھی گردش کرتا ہی اور آفتاب کے گرد بھی گھومتا ہے۔ جو حصہ آفتاب کی روشنی سے روشن ہی اوسکا رنگ سُرخ ہی اور سُرخی مین سبزی مائل داغ ہین۔ روز و شب مریخ کے اتنے ہی ہین جیسے ہمارے زمین کے مگر سال یہانکے سال سے دو چند۔

حساب گردش مریخ مریخ آفتاب کے گرد بہت تیزی سے گردش کرتا ہی۔ اوسکی رفتار فی منٹ آٹھ سو ستر میل ہے۔ اور آفتاب سے تیرہ کروڑ ۹۰ لاکھ میل فصل ہی۔

دو چاند مریخ کی متعلق دو چاند ہین مگر اسکا سبب کوئی نہین بتا سکتا سوائے خالق مطلق اوسی نے بنائے ہین وہی جانے۔

خشکی اور تری سطح مریخ پر جہان سبز داغ ہین وہ دریاؤنکے نشانات ہین اور جہان سُرخی ہے وہ خشکی کے مقامات ہین اس سے زیادہ حالات مریخ کے اندر گئے بغیر نہین معلوم ہوسکتے

فاصلے مشتری تک مریخ سے مشتری تک تینتیس کروڑ پچاس لاکھ میل کا فصل ہے اور آفتاب سے مشتری تک سینتالیس کروڑ پچاس لاکھ میل اور زمین سے اٹھتیس کروڑ میل فصل ہے

مشتری کی چاند مشتری کے گرد چار تارے ہر وقت گردش کیا کرتی ہین اور وہ ثوابت تو ہو ہی نہین سکتے مگر سیارے بھی نہین بلکہ مشتری کی چار چاند ہین جو او چہرۂ نورآگین پر ہر لحظہ چکور کیطرح صدقے ہوا کرتے ہین اور شکلین چارونکی مختلف ہین کوئی بشکل ہلال کوئی بشکل بدر کوئی چوتھائی چاند کوئی نصف چاند۔

مشتری کی وسعت اگر بارہ سو ہماری سی زمینین جمع کیجائین تو مشتری کے برابر ایک جسم بن سکے۔ مشتری کا قطر ۹۰ ہزار میل ہے آفتاب سے ۴۷ کروڑ ۶۰ لاکھ میل فصل ہے

روز و سال سطح مشتری پر نہایت خوشرنگ دھاریان ہین جو دس گھنٹہ مین ایک جگہ سے دوسری جگہ آجاتی ہین اس سے معلوم ہوا کہ مشتری کا دن رات دس گھنٹہ کا ہے ۵ گھنٹہ کا دن اور ۵ گھنٹہ کی رات لیکن سال یہانکے بارہ سال کے برابر ہوتا ہی۔ آفتاب سے دور ہونیکی وجہ ہی اوسکی گردش اپنے مدار پر قریب پانسو میل ایک گھنٹے کے ہی اس سے آپ قیاس کرسکتے ہین کہ وہ راہ جسپر مشتری کو ۵۰۰ میل فی منٹ کی رفتار سے بارہ برس طے کرنے مین لگتے ہین کس بلا کی لانبی سڑک ہے تاہم اتنا فاصلہ علم ہیئت سے ایک قدم کی فاصلہ سے بھی کم ہے

موسم موسمونکی تبدیلی اس سیارہ مین اس وجہ سے نہین ہوتی کہ اسکا محور مثل زمین اور زہرہ کی جھکا ہوا نہین ہی بلکہ وہ ٹھیک شمال اور جنوب کے جانب ہے اسوجہ سے شب و روز مین بھی کم و بیشی نہین ہوتی۔

نیرنگیان مشتری کی تمام سطح پر مختلف رنگونکی دھاریان ہین سرخ۔ سیاہ۔ سبز۔ زرد۔ سفید۔ دھندلی۔ انکی رنگ شکلین بہت جلد جلد بدلتی رہتے ہین بعض وقت ان تمام دھاریونکا پل بندھجاتا ہی اور حباب کیطرح دم بھر مین مٹجاتا ہی۔ یہ تمام دھاریان اور رنگ اون وسیع گھنے بادلون کے ہین جنھون نے تمام سطح مشتری کو گھیرا ہے اور انھین بادلون نے اوسکے سطح تک پہونچنے کا راستہ بند کردیا ہے۔

اعتراض۔ اسجگہ یہ اعتراض ہوسکتا ہی کہ آفتاب تو یہانسے بہت دور ہے گرمی بھی اوسکی بہت کم ہی پھر اتنے بخارات ہونیکا کیا سبب جو ایکدم کو نہین کم ہوتے۔

جواب۔ خود مشتری کا جسم اسقدر گرم ہی کہ جسقدر سمندر اوسکی سطح پر ہین وہ اوسکی گرمی سے کھول کھول کر ابر یعنی بخارات کی شکل مین تبدیل ہوتے رہتے ہین کسی زمانہ مین یہ کرہ اسقدر گرم تھا کہ ہر وقت آفتاب کیطرح شعلہ زن رہتا تھا لیکن اب

مشتری سے زحل تک کا فصل آفتاب سے جتنا فاصلہ مشتری تک ہے مشتری سے اوتنا ہی فاصلہ زحل تک ہی۔ آفتاب سے مشتری تک کا جتنا فاصلہ ہی وہ گذشتہ سطرون مین

زحل کی کیفیت یہ ستارہ مشتری سے کچھ ہی چھوٹا ہی لیکن اسکی دھاریان اور رنگ مشتری سے زیادہ خوشنما ہی اور جلد جلد تبدیل ہوتے رہتے ہین اسکا محور مشتری کے شمال اور جنوب کے جانب ہے مگر اوس سے زیادہ جھکا ہوا ہی اسلیے کہہ سکتے ہین کہ اسکا دن بھی دس گھنٹے کا ہوتا ہی اور کمی و بیشی بھی ہوتی رہتی ہی اور موسمونکی تبدیلیان بھی ہوتی ہین

ملاح خیالات اور حفظ ما تقدم عرصے تک مکان مین آدمیونکے ہنے اور روشنی نہونے سے ہوا خراب ہوجاتی ہو۔ ایسے مکان مین یکایک جانیسے انسان بیمار ہوسکتا ہی ایسے موقع پر عام لوگ بھوت پلیت کی ہونیکا یقین لیتے ہین۔ جب کسی ایسے مکان مین (جو عرصہ تک خالی رہا ہو) رہنے کا ارادہ تو پہلے چراغ جلاؤ اگر ہوا خراب نہین ہی تو چراغ جلا کریگا اور اگر نہ جلے تو بار آگ جلاؤ کہ ہوا صاف ہوجاے۔

یہاتون مین **ہوا کی خرابی کی اسباب** اکثر مکان ایسی ہوتی ہین ہین دھوپ اور ہوا کا گذر کم ہوتا ہی۔ قبرین مکان کے قریب بنائی جاتی ہین ہنود کے مردے اکثر اپنی حالت مین چھوڑ دیے جاتے ہین جو بالکل ہوے نہین ہوتے۔ مکان کی دروازہ پر مردہ جانور یا اور چیزین سڑا ال ہین۔ نماز کی بعد بھی میلے کپڑونکا پہننا۔ غلیظ پھینکنے کا کوئی معقول بندوبست نہین۔ اکثر قصائی اور چمار بدبودار چیزین راہ پر بیخوف پھینکدیتے ہین وغیرہم۔ اگر ان باتونکی اصلاح کیجاے تو حفظ ما تقدم ہو۔ گھرونکا میلا پانی بھی گھرون ہی مین رہتا ہے۔

نوزائیدہ بچونکی بیماریکا سبب اور اُسکی اصلاح۔ ہندوستان کا ر ہی کہ زچہ کو ایسی تنگ اور بند جگہ رکھتے ہین جہان ہوا صاف نہین جاسکتی دوسرے یہ کہ میلے کپڑے پہننے والی عورتونکا مجمع رہی سہی ہوا کو خراب کردیتا ہی۔ بچونکو ہوای لطیف کی ضرورت ہوتی ہی اور اُسکے نہونے ے اکثر بیمار ہوجاتے ہین اور مر بھی جاتی ہین اور زچہ کو بیماری کی تکلیف اُٹھانا پڑتی ہی۔ اگر رسم و رواج کی برعکس کیا جای تو اصلاح ہوجاے۔

کنوؤنکی پانی کی صفائی کا طریقہ۔ باہر کا پانی کنوین کی اندر نجانے وغیرہ نگرین۔ جگت پر نہانا اور کپڑے دھونا نچاہیے۔ جگت پختہ کنوین کچے زینہ گر بیٹھے نہون۔

پانی صاف کرنیکی آسان ترکیب۔ گو فلٹر کا بھی ایک سہل طریقہ ہے کو مشکل ہے۔ پھٹکری سے پانی بہت جلد صاف ہوجاتا ہی۔

جانورونکی بیماریکا سبب۔ مثل انسان کی ہر ذی روح کو صاف پانی لطیف ہوا کی ضرورت ہے۔ جانورون کو لوگ ایسی جگہ باندھتے ہین جہان نہ ہوا اچھی طرح جاتی ہی نہ صفائی رہتی ہی اگر لطیف ہوا کا گذر بھی ہو تو اس جگہ ہو نکلکر کثیف ہوجاے کیونکہ وہان کثافت ہمیشہ پڑی رہتی ہے سڑا کرتی ہی جو ہوا کی خرابی کا باعث ہی دوسرے یہ کہ قریب کی گڑھونکا پانی جو نہایت خراب ہوتا ہی پلایا جاتا ہی۔ اگر ان باتونکا انتظام کیا جاے تو جانور بیمار نہون۔

صحت کیواسطے تغذیہ کا طریقہ۔ کچھ بھوک رکھکے کھانا چاہیے۔ دو مرتبہ تھوڑا تھوڑا کھانا ایکدفعہ زیادہ کھانے سے بہتر ہو۔ روزانہ تبدیل غذا بہتر ہی۔ روز یا اکثر ترکاریان ہونا چاہیین۔ درمیان مین پانی پینا بہتر ہو۔

ہیضہ سے **حفاظت کی خارجی ترکیب**۔ جس مکان مین کبھی کو ہیضہ ہو اُس مکان کو اگر ممکن ہو تو چھوڑ دو ورنہ اُس خاص جگہ پر آمد و رفت تو ضرور کم از کم دس دن تک نرکھنا چاہیے۔ مکان کو صاف رکھنا چاہیے غذا ہلکی کھانا چاہیے۔ زیادہ مجمع مین نجانا چاہیے۔

آنکھونکی حفاظت مقدم ہی۔ مُنہ دھونے مین آنکھونکو باہستگی دھونا چاہیے۔ طلوع و غروب کے قبل و بعد آدھ گھنٹہ تک پڑھنا لکھنا نچاہیے۔ پڑھنے لکھنے کی وقت تھوڑی تھوڑی سی آنکھین بند کرلینا چاہیے۔ کم روشنی مین نہ پڑھنا چاہیے۔ گھنٹہ دو گھنٹہ کی بعد آہستہ آہستہ آنکھین دباؤ کہ پانی نکلجاے۔ جب آنکھونپر زور پڑے ہرگز نہ پڑھنا چاہیے۔

غیر ہضم غذا کا آسان علاج۔ تھوڑا سا کھانیکا نمک کسیقدر پانی کے ساتھ کھالو۔ پانی اگر نیمگرم ہو تو مناسب ہے۔

زہر کا علاج۔ ایک چمچہ نمک اور اسیقدر رائی آدھ سیر گرم پانی مین ملاکر پلادو اور تھوڑی دیر کی بعد ایک انڈے کی سفیدی اور کافی۔

ریاضت۔ ریاضت دو قسم کی ہی۔ جسمی۔ ذہنی۔ جسطرح انسان کے لیے سونا ضروری ہی ویسے ہی ریاضت ذہنی (یعنی غور و فکر لکھنا پڑھنا) بھی ضروری ہی اس سے فضلات تحلیل ہوتے ہین اور خون صاف ہوتا ہی قبل طلوع و قریب غروب آفتاب باغ و صحرا مین اتنی دیر ٹہلنا کہ کسیقدر پسینہ آجاے بہت مفید ہے۔

ہدایت طعام پختہ۔ سونے اور چاندی کے برتنونمین جو کھانا پکتا ہی وہ سب سے بہتر ہی کیونکہ مقوی قلب و دافع وحشت و ضعف ہے۔ اور لوہے کی برتن کا پکا ہوا مقوی مثانہ وغیرہ ہی۔ تانبے کی برتنون مین کھانا پکانا نہ چاہیے اگر قلعی دار ہے تب بھی مضر ہے اور اگر بے قلعی ہی تو جذام کا اندیشہ ہے۔ اور پیتل کے برتنون مین بھی علی ہذا۔ ظروف گلی مین پکانا اچھا ہے مگر ایک مرتبہ۔ اور پتھر کے برتن مین پانچ مرتبہ۔

صفائی آواز کا سہل طریقہ۔ تولہ بھر مصری کا شربت۔ دو تولہ قلمی شورہ مین ڈالکر پی لو۔ اور کچھ اوڑھ کر لیٹ رہو تھوڑی دیر مین پسینہ آکر آواز صاف ہوجائیگی۔

حفاظت صدر۔ برسات کے دنون مین جسوقت ابر آلے یا ذرا بھی ہوا چلے تو کوئی گرم کپڑا فوراً اُسوقت یا پہلے سے پہن لینا چاہیے کیونکہ یہ ہوا مرطوب ہونے کے باعث نہایت مضر ہوتی ہی خصوصاً اُن لوگونکو اسکی پابندی فرض ہے جو ناتوان ہون یا نوازل کی شکایت ہو۔

کوئین سے دودھ نکالنے کی ترکیب۔ کوری گھڑے کے اندر مغز تخم ارنڈ پیسکر لیپ دو اور پانی بھر دو۔ دودھ نکلیگا۔

مصنوعی زلزلہ اور کوہ آتش فشان۔ برادہ آہن اور گندھک باریک پیسکر قریب آدھ سیر کے سوا بالشت کے گڑھے مین دفن کر دے۔ چھ سات گھنٹے کے بعد اوس جگہ کو زلزل ہوگا اور زمین مین سوراخ ہو کر دھوان اور شعلے نکلین گے۔ اگر زمین مثل خرطوم کے بلند ہو تو کوہ آتش فشان اصلی کا تماشا نظر آئے۔

افیون کا نشہ جانیکا طریقہ۔ روغن کنجد کان مین ٹپکاسے۔

برف جمانیکا طریقہ۔ چینی گھاس پانی یا دودھ مین پکاؤ اور گلاس مین بھر دو برف جم جائیگی۔ اگر شکر ڈالوگے شیرینی آجائیگی یہ برف مقوی باہ ہی

آگ یا کوئی گرم چیز چھونے سے ہاتھ نہ جلیگا۔ لعاب ارشیہ ہاتھ مین ملکر آگ یا کوئی اور گرم آہنی شے اُٹھا لو۔

بال نکل آنے کی ترکیب۔ جونک کی خاکستر سرسون کے تیل مین ملا کر چار مرتبہ استعمال کرو۔

چھپی ہوئی تحریر مٹانیکی ترکیب۔ سفید موم کئی بار لگانیسے حرف مٹجائینگے

کافوری پیالہ بنانیکی ترکیب۔ کافور اور مغز نارجیل خوب باریک پیسکر پیتل کی کڑھائی مین رکھو اور کچی مٹی کا پیالہ ڈھانک کر کڑھائی کے نیچے موٹی بتی کا چراغ جلاؤ کافور پیالے مین جم جائیگا بعد اوسکے پیالہ پانی مین ڈالدین مٹی گھلجائیگی اور کافور کا پیالہ نکل آئیگا۔

نمک کا پیالہ بنانیکی ترکیب۔ گاجر کے بیج اور نمک سانبھر ہموزن پیسکر مٹی کے پیالے مین جما کر دھوپ مین خشک کرے بعد اوسکے مولی کے عرق سے دھوئے نمک کا پیالہ نکل آئیگا۔

دنکو ستارے نظر آئینگے۔ سفید سرمہ اگست کے پھول مین سات روز بھگو کر آنکھون مین لگاؤ۔

ہوا سے آگ پیدا کرنا۔ اونٹ کی مینگنی جلا کر شہد مین بجھا لو۔ جب دو ٹکڑے کرکے ہوا مین رکھوگے آگ پیدا ہو جائیگی۔

ایک گھنٹے مین درخت سبز پیدا ہو سکتا ہی۔ شاخ انگور اُلّو اور خرگوش کا خون۔ تھوہر اور پان کو بھیڑ کے پیشاب مین حل کرو اور زمین مین تھوڑی سی کسان کہل کی مٹی ڈالکر جس قسم کا غلہ چاہو بو دو درخت پیدا ہو جائیگا۔

دوسری ترکیب۔ چھوٹے چھوٹے بیج تخم کسم کے تیل مین ملا کر ایک ظرف گلی مین رکھو اور منھ بند کرکے کسی گڑھے مین رکھو اور بعد آٹھ دن کے نکال لو۔ جس جگہ اوس تخم کو بو دوگے ایک گھنٹے مین درخت پیدا ہو جائیگا۔

آنبہ کا درخت پیدا ہوگا۔ آنبہ کی گٹھلی کو اکیس بار تھوہر کے دودھ مین بھگو بھگو کر سایہ مین خشک کرلو جب اس گٹھلی کو کھیت کی مٹی مین بوگے درخت پیدا ہو کر بار آور ہوگا۔

ہتھیار پر جلا کی آسان ترکیب۔ کیتلی کے گودے کو پرانے سرکہ مین پیسکر ہتھیار پر لگاؤ اور خشک کرکے دھو ڈالو۔ **دوسری ترکیب** کسیس عرق بھنگرہ مین پکاؤ اور ہتھیار کو گرم کرکے اوسمین بجھاؤ صاف ہو جائیگا۔

سُرخ سیاہی بنانیکا طریقہ۔ لکڑیکا برادہ دہ پاؤ اور کاغذی لیمو کا عرق ملا کر لوہی کے برتن مین گرم کرو جب آدھا رہجاے آگ سے اوتار کر چھان لو۔

دوسرا طریقہ۔ برازیل وڈ کا چورن آدھ پاؤ تین دن تک سرکہ مین بھگو دو جوش دیکر آدھی چھٹانک گوند بعد اوسکے پھٹکری اور شکر آدھی چھٹانک ملا دو سرخ سیاہی

سبز سیاہی بنانیکی ترکیب۔ تین پاؤ سرکہ مین آدھی چھٹانک تین دن تک رہنے دو بعد اوسکے کپڑے مین چھانکر گوند اور شکر ملا دو سبز سیاہی بنجائیگی

دوسری ترکیب۔ انگریزی نیل ایک تولہ سفیدہ کاشغری اور زعفران تین تین ماشہ شنجرف دو ماشہ سبکو جھینگرہ کے گوند مین حل کرکے لکھو۔

تیسری ترکیب۔ صاف پانی مین کسیقدر زنگار دو رتی گوند ایک رتی شکر ملا دو سبز

چوتھی ترکیب۔ ہرتال طبقی تین تولہ نیل ایک تولہ پیسکر گوند کی پانی مین ملا لو۔

نیلی روشنائی بنانیکا طریقہ۔ ہرتال طبقی دو تولہ نیل تین تولہ پیسکر گوند کا پانی ملا کر لکھو نیلگون حرف ہونگے۔

دوسری ترکیب۔ تین ماشہ ہارسنگھار کے پھول اور دو ماشہ گوند شبکو بھگو دو صبح کو انگریزی نیل ایک تولہ سفیدہ کاشغری چھ ماشہ کھرل کرکے ملا دو۔

زرد روشنائی بنانیکا طریقہ۔ ہرتال ایکتولہ عصارہ ریوند ایکتولہ دونوکو کھرل کرکے جھینگرہ کے گوند مین حل کر دو۔

دوسرا طریقہ۔ ہرتال کو گوند کے پانی مین حل کرکے دھوپ مین خشک کر لو۔ دوبارہ گوند کے

طاؤسی سیاہی بنانیکی ترکیب۔ ہرتال ایک تولہ شنجرف تین ماشہ گوند ایک ماشہ کسیقدر سیاہی

انگریزی سیاہی بنانے کی ترکیب۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ ہموزن لوہے کا برادہ دو ماشہ کسیس دو ماشہ سرکہ پاؤ بھر ملا کر گرم پانی مین جوش کر لو۔

کچی سیاہی بنانیکی ترکیب۔ کاجل دو تولہ۔ پھٹکری دو تولہ۔ ماجو پھل چار گوند چار تولہ۔ ان سبکو دن بھر کھرل کر لو۔ پھر ڈھانک کے پتے پر سرکہ ڈالکر اجزای حل شدہ کو بچھا کر سایہ مین خشک کر لو۔

دوسری ترکیب۔ کاجل چار تولہ۔ گوند چار تولہ۔ کسیس چار تولہ۔ ماجو پھل ایکتولہ۔ پھٹکری ایک تولہ۔ سجی سار ایک تولہ۔ ان سبکو پیسکر نیب کی لکڑی سے اسقدر گھوٹو کہ چمک آجاے اور حسب طریقہ مندرجہ بالا خشک کر لو۔

پکی سیاہی بنانیکی ترکیب۔ دو سیر پانی کو جوش دیکر پاؤ بھر پیپل کے لاکھ دھو کر اور پیسکر ڈالدے جب لاکھ گلجاے تب پٹھانی لودھ۔ سجی۔ سہاگہ پھٹکری ایک ایک تولہ پیسکر ڈالدے۔ تھوڑی دیر کے بعد کاغذ پر کوئی حرف لکھے اگر کاغذ پر روشنائی پھوٹے تو اور پکاے۔ اگر اسکے برعکس ہو تب آگ سے اوتار کر چھان لے۔ وقت ضرورت کاجل کی پوٹلی عرق مذکور مین گھسکر لکھے۔

سنہری سیاہی بنانیکی ترکیب۔ سونے کے ورق۔ مچھلیا ریٹی دو تولہ پانی کے ساتھ کچی چینی کی رکابی مین رگڑے جب ملجاے پانی مین گھولکر چینی کی پیالی مین

جدول حال بادشاہان دہلی بشرح سال ہجری و عیسوی

نام بادشاہ	ولدیت	تاریخ ولادت	محل ولادت	مقام جلوس	تعداد عمر روز جلوس	تاریخ جلوس	مرض الموت	تاریخ وفات	محل دفن	مدت عمر	مدت سلطنت
امیر تیمور	ولد امیر طراغان اولاد چنگیز خان	۲۵ شعبان ۷۳۶ھ و ۱۳۳۵ع روز سہ شنبہ	شہر سبز جسے خطکش بھی کہتے ہیں	شہر بلخ	۳۵ سال ۲۷ یوم	۲۲ رمضان ۷۷۱ھ و ۱۳۶۹ع روز چہارشنبہ	تپ محرقہ ۷ روز رہی	۱۷ شعبان ۸۰۷ھ و ۱۴۰۴ع شب چہارشنبہ	سمرقند	۷۱ سال ۱۱ شہر ۲۰ یوم	۳۵ سال ۱۱ شہر ۲۵ یوم
جلال الدین میران شاہ	ابن تیمور	۱۴ ربیع الآخر ۷۶۵ھ و ۱۳۵۴ع پنجشنبہ	سمرقند	میان سمرقند آذربایجان	۳۵ سال ۷ شہر ۳ یوم	۱۷ شعبان ۸۰۷ھ و ۱۴۰۵ع	بیچ جنگ مرزا کے	۲۴ ذیقعدہ ۸۱۰ھ و ۱۴۰۷ع	تبریز	۴۱ سال ۷ شہر ۱۰ یوم	۳ سال ۳ شہر ۷ یوم
سلطان محمد مرزا	ابن میران شاہ	۱۳ ذیحجہ [illegible]ھ و ۱۳۹۷ع	نامعلوم	سمرقند	۹ سال ۲ شہر ۲۴ یوم	۲۴ ذیقعدہ ۸۱۰ھ و ۱۴۰۷ع	عارضہ جسمانی	۳۰ ذیحجہ ۸۵۵ھ و ۱۴۵۱ع	خطکش	۵۵ سال	۳۵ سال ۱ شہر ۵ یوم
سلطان ابو سعید مرزا	ابن سلطان محمد مرزا	۱۳ رجب ۸۳۰ھ و ۱۴۲۷ع	سمرقند	غزنین	۲۵ سال	۳۰ ذیحجہ ۸۵۵ھ و ۱۴۵۱ع	جنگ حسن بیگ میں گرفتار ہو کر شہید ہوا	۱۲ رجب ۸۷۳ھ و ۱۴۶۷ع روز شنبہ	نواح سمرقند	۴۳ سال	۱۷ سال ۶ ماہ ۱۲ یوم
عمر شیخ مرزا	خلف ۴ سلطان ابو سعید	۳ ذیحجہ ۸۶۰ھ و ۱۴۵۵ع	سمرقند	ولایت اندجان فرغانہ	۱۲ سال ۶ ماہ ۳ یوم	۱۲ رجب ۸۷۳ھ و ۱۴۶۷ع دوشنبہ	کبوتر خانہ کے کوٹھے سے گر کر مرے	۴ رمضان ۸۹۹ھ و ۱۴۹۳ع دوشنبہ	سمرقند	۳۸ سال ۹ شہر ۴ یوم	۲۶ سال ۱ شہر ۲۲ یوم
ظہیر الدین محمد بابر بادشاہ	ابن سلطان عمر شیخ مرزا جنت مکانی	۶ محرم ۸۸۸ھ و ۱۴۸۳ع	ولایت فرغانہ	خطاکش	۱۲ سال ۴ شہر ۱۹ یوم	۲۵ رمضان ۸۹۹ھ و ۱۴۸۵ع سہ شنبہ	تپ	۶ جمادی الاول ۹۳۷ھ و ۱۵۳۰ع	کابل	۴۹ سال ۴ شہر	۳۷ سال ۷ شہر ۱۱ یوم
بادشاہ نصیر الدین محمد ہمایون	ابن بابر بادشاہ جنت آشیانی	۱۴ ذیقعدہ ۹۱۳ھ و ۱۴۹۷ع	ارک شہر کابل	آگرہ	۲۳ سال ۹ شہر ۴ یوم	۶ جمادی الاول ۹۳۷ھ و ۱۵۳۰ع	کوٹھے سے گرے	۱۴ ربیع الاول ۹۶۳ھ و ۱۵۵۵ع	بیچ مقبرہ ہمایون کے	۴۹ سال ۴ شہر ۹ یوم	۲۵ سال ۱۰ ماہ ۵ یوم
ابو النصر جلال الدین	محمد اکبر شاہ بادشاہ عرش آشیانی	۵ رجب ۹۴۹ھ و ۱۵۴۲ع یکشنبہ	سہارام کوٹ میں	کلانور	۱۳ سال ۴ شہر ۲۸ یوم	۳ ربیع الآخر ۹۶۳ھ و ۱۵۵۵ع جمعہ	عارضہ جسمانی	۱۲ جمادی الآخر ۱۰۱۴ھ و ۱۶۰۵ع	مقبرہ سکندریہ	۶۴ سال ۱۱ شہر ۷ یوم	۵۱ سال ۲ شہر ۹ یوم
نور الدین محمد جہانگیر	بادشاہ جنت مکانی	۱۷ ربیع الاول ۹۷۷ھ و ۱۵۶۵ع چہارشنبہ	فتح پور سیکری	اکبرآباد	۳۷ سال ۲ شہر ۲۷ یوم	۱۴ جمادی الآخر ۱۰۱۴ھ و ۱۶۰۵ع روز یکشنبہ	ضیق النفس	۲۸ صفر ۱۰۳۷ھ و ۱۶۲۷ع یکشنبہ	بیچ باغ نورجہان واقع لاہور	۵۹ سال ۵ ماہ ۱۱ یوم	۲۲ سال ۸ ماہ ۱۴ یوم
محمد شہاب الدین	شاہ جہان بادشاہ فردوس آشیانی	سلخ ربیع الاول روز پنجشنبہ	لاہور	لاہور	۳۷ سال ۲ شہر ۲۲ یوم	۲۲ جمادی الاول ۱۰۳۷ھ و ۱۶۲۷ع دوشنبہ	درد گردہ و تپ محرقہ	۲۶ رجب ۱۰۷۶ھ و ۱۰۵۳ع دوشنبہ	اکبرآباد بیچ روضہ تاج گنج	۶۷ سال ۹ ماہ ۶ یوم	۳۰ سال ۲ ماہ ۶ یوم
محی الدین اورنگ زیب	عالمگیر بادشاہ خلد مکانی	۲۵ ذیقعدہ ۱۰۲۷ھ و ۱۶۱۸ع یکشنبہ	صوبہ گجرات آفتاب عالمتاب	نواح اکبرآباد	۳۹ سال ۶ ماہ ۵ یوم	غرہ جمادی الآخر ۱۰۶۰ھ و ۱۶۵۷ع	عارضہ تپ محرقہ استسقا جسمانی	۲۸ ذیقعدہ ۱۱۱۸ھ و ۱۷۰۶ع روز جمعہ	مقبرہ زین الدین شاہ میں اورنگ آباد	۹۰ سال ۳ یوم	۵۰ سال ۲ ماہ ۲۸ یوم
اعظم شاہ	بن عالمگیر بادشاہ	۱۲ شعبان ۱۰۶۳ھ و ۱۶۵۳ع	دکن	متصل اورنگ آباد	۵۵ سال ۳ ماہ ۲۶ یوم	۴ ذیحجہ ۱۱۱۹ھ و ۱۷۰۶ع	جنگ بہادر شاہ بھائی چھوٹے میں مرے	۱۸ ربیع الاول ۱۱۱۹ھ و ۱۷۰۷ع	مقبرہ ہمایون بادشاہ	۵۵ سال ۷ ماہ ۶ یوم	۳ شہر ۱۴ یوم
بہادر شاہ شاہ عالم خلد منزل	بن عالمگیر بادشاہ	سلخ رجب ۱۰۵۳ھ و ۱۶۴۳ع	دکن	کابل	۶۵ سال ۴ شہر ۲ یوم	۱۰ محرم ۱۱۱۹ھ و ۱۷۰۷ع	بعارضہ جسمانی	۱۸ محرم ۱۱۲۴ھ و ۱۷۱۲ع	درگاہ خواجہ قطب الدین میں	۷۰ سال ۳ ماہ ۸ یوم	۵ سال ۹ یوم
معز الدین جہاندار شاہ	بن بہادر شاہ بادشاہ	غرہ شوال ۱۰۷۱ھ و ۱۶۶۱ع چہارشنبہ	دکن	لاہور	۵۲ سال ۳ ماہ ۱۸ یوم	۱۹ محرم ۱۱۲۴ھ و ۱۷۱۲ع جمعہ	فرخ سیر کی قید میں مرے	۲۹ محرم ۱۱۲۵ھ و ۱۷۱۳ع	مقبرہ ہمایون بادشاہ	۵۳ سال ۳ ماہ ۲ یوم	۱۱ شہر ۵ یوم
فرخ سیر بادشاہ	پسر عظیم الشان بہادر شاہ شہید مرحوم	غرہ محرم ۱۰۹۸ھ و ۱۶۸۶ع پنجشنبہ	دکن	نواح اکبرآباد	۲۶ سال ۱۱ شہر ۲۲ یوم	۲۳ ذیحجہ ۱۱۲۴ھ و ۱۷۱۲ع روز جمعہ	سید حسن علیخان نے قید کر کے مارا	۹ رجب ۱۱۳۱ھ و ۱۷۱۸ع	مقبرہ ہمایون بادشاہ	۳۲ سال ۳ شہر ۹ یوم	۶ سال ۳ ماہ ۶ یوم
ابو البرکات شمس الدین	پسر رفیع الشان بن بہادر شاہ رفیع الدرجات	۱۷ رمضان [illegible]ھ و ۱۶۷۲ع	دہلی	اکبرآباد	۴۷ سال ۶ شہر ۲۳ یوم	۹ ربیع الآخر ۱۱۳۱ھ و ۱۷۱۸ع	تپ دق	۱۹ رجب ۱۱۳۱ھ و ۱۷۱۸ع	مقبرہ ہمایون بادشاہ	۴۷ سال ۱۰ شہر ۳ یوم	۳ شہر ۹ یوم
رفیع الدولہ	پسر رفیع الشان بن بہادر شاہ	۲۰ رمضان [illegible]ھ و ۱۶۷۳ع	نواح اکبرآباد	اکبرآباد	۴۷ سال ۲ شہر	۶ رجب ۱۱۳۱ھ و ۱۷۱۸ع	غلبہ کوکنار	۱۷ ذیقعدہ ۱۱۳۱ھ و ۱۷۱۸ع	مقبرہ ہمایون بادشاہ	۴۸ سال ۱ شہر ۲۸ یوم	۳ شہر ۲۸ یوم
روشن اختر محمد شاہ بادشاہ	بن جہاندار شاہ بادشاہ و ابن بہادر شاہ	۲۴ ربیع الاول ۱۱۱۴ھ و ۱۷۰۴ع	غزنین	کہراولی موضع اکبرآباد آگرہ کا	۱۷ سال ۷ ماہ ۲۴ یوم	۱۷ ذیقعدہ ۱۱۳۱ھ و ۱۷۱۸ع	عارضہ جسمانی	۲۷ ربیع الآخر ۱۱۶۱ھ و ۱۷۴۸ع	درگاہ حضرت نظام الدین	۴۷ سال ۱ ماہ ۴ یوم	۲۹ سال ۵ ماہ ۱ یوم
ابو النصر مجاہد الدین احمد شاہ	بن محمد شاہ بادشاہ	۱۷ ذیحجہ ۱۱۳۹ھ و ۱۷۲۶ع	شاہجہان آباد	پانی پت	۲۲ سال ۴ ماہ ۱۳ یوم	غرہ جمادی الاول ۱۱۶۱ھ و ۱۷۴۸ع	سبب کھینچنی میل کے آنکھ میں	۱۷ شعبان ۱۱۸۷ھ و ۱۷۵۴ع شنبہ	مقبرہ ہمایون بادشاہ	۴۸ سال ۲۳ یوم	۶ سال ۳ ماہ ۱۰ یوم
محمد عزیز الدین عالمگیر ثانی	بن معز الدین جہاندار شاہ عرش آرامگاہ	غرہ محرم ۱۰۹۹ھ و ۱۶۸۷ع	صوبہ ملتان	دہلی	۵۸ سال ۷ شہر ۱۰ یوم	۱۰ شعبان ۱۱۶۷ھ و ۱۷۵۳ع	قلعہ فیروزآباد سے گرے	۸ ربیع الآخر ۱۱۷۳ھ و ۱۷۵۹ع	مقبرہ ہمایون بادشاہ	۷۴ سال ۳ ماہ ۱۷ یوم	سال ۸ شہر ۸ یوم
علی گوہر شاہ عالم بادشاہ	بن عالمگیر ثانی فردوس منزل	۲ جمادی الاولیٰ ۱۱۴۱ھ و ۱۷۲۸ع	دہلی	کھتولی متصل عظیم آباد	۳۲ سال ۳ یوم	۱۴ جمادی الاولیٰ ۱۱۷۳ھ و ۱۷۵۹ع	عارضہ جسمانی	۷ رمضان	بدرگاہ خواجہ قطب الدین	۹۰ سال ۳ ماہ ۶ یوم	۴۸ سال ۳ ماہ ۳ یوم
ابو النصر معین الدین محمد اکبر شاہ	بادشاہ عرش آرامگاہ	۲۸ رجب ۱۱۷۳ھ و ۱۷۵۹ع	ریان مکمن پور	دار الخلافہ شاہجہان آباد	۴۸ سال ۱ ماہ یوم	۷ رمضان ۱۲۲۱ھ و ۱۸۰۶ع	اسہال و ورم	۲۷ جمادی الآخر ۱۲۵۳ھ و ۱۸۳۷ع	درگاہ قطب الدین برابر والد اپنے کے	۸۰ سال	۳۱ سال ۱۰ ماہ ۲۰ یوم
ابو مظفر سراج الدین	محمد بہادر شاہ ثانی	۱۲ ۱۳ ہجری و ۱۸ ۰۳ع						۱۲ ۷۹ ہجری و ۱۸ ۶۲ع	رنگون		

مرزا محمد سلطان فتح الملک بہادر مرزا ولیعہد بہادر

نام فرمانروا	مختصر کیفیت فرمانروایان اودھ
محمد امین سعادت خان برہان الملک	یہ بزرگ اور عالی خاندان ایران مقام نیشاپور ملک خراسان سے عہد سلطنت بہادر شاہ مین وارد دہلی ہوکر خدمات جلیلہ اور خطاب نواب سعادت خان برہان الملک سے سرفراز ہوئے سنہ ۱۱۳۳ھ مین بعہد محمد شاہ بادشاہ صوبہ دار اودھ ہوئے ۲۰ سال حکومت کر کے سنہ ۱۱۵۱ ہجری مین بعہد نادر شاہ انتقال کیا دو محل تھے اور پانچ لڑکیان دو لڑکے ہوئی مگر جبکہ اولاد ذکور زندہ نہین رہی اسوجہ اودھ مرزا محمد مقیم مخاطب بہ منصور علیخان صفدر جنگ بھانجہ اور داماد کو اونکے ملی مقام جلوس فیض آباد تھا۔
منصور علیخان صفدر جنگ	سنہ ۱۱۵۱ ہجری مین وزیر ہوئے اور بیس برس حکومت کر کے سنہ ۱۱۶۷ ہجری مین وفات پائی اول لاش گلاب باڑی فیض آباد مین سپرد ہوئی اور دہلی مین لیجا کر قریب شاہ مردان دفن ہوئی پھر مرزا ابجو بدر حکیم مرزا علیخان نے کربلائے معلی مین لیجا کر بہشت روضہ مقدس مین ایک محل تھا اور ایک ہی لڑکا بھی تھا اوس عہد مین راجہ نول راے نائب تھے۔
جلال الدین حیدر نواب شجاع الدولہ بہادر	سنہ ۱۱۶۷ ہجری مین بعمر ۲۶ سالگی فیض آباد مین وزیر ہوئے ۱۹ سال وزارت کر کے ۴۵ برس کی عمر مین سنہ ۱۱۸۸ ہجری مین وفات پائی اور گلاب باڑی مین دفن ہوئے پھر دہلی مین لاش گئی۔ میجر بھلیر رزیڈنٹ اور راجہ بینی بہادر نائب تھے دو محل ۲۶ لڑکے ۱۶ لڑکیان تھین۔
نواب آصف الدولہ بہادر	سنہ ۱۱۸۸ھ مین بعمر ۲۷ سالگی مقام لکھنؤ مین وزیر ہوئے ۲۲ سال حکومت کر کے ۵۱ برس کی عمر مین سنہ ۱۲۱۲ ہجری مین وفات پائی اپنے امام باڑہ مین ایک محل تھا اولاد کوئی نہین جان برسٹو صاحب بہادر و مسٹر ایوس صاحب بہادر و لمسڈن صاحب بہادر رزیڈنٹ اور مختار الدولہ ایرچ خان سرفراز الدولہ حسن رضا خان بہادر تفضل حسین خان نائب تھے۔
میر زاور علیخان بہادر	سنہ ۱۲۱۲ ہجری مین وزیر ہوئے ۵ مہینے دو دن حکومت کی مگر بوجہ نہ ثابت ہونے حق کی بحکم صدر کلکتہ معزول ہوکر چندے بنارس مین مطلق العنان آخر کو کلکتہ بھیجدیے گئے وہین وفات پائی وہین دفن ہوئے اولاد و ازدواج کچھ نہ تھین رزیڈنٹ لمسڈن صاحب بہادر نائب تفضل حسین خان تھے۔
نواب سعادت علیخان بہادر	نواب آصف الدولہ کے بھائی تھے بعد سیر سفر بلاد و گردش زمانہ بنارس مین رہا کرتے تھے کچھ سالانہ لکھنؤ سے ملتا تھا ۳ شعبان سنہ ۱۲۱۲ھ مین بسنت کے دن بسواری ڈاک انگریزی راہ کانپور سے لکھنؤ مین داخل ہوکر بعمر ۴۵ سال وزیر ہوئے اور کچھ کم ۱۸ برس حکومت کر کے ۶۳ برس کچھ مہینون کی عمر مین سنہ ۱۲۲۹ھ وفات پائی دو محل ۱۴ لڑکے ۵ لڑکیان تھین اپنے خلف ارشد غازی الدین حیدر خان بہادر کے مکان مین دفن ہوئے رزیڈنٹ لمسڈن صاحب بہادر کرنیل صاحب بہادر کرنیل کانسل صاحب بہادر و کرنیل جان بیلی صاحب بہادر اور نائب شمس الدولہ راے رتن چند وغیرہ تھے۔
غازی الدین حیدر بادشاہ	سنہ ۱۲۲۹ ہجری مین بعمر ۴۴ سالگی وزیر ہوئے اور سنہ ۱۲۳۰ھ مین بوجوہ اسباب چند خطاب وزارت کو چھوڑ کر بادشاہ ملک بخطاب شاہ زمن مشہور ہوئے اوسوقت منٹن صاحب بہادر رزیڈنٹ اور معتمد الدولہ بہادر نائب تھے کچھ کم چودہ سال سلطنت کر کے ۵۶ برس کی عمر مین ۲۷ ربیع الاول سنہ ۱۲۴۲ ہجری روز شنبہ عین دیوالی کے دن وفات پائی بنجف اشرف لکھنؤ مین دفن ہوئے ۴ محل ایک لڑکا ایک لڑکی تھی اور رزیڈنٹ بیرونٹ رکٹس صاحب بہادر تھے
نصیر الدین حیدر بادشاہ	سنہ ۱۲۴۳ھ مین بعمر ۲۵ برس تخت سلطنت لکھنؤ پر بیٹھے ۱۰ سال ۵ یوم بادشاہت کر کے سنہ ۱۲۵۳ھ مین وفات پائی عمر ۳۵ برس کی ہوئی ۹ محل تھے اولاد کوئی نہین رزیڈنٹ برونٹ رکٹس صاحب بہادر کرنیل پالک صاحب بہادر سر تامس ہربرٹ میڈک صاحب بہادر کرنیل جان لو صاحب بہادر اور نائب معتمد الدولہ آغا میر اعتماد الدولہ میر فضل علیخان منتظم الدولہ حکیم مہدی علی خان روشن الدولہ محمد حسین خان بہادر تھے۔
مناجان	سنہ ۱۲۵۳ھ مین چند ساعت کے لیے تخت پر بیٹھے جو کہ بادشاہ اپنی حیات مین ابطال ولدیت کر چکے تھے اسوجہ سے فوج انگلشیہ نے بزور شمشیر تخت سے اوتار کر مع بادشاہ بیگم یعنے مان دادی کے قلعہ چنار گڈھ مین بھیجدیا چنانچہ ان دونون نے وہین وفات پائی ۳۰۰ روپیہ سرکار بادشاہی سے انکی اولاد کو ملتا ہے۔
محمد علیشاہ بادشاہ	۶۳ برس کی عمر مین سنہ ۱۲۵۳ ہجری مین بادشاہ ہوئے ۵ برس سلطنت کر کے سنہ ۱۲۵۸ھ مین وفات پا کر امام باڑہ حسین آباد مین دفن ہوئے دو محل ۷ لڑکیان تھین کرنیل جان لو صاحب بہادر رزیڈنٹ اور روشن الدولہ نائب تھے۔
امجد علیشاہ بادشاہ	سنہ ۱۲۵۸ھ مین بعمر ۴۴ برس تخت سلطنت پر بیٹھے اور ۴ برس ۸ مہینے ۲۲ یوم سلطنت کر کے سنہ ۱۲۶۲ھ مین وفات پائی اپنے امام باڑہ مین دفن ہوئے ۳ محل ۷ لڑکے ایک لڑکی تھی نائب امین الدولہ بہادر اور رزیڈنٹ کرنیل رچمنڈ صاحب بہادر تھے
واجد علیشاہ بادشاہ	سنہ ۱۲۶۳ھ مین بعمر ۲۵ سال تخت سلطنت پر بیٹھے اور کم و بیش ۹ سال سلطنت کی انکے بعد انتظام سرکار انگلشیہ ہوگیا اور یہ داخل کلکتہ ہوئے ازدواج بیشمار اولاد ذکور لاتعد اناث لاتحصی ہین نائب نواب علی نقی خان بہادر اور رزیڈنٹ سلیمن صاحب بہادر و اوٹرم صاحب بہادر تھے۔

نام اشیا	سنہ ایجاد	مقام ایجاد	نام موجد	کیفیت
غبارہ	سنہ ۱۷۸۳ء		مونٹ کالیفر	سنہ مذکور کو اوڑایا گیا
رائزنگ سن	سنہ ۱۸۱۸ء			اس جہاز نے سنہ مذکور مین بحر ظلمات کو عبور کیا
ریل	سنہ ۱۸۵۳ء	درمیان بمبئی و تھانہ		
ٹیلی گراف	سنہ ۱۸۵۰ء	از ڈوور تا راس گریزنز		
نمائشگاہ	سنہ ۱۸۵۱ء	لندن		انگریزی نمائشگاہ سب سے پہلے سنہ مذکور و مقام مذکور مین ہوئی تھی
آہنی جہاز	سنہ ۱۸۴۳ء	انگلستان		
ارغنون	سنہ ۶۵ء	یونانی کلیسا		بعد ازان انگلستان مین سنہ ۹۹۱ء کو مستعمل ہوا
فونوگراف	سنہ ۱۸۶۳ء		فین بی	بعد ازان اڈیسن نے سنہ ۱۸ء مین بنایا
فوٹوگراف	سنہ ۱۸۰۲ء	انگلستان	طامس ویج ووڈ	
آتشی ہتھیار	سنہ ۱۴۷۱ء	لندن		
آگ بجھانیکا انجن	سنہ ۱۶۲۹		مسٹر رامزے	
ایرلمپ	سنہ ۱۶۵۰ء	لندن	آٹو گواک	یہ وہ آلہ ہے جس سے کسی ظرف سے ہوا خالی کیجاتی ہے۔
تار برقی	سنہ ۱۸۵۴ء	ہندوستان		
ایسٹ انڈیا ریلوے	سنہ ۱۸۵۵ء	ہندوستان		
انگریزی نہر	سنہ ۱۸۵۰ء			
بنک آف انگلینڈ	سنہ ۱۶۹۴ء		ولیم پٹرس	
بنک آف اسکاٹلینڈ	سنہ ۱۶۹۵ء	اڈنبرا		
ساہوکاری کا بنک	سنہ ۱۸۰۰ء	اٹلی	یہودی	
بندوق	سنہ ۱۵۲۱ء			
بریچ لوڈر	سنہ ۱۶۶۴ء	لندن	ہل صاحب	
بحری تار	سنہ ۱۸۵۹ء	از سوئز تا عدن		
برقی تار	سنہ ۱۸۴۷ء		راٹسن	
بٹنے کی کل	سنہ ۱۸۴۴ء			
برقی روشنی	سنہ ۱۸۴۶ء	لندن	گریز واسٹیٹ	

نام اشیا	سنہ ایجاد	مقام ایجاد	نام موجد	کیفیت
بحری تار برقی	سنہ ۱۸۶۶ء	از یورپ تا امریکہ		
انجن	سنہ ۱۶۹۸ء	لندن	پیلپن صاحب	یہ انجن بھاپ کی قوت سے چلتا تھا
برقی ٹریموے	سنہ ۱۸۸۳ء			
ٹریاکارنگ	سنہ ۱۸۵۶ء			
آل پن	سنہ ۱۸۲۳ء	لندن		
پتھر کا کوئلہ	سنہ ۱۳۵۷ء	لندن مین لایا گیا		
پھٹکری	سنہ ۱۳۰۰ء			ولایت والونکو معلوم ہوئی
پانہ	۱۲۲۴ قبل مسیح		پلامیڈیز	
پائنا فورٹ	سنہ ۱۷۰۰ء	اٹلی		
میزان	۸۶۹ قبل مسیح			
تاش	سنہ ۱۳۹۱ء			
ٹیلی فون کمپنی	سنہ ۱۸۷۶ء			
ٹریموے	سنہ ۱۸۰۱ء		سترے صاحب	
جنتری	سنہ ۱۳۸۰	انگلینڈ	جان معمر	
جیبی گھڑیان	سنہ ۱۵۷۷ء			ولایت مین لائی گئین
چھاپہ خانہ	سنہ ۱۴۳۰		گٹن برگ	
کھانا کھانیکی چھریان	سنہ ۱۵۶۳ء	انگلینڈ		
چھتری	سنہ ۱۶۰۰ء	لندن		چین و جاپان مین سیکڑون سال پہلے سے
چینی کے برتن	سنہ ۱۸۰۰ء	انگلینڈ		
دوربین	سنہ ۱۵۹۰ء	جرمن		
دخانی کشتی	سنہ ۱۸۰۰	لندن	مسٹر ملر	۵ میل فی گھنٹہ جاتی تھی
دیا سلائی	سنہ ۱۸۳۴ء			
ڈائنامیٹ باروت	سنہ ۱۸۶۸ء	لندن	مسٹر نوبل	
کپی فیر کا تنخیہ	سنہ ۱۸۶۷ء	لندن	مسٹر بارلو	

نام اشیا	سنہ ایجاد	مقام ایجاد	نام موجد	کیفیت
ریشم بافی				
زندگی کا بیمہ	سنہ ۱۷۰۶ء	انگلینڈ		
سامان غوطہ خوری	سنہ ۱۷۲۱ء		مسٹر ہیلی	
سکہ بنانیکی کل	سنہ ۱۷۹۰ء		بولٹن	
سینے کی کل	سنہ ۱۸۴۵ء		ہوز صاحب	
شراب	۴۴۰۰ برس قبل مسیح مستعمل ہے			
ایضاً	سنہ ۱۸۷۰ء	برطانیہ اعظم		
شکر چقندر کی	سنہ ۱۷۴۷ء	لندن	مارگراف	
صابون	قریب سنہ ۹۰۰ء	انگلینڈ		
عینک	سنہ ۱۲۱۳ء	اٹلی		ایشیا مین اس سے پہلے تھی
قہوہ خانہ	سنہ ۱۶۵۲ء	لندن		[illegible]
ایضاً	سنہ ۱۶۷۲	پیرس		
قطب نما	۲۶۳۴ قبل مسیح	چین	ہوانگٹی شاہ چین	
کپڑے کا کاغذ	سنہ ۱۰۰۰ء			
کانچ کی برتن	سنہ ۱۴۵۷ء			
کاغذ سادی	سنہ ۱۵۸۸ء	انگلینڈ	داٹ مین	
گن کاٹن	سنہ ۱۸۴۵ء			
گوبھی شلجم کا تخم	سنہ ۱۵۴۷ء	انگلینڈ		سنہ ایجاد سے غرض سنہ زراعت سے ہے
گھنٹہ	سنہ ۸۴۰ء	گرجا و نمین شروع ہوا		
آئینہ	سنہ ۱۳۰۰ء	وینس		سب سے پہلے حلب مین ایجاد ہوا
ایضاً	سنہ ۱۶۷۳ء	لندن		
مخمل	سنہ ۱۶۸۵ء	اسپٹل فیلڈ		
نقشہ کشی	۶۰۰ سال قبل مسیح			
قاعدہ نیلام	سنہ ۱۷۷۹ء	انگلینڈ		

نام اشیا	سنہ ایجاد	مقام ایجاد	نام موجد	کیفیت

ایجادین متعلق ریلوے

نام اشیا	سنہ ایجاد	مقام ایجاد	نام موجد	کیفیت
لکڑی کی پٹری	سنہ ۱۶۰۲	نیوکیل		
لوہے کی پٹری	سنہ ۱۷۳۸ء	دہایٹ ہیون		
انجن ۳۵ میل فی گھنٹہ چلنیوالا	سنہ ۱۸۲۹ء			اسکے موجد کو نو ہزار انعام
پٹری بسفری ریل	سنہ ۱۸۶۹ء	امریکہ		
برقی قوت سے چلنے والی ریل	سنہ ۱۸۸۱ء	برلن (دارالسلطنۃ جرمن)		
مائکروفون	سنہ ۱۸۷۷ء		پروفیسر ہیگز	

دخانی جہاز

نام اشیا	سنہ ایجاد	مقام ایجاد	نام موجد	کیفیت
ویم رائل	سب سے پہلے	امریکہ		اسکا طول ۱۷۵ فٹ تھا
بجائے پہیونکو پیچ	پچاس برس کے بعد	امریکہ		
وہ تختے جنسے جہاز بنائے جاتے ہین	سنہ ۱۸۱۶م			
کامٹ	سنہ ۱۸۱۲ء			
کشتی دخانی	سنہ ۱۷۸۳ء		ملر	

یہ رنگ ان رنگون کے ملنے سے پیدا ہوتے ہین

سرخ اور زرد	سے ملکر	نارنجی	نیلا۔ سفید	سے ملکر	آسمانی
سرخ۔ نیلا	"	اودہ	آسمانی۔ سرخ	"	بنفشئی
سرخ۔ سیاہ	"	بھورا	نیل۔ کاجل	"	نقرئی بھورا
سرخ۔ سبز	"	بھورا سنہرا	نقرئی بھورا سفید	"	کھلتا ہوا بھورا
سرخ۔ سفید	"	گلابی	سبز۔ زرد	"	دہانی
سرخ۔ سیاہ نیلا	"	زیتونی	سبز۔ نیلا	"	کاہی
زرد۔ نیلا	"	سبز	سفید۔ زرد سرخ	"	بادامی
زرد۔ سفید	"	کپاسی	سفید و کاجل	"	سیہ کا
زرد و سفید۔ سرخ	"	ملاگیری			

نقشہ احوال شاہان عرب و فارس بشرح سنہ ہجری

نام بادشاہ	ولدیت	تاریخ ولادت	مقام ولادت	مقام جلوس	تاریخ جلوس	تاریخ وفات	مدفن	مدت عمر	مدت سلطنت	سبب موت	عادات و خصلت	کیفیت
بنی امیہ												
امیر معاویہ	ابوسفیان		شام	شام	سنہ ۴۱ھ	سنہ ۵۶ یا ۶۰ھ	شام		۱۵ یا ۱۹ سال			
یزید پلید	امیر معاویہ		دمشق	=	سنہ ۶۰ھ	سنہ ۶۴ھ	=		۳سال ۸ماہ		دشمن دین	
معاویہ اصغر	یزید		=	=	سنہ ۶۴ھ		=	۲۲ سال	۳ ماہ	غم حسینؑ	خداترس	
مروان	حکم		=	=			دمشق	۶۱ سال	۱۸ ماہ	زہر		
عبدالملک	مروان		=	=	سنہ ۶۶ھ	سنہ ۸۶ھ	=		۲۱سال ۶ماہ		بخیل ظالم	
ولید	عبدالملک		=	=			=		۹سال ۶ماہ			
سلیمان	=		=	=	سنہ ۹۶ھ	سنہ ۹۹ھ	=		۲سال ۸ماہ			
عمر	عبدالعزیز		=	=		سنہ ۱۰۱ھ	=		۲سال ۵ماہ		عادل عالم متقی	
یزید	عبدالملک	سنہ ۶۵ھ	=	=		سنہ ۱۰۵ھ	=	۴۰ سال	۴ سال	عارضہ سل		
ہشام	=		=	=	سنہ ۱۰۵ھ	سنہ ۱۲۳ھ	=	۵۵ سال	۱۹سال ۹ماہ		بخیل	
ولید	یزید		=	=	سنہ ۱۲۵ھ	سنہ ۱۲۶ھ	=		یکسال ۳ماہ	قتل	کفر	
یزید ناقص	ولید	سنہ ۹۰ھ	=	=	سنہ ۱۲۶ھ	سنہ ۱۲۷ھ	=	۳۷ سال	۶ ماہ	طاعون	غیر منتظم	
ابراہیم	=		=	=		سنہ ۱۲۶ھ	=		۳ ماہ	مقتول بجنگ		
مروان	محمد	سنہ ۶۲ھ	=	دمشق	سنہ ۱۲۸ھ	سنہ ۱۳۳ھ	=	۶۹ سال	۵سال ۱ماہ	قتل		
بنی عباس												
ابوالعباس سفاح	محمد	سنہ ۱۰۱ھ			سنہ ۱۳۱ھ	سنہ ۱۳۶ھ		۳۵ سال	۴سال ۹ماہ		خوبصورت	
ابوجعفر منصور	=							۶۳ سال	۲۲ سال		بخیل	
محمد مہدی	ابوجعفر منصور				سنہ ۱۵۸ھ	سنہ ۱۶۹ھ			۱۱ سال		منتظم	
موسیٰ ہادی	مہدی				سنہ ۱۶۹ھ	سنہ ۱۷۰ھ			۱سال ۳ماہ		خونریز	
ہارون رشید	جعفر بن مہدی		بغداد	بغداد		سنہ ۱۹۳ھ	بغداد		۲۳ سال		منتظم	
امین	ہارون رشید		=	=	سنہ ۱۹۳ھ	سنہ ۱۹۸ھ	=		۴سال ۸ماہ		لہو و لعب	
عبداللہ	=		=	=	سنہ ۱۹۸ھ	سنہ ۲۱۸ھ	=		۲۰ سال			
معتصم ابراہیم مثمن	مامون	سنہ [illegible]ھ	=	=			=	۴۸سال ۸ماہ یوم	۸سال ۸ماہ ۸یوم			
واثق باللہ	معتصم باللہ		=	=	سنہ ۲۲۶ھ	سنہ ۲۳۲ھ	=		۵سال ۹ماہ		شان و شوکت	
جعفر متوکل علی اللہ	=		=	=	سنہ ۲۳۳ھ	سنہ ۲۴۷ھ	=		۱۴ سال	قتل	ظالم	
منتصر باللہ	جعفر متوکل علی اللہ		=	=	سنہ ۲۴۷ھ		=		۶ ماہ		ظالم عاقل	
مستعین باللہ احمد	محمد بن معتصم باللہ		=	=			=	۳۵ سال	۳سال ۹ماہ			
معتز باللہ محمد	متوکل علی اللہ		=	=			=		۴سال ۶ماہ			ترکوں سے لڑائی ہوئی قید ہوگیا اسنے دو بھائیوں کو قید کیا تھا۔
مہتدی باللہ	واثق باللہ		=	=	سنہ ۲۵۵ھ	سنہ ۲۵۶ھ	سرمن رائے		۱۱ ماہ	مقتول	عابد و زاہد	
معتمد علی اللہ	متوکل علی اللہ		=	=			بغداد		۲۳ سال	قتل	عیش و عشرت	
معتضد باللہ	موفق باللہ		=	=	سنہ ۲۷۹ھ	سنہ ۲۸۹ھ	=		۹سال ۹ماہ		بہادری	
مکتفی باللہ	معتضد باللہ		=	=		سنہ ۲۹۵ھ	=		۶سال ۶ماہ			اسکے عہد میں بغداد میں زلزلہ اور بعد میں طوفان آیا۔
مقتدر باللہ	=	سنہ ۲۸۲ھ			سنہ ۲۹۵ھ	سنہ ۳۲۰ھ	=	۳۸ سال	۲۴سال ۱۱ماہ			اسکے عہد میں ترک ملک الخصال پیدا ہوا روم میں [illegible] بادشاہ تھا
قاہر باللہ	=		بغداد	بغداد	سنہ ۳۲۰ھ	سنہ ۳۲۲ھ	=		۱سال ۶ماہ			ابتدا میں اسکا [illegible] لوگوں نے معزول کر دیا آنکھوں میں سلائی پھیری۔ ظالم سفاک تھا۔
راضی باللہ	مقتدر باللہ		=	=			=		۶ سال	استسقا	عیش و عشرت	ابن مقلہ اپنے وزیر کے ہاتھ ناراض ہو کر کٹوا ڈالے تھے۔
متقی باللہ	=		=	=	سنہ ۳۲۹ھ	سنہ ۳۳۳ھ	=		۳سال ۱۱ماہ			امیر الامرا توزون نے اسکی آنکھوں میں سلائی پھروا دی۔ بڑا زاہد تھا۔ [illegible]
مستکفی باللہ	علی مکتفی باللہ		=	=			=		۱سال ۴ماہ			امیر الامرا توزون نے تخت پر بٹھایا [illegible] آنکھوں میں سلائی پھروا دی اسی زمانہ میں ابوبکر شبلی نے [illegible]
مطیع باللہ	جعفر المقتدر				سنہ ۳۳۴ھ	سنہ ۳۶۳ھ			۲۹سال ۵ماہ	فالج		[illegible] سبکتگین نے اپنے بیٹے کو بادشاہ کیا اور [illegible] شہید ہوا۔
طائع باللہ	مطیع باللہ							۶۹ سال	۱۷سال ۹ماہ			بہاء الدولہ نے اسکو خلافت سے معزول کیا اسکے زمانہ میں [illegible] کیا۔
قادر باللہ	اسحق				سنہ ۳۸۱ھ	سنہ ۴۲۲ھ			۴۱ سال			بہاء الدولہ نے اسکو تخت نشین کیا۔ عابد و عادل تھا۔
وب علی خان آصف جاہ المتخلص بہ آصف ابن افضل الدولہ مرحوم اسوقت عمر ۳۳ سال ہے ہندوستان کا وہ حصہ جو دکن کے نام سے مشہور ہے قبضہ مین ہے کسی کی ماتحت نہین خودمختار سلطنت ہے گورنمنٹ انڈیا سے دوستانہ تعلقات بڑھے ہوے ہین بلکہ یون کہنا چاہیے کہ اسقدر سی ہے کہ نظام کو رزیڈنٹ کی ہر ایک تجویز منظور کرنا پڑتی ہے خواہ وہ اونکی مرضی کے خلاف ہی کیون نہو- دارالخلافہ حیدرآباد ہے جسمین کئی محلے یڈنسی کی حد مین ہین یعنی گویا وہان انگریزی عملداری ہے حتی کہ وہان ہتھیار لیکر بھی کوئی نہین جا سکتا رزیڈنٹ آجکل مسٹر پلوڈن ہین اور مدار المہام اب وقارالامرا اقبال الدولہ بہادر ہین جنکی نسبت آجکل عوام مین یہ مشہور ہے کہ وہ ریاست کے خیرخواہ نہین ہین- اس سلطنت مین وزارت کے عہدے پر صرف شاہی خاندان کا رئیس ہو سکتا ہے بلکہ تمام ممالک مین مُلکی اور غیر مُلکی کا سخت تعصب ہے یہانتک کہ از روی قانون غیر ملکی شخص کو مقابلہ ملکی یعنے جو دکن کا باشندہ ہو اوسے جگہ نہین ملتی پھر بھی بہت سے ہندوستانی اعلی اعلی عہدونپر مامور ہین ورنہ بغیر اسکے کام نہین چل سکتا تھا کیونکہ یہانکے باشندے اکثر غیر تعلیم یافتہ ہوتے ہین ہان اب ہندوستانیون کی دیکھا دیکھی اکثر رؤسا کے لات تعلیم کیطرف رجوع ہوئے ہین شاہ دکن مین حکمرانی کی پوری لیاقت ہے اور مختلف علوم و فنون مین دستگاہ رکھتے ہین علاوہ ضروری معلومات کے فن سپہ گری مین کمال حاصل ہے شعر بھی خوب کہتے ہین داغ دہلوی کو شورہ کی عزت دیگئی ہے جنکی تنخواہ بارہ سو روپیہ ہے- تمام ممالک محروسہ کا رقبہ بیس سال پہلے اٹھانوے ہزار میل مربع تھا مگر اب ۸۲۶۹۸ ہے یہ شاید اسوجہ سے کہ صوبہ برار جواباً گورنمنٹ انڈیا کی تفویض مین ہے نہین شامل ہے جسوقت برار ممالک محروسہ مین شامل تھا یعنی بیس سال بل اسکی آمدنی ۳۰۳۱۰۰۰۰ تھی مگر اب کچھ فرق ہے اسکی ل آبادی قریب ایک کرور کے ہے- یہ ملک پہاڑی ہے ربان کی آب و ہوا مرطوب ہے اس سلطنت مین اتنے بڑے ردار ہین جنکی آمدنی اکثر ہندوستانی راجاؤن سے ی ہوئی ہے- بشیر الدولہ آسمان جاہ بہادر مرحوم وزیر سابق کی جاگیر ۲۲ لاکھ نا آمدنی کی تھی مگر اب اونکے حسن انتظام سے قریب دوچند کے ی ہے- موجودہ مدار المہام کی جاگیر بھی ۱۳ لاکھ سے زائد ہے اسی طرح پر ی جاگیردار ہین جو شاہی خاندان مین شمار کیے جاتے ہین اور ہزارون منصبدار ہین ی مفت وثیقہ پاتے ہین اور جنسے کوئی خدمت نہین لیجاتی اسیوجہ سے شہر مرفہ الحال ہے- شاہ دکن یاضی نے بہت سے ہندوستانیون کو اونکا تنخواہ دار بنا دیا ہے اور سیکڑون ہندوستانی بھی جو کسی نہ کسی فن مین مشاق ہین سرکار سے ب پاتے ہین- اس سلطنت مین علاوہ معمولی دھاتون کے سونا چاندی اور جواہرات کی بھی کانین ہین- چند سال ہوے کہ کوئلہ کی ان دریافت ہوئی تھی جسکا ٹھیکہ انگریزون کو نوے برس کے لیے دیدیا گیا ہے- اس ملک مین ۲۰۴۷۶ تالاب ہین ایک تالاب کا رقبہ میل مربع ہے- اسکا ایک صوبہ اورنگ آباد بھی ہے جو اورنگ زیب عالمگیر نے آباد کیا تھا اور اس شہر مین عالمگیر کی قبر بھی ہے مگر زمانے ی گردشین یہ تماشا دکھا رہی ہین کہ وہان اب ہل چل رہے ہین-


میر محبوب علیخان بہادر فرمانروائے حیدرآباد دکن

ونمنٹ انگلشیہ سے ریاست ہذا کے دوستانہ تعلقات قدیم سے چلے آتے ہین- اور یہ ریاست گورنمنٹ انگریزی کی بڑی خیرخواہ ثابت ہوئی ہے بودے ہماری سرکار (انگلش گورنمنٹ) ریاست ہذا کے ساتھ بہت مراعات رکھتی ہے- ہندوستان مین مسلمانون کی اتنی بڑی ریاست ئی نہین ہے- یہی سرکار ہے جسکے یہان بڑے بڑے عہدونپر اہل اسلام و دیگر اصحاب مامور ہین- احکم الحاکمین ہمیشہ اس ریاست کو قائم رکھے آمین

سرہنت مہاراجہ مادھوراو سندھیا والی گوالیار

مہاراجہ صاحب گوالیار ۲۰ اکتوبر ۱۸۷۶ء کو پیدا ہوئے آپ ازقوم مرہٹہ ہین۔ تمام ممالک محروسہ کا رقبہ ۲۳۱۱۹ ہے اور کل آبادی ۲۹۰۰۰۰۰ ہے آمدنی بیس سال قبل بارہ لاکھ تھی اب بہت اضافہ ہوا ہے گوالیار مین چھاونی مرار ایک مشہور اور پرفضا مقام ہے بہ نسبت تمام علاقہ جات کے یہان کی آب وہوا عمدہ ہے اس ریاست مین اکثر اہل کمال کی بڑی کثرت تھی فن موسیقی کے بھی بڑے بڑے اوستاد جمع تھے چنانچہ تانسین کی بھی قبر یہان ہے اگلے راجہ اس فن کے زیادہ قدردان تھے بلکہ یہانتک مشہور ہے کہ ہندوستان مین یہ فن اسی مقام سے ترقی پذیر ہوا مگر اب راجہ صاحب حال کی طبیعت مین عمدہ عمدہ باتین ترقی پذیر ہین یہان ایک رسم ہے کہ ولیعہد کو شاہی فقیر جسکی تمام شاہی خاندان والے معتقد ہین تخت پر بٹھاتا ہے اور جو صاحب اقبال ہونیکی وجہ سے ہردل عزیز ہوتا ہے۔



زائچہ پیدائش مہاراجہ صاحب گوالیار

واقع ۲۱ اکتوبر ۱۸۷۶ء۔ شمس میزانی ۶ درجہ
منطقہ ۱۸ درجہ شہر گوالیار طول البلدہ
یک دقیقہ۔ عرض البلد ۲۶ درجہ ۴۰



خانہ اول طالع جوزا اسکا مالک عط
خانہ چہارم مین جلوہ افروز ہے اور
عیوق منکب الجوزا اور ستارے
شرف اور قوت مین مستغنی عن ال
اس خانہ مین رونق افروز ہے لہذا صاحب
فہمیدہ دقیقہ شناس علم دوست قدردان
وحرفت صاحب اقبال ودولت ہو۔ خا
سے معلوم ہوتا ہے کہ مہاراجہ صاحب کی سنجیدہ غور وپرداخ
سے رعیت شاد وآباد رہے۔ خانہ ششم سے ظاہر ہے کہ مختلف انو
امراض صدر تا پیش آوین۔ خانہ ہشتم سے عیان ہے کہ سیر وسیاحت

مہاراجہ سر کنگاجی۔ جی۔ سی۔ آئی۔ ای
والی کچھ

ہزہائنس جدیجہ راجپوت اور سابق سر پراگ ملجی جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ کے بڑے صاحبزادے ہین آپ ۱۸۶۶ء مین پیدا ہوے اور ۱۸۷۶ء مین گدی نشین ہوے آپکے زمانہ نابالغی مین ریاست کے انتظامات بذریعہ کاونسل آف ریجنسی طے پاتے تھے۔ نوجوان مہاراجہ نے کپتان لی صاحب کی زیر نگرانی تعلیم پائی ہے اور آپکی انگریزی قابلیت اسدرجہ مسلم ہے کہ ۱۸۸۰ء مین سر ریچرڈ ٹمپل صاحب نے جو اسوقت گورنر بمبئی تھے کچھ کا ملاحظہ کرتے ہوے خاص طور پر فرمایا تھا کہ مین راؤ صاحب کی انگریزی تقریر سے بہت خوش ہون چودہ سال کی عمر مین ہزہائنس شریک کاونسل کیے گئے تھے۔ اور اگست ۱۸۸۴ء مین بعمر اٹھارہ سال اختیارات ریاست آپکو ملگئے ہین۔ نومبر ۱۸۸۴ء مین سر جیمس فرگوسن صاحب گورنر بمبئی نے ایک بڑے دربار مین مقام بھوج دارالسلطنت کچھ آپکو گدی نشین کیا اور اسی سال مین آپکی شادی بہار



کا موروثی خطاب آپکو گورنمنٹ انگلشیہ کیطرف سے عط
۱۸۸۷ء کی جوبلی مین ہزہائنس انگلستان تشر
تھے جہانپر حضور قیصرہ کی قدمبوسی کا فخر حاص
آپکو جی۔ سی۔ آئی کا اعزاز عطا کیا گیا۔ ہزہائنس
نسوان کی بہت ہی مؤید ہین جسکے لیے کئی اسکول جو
ہین اور وظائف مقرر کیے گئے ہین انکے سوا ایک ہا
کالج اور پاٹ شالہ بھی بیس ہزار کی صرف سے کھولا گیا
ایک عجائب خانہ بھی سر جیمس فرگوسن صاحب گورنر بمبئی کے
معنون کیا گیا ہے۔ اس قسم کے وظائف بھی مقرر کیے
کہ جو غریب طلبا امریکہ اور انگلستان مین تعلیم حاصل
انکو مدد دیجاسکتی ہے اور ویٹرنری کالج بم
ویٹرنری اسکول بنونہ سائنس کالج بمبئی کو بی
مقرر کیے گئے ہین۔ بہت سی انگریزی کتابون
کے حکم سے کچھ زبان مین ترجمہ کیا گیا ہے ہز
کی رسم گدی نشینی مین چھیاسٹھ لاکھ جو بین
بہتر روپیہ صرف کیا گیا۔ آپکے زمانہ حکمرانی مین
آٹھ سو نوے ایکڑ زمین درست کی گئی اور
موضع آباد کیے گئے۔ ریاست کچھ کا رقبہ چھ ہزا

نابھا صاحب بھائی رسول خان جی بہادر نواب جوناگڑھ

ہز ہائنس نواب رسول خان جی والی جوناگڑھ ایک بڑے مشہور اور تاریخی مقام ساٹوراشٹرا کے رئیس اور ایک معزز افغان خاندان کے رکن ہین سلطنت مغلیہ مین آپ کے آبا و اجداد معزز عہدون پر معمور تھے جہان سے حسن خدمات مین بابی کا خطاب عطا ہوا تھا۔ دور ہمایونی مین آپ کے بزرگ دہلی مین تشریف لائے تھے۔ آپ کے جد امجد بہادر خانصاحب شاہجہان بادشاہ کے دربار مین بہت معزز سمجھے جاتے تھے۔ اوسکی ایک خاص وجہ علاوہ تمامی قابلیتون کے یہ بھی تھی کہ اونھون نے بادشاہ کی ایک موقع پر جان بچائی تھی۔ آپ کے خاندان کے معزز ممبرون مین جعفر خانصاحب۔ سلامت خانصاحب اور شیر خانصاحب نامی گذرے ہین۔ جوناگڑھ کی ریاست سلطنت دہلی کیطرف سے سلامت خانصاحب دی گئی تھی۔ اور اوسوقت سے زورطلبی کا رواج جوناگڑھ مین شروع ہوا۔ سلامت خانصاحب نے ۱۷۳۰ء مین انتقال کیا اور تین بچے چھوڑ مرے۔ ان سب مین بڑے صاحبزادے شیر خانصاحب تھے جنھون نے مرہٹون کے حملے سے سلطنت کو بچایا۔ اور آج تک ریاست جوناگڑھ کا نام اپنی اعلے قابلیت سے قائم رکھا آپ کی سب سے بڑی فوج کشی کیگوار مشہور ہے جسمین آپنے ودہ فتح کرکے دہلی کے سپرد کر دیا جسکے صلے مین دہلی سے انکو نواب کا خطاب عطا ہوا یون مین سے آپ ہی پہلے شخص تھے جنکو یہ خطاب ہوا تھا۔ شیر خانصاحب ۱۷۵۸ء مین ایک صاحبزادے مہابت خان نامی چھوڑ مرے۔ آپ کے زمانہ حکومت مین جوناگڑھ کا انتظام بہت درست ہوا اور ریاست نے بہت ترقی کی ۱۷۷۵ء مین مہابت خانصاحب بھی مرگئے اور آپ کے صاحبزادے حمید خان جی صاحب اول گدی نشین ہوئے ۱۳ سال تک آپ زیر نگرانی دیوان امیر جی صاحب تعلیم پاتے رہے ۱۸۱۱ء مین حمید خان نے بھی انتقال کیا۔ اور آپ کے صاحبزادے بہادر خان جیصاحب آپ کے جانشین ہوئے جی ۱۸۱۶ء مین نوابصاحب جوناگڑھ اور گورنمنٹ انگلشیہ سے ایک معاہدہ ہوا جسکی روسے رسم زورطلبی موقوف ۱۸۲۱ء مین ہزہائنس نے درستی فوج کے لیے ایک رقم برٹش گورنمنٹ کو دینا منظور فرمائی۔ بہادر خان جی صاحب دوم نے ء مین انتقال کیا۔ آپ کے چار صاحبزادے تھے جنمین سے دو بڑے صاحبزادون حمید خان جی اور مہابت خان جی نے یکی بعد دیگرے سلطنت کی ۱۸۵۱ء مین حمید خان جی کا تئیس ۲۳ سال کی عمر مین انتقال ہوگیا اور انکے بھائی نواب صاحب مہابت خان جی۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ گدی نشین ہوئے۔ چونکہ اوسوقت آپ نابالغ تھے لہذا کاونسل مقرر ہوئی اور مہابت خان جیصاحب مدار المہام شیخ محمد بہاءالدین کے مشورہ سے کام کرتے رہے ہزہائنس کی شادی وزیر صاحب کی بہن ارادی بیوی کے ساتھ ہوئی اور ان سے مرحوم بہادر خان جی صاحب رئیس پیدا ہوئے جو ۱۸۸۲ء مین گدی نشین ہوئے تھے۔ آپ نے راج کمار کالج مین تعلیم پائی تھی اور ۱۸۹۰ء مین نائٹ گرینڈ کمانڈر انڈین امپائر مقرر کیے گئے تھے۔ آپ ہی کے جانشین نواب صاحب حال رسول خان جی صاحب ہین آپ مہابت خان جی صاحب کی دوسری بیوی کے بطن سے ہین۔ ہزہائنس ۳۰ جولائی ۱۸۵۸ء کو پیدا ہوئے تھے اور ۲۳ جنوری ۱۸۹۲ء کو گدی نشین ہوئے۔ آپ بڑے سیلاح آدمی ہین اور نہایت ہی عبادت گذار و فیاض مشہور ہین۔ آپ کو بہبودی رعایا کا بہت خیال ہے۔ آپ کے ایک صاحبزادے پرنس شیر زمان خانصاحب ہین جو راجکمار کالج مین تعلیم پا رہے ہین۔



ہز ہائینس سر شاہو چھتراپتی جی-سی-ایس-آئی مہاراجہ کولاپور

مغربی ہند کے رئیسون مین ہز ہائینس مہاراجہ کولاپور سب سے بڑے راجہ ہین - اس ریاست کی بنیاد یون قائم ہوئی تھی کہ سمبھاجی پسر اکبر سیواجی شہنشا اورنگ زیب کے حکم سے قتل ہوے تھے اور سمبھاجی کے بیٹے ساہو جو مقید تھے آزاد کر دیے گئے تھے - جنھون نے اپنی ریاست ستارہ مین قائم کی اور اسبات پر جھگڑا تھا کہ چونکہ تارا بائی بیوہ راجہ رام کو کولاپور اور شاہو کا انتظام ملا تھا اسلیے وہ جائز طور پر کل ملکیت کی مالک تھی - سیواجی کے خاندان مین ۱۷۳۱ء تک اسیطرح تنازعات ہوتے رہے جبکہ ساہو نے کولاپور ایک علٰحدہ ریاست قائم کر لی - یہ ریاست سترہ درجہ ۱۰ منٹ ۵ سکنڈ اور پندرہ درجہ پچاس منٹ بیس سکنڈ شمالی طول البلد اور ۷۴ درجہ ۴۴ منٹ گیارہ سکنڈ اور ۳۷ درجہ ۴۰ منٹ ۱۶ سکنڈ مشرقی عرض البلد سے ہے۔

۱۷۶۰ء مین آخری لڑکا بھی راجہ رام کا مر گیا اور براہ راست اسیطرح سیواجی کا سلسلہ کولاپور مین قائم ہوا - بوسل خاندان والون نے جو سیواجی کی کی اولاد سے سمجھے جاتے تھے - کولا مین ایک شخص کو سیواجی دوم کے نام سے بٹھایا - کچھ عرصہ تک اطراف و جوانب کے سردارون سے اسیطرح جنگ رہی آخر کار ۱۷۶۵ء اور ۱۷۹۲ء مین گورنمنٹ انگلشیہ کو شورشین رفع کرنے کے واسطے فوج بھیجنا پڑی - اور سوداگرون وغیرہ کا جو تیس برس تک نقصان ہوا تھا دلا کر فوج واپس ہوئی - ۱۸۱۲ء مین ایک عہدنامہ مابین کولاپور دربار اور گورنمنٹ انگلشیہ ہوا جس زمانے مین باجی راؤ پیشوا اور گورنمنٹ سے جنگ ہو رہی تھی - ریاست کولاپور نے انگر کا وفادارانہ ساتھ دیا جسکے صلہ مین ریاست کو وہ مقامات وا دیے گئے جسپر سرداران نیپالی قبضہ کر بیٹھے تھے - چونکہ سیوا دوم کی انتظامی قابلیت بہت محدود تھی اور سخت ابتری پڑ رہی تھین اسلیے ۱۸۲۲ء اور ۱۸۳۲ء مین گورنمنٹ انگلش کو پھر فوجکشی کرنا پڑی - راجہ کے مرتے ہی ۱۸۳۸ء مین ایک کاونسل آف ریجنسی قائم کی گئی - مگر اندرونی ابتریون کیوجہ سے یہ کاونسل چلائے نہ چلی اور گورنمنٹ انگل نے ایک اپنا معتمد بطور وزیر کے وہان مقرر کیا - اس تق سے رعایا خوش نہوئی اور ایک عام بغاوت شروع ہوگئی - آ گورنمنٹ انگلشیہ نے باغیون کو پسپا کر کے ریاست کے قلعے مسما کر دیے - موروثی فوجی انتظام درہم کیا گیا - ریاست کی ملیٹری فوج موقو کی گئی اور بجاے اونکے وہین کی باشندونکا مختصر دستہ مقرر کیا گیا - ۱۸۶۲ء مین سیواجی سوم اور برٹش گورنمنٹ کے مابین پہلے پہل معاہدہ ہوا جس سے ۳۴ برس کی جنگ کا خاتمہ ہوا - چونکہ سیواجی کا کوئی جائز ولیعہد نہ تھا اسلیے اونکو گود لینے کی اجازت دیگئی اور ۱۸۶۶ء مین جبکہ وہ بستر مرگ پر پڑے تھے اونھون نے راجہ رام اپنے بھانجے کو اپنا جانشین قرار دیا - نوجوان مہاراجہ راجہ رام نے ۱۸۷۰ء مین انگلستان اور یورپ کے دوسرے مقامات کی سیر کی اور اوسی اثنا مین جبکہ آپ سفر سے تشریف لا رہے تھے علیل ہو کر فلارنس مین بیکنٹھ باشی ہوگئے - آپ کے انتقال پر آپ کی بیوہ رانی نے سیواجی چہارم کے نام سے ایک لڑکے کو جانشین ریاست کیا - دربار قیصری دہلی مین سیواجی چہارم کو نائٹ کا خطاب ملا - مگر بوجہ ناقابلیت انتظام ایک کاونسل آف ریجنسی قائم کرنا پڑی اور جیاسنگہ راؤ اباصاحب غاٹگی سردار کاگل جو بدقسمت سیواجی چہارم کے چچازاد بھائی تھے ایجنٹ منتخب ہوے - سیواجی کا دسمبر ۱۸۸۳ء مین انتقال ہوگیا اور راجہ صاحب حال جو کہ ایجنٹ جیاسنگہ راؤ اباصاحب سردار کاگل کے صاحبزادے ہین دس سال کی عمر مین جانشین ریاست ہوے - موجودہ راجہ صاحب ۱۸۷۴ء مین پیدا ہوے - آپ کی تعلیم کیواسطے مسٹر پی - ایس - ایم فریزر صاحب آئی - سی - ایس کی اتالیقی مین تعلیم حاصل کرتے رہے - آپنے ہندوستان اور لنکا کے مشہور مقامات کی سیر کی اور اس دورہ سے بہت مناسب فائدہ اوٹھایا ہے چنانچہ اوسیوقت سے زراعت اور صنعت مین



آپ کو کامل طور پر لگا دی۔ ۱۸۹۴ء مین گورنمنٹ انگلشیہ نے عنان حکومت آپکو تفویض فرمائی۔ لارڈ ہیرس صاحب نے باختیار کرتے ہوئے آپکی قابلیت کا خاص طور پر ایک بڑی تقریر مین ذکر فرمایا تھا۔ جسکا جواب ہز ہائنس نے نہایت ہی مناسب اور قابل قدر لفظون مین دیا تھا اور بہت سی اصلاحات کا وعدہ تھا۔ چنانچہ تمامی اپنے وعدون کو پورا کیا اور آج وہ ایک ایسی ریاست کے حکمران ہین جو بلحاظ اپنی آبادی قانون و تعلیم کی اعلےٰ ترین ریاستون مین شمار کی جاتی ہے اور جہان ہر شخص ایک ہی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اس ریاست کا رقبہ ۲۸۵۳ مربع میل ہے۔ اسمین لاج باغ اور کنگل کی اضلاع مشرق اور جنوب مشرق کی بھی شامل ہین۔ ریاست کی آبادی بموجب مردم شماری حال ۹۱۳۱۳۱ ہے جسمین سے ۸۲۲۲۵۲ ہندو ۵۰۸۹۲ جین اور ۲۸۲۷۲ مسلمان ہین۔ ۱۰۷۹ موضع اس ریاست مین ہین۔ اور ۹ تعلقہ کاور۔ الٹا۔ شیرول۔ گادھنگلز۔ بھودرگاد۔ اور پنہلا ہین اسکے سوا گیارہ باجگذار ریاستین ہین۔ خاص بڑی ریاستین اسکے متعلق وشالگڈھ شمال مغرب مین۔ بویدا مغرب مین۔ کاگل وسط مین۔ اور کپشی اور اچل کرنجی دکن مین ہین۔ کولاپور کی ریاست دکھن کی ہیٹی کیطرح ہے اور مشرق مین دور تک پھیلی ہوئی ہے اسکا سلسلہ ساجھاوری تک اور ۶۵ میل مشرق و دکھن اور آٹھ سے پچاس تک مغرب اور مشرق مین ہے۔ ملک پہاڑی ہے۔ اس ریاست کے مشرق مین پہاڑ ہی جسکی چوٹیونپر تاریخی قلعے بومدہ۔ ودگراہ۔ پنہلا۔ رنگورا۔ اور شالگڈھ کے واقع ہین۔ اس ریاست مین آٹھ دریا کرشنا۔ وارنا۔ بیج گنگا۔ دھوند گنگا۔ دید گنگا۔ ہرنگا کیشی۔ گل پرابھا اور مول پرابھا ہین۔ اور یہان کی پیداوار چاول جوار گنا۔ تماکو اور روئی ہے۔ اس ریاست مین لوہے کی بھی کان ہے۔ اور لوہے کی اوزار خوب بنتے ہین۔ اون کے کپڑے بھی یہان کے اچھے ہوتے ہین۔ آب وہوا یہانکی اچھی ہے لیکن اپریل سے جون تک مشرقی گرم ہوا چلتی ہے۔ ریاست کا دارالسلطنت کولاپور ہے جو ایک سو چوالیس میل جنوب مشرق پونا اور ستر میل ستارہ سے ہے۔ یہان بودھ کے بہت سے مندر ہین۔ سب سے بڑا انبابائی کا مندر ہے جسکی تعمیر بارھوین صدی عیسوی بیان کیجاتی ہے۔ اسکے سوا اور بہت سی عمارتین قابل دید ہین مثلاً البرٹ ایڈورڈ ہسپتال راجہ رام کالج۔ اور نئے محلات ہز ہائنس کولاپور کی سڑکین نہایت ہی وسیع ہین۔ ہز ہائنس بہت ہی دلیر۔ قابل فہم اور مدبر ہین۔ تعلیم کیطرف آپ کی بہت توجہ ہے فن سپہ گری سے بھی آپ خوب واقف ہین۔ ہز ہائنس نے ریاست مین ایک زراعتی بینک بھی کھولا ہے جس سے زراعت پیشہ بہت کم سود پر روپیہ لیتے ہین۔ آپکی انتظامی قابلیت ہی کا یہ نتیجہ ہے کہ گورنمنٹ انگلشیہ نے ۱۸۹۴ء کے آخر مین آپ کو جی۔ سی آئی۔ ای۔ کا خطاب عطا فرمایا۔ ہز ہائنس کی شادی ۱۸۹۲ء مین گنپت راؤ مہاراج گائکوار بڑودہ کی ہمشیر لکشمی بائی صاحب کے ساتھ ہوئی جنسے آپ کی دو صاحبزادیان ہین۔ ہز ہائنس کی ۱۹ توپ سلامی ہین۔


ہز ہائنس میر فیاض محمد خان والی تاجپور

ہز ہائنس میر فیاض محمد خان والی تاجپور

ہز ہائنس تاجپور اکسٹھ برس کی عمر مین اپنے والد کے جانشین ہوئے۔ ۱۸۹۴ء ہے جسوقت سے آپ کو ریاست ملی ہے آپ وسیع الخیال اور کامیاب حکمران رہے ہین۔ کسانون کو کسی وقت ممانعت کی گئی تھی کہ وہ جنگلی سورون کو جو انکی زراعت کو برباد کرنیوالے سمجھے جاتے ہین نہ ماری جاین مگر آپ نے اس حکم کو منسوخ کیا۔ آپ نے اپنی رعایا کے واسطے ایک ہسپتال اور چار ڈسپنسریان قائم کین جسکا نہایت مناسب انتظام کیا جاتا ہے۔ آپ نے ریاست مین ۸۶ اسکول کھولے ہین۔ اور زیادہ توجہ آپکی تعلیم صنعت و حرفت کی طرف ہے۔ اسکولون مین ۲۴۳۲ لڑکے اور ۱۴۷ لڑکیان تعلیم پاتی ہین۔ ہز ہائنس نے ریاست مین بہت سی نئی عمارتین بنوائی ہین اور نہرین جاری کی ہین۔ جرائم کا بھی بہت انسداد کیا گیا ہے۔ اس سے زیادہ آپ کے حالات معلوم نہو سکے۔

مہاراجہ راول سر تخت سنگھ جی جی سی ایس آئی ایل ایل ڈی سابق والی بھاؤنگر

ریاست بھاؤنگر کاٹھیاوار کی مشہور ریاستون مین ہے۔ ہمیشہ اسکے مراسم گورنمنٹ انگلشیہ کے ساتھ متحد رہے ہے۔ یہی پہلی ریاست ہے جسنے انتظامی امور اور تعلیم مین پاس پڑوس کی ریاستون مین سب سے پہلے قدم رکھا۔ مرحوم مہاراجہ گوہل خاندان کے راجپوتون سے ہین اور آپکا سلسلہ شلیواہنا تک پہونچتا ہے۔ ہز ہائینس ۱۸۵۸ء مین پیدا ہوئے۔ اور جسوقت آپکا سن بارہ سال کا تھا آپ کے والد جسونت سنگھ جی نے قضا کی۔ آپ سب سے پہلے رئیس ہین جو ۱۸۷۰ء مین راجکوٹ کالج مین تعلیم کیواسطے شریک ہوئے۔ اور اسقدر ذہین و قابل ثابت ہوئے کہ آپ کے تمامی اُستاد اور ساتھی قدر کی نظر سے دیکھنے لگے ۱۸۷۵ء مین آپ نے کالج چھوڑا۔ اور زیر نگرانی لفٹننٹ کرنل نٹ صاحب کی تعلیم پاتے رہے آپنے اپنے اتالیق کے ہمراہ ہندوستان کا دورہ کیا تھا۔ ۱۸۷۴ء مین آپ نے چار نکاح کیے۔ موجودہ راجہ بھاؤنگر بھاؤسنگھ جی اوسی سال پیدا ہوئے۔ ۱۸۷۵ء مین مرحوم مہاراجہ بمبئی رائل ہائینس پرنس آف ویلس صاحب کے استقبال کے لیے تشریف لیگئے۔ اور ۱۸۷۷ء مین دربار قیصری دہلی مین شریک ہوئے جہانکہ آپ کی سلامی ۱۱ ضرب سے ۱۵ تک کردی گئی۔ ملکہ عالیہ کی "قیصر ہند" خطاب لینے کی خوشی مین ہز ہائینس نے ۱۱۴۰۰۰ روپیہ کی لاگت سے قیصر ہند پل آجی دریا پر مقام راجکوٹ مین تعمیر کرایا۔ ۵ اپریل ۱۸۷۸ء کو جے۔ بی۔ پیل صاحب۔ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی پولیٹیکل ایجنٹ نے اختیارات ریاست تفویض فرمائے۔ آپ زمانہ حکمرانی مین ایک ریل بھاؤنگر سے وادوان تک تیار ہوئی اوسکے بعد دھولا سے دھواجی تک دوسری ریل جاری کی گئی۔ ریل کی تیاری کیواسطے ۶۰۹۸۶۴۲ روپیہ ریاست کیطرف سے دیا گیا۔ ۱۸۸۰ء مین بھاؤنگر گونڈل سٹیٹ ریلوے کا افتتاح سر جیمس فرگوسن صاحب نے کیا اسی کے تھوڑے عرصہ کے بعد حضور قیصرہ نے ہز ہائینس کو جی۔ سی۔ ایس۔ آئی کا اعزاز عطا فرمایا! اصل بانی اس خاندان کے سنجا کجی تھے۔ اور اس خاندان کے بارھوین شخص بھاؤسنگھ جی صاحب تھے جنھون نے ۱۷۲۳ء مین بھاؤنگر کو اپنا دارالخلافہ قرار دیا تھا۔ ۱۷۶۴ء مین جبکہ آپنے انتقال کیا تو بھاؤنگر بہت ترقی پہ تھا۔ سابق والیان بھاؤنگر مین سے ہز ہائینس جسونت سنگھ جی مہاراجہ حال کے والد بہت ہی قابل حکمران تھے زمانہ غدر مین آپ سب سے پہلے شخص تھے جنھون نے گورنمنٹ انگلشیہ کا ہر طرح ساتھ دیا۔ ریاست بھاؤنگر کا رقبہ ۲۸۶۰ میل مربع آبادی ۴۶۵۰۰۰۔ اور تحصیل وصول ۴۰۰۰۰۰۰ روپیہ ۱۸۹۴ء مین بھاؤنگر کی تجارت مین ۲۱۸۹۷۱۶ روپیہ آمدنی ہوئی۔ مرحوم مہاراجہ نے ۱۸۷۰ء سے مرتے وقت تک ۲۵۰۰۰۰۰ روپیہ رفاہ عام مین صرف کیا۔ تعلیم کیطرف آپکی توجہ زیادہ مبذول تھی۔ مشہور عمارات بھاؤنگر مین سے عدالت حقی۔ ہائی اسکول سر تخت سنگھ جی ہسپتال۔ گھنٹہ گھر۔ ساملداس کالج تخشوار مندر ہین۔ بازار۔ پارک بھی دیکھنے کی چیزین ہین ۵۵۰۰۰۰ کی لاگت سے واٹر ورکس بھی کھولا گیا ہے۔ تعلیم نسوان کا رواج اس ریاست مین اچھی طرح ہے۔ ہز ہائینس نے ایک لاکھ کی رقم نارتھ بروک انڈین کلب کو جسکا منشا ہندوستان اور انگلستان مین اتحاد پیدا کرانا ہے عطا فرمائی۔ اور نرسون کی فنڈ (دائیون) کیواسطے بھی آپنے ایک لاکھ روپیہ لیڈی ڈفرن فنڈ کو عنایت کیا۔ مارچ ۱۸۹۰ء مین ہز رائل مرحوم ڈیوک کلارنس نے بھاؤنگر کو عزت بخشی اور کاٹھیاوار مین تشریف لاکر نئے قلعہ کا افتتاح فرمایا۔ ہز ہائینس اپریل ۱۸۹۳ء مین ولایت تشریف لیگئے تھے۔ آپکا زمانہ قیام لندن مین بہت ہی اعزاز ہوا۔ لندن مین آپنے امپیریل انسٹیٹیوٹ کا افتتاح کیا۔ اور یونائیٹڈ سروس کلب اور نیول ملیٹری کلب کے ممبر ہوئے۔ یونیورسٹی کیمبرج نے بوجہ اعلی دلچسپی تعلیم کے آپکو ایل ایل ڈی کا خطاب دیا۔ پانچ لاکھ صرف سے آپنے امپیریل سروس فوج تیار کی ہے آپ ہی سرداران کاٹھیاوار مین سے پہلے شخص ہین جنھون نے امپیریل سروس کیطرف پہلے توجہ کی۔ ہز ہائینس نے ۲۹ جنوری ۱۸۹۶ء



مہاراجہ سر بھگوت سنگھ جی۔ کے۔ سی۔ آئی۔ ای۔ ایم۔ ڈی۔ ایم۔ آر۔ سی۔ پی وغیرہ ٹھاکر صاحب گونڈل

ہزہائنس چندربنسی خاندان کی جدیجہ راجپوتو نمین سے ہین۔ اور ایک ایسی ریاست کے حکمران ہین جو بحیثیت اپنے انتظام کی اول درجہ کی دیسی ریاست ہے اور مغربی ہند کے مشہور صوبہ سوراشٹر کے درمیان مین واقع ہے۔ بعد تباہ ہونی جنگ ورول پٹھانون کے جسکو ۵۳۰ برس کا زمانہ گذرا اس ریاست کو قائم کرنیوالی نے سندھ مین اپنی حکومت شروع کی اور رفتہ رفتہ کچھ تک ریاست بڑھتی گئی۔ اسکی تھوڑی عرصہ کے بعد اس خاندان کا ایک اور شخص تھر مین جو کاٹھیاوار مین ہے مقیم ہوا۔ اور جن خاندان کی اسطرح بنیاد پڑی جس جگہ کو اسنے اپنا دارالخلافہ مقرر کیا تھا وہ اب جام نگر کے نام سے مشہور ہے۔ جو جو اس خاندان کے رکن بڑھتے گئے علیحدہ علیحدہ ریاستین گونڈل۔ ورول۔ راجکوٹ وغیرہ کی نام سے قائم ہوئین۔ گونڈل خاندان کا بانی کمبھوجی اول نامی تھا۔ موجودہ ٹھاکر صاحب اوسکی بارھوین پشت مین ہین۔ ۲۴ر اکتوبر ۱۸۶۵ء کو آپ پیدا ہوے اور آپ کا سن چار ہی برس کا تھا جبکہ آپ کی جناب والد سنگرام جی نے قضا کی نو برس کی عمر مین آپ راجکوٹ کالج مین شریک ہوے اور آپ کی کالج لائف نے ہر طرح آپ کو ہوشیار و قابل ثابت کیا۔ لہو ولعب کیطرف آپکی مطلق توجہ نتھی آپ ہمیشہ اپنے ہمسبقون مین ممتاز رہے اور انعامات حاصل کرتے رہے آپکی انگریزی قابلیت مسلم ہے جسکے لیے مسٹر مسٹر گناٹن صاحب پروفیسر ایف جی سلبی اور سر ولیم میور صاحب کی تحریرین کافی ہین۔ تکمیل تعلیم کیواسطے آپ بہمراہی میجر ننکاک صاحب یورپ کو تشریف لیگئے تھے۔ اور چار ماہ انگلینڈ اسکاٹلینڈ مین قیام فرماکر پیرس بروسل۔ ہمبرگ۔ لوسرن۔ میلن۔ وینس فلارنس۔ روم۔ نیپلس۔ برینڈیزی ہوتے ہوے نومبر ۱۸۸۳ء مین ہندوستان واپس تشریف لائے۔ وہان آپنے واپسی پر آپنے اپنے مشاہدات رسالہ کی صورت مین شائع کیے یہ کتاب انگریزی۔ اردو۔ اور دو تین زبانون مین ترجمہ ہوئی ہے ۲۵ر اگست ۱۸۸۴ء مین آپنے عنان ریاست اپنے زبردست ہاتھو نمین لی۔ اسی سال آپ بمبئی یونیورسٹی کے فیلو مقرر ہوے ۱۸۸۶ء مین آپ اڈنبرگ یونیورسٹی مین دو بار تشریف لیجا کر پندرہ ماہ تک قیام پذیر رہے اور سائنس مین اسدرجہ آپنے شہرت حاصل کی کہ یونیورسٹی نے ایل ایل ڈی کا اعزاز آپکو عطا کیا۔ جوبلی حضور قیصرہ مین روسائے کاٹھیاوار کیطرف سے آپ شریک ہوے اوسی سال حضور قیصرہ نے آپکو کے۔ سی۔ آئی۔ ای کا اعزاز بخشا۔ اور ۱۸۸۷ء مین ریاست گونڈل اول درجہ کی ریاستو نمین شمار کیجانے لگی اور گیارہ سلامی اتواپ مقرر کی گئین ۱۸۹۰ء مین رانی صاحبہ کی علالت کیوجہ سے بمشورہ ڈاکٹر ہزہائنس کو انگلستان تشریف لیجانا پڑا دو برس کے قیام یورپ سے رانی صاحبہ بفضلہ بالکل تندرست ہوگئین اور اسی زمانہ مین ہزہائنس کو اڈنبرگ یونیورسٹی نے ایم بی اور ایم۔ ڈی کا خطاب دیا۔ اور میڈیکل سائنس کی قابلیت کیوجہ سے ایم۔ آر۔ سی۔ پی کا خطاب آپنے حاصل کیا ۱۸۹۵ء مین یونیورسٹی آکسفورڈ نے آپ ڈی سی ایل کا اعزاز دیا۔ ڈاکٹری مین گریجویٹ ہونیکے لیے ہزہائنس مع رانی صاحبہ ۱۸۹۳ء مین براہ امریکہ۔ جاپان۔ چین۔ آسٹریلیا اور لنکا ہوتے ہوے مراجعت فرمائے ریاست ہوے آپ نے اپنی رعایا کی فلاح کا بہت کچھ سامان کیا ہے۔ ریاست مین ڈاکٹر اس کام کیلیے مقرر کیے ہین کہ مواضعات کا دورہ کرتی رہین اور رعیت جسقدر بیمار ہو علاج ہوتا رہے۔ اس ریاست مین "گونڈل انفرمیری" جہان بیمار ہونگی اور بچوں کی پرورش ہوتی ہے دیکھنے کے قابل ہے۔ بہت سی ریلین بھی اس ریاست مین جاری ہین مثلاً بھاونگری گونڈل۔ گونڈل پوربندر۔ جیتلپر راجکوٹ" وغیرہ۔ ریلو نکا سالانہ خرچ ۳۰ ہزار ہے۔ ہزہائنس نے گذشتہ دس سال مین ۲۵۰۰۰۰ روپیہ تعلیم مین صرف کیا۔ ہزہائنس نے ایک بڑی عمارت ڈیڑھ لاکھ کی گراسیا اسکول کے لیے عطا فرمائی ہے۔ یہان زمیندار ونکے لڑکے تعلیم پاتے ہین ہزہائنس ہی پہلی دیسی رئیس ہین جو اپنی ریاست کی رپورٹ سالانہ شائع کرتی ہین گونڈل کا رقبہ ۱۰۲۴ میل مربع ہے اور تحصیل وصول ۱۲۰۰۰۰۰ ہے۔ ہزہائنس کے تین صاحبزادے اور دو صاحبزادیان ہین ولیعہد بہادر بھوج راج صاحب جنکا سن تیرہ برس کا ہے یورپ کے ایٹن کالج مین تعلیم پارہے ہین اور ایک صاحبزادی صاحبہ یا کنوریا صاحبہ جنکا سن تیرہ سال کا ہے اڈنبرگ مین تعلیم پارہی ہین



مہاراجہ پرتاب سنگہ والی ریاست کشمیر وجمون



راجہ پرتاب سنگہ کے باپ کا نام مہاراجہ ادرجی نبیر سنگہ تھا اور دادا کا نام گلاب سنگہ انکے دو بھائی اور بھی ہین جنکا نام امر سنگہ ورام سنگہ ہے۔ مہاراجہ گلاب سنگہ اعلےٰ درجہ کے مدبر اور ہوشیار آدمی تھے اور اون مین غصہ اور بہادری کا حصہ بھی زیادہ تھا۔ راجہ حال خلیق۔ بامروت۔ اور سیدھے سادھے ہین تین پانچ نہین جانتے۔ انکی قوم ڈوگرا راجپوت ہے۔ نبیر سنگہ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ ۱۸۸۵ء عیسوی مین تخت نشین ہوے تھے۔ تمام ریاست کا رقبہ ۷۹۷۸۴ ہے اور آبادی ۱۵۳۷۰۰۰۔ اب ۱۸۹۶ء سے گورنمنٹ ہند کا سکہ جاری ہوگیا ہے اور راجہ کا سکہ موقوف ہوگیا۔ مسٹر بلوڈن رزیڈنٹ تھے جو آب حیدرآباد مین ہین کشمیر پہاڑی ملک اور اعلی درجہ کا سرد واقع ہوا ہے۔ تمام باشندے حسین اور سیہ چشم ہوتے ہین مگر اکثر بیمروت اور انکا لباس صرف ایک جبہ ہوتا ہے جس سے گلے سے گٹون تک کا جسم ڈھکا رہتا ہے یہی پوشاک عموماً عورتونکی بھی ہوتی ہے اور شرم ولحاظ کا چندان خیال نہین ہے بعض عورتین مردون کے سامنے بھی غسل کرتی ہین زبان کشمیری ہے مگر تمام دفاتر فارسی مین ہین۔ ریاست کی کل آمدنی ۸۲۵۲۳۴۰ ہے۔

یہان کے شال وشالے تمام دنیا مین مشہور ہین اور سردی یہان کی ضرب المثل ہے۔ بڑے فضا کا مقام ہے۔

مہاراجہ سر سیاجی راؤ صاحب جی۔ سی۔ ایس۔ آئی گیکوار بڑودہ



مہاراجہ سیاجی راؤ قوم مرہٹہ سے ہین اور جمنا بائی رانی کے پسر متبنی ہین کل ریاست کا رقبہ ۴۳۹۹ میل مربع ہے انکی عمر اب ۳۳ سال ہے اپنی مذہبی علوم سے بخوبی واقف ہین اور اہل ہنود کی کئی زبانین جانتے ہین ریاست مین اگرچہ ہندو خصوصاً مرہٹے زیادہ عہدہ دار ہین مگر کسی قوم سے تعصب نہین ہے انکو فن سپہ گری مین پوری مداخلت ہے اسیوجہ سے بہادرون اور پہلوانونکی زیادہ قدر کرتے ہین کشتی وغیرہ کے زیادہ مذاق ہے کل ریاست کی آبادی تخمیناً ۲۲ لاکھ۔ سالانہ آمدنی ایک کرور ۱۵ لاکھ ہے۔ یہ پرانی ریاست اوسی زمانے سے ہے جب کہ مرہٹون نے ہندوستان مین ہل چل مچادی تھی اور جنمین سے اکثرونکی بہادری صرف لوٹ مار اور تاخت وتاراج کرنے مین کام آتی تھی عالمگیر کے زمانے سے انھون نے اپنی ضدی طبیعتین ہندوستانی فرمانرواؤن پر بخوبی ظاہر کردی تھین اور جنکا تمام ہندوستان مین خاصکر اسلئے سکہ بیٹھ گیا تھا کہ کسی راجہ اور کسی حاکم کو ذرا بھی خطرہ مین نہین لاتے تھے ہر ایک سے سالانہ رقمین (بطور خراج) وصول کرلیا کرتے تھے اور جو ذرا بھی کوتاہی کرتا تھا اوسکی تباہی مین کوئی بات باقی نہ رہتی تھی اوسکی تمام مقبوضات پر آئی دن ڈاکے پڑتے تھے اور اسکی تمام رعایا معرض ہلاکت مین پڑجاتی تھی سالہا سال یہ تباہیان کم نہین ہوتی تھی جبتک اونکی مٹھی گرم نکیجاتی تھی۔ انگریزونکی زمانے سے انکی لوٹ کھسوٹ کم ہوئین اور ہندوستانمین امن وامان قائم ہوئی اور جنکی بغاوت کا ثبوت نہین ہوا انھین جاگیرین ملین جو ہمیشہ سے مستحق تھے چنانچہ تمام ہندوستانمین سوا راجپوت کے اہل ہنود مین اکثر

هز هائنس مهاراج ادهیراج جی-سی-ایس-آئی

سر پرتاب سنگه صاحب بهادر والی ریاست جودهپور



ناب مهاراجه پرتاب سنگه
والی ریاست جودهپور مارواڑ
تمام ریاست کا رقبه
ور آبادی تیس لاکه هے
یبر پچیس لاکه کے هے
ی ریاستون مین ایک
هے- راجه صاحب موصوف
هے- اور خلق و مروت بهی
نوجوان مهاراجه صاحب
سے امید کامل هے که آپ بهی
رعایا پروری- غربا نوازی
خیال کو زیاده وسعت
مین اور زیاده نیکنامی کی

صاحب بهادر جی- سی- ایس آئی
کی قوم راتهوڑ راجپوت هے
پینتیس هزار چهه سو ستر هے
اس ریاست کی کل آمدنی
جودهپور بهی تمام اهل هنود
خوشنما اور دلچسپ مقام
کو اپنی رعایا کا بهت خیال
آپ کے مزاج بهت زیاده هے
کی ذات ستوده صفات
مثل اپنے گذشته بزرگون کے
ریاست کی ترقی کے
دینگے- اور چار دانگ عالم
شهرت پائینگے-

هز هائنس مهاراج سر فتح سنگه صاحب ایس آئی-

ادهیراج بهادر جی-سی والی اودیپور



هاراجه سر فتح سنگه
ایس آئی-
بن مگر انکا خاندان
کے نام سے مشهور
رقبه گیاره هزار
اور آبادی گیاره لاکه
اور کل آمدنی یهانکی
جناب مهاراج
صاحب بهادر ولیعهد
یه ریاست بهی
و دیگر خوبیون کے
اور مهاراجه صاحب

صاحب بهادر جی-سی-
از قوم راجپوت سورج بنسی
سیسوریه گوت گهلوت
هے- تمام ریاست کا
۱۱۶۱۴
چهه سو چوده هے
اکسٹهه هزار چار سو هے
پچیس لاکه هے-
کنور بلوپال سنگه جی
ریاست هین-
باعتبار قدامت
اپنی آپ هی نظیر هے
بهی بڑے سنجیده شخص هین

زائچہ پیدائش ہز ہائنس سر منیت مہاراجہ سیواجی راؤ ہلکر بہادر والی اندور



واقع ۱۲ نومبر ۱۸۵۹ع شمس میزانی ۲۷ درجہ - اندور طول البلد ۷۵ درجہ ۳۵ دقیقہ عرض البلد ۲۲ درجہ ۴۲ دقیقہ



خانہ اول طالع میزان شمس اس خانہ مین موجود ہی لہذا سر منیت مہاراجہ صاحب نہایت ذکی الطبع تیز فہم صاحب رعب و شوکت اقبالمند خانہ دوم دار المال عقرب اس خانہ مین زہرہ اور عطارد کا قران موجود ہی لہذا سر منیت مہاراج دولت بیش بہا اور خزائن جواہر اعلی کی مالک ہین ہمیشہ دریادلی وسخاوت سے اہل امید کی دامنون کو مالا مال کر دین دہم عاشر برج اسمین مشتری شرف یافتہ مع ذنب کی موجود ہے لہذا شرف حکومت وسعادت فرمانروائی کا بازو ہمیشہ قوی رہیگا گو موجودگی ذنب کی گاہ گاہ ہر تشویش کرتی

ہز ہائنس سری مہاراج ادھیراج سوائی سر مادھو سنگھ صاحب بہادر جی سی ایس والی جے پور



انکی قوم کچھواہہ راجپوت ہے ہندوستان مین اہل ہنود کی صرف ۳۶ قومین شاہی خاندان کی وہ ہین جو اپنے کو راجہ رام چندر کی نسل سے بتاتی ہین - تمام ریاست کا رقبہ ۱۵۲۵۰ ہے اور آمدنی ۴۷۵۰۰۰۰ ہے - جے پور بہت ہی خوشنما مقام ہے یہان کے مکانات اگرچہ معمولی طور پر کم وسعت ہوتے ہین مگر باہر سے اسقدر خوشنما اور منقش ہین کہ معمارون کی صناعی کا خوب پتہ دیتے ہین ایک مکان دوسرے مکان کے مقابلہ مین دوبالا ہی بنا ہوا ہے بلکہ اکثر بازارون کے تمام مکانات ایک ہی قسم کے بنے ہوئے ہین ریاست کی کل آبادی ۱۹۹۵۰۰ ہے - ریاستون مین یہ ریاست بھی بہت قدیم ہے جن لوگون نے ریاست ہذا کو دیکھا ہے وہ بازار - سڑکون - مکانات کی خوبی کے معترف ہین

امین الدولہ وزیر الملک نواب محمد ابراہیم علیخان
والی ریاست ٹونک



نواب ممدوح الصدر بونیری پٹھان ہین انکے والد کا نام نواب محمد علیخان تھا جو ۱۸۶۶ء مین سرکار انگریزی کی طرف سے معزول کیے گئے تھے کیونکہ انکے عہد مین بارہ جاگیردار قتل کرڈالے گئے تھے اور انپر یہ شبہہ ہوا تھا کہ انکی بھی کچھ سازش ہے۔ ۱۸۶۹ء عیسوی مین نواب محمد ابراہیم علی خان تخت نشین ہوے۔ انکی پیدائش ۱۸۴۸ء کی ہے اور انکی عمر اب پینتالیس ۴۵ سال کی ہے۔ یہ بہت ہی لائق اور ہوشیار و ذہین نواب ہین۔ ضروری علوم مشرقی و مغربی مین مداخلت ہے اور فن شعر کا بھی شوق ہے انکی تمام ریاست کا رقبہ ۲۷۳۰ - آبادی ۳۳۸۰۰۰ - اور [illegible] آمدنی قریب گیارہ ۱۱ لاکھہ کے ہے - آپ کی غزل کے چند شعر نذر ناظرین کیے جاتے ہین

دست نازنین سے جو چھو لو چمن کے پھول
کلیان تمام باغ کی رہجائین بن کے پھول

کوئی درد دو تو بنے وہ دوای دل
تم کوئی داغ دو تو وہ رہجاین بن کے پھول

بر فدا ہزار کلی ہر کلی کا رنگ
تم پر نثار لاکھہ چمن ہر چمن کے پھول

بھولے سے بھی نگاہ نہ ڈالے سوی چمن
دیکھے جو عندلیب ترے پیرہن کے پھول

کیا جانے کیا صبا نے شگوفے کھلائے ہین
بلبل سے منہ پھلائے ہوے ہین چمن کے پھول

شاخ جفا نے پائی ہین مہر و وفا کے پھل
نخل وفا مین آئے ہین رنج و محن کے پھول

گلہاے روی یار ہین کچھہ اور ستے خلیل
ایسا چمن کا رنگ نہ ایسے چمن کے پھول

نواب شاہجہان بیگم صاحبہ جی۔ سی۔ ایس
ای۔ سی۔ آئی۔ والی ریاست بھوپال



نواب شاہ جہان بیگم بنت جہانگیر محمد خان قوم افغان میرزئی خیل ہین آپ ۱۸۴۴ عیسوی مین تخت نشین ہوئین اور ۱۸۳۸ء مین پیدا ہوئین تھین انکی والدہ سکندر بیگم جنھون نے ۱۸۶۸ء مین انتقال کیا بڑی پاک طینت اور عقلمند تھین اونھون نے جو کچھہ انتظامات کیے اوس سے پہلے نہوے تھے اونکی حسن تدابیر سے اسکی آمدنی ۲۶۸۳۴۰۰ زیادہ ہوئی۔ نواب شاہ جہان بیگم کی عمر اب ستاون ۵۷ سال کی ہے۔ انکی دو شادیان ہوئین ولیعہد جنسے سخت مخالفت ہے پہلے ہی شوہر سے ہین۔ دوسرے شوہر نواب صدیق حسن خان تھے جنھین عربی کی اعلے درجہ کی قابلیت تھی اور معقول مین کمال تھا وہی مدار المہامی کرتے تھے مگر اونکے انتقال کے بعد منشی امتیاز علی کاکوروی وکیل لکھنو وزیر ہوے اونکے انتقال کے بعد مولوی عبد الجبار بنگالی بار سر مدار المہام ہوے جو ابتک موجود ہین انکے حسن انتظام سے ملک و رعایا دونون کے لیے فائدہ ہے اور سب انسے خوش ہین۔ بیگم صاحبہ نے بھوپال مین ایک مسجد تیار کرائی ہے جو ابتک تکمیل کو نہین پہونچی مگر اسوقت تک پچیس ۲۵ لاکھہ روپیہ صرف ہو چکا ہے۔ اسکے لیے لندن مین سنگ مرمر کا فرش تیار ہو رہا ہے پہلے بلور کے فرش کی تجویز تھی مگر چونکہ اوسمین عکس پڑتا ہے اسلیے علما نے منع کیا۔ تمام ریاست کا رقبہ ۸۲۰۰ ہے اور کل آبادی ۶۹۲۰۰ ہے۔

زائچہ پیدائش ہز ہائینس مہاراجہ صاحب راج راجیشور شرومنے سری گنگا سنگھ جی صاحب بہادر والی بیکانیر



واقعہ ۱۴ر ستمبر ۱۸۸۰ء مطابق بھادون سدی دسمی سمبت ۱۹۳۷ بکرمی شمس اسدی ۲۹ درجہ مطالع وقت فجر زائچہ پیدائش مہاراجہ صاحب بیکانیر



طالع اسد ہی جسمین شمس صاحب اوج ہو کر جلوہ گر ہی لہذا مہاراجہ صاحب بیکانیر اپنے خاندان مین اعلیٰ درجہ کے صاحب سطوت و اقبال ہونگے

حاصل شمس

چو شمس آورد رو بہ بیت نخست
شود مرد دانا بسے چاق و چست
بہ نیروے خصم افگنے بس دلیر
نہ از فیل ترسد نہ از تند شیر
نہ آنہا کند عیش خاطر پسند
باقبال و دولت شود بہرہ مند

خانہ دہم دار الحکومت ثور اسکا مالک زہرہ دار المال مین رونق افروز ہی اور ثور کو تثلیث الیسر سے ظاہر ہی چند سال کے اندر اختیارات حکمرانی گورنمنٹ انگلشیہ مع خلعت فاخرہ عطا فرمائیگی پروردگار مبارک کرے۔ راقم لقا جی

راؤ راجہ شیو درشن سنگھ صاحب بہادر والی ریاست گوپال پورہ ضلع جا



نام نامی آپ کا جناب راؤ راجہ شیو درشن سنگھ صاحب بہادر ہے متخلص بہ فرخ ہی عمر آپکی تخمیناً ۴۵ سال ہوگی علم فارسی بطور آپ خوب ماہر ہین اور شعر گوئی مین بہت مہارت رکھتے ہین آپ کا ایک دیوان بھی چھپا ہی جسکا نام دیوان فرخ ہے اور ہندی مین بھی آپکا کلام اچھا ہوتا ہی آپکی طبیعت خداداد ایسی واقع ہوئی ہے کہ جس کام کیطرف توجہ کی اوسکو فوراً ہی حاصل کرلیا اور فن مصوری مین تو بہت ہی کمال ہے فوٹوگرافی بھی آپ کو خوب معلوم ہی اور قلمی تصویرین آبی اور روغنی بھی آپ بنا سکتے ہین اور بندوق بھی آپ ایسی لگاتی ہین کہ نشانہ خطا ہی نہین کرتا خلق و مروت آپ مین اسدرجہ ہی کہ اگر آپ کے دربار مین ایک مرتبہ بھی آدمی پہونچ جاتا ہو تو ہمیشہ اُسے بار دگر خدمت مین جانیکی آرزو رہتی ہی یہ سب اوصاف آپ مین خداداد ہین آپ اپنی ریاست کا انتظام ایسی خوش انتظامی سے انجام فرماتے ہین کہ جو شخص ریاست مین جاتا ہے وہ دیکھکر خوش ہوجاتا ہے۔ یہ آپکی حسن لیاقت کا ثمرہ ہے۔

نیپال کے حالات

حکمران یہان کا راجہ مہاراجہ ادھراج کہلاتا ہی جسکا نام یہان کے شاہی رجسٹرون مین اسطرح پر لکھا جاتا ہی۔ مہاراجہ ادھراج بیر بکرم شمشیر جنگ بہادر جو کہ ۱۸ اگست ۱۸۷۵ء مین پیدا ہوے اور ۱۷ مئی ۱۸۸۱ء مین تخت نشین ہوے اور مہاراجہ سر شمشیر جنگ کے سی۔ ایس۔ آئی کی بیٹی سے شادی کی۔

وزارت۔ یہان وزیر اعظم مہاراجہ سر شمشیر جنگ کے۔ سی۔ ایس۔ آئی ہین جو کہ ۲۲۔ نومبر ۱۸۸۵ء مین اس عہدے پر ممتاز ہوے تھے ملک نیپال کی سلطنت برٹش انڈیا کے شمال اور تبت کے جنوب مین واقع ہے جسکے جنوب مین ہمالیہ پہاڑ لپٹا ہوا ہے اور جسکی لمبائی ۵۰۰ میل تک چلی گئی ہے اس ملک کا رقبہ ۵۴۰۰۰ میل مربع ہی۔ اور آبادی قریباً ۲۰ لاکھ کی ہی۔ یہ ملک چار صوبون پر منقسم ہے ا: ر یہ صوبے ۱۸ اضلاعون پر تقسیم ہوے۔ ملک نیپال اصل مین تو ایک جنگلی اور پہاڑی مقام ہے جسمین علاوہ اور بہت سی چوٹیون کے ایک ایورسٹ نامی چوٹی (ہمالیہ کی) واقع ہی۔ گھاٹیون کے علاوہ جنمین اکثر نہایت زرخیز بھی ہین اور جنگلی زمین نباتات پیداوار کی دینے والی ہی۔ ان گھاٹیون کی سطح سمندر سے ۲ ہزار فیٹ سے ۶ ہزار فیٹ تک بلند کی گئی ہے۔ نچلی پہاڑیون مین پہاڑیون جنگل ہین جنمین صنوبر وغیرہ بکثرت ہوتے ہین۔ اور ان جنگلون مین بکثرت جنگلی حیوان ہوتے ہین۔ یہانکی بڑی بڑی معدنیات یہ ہین۔ تانبہ۔ لوہا۔ گندھک۔ شیشم۔ سنگ مرمر نیپال کی تجارت زیادہ تبت اور برٹش انڈیا سے ہی اس ملک مین تجارت کے لیے بہت سے رستے کھلے ہین جنمین سے سب سے عمدہ راستہ کھٹمانڈو ہوتی ہاری اور سیگوتی سے بنگال کو جاتا ہے نیپال مفصلہ ذیل کی تجارت دوسرے ممالک سے کرتا ہے۔ چاول۔ اناج۔ تل۔ گھی۔ ٹٹو۔ افیون۔ کستوری۔ کئی قسم کے حیوانات۔ ادرک۔ چمڑا۔ سن۔ ککڑا وغیرہ اور ان اشیا کے عوض مین نیپال کو کپاس۔ اونی کپڑے۔ شال۔ رنگ۔ کھانڈ مصری۔ تیل۔ نمک۔ تمباکو وغیرہ بھیجی جاتی ہین زیادہ تر تجارت اس ملک مین پیتل کے برتنون اونی اور ریشمی کپڑون اور لوہے تانبے کی ہوتی ہے باشندون کا لباس منگولین ہے۔ مذہب بڑی بڑی ذاتون کا مذہب ہندو ہے اور کم ذاتون کا بدھ ہے۔ اس ملک کو گورکھون نے ۱۷۶۸ء مین فتح کیا تھا۔

نیپال کی لڑائی ۱۸۱۴ء مین انگریزون سے بھی ہوئی جب کہ ہند کا راج کمپنی کے ہاتھ تھا اور کمپنی اِن دونون بڑے سخت جھمیلون مین پڑی ہوئی تھی یعنی اِن دنون برہما سے بھی لڑائی چھڑی ہوئی تھی اور مرہٹون سے تو دو بدو کر لڑنا بھڑنا تھا اس لڑائی مین کمپنی کا بڑا جنرل گلسپی مارا گیا مگر دوسرے جنرل اختر لونی نے بڑی جوانمردی سے گورکھون کے جنرل امر سنگھ کو شکست دی اور پھر مجبوراً راجہ نے بھی صلح چاہی اور مقام سگوئی پر ایک عہدنامہ ۱۸۱۵ء مین ہوا لیکن اسبات کو قریباً چالیس برس کا عرصہ ہوا جب سے اس ملک کا رابطہ اتحاد گورنمنٹ سے دوستانہ ہوا۔ برٹش گورنمنٹ کا ایک ریذیڈنٹ بھی مقام کھٹمانڈو مین رہتا ہے جو کہ معاملات سرکار مین مطلق دخل نہین دیتا۔ نیپال اکثر تحائف چین کو بھیجتا ہے اور اگر کسی معاملہ مین تبت اور نیپال کا جھگڑا ہو جاوے تو چین اوسکے انتظام مین حصّہ لیتا ہے اور حتی الوسع انکے درمیان امن قائم کرتا ہے۔ نیپالی لوگ اپنی فوج مین گورکھونکو بطور رنگروٹون کے بھرتی کرتے ہین جو کہ ایک مضبوط اور پہاڑی قوم ہے۔ نیپال کی فوج مین ۴۲۰۰۰ سپاہی ہین جسمین ۲۵۰۰۰ ناخواندہ ہین جنکے پاس بندوقین ہین۔ حکمران ریاست جسکی عمر اسوقت بیس سال کی ہی لیکن ملک کی وزارت وزیر اعظم کی ہاتھ ہی۔ مہاراجہ صاحب نیپال کی سلامی برٹش انڈیا مین ۲۱ ضرب توپ کی

اسلامی ریاست ہای ہندوستان ماتحت سرکار انگریزی

نمبر	نام ریاست	رقبہ	مردم شماری	نمبر شمار	نام ریاست	رقبہ	مردم شماری	نمبر شمار	نام ریاست	رقبہ	مردم شماری	نمبر شمار	نام ریاست	رقبہ	مردم شماری
				۸	جاورہ	۸۷۲ میل مربع	۸۵۴۵۶	۱۵	تروادڑا	۱۰۰ میل مربع	۴۴۸۸	۲۲	رامپور (روہیلکھنڈ)	۹۴۵ میل مربع	۶۰۰۰۰۰
	بھاول پور	۱۴۴۸۳″	۵۰۰۰۰۰	۹	رادھن پور	″۸۳۲	۴۵۲۹۳	۱۶	محمد گڑھ	″۸۰	۴۰۰۰	۲۳	دوجانہ	″۱۰۰	۲۷۰۰۰
	بھوپال	″۸۲۰۰	۷۶۹۲۰۰	۱۰	کھمبایت	″۳۵۰	۱۷۵۰۰۰	۱۷	باسوندہ	″۴۸	۵۰۰۰	۲۴	لوہارو	″۲۸۵	۲۲۰۰۰
	ٹونک	″۲۷۳۰	۳۲۰۰۰۰	۱۱	ورائی	″۲۰۴	۱۲۰۰۰	۱۸	پٹھاری	″۲۲	۶۰۰۰	۲۵	پاٹودی	″۵۰	۲۰۹۹۰
	جوناگڑھ	″۳۸۰۰	۳۸۰۹۲۱	۱۲	مالیر کوٹلہ	″۱۶۵	۴۶۲۰۰۰	۱۹	ساچین	″ ×	۱۳۰۰۰	۲۶	راج گڑھ ۳	″۶۴۲	۷۵۷۴۳
	خیرپور	″۵۰۰۰	۱۰۵۰۰۰	۱۳	کوروائی	″۱۹۲	۲۲۳۴۹	۲۰	جنجیرہ ۲	″۳۲۴	۸۲۴۹۶	۲۷	(علاقہ سینڈھیا)		
	پالن پور	″۲۳۸۴	۱۷۸۰۰۰	۱۴	باونی	″۱۲۷	۱۹۰۰۰	۲۱	بالاسنور (بابی)	″۴۰۰	×	۲۸			

؎۱ از نسل آصف جاہ (چین قلیچ خان) صرف ایک ہی مسلمان ریاست بندیلکھنڈ مین ہے ۱۲ ؎۲ اس ریاست کو اون جبشی نسل کے امیر البحرون نے جو اسلامی بیڑہ جہازات کی کمان کرتے تھے اور شاہ بیجاپور کے ملازم تھے قائم کیا اورنگ زیب نے انکی شاہی بحری خدمات کو منظور کیا اور شاہی بیڑہ اونکی نگرانی مین دیا ۱۸۳۲ء مین سیدی قاسم یاقوت خان اور برٹش گورنمنٹ مین عہدنامہ ہوگیا تب سے یہ ریاست برابر وفادار رہی ہے ۱۲ ؎۳ ۱۸۷۱ء سے راجہ موتی سنگہ نے دین محمدی قبول کیا۔

ہز ہائنس نواب محمد افتخار علیخانصاحب بہادر والی جاورا



زائچہ پیدائش ہز ہائنس نواب محمد افتخار علی خانصاحب بہادر والی جاورہ
واقع ۱۴ ار فروری ۱۸۵۶ء شمس دلوی ۳ درجہ
افق منطقہ ۴ ۳۰ درجہ



طالع مین دلو ہے اور اوسمین شمس موجود ہے جسکو مشتری تثلیث سے ناظر ہے لہذا مقتدر نوابصاحب مشتری طلعت مہر رفعت صاحب اقبال و دولت ہون

خانہ چہارم دار الارض ثور قمر شرف یافتہ اس خانہ مین موجود ہے لہذا گراں بہا نگرانی سے ملک آباد اور رعیت شاد رہے۔

خانہ پنجم۔ جوزا مشتری مع ستارہاے ثوابت عیوق منکب الجوزا ستارے کے جو کہ شرف اور قوت مین مستغنی عن الوصف ہے اس خانہ مین موجود ہے لہذا نامور نواب صاحب علم دوست قدر دان فضل و ہنر ہون۔

خانہ دوازدہم۔ مریخ شرف یافتہ موجود ہے لہذا شیر دل نواب صاحب دشمنون پر ہمیشہ فتحیاب رہین گے اور اخراجات ناموری سے زیادہ دلچسپی رکھین گے۔

ہز ہائنس سر رمینت مہاراجہ بھوانی سنگھ لوکندر بہادر



زائچہ پیدائش ہز ہائنس سر رمینت مہاراجہ بھوانی سنگھ لوکندر بہادر والی ملک بوندیلکھنڈ۔ واقع ۱۴ اراگست ۱۸۴۵ء شمس سرطانی ۲۹ درجہ
وقت طالع ۵۶ ساعت ۳۰ دقیقہ
دتیا طول البلد ۷۰ درجہ ۳۵ دقیقہ۔ عرض البلد ۲۵ درجہ ۴۳ دقیقہ



خانہ اول طالع سرطان اسکا مالک قمر بے توجہ ہے مشتری تربیع امین مریخ مقابلہ سے نگران ہین شمس طالع مین موجود ہے لہذا مہاراجہ لوکندر بہادر صاحب ہمت عالی حوصلہ مردم شناس و قدر دان ہون انتظامی بہا فہمیدہ ہون ہمیشہ اہلکارون کے انتخاب مین اعلی درجہ کی قابلیت ہو اور ہمیشہ سنجیدہ مدبر اہلکارونکی حسن تدبیر سے ریاست نیکنام اور رعایا فارغ البال گورنمنٹ خوشنود رہے۔

خانہ دوم دار المال زہرہ عطارد کا قران السعدین اس خانہ مین جلوہ افروز ہے لہذا مالی وتد عاشر مین مریخ شرف یافتہ اور زحل اوج یافتہ ہر دو نحس ستارے سعادت ہو گئے ہین اور یہ قران ثنائی نہایت اعلی درجہ کا قوی ہے دشمن پامال ہونگے اقبالی پہلو ہمیشہ مرتفع رہیگا البتہ زنان جمیلہ و شکیلہ پر زیادہ توجہ وتد عاشر حمل اسمین سیار مشتری سعد اکبر مع ستارہاے ثوابت آخر النہر اس خانہ مین جلوہ افروز ہے لہذا حکمرانی اور راج نہایت مقبول اور مقتدر نظم و نسق

ملک الشعرا عالیجناب منشی امیر احمد صاحب امیر مینائی لکھنوی

بزرگوار کا نام مولوی کرم محمد تھا شرافت خاندانی اظہر من الشمس ہے کہ حضرت مخدوم شاہ مینا قدس سرہ سے آفتاب کرامت آپ کے سلسلہ اجداد میں تھے جو سرزمین اودھ کے قطب ہیں اور جنکا مزار لکھنؤ میں آجتک زیارتگاہ خاص و عام ہے۔ آپکو خاصۃً خاندان چشتیہ صابریہ میں و نسفیہ حضرت امیر شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت و خلافت ہے۔ ۱۶ شعبان روز شنبہ ۱۲۴۴ھ میں آپ انجمن آرائے ہستی ہوئے علوم متداولہ میں پوری دستگاہ حاصل کی علاوہ اسکے طب۔ جفر۔ نجوم وغیرہ کے بھی کافی طور سے ماہر ہوئے اور شاعری تو اوج کمالات کی دیکھیے آپکا دون مرتبہ ہے چونکہ بدو فطرت میں خلاق ازل نے طبع کے ساتھ نازک خیالی و سخن آفرینی کا مادہ کماحقہ رکھا تھا ابتدائے سن شعور ہی سے شعر کا فرہ دل میں پیدا ہوا وہ ایک آگ تھی جو مشاغل کسب علوم کی وجہ سے کچھ روز دبی ہی اندر ہی اندر اپنا کام کرتی بعد فراغ درس و تدریس وہ دبی ہوئی آگ بھڑکی اور بھڑک کر گلزار خلیل ہوگئی پھر تو سخن کے ایسے ایسے اچھوتے پھول کھلے کہ ہر پھول نے ہزاروں باغ لگا دیے جسکی خوشبو سے آج شاعری کی دنیا اس سرے سے اُس سرے تک مہک رہی ہے اس فن میں آپنے جناب امیر الدولہ مظفر الملک منشی سید مظفر علیخان صاحب بہادر اسیر تخلص سے تلمذ اختیار کیا اور حق یہ ہے کہ آپ کی آتش بیانی نے اُستاد کا نام روشن کر دیا۔ دربار شاہ اودھ حضرت واجد علیشاہ جعل الجنۃ مثواہ میں باریاب ہوئے دو کتابیں ارشاد السلطان و ہدایۃ السلطان حسب ارشاد بادشاہ لکھیں دو مرتبہ صلے میں خلعت گران بہا پایا۔ تا انتزاع سلطنت لکھنؤ آپکے دم قدم سے رونق رہی۔ ناسخ۔ آتش کو آپنے اپنی حداثت سن میں پایا اور وزیر۔ صبا۔ انیس۔ دبیر وغیرہ کو شباب میں۔ اُس آٹھ پھر کے چمن میں آپ ایسے رہے جیسے گلاب کا ہونہار درخت جسکو قدرت نے سب سے زیادہ نو عطا کی ہو اور وہ آناً فاناً ترقی کر کے پھولتا پھلتا نظر آتا ہو۔ بعد زمانہ غدر حضرت فردوس مکان محمد یوسف علیخان بہادر والی ریاست رامپور نے آپکے کمال کا شہرہ سنکر نہایت قدردانی سے طلب کیا۔ ماہ رمضان المبارک ۱۲۷۵ھ میں آپ رونق افروز دار السرور ریاست رامپور ہوئے اور مدت تک عدالت دیوانی کے حاکم با اقتدار رہے۔ نواب فردوس مکان اپنے کلام میں بھی مشورہ فرماتے تھے بعد خلد آشیان نواب کلب علیخان بہادر طاب ثراہ کا دور حکومت آیا شعر و سخن کا چرچا بڑھا شعرائے دہلی و لکھنؤ کا مجمع ہوا اور شاعری دلفریب ادائی میں نئے نئے رنگ نکالنے لگی۔ امیر۔ منیر۔ بحر۔ فلق۔ داغ۔ جلال سبھی۔ دربار دُربار کے مجرائی تھے مگر عالی خیال نواب کی نگاہ دقیقہ رس نے اپنی اُستادی کے لیے حضرت امیر ہی کو انتخاب کیا جناب بہت ہی بجا تھا آپ سالائق دفائق اُستاد پاکر وہ مشق سخن پیدا کی کہ تین دیوان اردو ایک دیوان فارسی اور اکثر کتب نثر کی مصنف ہوئے۔ بعد وفات نواب خلد آشیان ارباب کمال کا مجموعہ مثل اوراق پریشان ابتر ہوگیا۔ مگر صاحب کو قدردان ریاست نے نہ چھوڑا اُسی اعزاز و احترام کے ساتھ اب تک رونق افروز ریاست ہیں اور امید ہے کہ بہت لائق رئیس حال کی بھی نظر شاہانہ آپ پر ویسی ہی ہوگی جیسی اُنکے جد امجد قدردانی فرماتے تھے تعالیٰ آپ کے انفاس متبرکہ میں برکت دے اور صد وسی سال سلامت رکھے۔ اس زمانے میں آپکا باوجود یادگار سلف اور منتخب روزگار رہے شاعر اور بھی بہت ہوئے اور ہیں مگر اکثروں کا اتفاق ہے نے کا محقق نازک خیال قادر سخن ہر فن اردو کی دنیا میں پیدا نہیں ہوا۔ عمدہ شعر کہنا میں نامور ہوجانا اور بات ہے لیکن استادی جس سے عبارت ہے وہ آپ ہی کا حصہ ہے۔ میر کی میں تغزل کا رنگ خاص تھا اور اسی رنگ کے وہ میر کہلاتے ہیں۔ مرزا کا مذاق قصیدہ رنگ تھا میں وہ بات نہ تھی ناسخ۔ آتش۔ صرف غزل کے بادشاہ تھے۔ انیس دبیر کا کمال مرثیہ سلام تک تھا وقس علی ہذا۔ جس شاعر کو دیکھیے ایک دو قسم شعر کے سوا اور اقسام شعر پر قدرت تامہ نہیں پائی جاتی لیکن منشی صاحب کی ہمہ دان و ہمہ گیر طبیعت جمیع اقسام شعر پر یکسان قدرت رکھتی ہے اگر غزل میں میر کا رنگ ہے قصیدے میں مرزا کی روح پھونکی ہے واسوخت کو دیکھیے تو ایک ایک بند پر انیس و دبیر کی جادو بیانی کا سمان آنکھوں میں ہے یہی بات ہے جو آپ کی ذات کو فرد۔ یکتا کہنے پر مجبور کرتی ہے۔



آپ کی تازہ تصنیف دو غزلیں درج ذیل ہیں۔ وھو ہذا

ہے جو دل کو سنبھالکے
شباب بولا یہ اُنسے ناز
عمر کو تم روکتے نہیں
دل میں ہے جو کچھ سب آپکا
ہو دل ہو سکا کسی طرح

میں عطر دلہن کا وہ ڈال کے
لگے ہیں جو دن نکال کے
ہمارے یاد آگیا مجھے
جو بجلی کو چھیڑیں تو رہنا ان

مارے چھری وہ باتیں پہلو نکال کے
جینا چلا ہے ہاتھ یہ جوبن پہ ڈال کے
بیدرد دیکھا ہی کلیجا نکال کے
دل لیجیے مگر مرے ارمان نکال کے
ملتا ہے جنکو میں کلیجا نکال کے

کیا کیا سہاگ ہیں مرے روز وصال کے
بجلی بھی مجھ پہ آتی ہے خنجر نکال کے
پردے سے جھانکنا وہ ترا منہ نکال کے
ڈالے بھوؤں نہ گیسوؤں نے بل نکال کے

نازک بہت ہیں ہونٹھ مری نونہال کے
مشکل بہت پڑیگی برابر کی چوٹ ہے
پھیر تمھارے بیچ میں آتا ہے بار بار
آئی ادھر سحر کہ ادھر شام ہوگئی
رہ فنا نہ گرم رو دن سے بھی طے ہوئی

بوسے رقیب لیتے ہیں اُس خرد سال کے
آتا کاہے جب فلک کو کماندار نے مرے
دیکھیں نظر جھکی تو بولے کہ خیر ہے
چولی مسک گئی ہے یہ کس گل کی باغ میں

ساقی پلائیے پھول تو کانٹا نکال کے
آئینہ دیکھیے گا ذرا دیکھ بھال کے
کمبخت ہیں وہ دن بھی نہیں جنکو ملال کے
دو دو گھڑی کے ہونے لگے دن وصال کے
شعلے بھی رہ گئے ہیں زبانیں نکال کے

کچے ہی توڑ جاتی ہیں پھل اس نہال کے
چلّے اُڑا دیے ہیں کمان ہلال کے
اے تو نہ جاؤ گی کہیں آنکھیں نکال کے
لایا جو لالہ پوست کے ڈورے نکال کے

اُدھر اُڑا آنچل اوڑھو دوپٹا سنبھال کے
دست اجل ہے عشق میں گلباز آن میں
پھولوں کی ہار توڑ دی یہ کہکے صبح کو
رت جو دینے آئے ہو تو دو ہنسی خوشی
یاں تو ان ہی کی سبک ہو گئے امیر

آنسو نہیں ہیں یہ حیا میں اُس خوشجمال کے
پلکیں نہیں ملیں یہ رخ نازک سے ضمیر
شق موتیوں کی وجہ سے بطن صدف ہوا
داغ گنہ ابھی تو مٹے جاتے ہیں امیر

کھل کھیلے تم تو اور بھی جوبن نکال کے
سر رکھدیا ہے دار پہ ہمنے اچھال کے
کیوں جوش ہو سے گلے میں ہاتھ ڈال کے
پھینکو بھی اب غبار کو دل سے نکال کے
ہم ساتھ ساتھ پھرتے ہیں اپنے خیال کے

گھنگرو گرے ہیں ٹوٹ کے پائے خیال کے
کانٹے میں کھنچ کے تول لیے پھول گال کے
اچھا صلہ ملا ہے یتیموں کو پال کے
دو چار چھینٹے دو عرق انفعال کے

مضامین کثیر میں اونمیں بعض قابل ذکر ہیں **امیر اللغات** یہ آپ کی لکھی ہوئی اردو زبان کا مبسوط اور مستند لغت ہے اسکی تالیف میں عمر عزیز صرف فرمائی ہے اور جتنے علمی مسائل اسمیں حل کیے ہیں اُسکی تفصیل غیر ممکن ہے۔ اسکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ زبان اردو کتنی وسیع کیسی پاکیزہ اور کسقدر اچھے محاورہ دلپذیر مثلوں سے بھری ہوئی ہے اصلی لغات اور انکا اشتقاق فصیح و غیر فصیح مستعمل و متروک تذکیر و تانیث حقیقی و مجازی معنی دہلی و لکھنؤ کا اختلافات علمی قانونی رسمی اصطلاحات فنون والوں و اہل پیشہ روزمرے محاورے عورتوں اور مردوں کی بول چال کا فرق عوام و خواص کی بات چیت کا امتیاز غرض زبان کی یکسانی اور بیان جسکو یا موت لغت ہو وہ زبان کی خزانے کا مالک بنجائے آٹھ جلدوں میں ہے دو جلدیں چھپ چکی ہیں جلد اول میں تین ہزار لغت ہیں اور دوسری میں ساڑھے تین ہزار تقطیع ۲۰×۲۶ قیمت فی جلد چھ روپیہ

آنریبل ڈاکٹر سر سید احمد خان بہادر مرحوم کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ ایل ایل۔ ڈی۔

سر سید مرحوم ۱۷۔ اکتوبر ۱۸۱۷ء کو خطۂ پاک دہلی مین پیدا ہوے۔ سر سید مرحوم کے دادا سید ہادی ہرات سے ہندوستان مین آئے۔ سر سید کے جدامجد عالمگیر ثانی کے عہد مین پانسو سوار اور ایکہزار پیدل پر افسر تھے۔ سر سید کے پرنانا نواب دبیرالدولہ امین الملک خواجہ فریدالدین خان بہادر مصلح جنگ دہلی مین عہدۂ وزارت پر ممتاز تھے۔ سر سید مرحوم کے باپ محمد تقی خان بہادر شاہ کے وقت مین دہلی کے وزیر ہوے مگر اسوقت دہلی کا آفتاب اقبال غروب ہونیکو تھا۔ جب انکے باپ کا انتقال ہوا تو وہ خطابات انکو ملے مگر آن قدح بشکست وآن ساقی نماند۔ سر سید کو ایام طفولیت مین علم کا زیادہ حصہ اپنی مادر مشفقہ سے ملا تھا۔ بیس سال کی عمر مین انگریزی ملازمت حاصل کی۔ پہلی مرتبہ عدالت صدر امین کے صیغۂ فوجداری مین سررشتہ دار ہوے۔ تین سال کے اندر نائب سررشتہ دار کمشنری مقرر کرکے آگرے بھیجدیے گئے اور سال بھر سے کچھ ہی زیادہ زمانہ گذرا تھا کہ فتحپور سیکری کے صدرالصدور ہوگئے۔ پانچ برس کے بعد ا عہدے پر دہلی بھیجے گئے۔ ۱۸۴۷ء مین ایک کتاب تالیف کی جسکا نام آثار الصنادید ہے۔ یہ کتاب ایسی مقبول ہوئی کہ فرنچ زبان مین بھی ترجمہ ہوگیا اور اسی کتا صلے مین رائل ایشیاٹک سوسائٹی انگلستان کے فیلو بنائے گئے۔ ۱۸۵۵ء مین بھیجے گئے اور پانچ برس کے بعد بجنور آگئے اور غدر تک وہین بصلہ خیر خواہی لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی نے انکی نسب لکھا تھا کہ سرکار کی خیر خواہی اور وفاداری کا ایسا کا ثبوت کسی شخص نے نہین دیا جیسا کہ سید احمد خا اور کوئی الفاظ ایسے نہین جو انکی وفاشعاری کے کے لیے کافی ہون۔ ۵۸ اوسی زمانہ مین دوسو روپیہ ماہوار خاص پنشن انکے اور انکے فرزند کلان کے لیے تاحین حیات منظو ۱۸۵۸ء مین سر سید مرحوم نے حالات غدر کا ایک ر شائع کیا جسکو ۱۸۷۳ء مین جناب سر اکلینڈ کالون نے انگری مین ترجمہ کیا بعد اوسکے ۱۸۶۰ء مین ایک کتاب لکھی جسکا نام ” ہندوستان کے وفادار مسلمان“ انھین دو کتابون کی وجہ سے جو بدظ انگریزون کو مسلمانون کی طرف سے ہوگئی تھی دفع ہوگئی۔ ۱۸۶۹ء مین سر سید مرحوم مع سید محمود و سید حامد ولایت گئے۔ لارڈ لارنس نے کئی مرتبہ دعوت کی اور بڑے بڑے امرا او علماے انگلستان سے ملایا۔ سر سید مرحوم جب تک ولایت مین رہے علاوہ فرلو کی تنخواہ کے ۲۵ پونڈ سا ملتا رہا۔ ۱۸۷۰ء کے آخر ہندوستان واپس آئے۔ ۱۸۷۸ء مین سر سید مرحوم کونسل واضعان قانون کے ممبر مقرر ہوے اور ایسے عمدہ اہل ثابت ہوے کہ ۱۸۸۰ء مین دوبارہ لارڈ رپن نے وہی خدمت انکے سپرد کی۔ ۱۸۸۲ء مین ایجوکیشنل کمیٹی کے ممبر مقرر ہوے اور چند سال بعد کے۔ سی۔ ایس۔ آئی کا معزز خطاب گورنمنٹ نے اور ایڈنبرا یونیورسٹی نے ایل ایل ڈی کی ڈگری عطا کی۔



سر سید مرحوم سے بہت بڑی غلطی کوئی اگر ہوئی تو یہ کہ کلام الٰہی کی تفسیر اپنے دنیاوی خیالات کے موافق لکھنے کی جرأت کی جسکی وجہ سے کث علماے کرام مخالف ہوگئے۔ زیادہ افسوس کی بات یہ ہے کہ سید احمد خان نے بظاہر توبہ بھی نہ کی۔ واللہ اعلم بالصواب۔ سر سید کے مقابل مثال مین بھی پیش کرنیکو کسی کی عالی دماغی نہین۔ اردو مین اعلے درجہ کے فصیح البیان و مؤثر الکلام تھے۔ سامعین کے قلوب پر اثر ڈالنے مین انکو خاص تھا قوم وملک کی ہمدردی انکی طبیعت کا جزو تھا۔

پارچہ جات قابل استعمال فصل سرما

نام پارچہ	قیمت	نام پارچہ	قیمت	نام پارچہ	قیمت	نام پارچہ	قیمت
بانات ہر رنگ عرض ۴۲ گرہ فی گز	سے؍ عیا؍	مخمل ہر رنگ عرض ۱۰ گرہ	للعہ؍ سمے؍	دھوپ چھاؤں ہر رنگ نصف گز	عہ ۱۲؍ عہ ۸؍	ریشمی الپاکا ہر رنگ عرض ۱۲ گرہ	۱۴؍ ۱۴؍
ایضاً بانات سیاہ عمدہ	عہ؍ لعہ؍	ایضاً عرض نصف گرہ	عہ؍ عہ؍	ایضاً ،، عرض ۸ گرہ	سے؍ عیا ۱۲؍	پاپلین ہر رنگ عرض ۸ گرہ	عہ؍ ۱۲؍
عرض ۴۴ گرہ فی گز	معہ؍ لیے؍	مخمل کاشانی ۱۰ گرہ	للعہ؍ سمے؍	ایضاً ،، ایک گرہ	سے؍ عیا ۱۲؍	گرنٹ پھولدار دھاریدار ہر رنگ	سبے؍ ۶؍
کشمیرہ سوتی رنگین عرض ۱۲ گرہ	۸؍ ۷؍ ۶؍	پھلالین ہر قسم فی گز	ہے؍ عکا؍	گرنٹ زری تسری ۸ گرہ	عہ؍ عہ؍	ساٹن چین کی عرض ۱۲ گرہ	للعہ؍ سے؍
ایضاً تسری عرض ۱۰ گرہ	عہ؍ عہ؍	اطلس تسری عرض نصف گرہ	۱۲؍ ۹؍	ایضاً ریشمی عرض نصف گرہ	للعہ؍ سے؍	بنفس کرۂ اواسطے کوٹ	۶؍ عہ ۱۴؍
ایضاً اونی عرض ۱۲ گرہ	ہے؍ عہ؍	ایضاً ریشمی عرض ۱۵ گرہ	۱۰؍ عہ ۵؍	ریشمی الپاکا سیاہ ،، ۱۲ گرہ	عہ؍ عہ؍	اوور اور کوٹ کی عرض ۴۲ گرہ	عہ ۱۲؍ عہ ۱۰؍

ہر قسم کی عمدہ ٹوپیاں لیجیے



اس ٹوپی میں بھی بڑی متانت ہے اکثر شوقین اسے پہنتے ہیں دیکھیے یہی خوشنما ٹوپی جسکا نقشہ پیش نظر ہے فلٹ کیپ مشہور ہے قیمت ٹوپی تین روپیہ ہے ایضاً دو روپیہ آٹھ آنہ ۲؍۸



یہ خوشنما ترکی ٹوپیاں ہیں جو شوقین لوگوں کے واسطے کثیر التعداد منگوا کر اسٹاک میں رکھی جاتی ہیں۔ ترکی ٹوپی مع پھندنے کے قیمت صرف ۲؍۸ و ۲؍ و عہ؍



یہ عمدہ خوشنما ایرانی ٹوپیاں ہیں جسکی متانت نقشے سے ظاہر ہے پوری کیفیت اصل ٹوپی کے دیکھنے سے ظاہر ہوگی اسکو بھی اکثر معزز اصحاب استعمال کرتے ہیں قیمت فی ٹوپی ہے ۱۴؍ ۸؍ ۶؍



ٹوپی گول مغزی سادہ و رنگین فی عہ ۱۲، ۱۰، ۸، ۶، ۵، ۴؍

ایضاً کامدار کلابتونی فی عہ، لعہ، سے، سعہ، ے، صہ، لعہ، سے، عکا، عصہ،

سلمہ ستارے کی ٹوپیاں گول فی سعہ، ے، صہ، للعہ

عمدہ عطریات

نام عطر	قیمت تولہ
عطر حنا عمدہ	عہ؍ عہ؍
،، گلاب ،،	عہ؍ عہ؍
،، مدن بان ،،	عہ؍ عہ؍
،، موتیا ،،	عہ؍ عہ؍
،، سہاگ ،،	عہ؍ عہ؍
،، جوہی ،،	عہ؍ عہ؍
،، چمیلی ،،	عہ؍ عہ؍
،، کیوڑہ ،،	عہ؍ عہ؍
،، مجموعہ ،،	عہ؍ عہ؍
،، خس ،،	عہ؍ عہ؍
،، مولسری ،،	عہ؍ عہ؍

روغن خوشبودار

نام روغن	قیمت سیر
روغن بیلا بہت عمدہ	للعہ؍ سے؍
،، چمیلی ،، ،،	للعہ؍ سے؍
،، جوہی ،، ،،	للعہ؍ سے؍
،، کیوڑہ ،، ،،	للعہ؍ سے؍
،، اجتمع ،، ،،	للعہ؍ سے؍
،، خس ،، ،،	للعہ؍ سے؍
،، سنگترہ ،، ،،	للعہ؍ سے؍
،، حنا ،، ،،	للعہ؍ سے؍

علاوہ ان عطریات اور روغنوں کے ہر قسم کا عطر اور روغن حسب فرمائش روانہ ہوسکتا ہے۔

ظروف مرادآبادی

نام ظروف	قیمت
گلاس پانی پینے کی سادہ فی	عہ؍ ۱۴؍
گلاس ٹوٹ کے ،،	عہ؍ ۱۲؍
گلاس نقشی مسلم عمدہ ،،	عہ؍ ۱۴؍
طشتریاں سادی ،،	عہ؍ ۱۴؍
طشتریاں نقشی ،،	۶؍ عہ؍
پاندان مع قفل و کنجی ،،	ے؍ ۵؍
پاندان بلا قفل و کنجی ،،	للعہ؍ سے؍
اوگالدان سادہ عمدہ ،،	عہ ۱۲؍ عہ ۸؍
اوگالدان نقشی کلاں ،،	سہ؍ ۲؍۸
حقہ مع نیچہ و چلم وغیرہ نہایت عمدہ پوراسٹ فی عدد	سے؍ ہیعہ؍

متفرق اشیا

نام اشیا	قیمت
کیل ایک پھول بنا ہوا جڑاؤ یا سادہ سوئی کا پیچ پشت پر لگا ہوا	سے؍
کیل سوئی کی ایک نگی یاقوت یا زمرد یا موتی کی جڑی ہوئی	سے؍
کیل سوئی کی ایک نگی جڑاؤ کلاں	عہ؍
کیل سوئی کی ایک نگی جڑاؤ متوسط	عہ؍
کیل سوئی کی ایک نگی جڑاؤ خورد	۱۰؍
سیس پھول چاندی کا ایک کہ جسمیں پھول بنا ہوا ہے۔	ے؍
کرنپھول چاندی کا جوڑہ ایک جڑاؤ رنگ برنگ نگینوں کا جڑا ہوا	۶؍

المشتہر سید محمد عبد اللہ علم جنرل مرچنٹ و کمیشن ایجنٹ و پروپرائٹر دواخانہ دار الصحۃ و گلدستہ چمنستان سخن دہلی جنتری کانپور بازار رام نرائن ٹھٹھری کی کوٹھی

چرمی چھاگل قابل دید



چھاگل رنگین چمڑے کی جسکے اندر پانی نہایت سرد رہتا ہے اور سفر کے بہت ہی کارآمد ہے اور مضبوط قیمت نمبر۱ [illegible]
قیمت نمبر۲ [illegible]
قیمت نمبر۳ [illegible]

پورٹ منٹو یعنی چرمی صندوق عمدہ



یہ صندوق عمدہ چمڑے کے بنے ہوئے نہایت مضبوط ریٹ کی جڑے ہوئے پرزہ برنجی قفل ولایتی لگا ہوا نہایت خوبصورت ڈھائی فیٹ لانبا ایک فیٹ اونچا چودہ انچ چوڑا قیمت نمبر۱ [illegible] ایضاً باوصاف مندرجہ بالا نمبر۲ [illegible] ایضاً دو فیٹ لانبا ایک فیٹ اونچا چودہ انچ چوڑا نہایت خوشنما بنا ہوا قیمت نمبر۱ [illegible] نمبر۲ [illegible] ایضاً ڈیڑھ فیٹ لانبا ایک فیٹ اونچا اور ایک فیٹ چوڑا قیمت نمبر۱ [illegible] نمبر۲ [illegible]

منی بیگ خاص ولایتی



یہ منی بیگ ولایتی نہایت عمدہ اور خوشنما بہت مضبوط ہے ساخت نہایت خوبصورت اور نفیس سفر کے کام کا ہے
قیمت نمبر۱ [illegible]
قیمت نمبر۲ [illegible]

توبرہ چرمی مضبوط



توبرہ چرمی واسطے دانہ کھانے گھوڑے کے قیمت نمبر۱ [illegible]
قیمت نمبر۲ [illegible]
ایضاً [illegible] قیمت نمبر۳ [illegible]

جال سوتی گھوڑون کے



جال سوتی گھوڑون پر ڈالنے کے لیے رنگین اور سفید عمدہ اور نہایت ہی خوشنما بنے ہوئے قیمت نمبر۱ [illegible]
نمبر۲ [illegible] نمبر۳ [illegible]
نمبر۴ [illegible]

بوتل کیس چرمی



خانہ بوتل چرمی جسمین شراب وغیرہ کی پوری بوتل رکھی جاسکتی ہے نہایت مضبوط اور خوشنما قیمت نمبر۱ [illegible]
نمبر۲ [illegible] نمبر۳ [illegible]
نمبر۴ [illegible]

پرتلہ افسری مضبوط



پرتلہ انسپکٹری اور سب انسپکٹری جو دبیز اکہرے ولایتی وارنش چمڑے کا یعنی جرمن سلور کے پرزون سے بنایا جاتا ہے نہایت عمدہ قیمت نمبر۱ [illegible]
نمبر۲ [illegible] نمبر۳ [illegible] نمبر۴ [illegible]

گھوڑونکے بال تراشنے کی مشین



